ہدایت المریدین وارشادِ السالکین

تصنیف لطیف

حضرت مخدوم سید موسیٰ پاک شہید گیلانی قدس اللہ سرہٗ العزیز

ترجمہ

پروفیسر ڈاکٹر خالق داد ملک

تحقیق و تہذیب

سیّد سید علی ثانی جیلانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہدایت المریدین وارشاد السالکین

(المشہور بہ تیسیر الشاغلین)

تصنیف لطیف

حضرت مخدوم سید موسیٰ پاک شہید قدس اللہ سرہ العزیز

ترجمہ

پروفیسر ڈاکٹر خالق داد ملک

تحقیق و تہذیب وحاشیہ

سیّد سید علی ثانی جیلانی

اِدارہ صوت ہادی شیخو شریف، ضلع اوکاڑہ

نام کتاب : ھدایت المریدین وارشاد السالکین

مصنف ومؤلف: حضرت سید موسیٰ پاک شہید گیلانیؒ

شرف اشاعت : پیر سید بشیر الحسن گیلانی مد ظلہٗ العالی

ترجمہ : پروفیسر ڈاکٹر خالق داد ملک

تحقیق وتہذیب : سیّد سید علی ثانی گیلانی

۱۰ محرم الحرام ۱۴۳۳ھ الھج/6دسمبر2011ء

رابطہ کیلئے:

سید بشیر الحسن گیلانی کالاباغ، میانوالی:0334-7655225

سیّد سید علی ثانی گیلانی، ساہیوال :0300-6904721

پیر طاہر حسین الحنفی القادری، جھنگ :0345-7605097

سید رفاقت علیشاہ قادری، اسلام آباد:0333-5121200

ملنے کے پتے

مکتبہ قادریہ گنج بخشؒ روڈ، لاہور ۔ 04237226193

مکتبہ فریدیہ، ہائی سٹریٹ، ساہیول۔040-4226812

مکتبہ بابا فرید، پاکپتن شریف ۔ 0301-7241723

هو القادر

نواسہ رسول ﷺ، شہید کربلا، امام اہل الابتلاء

حسین علیہ السلام کے نام......!

جن کے طفیل ابھی تک حریت اسلام

اور حق وصداقت

کی آواز باقی ہے۔

۞

تار ما از زخمہ اش لرزاں ہنوز

تازہ از تکبیر اُو ایماں ہنوز

۞

ھوالقادر

نگہ الجھی ہوئی ہے رنگ و بو میں
عقل کھوئی گئی ہے چار سو میں
نہ چھوڑ اے دل فغان صبح گاہی
اماں شاید ملے اللہ ہو میں

(اقبالؒ)

هو القادر

فہرس

باب اوّل

77

پنجگانہ فرض نمازوں، اذکار اور دعاؤں کے بارے میں

باب دوم

150

سنن غیر مؤقتہ کے بارے میں

باب سوم

190

آداب تلاوت قرآن مجید، ذکر بالجہر، اشغال باطنی، مراقبہ، آداب بارگاہ نبوی ﷺ، آداب مرید با شیخ اور آداب حضرت سید محی الدین جیلانی رضی اللہ عنہ...... کے بارے میں

التماس دعا

حضرت پیر بشیر الحسن گیلانی اور انکے ساتھ معاونین جنہوں نے اس کتاب کے اشاعت میں ہر طرح کا حصہ لیا ہے اللہ عزوجل انہیں اجر خیر سے نوازے اور اس کتاب کو ان کیلئے صدقہ جاریہ کرے آمین......!!

هوالقادر

کلام الغوث ، غوث الکلام

چہل کاف:

کَفَاکَ رَبُّکَ کَمْ یَکْفِیکَ وَاکِفَةً
کِفْکَافُهَا کَکَمِینَ کَانَ مِنْ لَکَکِ
تَکِرُّ کَرّاً کَکِرُّ الکَرِّ فِی کَبَدٍ
تَحْکِی مُشَکْشَکَةً کَلُکْلُکِ لَکَکِ
کَفَا مَا بِی کَفَاکَ الکَافِ کُرْبَتَهُ
یَا کَوکَباً کَانَ یَحْکِی کَوکَبَ الفَلَکِ

☆ تیرے پروردگار نے بہت سی مصیبتوں میں تیری کفایت کی، ان مصیبتوں سے ایسے حفاظت کی جیسے کمین گاہ میں لشکر سے کوئی بچ جائے۔

☆ یہ مصیبت مشابہہ ہے ایسی جماعت سے، جو ہتھیار سے لیس یا نیزہ بردار ہو، جیسے کہ مضبوط، جوان، موٹا تازہ اونٹ۔

☆ رب عزوجل کفایت کرے اس چیز کی جو میرے ساتھ ہے، میرے علم کے مطابق، تمام رنج اور مصیبتوں سے، اے ستارے تو ثبات اور بقائے روشنی میں آسمانی ستارے کی طرح ہے۔

(حضور غوث اعظمؓ)

ھوالقادر

نصاب عشق

الحمد للّٰہ علیٰ کامل نعمائہ وصلوٰۃوسلام علیٰ سیدانبیائہ
وعلیٰ آلہ واصحابہ واولیائہ۔

حضور نبی کریم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ اور صحابہ کرام کے بعد اولیاء اللہ نے ہی کرۂ ارض پر تبلیغ واشاعتِ اسلام کا فریضہ بطریقِ احسن انجام دیا۔لیکن برصغیر پاک وہند بطورِ خاص ان اللہ والوں کی اسلامی خدمات کا رہین کرم ہے۔بتکدۂ ہند کے اندھیرے میں نورِ اسلام کو پھیلانے والے یہ عباد الرحمٰن ظالم حکمرانوں کی مخالفت کے باوجود اعلائے کلمۂ حق کے لیے کوشاں رہے۔ان کی صداقت اور اخلاص کی برکت سے لوگ جوق در جوق دامنِ اسلام سے یوں وابستہ ہوئے کہ اپنی زندگیاں دین کیلئے وقف کردیں۔فاتحین اہل ہند کا مال وزر لوٹ کر جاتے رہے لیکن یہ نفوسِ قدسیہ ان کے دلوں میں گھر کرتے رہے۔صوفیاء کی

خانقاہیں ہمیشہ اسلام کی تبلیغ واشاعت اور امنِ عالم کی علمبردار رہی ہیں۔ان کی اصلاحی سرگرمیاں، رواداری، محبت اور اخلاق تمام انسانیت کیلئے سود مند تھا گویا اُن کا معیار تھا۔

آسائش دوگیتی تفسیر ایں دو حرفست

با دوستاں تلطف ، با دشمناں مدارا

(فلاحِ دوجہاں کی تفسیر انہی دو حرفوں میں ہے کہ دوستوں کے ساتھ مہربانی اور دشمنوں سے خاطر مدارات سے پیش آنا)

اہل اللہ کی محبت سے اہل ہند کے دلوں میں عشقِ الٰہی کے چشمے جاری ہو گئے اور مندروں میں بھجن گانے والے اب ذکرِ الٰہی کی لذت میں سرشار رہنے لگے۔اللہ کی یاد نے غافلوں کو شاغل اور ناقصوں کو کامل بنا دیا۔

ہر گدا را ذِکرِ او سلطان کند

ذکر او بس زیورِ ایماں بود

(ہر گدا کو اس کے ذکر نے سلطان بنا دیا، کیونکہ اس کا ذکر ہی ایمان کا زیور ہے)

ہر کہ دیوانہ بود در ذکرِ حق

زیرپائش عرش وکرسی ہر طبق

(جو کوئی ذکر حق میں دیوانہ ہو گیا اُس کے زیر پا عرش وکرسی اور سارے آسمان ہو گئے)

ذکر الٰہی سرمایۂ حیات ہے۔زندگی اصل وہی ہے جو یادِ محبوب میں بسر ہو جائے اور جو لمحات یادِ الٰہی سے غفلت میں گزریں وہ فانی و بے معنی ہیں۔قلبِ انسانی جب تک ذکر کی لذتوں سے آشنا نہیں ہو جاتا مضمحل ومضطرب رہتا ہے۔حوادثاتِ زمانہ کے طوفانوں کے تھپیڑے اُسے خس وخاشاک کی طرح اُڑاتے پھرتے ہیں۔ جب انسانی جسم کا مرکز ومحور

(دل) ہی بے کیف و بے سرور و پژمردہ ہو جائے تو باقی اعضاء کو دولت سکون کیسے نصیب ہو سکتی ہے۔ایسے حالات میں فکرِ انسانی پریشانی کا شکار ہو کر خُداداد صلاحیتوں کو کھو بیٹھتی ہے حتیٰ کہ زندگی کی شام کو سوائے حسرت و یاس......اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔اس کے برعکس جن بزرگ ہستیوں کے دل عشقِ الٰہی کے انگاروں سے دہکتے رہتے ہیں۔منزل کا تعین اور اسکی طرف عزمِ صمیم کے ساتھ پیش قدمی ان کا مقدر بن جاتی ہے۔یادِ محبوب کے شعلے حصولِ نصب العین میں ان کیلئے ممد و معاون ثابت ہوتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید میں مختلف انداز میں بار بار انسان کو ذکر الٰہی کی جانب رغبت دلائی گئی ہے اور غفلت و کاہلی کی عمیق گہرائیوں سے نکلنے کی بھی تلقین کی گئی ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے کتنے دلکش اور اچھوتے انداز میں اپنے کلام میں ارشاد فرمایا۔فاذکرونی اذکرکم واشکروالی ولاتکفرون۔"تم مجھے یاد کرو، میں تمہیں یاد کروں گا۔تم میری نعمتوں کا شکر ادا کرو اور ناشکری نہ کرو" کس قدر محبت اور پیار کا اظہار فرمایا جا رہا ہے۔بھلا مقدر کی یاوری اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتی ہے کہ بندہ کا رب سبحانہ وتعالیٰ خود اسے یاد کرے۔

حضرت ثابت بنانی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں "مجھے پتہ چل جاتا ہے جب میرا خدا مجھے یاد کرتا ہے۔لوگ یہ سن کر پریشان ہو گئے۔دریافت کیا آپ کو کیسے پتہ چل جاتا ہے؟ جواب دیا جب وہ مجھے یاد کرتا ہے تو میں اسے یاد کرتا ہوں۔"

لیکن خداوند کریم نے صرف یاد کرنے کو ہی کافی نہیں فرمایا بلکہ قبولیتِ دعا و مدعا کا مژدۂ جانفزا بھی سُنا دیا۔اُدعُونی اَستَجِب لَکُم "تم مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا قبول کروں گا" مزید تھوڑا بہت ذکر پر اکتفا نہیں کیا بلکہ کثرت ذکر کا بار بار حکم فرمایا ہے

تا کہ کوئی سانس اور لمحۂ حیات یادِ الٰہی کے بغیر نہ گزرنے پائے۔ کہیں صبح وشام کا ذکر تو کہیں اُٹھتے بیٹھتے اور پہلوؤں پر لیٹے ہوئے بھی ذکر کا فرمان ہوا جب عالمِ خواب میں دنیا مست ہو تو راتوں کو جاگ کر، نرم بستروں کو چھوڑ کر محبوب حقیقی کے ذکر وفکر میں محو و بے خود ہو جانے کا حکم دیا گیا۔ کسی عارف کامل نے کیا خوب کہا ہے:

اوقات ہماں بود کہ با یار بسر شد

باقی ہمہ بے حاصلی وبے خردی بود

(زندگی کے قیمتی لمحات تو وہی تھے جو یادالٰہی میں بسر ہوئے۔ اس کے علاوہ جو کچھ کیا وہ بے فائدہ اور نادانی تھا)

ذکر اذکار، وظائف اور ذوقِ عبادت "خالق دو جہاں کی عطا کردہ نعمتیں ہیں۔ مولا کریم کی اس عنایتِ بے پایاں کے ثمرات اس وقت حاصل ہونگے جب سجدہ ہائے نیاز قیام ورکوع کے گداز اور وظائف واذکار میں حق سبحانہ وتعالیٰ کی محبت اور عشقِ رسول ﷺ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ﷺ) کی حلاوت شامل ہوگی۔ اسلام کا نظام عبادت کبھی رہبانیت کا درس نہیں دیتا بلکہ اس کے پیش نظر ایسے کردار کی تخلیق ہے جو جذبہ عمل سے مزین اور بنی نوع انسان کی اصلاح وفلاح کی ضامن ہو۔ بزرگان دین نے وظائف واشغال کو جہاں اپنے مریدین کے سینوں میں محفوظ کیا، ساتھ ہی تحریری صورت میں بھی ڈھال دیا تا کہ آنے والی نسلیں بھی ان اوراد سے فیضیاب ہوسکیں۔ زیرنظر کتاب "ھدایۃ المریدین وارشادالسالکین" بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ یہ قادریہ خاندان کے ایک مہر درخشاں اور نیر تاباں مخدوم الکل حضرت سید جمال الدین موسیٰ گیلانی المعروف موسیٰ پاک شہید ملتانی نور اللہ تعالیٰ مرقدہٗ کے وظائف واشغال اور اذکار و اَوراد کا مجموعہ ہے جو کتبِ معتبرہ اور ثقہ روایات کے ساتھ نسل

درنسل حضور غوث الثقلین سیدنا محی الدین عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ العزیز اور آپ کے اخلافِ مکرمین کے معمولاتِ شریفہ میں سے ہیں۔ حدیث پاک میں ہے "کل اناء یترشح بمافیه"۔ ''ہر ایک برتن سے وہی ٹپکتا ہے جو اس میں ہوتا ہے''۔

یہ کتاب ہمارے سلسلہ طریقت میں ایک ''تربیتی نصاب'' اور ''دستور العمل'' کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس میں ایک طرف محبت الٰہی کے زمزمے ہیں تو دوسری طرف عشقِ رسول ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے نغمے روح کی تازگی کا سامان لیے ہوئے ہیں۔ اہل طریقت کے لیے یہ ایک سنگِ میل سے کم نہیں۔ اس میں درج تمام عبادات ونوافل، ادعیہ واذکار جو مشائخِ قادریہ کے معمولات میں رہے، لہٰذا متوسلین سلسلہ کیلئے اس سے بڑھ کر پیران عظام کا تبرک اور کیا ہو سکتا ہے۔ بلاشبہ یہ اعمال واشغال مردہ دلوں کیلئے اکسیر ہیں۔ اللہ والوں کے اَوراد کا ایک ایک حرف اپنے اندر عرفان وآگہی کا بحرِ بے کنار رکھتا ہے۔ یہ ان اکابرامت کے معمولات ہیں جو علمِ نبوت کے وارث تھے۔ یہ قال نہیں، اہل حال کا وظیفہ ٔجاں ہے۔ اہل خرد کو کیا معلوم، ان کی عظمت کا اندازہ کوئی اہل نظر ہی لگا سکتا ہے۔

الحمدلله ثم الحمدلله ! مشفق ومہربانِ من حضرت سید بشیر الحسن شاہ صاحب گیلانی دامت برکاته العالیه کی طویل جدوجہد اور سعی پیہم کا ثمرہ اور برادرِ مکرم حضرت سیّد سید علی ثانی گیلانی مدالله تعالیٰ ظله العالی بالصحة والسلامة کی ترتیب وتدوین اور تحقیق کا ایک خوبصورت گلدستہ یارانِ شریعت وطریقت کی خدمت میں پیش ہے۔ حضرت ثانی کی وسعت علمی، بالغ نظری اور تحقیقی معیار کسی تقریب یا تعارف کا محتاج نہیں۔ اللہ کریم نے انہیں بڑی فیاضی کے ساتھ صلاحیتوں سے نوازا ہے۔ اپنے مشائخ واسلاف رحمة الله تعالیٰ علیهم کی خدمت کا جذبہ ان کے خمیر میں ایسا رچ بس گیا ہے کہ اس راہ میں ان کی

بے پناہ مصروفیت ،نفیس طبیعت ،اپنوں کی بے رخی اور حوصلہ شکنی ......کبھی ان کے پائے استقلال کولرزاں نہیں کرسکی یہ ''وفاداری بشرطِ استواری'' کے جذبے سے چلے جارہے ہیں۔

میں نے اپنے بزرگوں کی تعلیمات وخدمات کومنظرِ عام پرلانے کی جوتڑپ ان میں دیکھی ہے وہ قابلِ رشک ہے۔خاندان گیلانیہ قادریہ شیخوشریف میں اس وقت ان کا وجودغنیمت ہے۔مولیٰ عزوجل ان کا یہ شوق فراواں اور جذب دروں ہمیشہ سلامت باکرامت باحفاظت رکھے تاکہ سلسلہ شریف کی خدمت کا یہ قافلہ یونہی رواں دواں رہے۔

فجزاه المولی تعالیٰ عناوعن سائرالمسلمین بحق طٰهٰ ویٰسین

آمین یارب العالمین

یہ کس کے ذکر سے روشن ہے گفتگو کا چراغ
یہ کس کے عشق سے باقی ہے داستاں کا وجود

خاکِ راہِ صاحبدلاں

پیرمحمد طاہر حسین قادری غفرلہٗ
5 دسمبر 2011ء/۹محرم الحرام ۱۴۳۳ھ
خانقاہ منگانی شریف، ضلع جھنگ

ھوالقادر

نُطقِ اوّل

اسلام کی ترویج میں سادات گیلانیہ نے بڑی بڑی مشکلات کا سامنا کیا' زہد وعبادت اور مجاہدۂ نفس میں بھی سلسلہ قادریہ تمام سلاسل سے مشکل ہے۔سلسلہ قادریہ میں اَورادووظائف میں بڑی پابندی کرنا ہوتی ہے۔انسانی جسم خاکی اور فانی ہےلیکن روح اَبدی اورلافانی ہے۔ذکرخداتعالیٰ سے روح کولطیف سے لطیف بنایا جاتا ہے۔رات کے وظائف' تہجد کے وقت اَوراد،اور دعائیں کرنا سلسلہ قادریہ کا معمول ہے۔ایک شیخ جب مرید کوان مراحل سے گزارتا ہےتو روح کی کثافتوں کو جُہد اور مجاہدہ ہی سے دور کرتا ہے۔حضرت سیدموسیٰ پاک شہید گیلانی ملتانی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ کی زیرِنظر کتاب شاغلین کیلئے آسان کی گئی ہےاورمریدین کی تربیّت وراہنمائی ہی کے لیے ہے۔اس میں شب بیداری' قیامِ تہجد اور اسماءغوث اعظم ﷜ کاورد،عبادت کرنے کاطریقہ وغیرہ شامل ہے۔

علم تصوف اور صوفیاء کی شب بیداری اور وظائف بے معنی ہو جاتے ہیں اگر خلوص نیّت نہ ہو......اَوراد و وظائف اور شب بیداری، روح کو لطیف نہیں کرتے، نماز تہجد اور مراقبے روحانی معراج کا ذریعہ بالکل نہیں بنتے، جب تک نیّت میں اخلاص نہ ہو:

یہ حکمت ملکوتی ، یہ علم لاہوتی
حرم کے درد کا درماں نہیں تو کچھ بھی نہیں
یہ ذکر نیم شبی ، یہ مراقبے ، یہ سرور
تری خودی کے نگہباں نہیں تو کچھ بھی نہیں
خرد نے کہہ بھی دیا لا اِلہ تو کیا حاصل
دل و نگاہ مسلماں نہیں، تو کچھ بھی نہیں

انسانی روح کی طلب اپنی اصل میں واصل ہونے میں ہے، روح خدا تعالیٰ کا امر ہے اور اس کے متعلق جاننے کیلئے عقل اور شعور بے بس اور عاجز ہیں، روح کی حقیقت کے بارے میں گفتگو کرنا بہت مشکل ہے اسی وجہ سے دانشوروں اور عقل مندوں نے اس پر گفتگو نہیں کی۔ اللہ تعالیٰ نے روح کو بڑی اہمیت دی ہے اور یہ کہہ کر مخلوق پر کم علمی کی مہر ثبت کر دی ہے "تمہیں اس کا بہت کم علم دیا گیا ہے"۔

اسی طرح ایک گروہ نے پوچھا، روح بدن میں داخل ہے یا خارج، متصل ہے یا منفصل؟ امام غزالی نے جواباً کہا: "روح نہ تو بدن میں داخل ہے نہ خارج، نہ بدن کے ساتھ متصل ہے نہ منفصل کیونکہ یہ صفات جسم سے متعلق ہیں اور روح جسم نہیں"۔

حدِ ادراک سے باہر ہیں باتیں عشق و مستی کی
سمجھ میں اس قدر آیا کہ دل کی موت ہے دوری!

حضرت پیر سید نصیر الدین نصیر گولڑوی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ اپنی کتاب ''راہ و رسم منزلہا'' میں روح سے متعلق کچھ اس طرح فرماتے ہیں: ''جب روح کے متعلق مکان معلوم نہیں کہ جسم کے کس مخصوص حصے میں اس کا قیام ہے تو معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کیفیت اور مکانیت سے برتر اور پاک ہے۔ لہٰذا وہ مکان اور کیفیت سے موصوف نہیں بلکہ روح جسم میں اس طرح موجود ہے کہ اس سے جسم کی کوئی شئے خالی نہیں، ایسے ہی اللہ تعالیٰ ہر مکان میں موجود ہے، کوئی مکان اس سے خالی نہیں اور ساتھ ہی وہ زمان و مکاں سے منزّہ بھی ہے''۔

مولانا روم فرماتے ہیں:

اتّصالِ بے تکیّف بے قیاس
ہست رب الناس را باجان ناس

''رب العالمین کا مخلوق کی جان سے ایسا اتصال ہے، جو قیاس اور کیف و کم کے پیمانوں میں نہیں تولا جا سکتا''۔

حضرت سلطان المشائخ سید نظام الدین اولیاء محبوبِ الٰہی دہلوی ﷺ کے متعلق روایات میں ہے، آپ سے کسی نے سوال کیا کہ اگر اللہ تعالیٰ کا اس کائنات میں وجود ہے تو پھر وہ کہاں ہے؟ یعنی اس کی نشاندہی کی جائے۔ آپ ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ نے ارشاد فرمایا پہلے تم اپنے جسم میں موجود روح کی نشاندہی کرو کہ وہ کس عضو میں موجود ہے اور کس میں نہیں۔ کہنے لگا کہ روح تو پورے جسم انسانی میں موجود ہوتی ہے، مگر کسی عضو میں اس کے وجود کا تعین نہیں کیا جا سکتا۔ آپ نے فرمایا کہ اسی طرح خالقِ کائنات، کائنات میں موجود ہے، مگر کسی شے اور مقام میں اس کا تعین اور نشاندہی نہیں کی جا سکتی۔

گویا بقول بابا فغانی شیرازی ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾:

مشکل حکایتیست کہ ہر ذرّہ عین اوست

امّا نمی توان کہ اشارت بہ او کنند

روح انسانی جو اپنی اصل سرشت کے لحاظ سے ایک لطیف و نورانی مخلوق ہے اسکا اصل مقام عالم ارواح ہے۔ جہاں وہ خدائے متعال کی محبت اور ذکر و فکر کی سعادت سے بہرہ ور تھی اور تمام روحانی معائب اور اخلاقی رذائل سے پاک تھی جن کا گھر ناسوت یعنی عالم اجسام ہے لیکن جب وہ بمشیتِ خداوندی جسمِ عنصری سے متعلق ہو کر عالمِ اجسام میں آئی تو یہ لازمی امر تھا کہ اس کی ان سابقہ سعادات میں کمی آ جائے جو عالم ارواح میں اسے میسر تھیں۔ بغض و نفاق، نزاع و فساد، تکبر و کینہ وغیرہ جو کہ عالم سفلی سے ہیں اور یہ ایک بدترین نقصان و خسران کی حالت ہے، جس کو عوام کی ارواح محسوس نہیں کرتیں، جو کہ اپنے مشاغل کی مستی میں غافل ہیں۔ لیکن جو قلب بصیر اور نفس عبرت گیر رکھتا ہے یا پیر کامل کی تربیت نے اس کے دل سے حجاب غفلت اٹھا دیا ہے۔ اس کی روح تڑپتی ہے کہ وہ کس اعلیٰ مقام سے تنزل کر کے کس ادنیٰ عالم میں اتر آئی ہے اور کیسی کیسی سعادتوں سے محروم ہو گئی ہے اور کیسی آلودگیوں میں گھر گئی ہے۔ ایسی روح لطیف اور پاکیزہ ہوتی ہے اور وہ اپنے مقام کو محسوس کر کے دست تاسف ملتی ہے اور روتی ہے:

طائر گلشن قدسم چہ دہم شرح فراق

کہ درین دا مگہ حادثہ چون افتادم

(حافظ شیرازیؒ)

لسان العصر سید اکبر الٰہ آبادی اسی موضوع کے متعلق کچھ اس طرح فرماتے ہیں:

کچھ نہ پوچھ اے ہم نشین میرا نشیمن تھا کہاں؟
اب تو یہ کہنا بھی مشکل ہے وہ گلشن تھا کہاں؟

سید محمد موسیٰ پاک شہید ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ نے اپنی اس کتاب میں مریدین کی تربیت، اور ادو وظائف، مجاہدہ اور ریاضت کرنے کے طریق بتائے ہیں، جس سے روح لطیف تر ہو جاتی ہے، اس کے لیے راتوں کو جاگنا، نوافل پڑھنے، اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے اور لیٹتے اپنے رب کی تسبیح و تقدیس کرنا مشروط ہے: الذین یذکرون اللہ قیاما وقعوداً وعلی جنوبھم ویتفکرون فی خلق السمٰوٰت والارض، ربنا ماخلقت ھذا باطلاً، سبحنک فقنا عذاب النار۔ (اٰلِ عمران)

"جو اللہ تعالیٰ کا ذکر کھڑے اور بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر لیٹے ہوئے کرتے ہیں اور آسمانوں و زمین کی پیدائش میں غور و فکر کرتے ہیں اور کہتے ہیں اے ہمارے پروردگار! تو نے یہ بے فائدہ نہیں بنایا، تو پاک ہے پس ہمیں آگ کے عذاب سے بچا لے"۔

مجاہدہ اور ریاضت دراصل نفس کے خلاف چلنے کا نام ہے۔ ریاضت و مجاہدہ کی کوئی اہمیت نہیں جب تک معرفت نفس حاصل نہ ہو۔ حضرت سیّد علی ہجویری ؓ داتا گنج بخش ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ اپنی کتاب کشف المحجوب میں نفس کے متعلق فرماتے ہیں: "نفس انسانی قالب کی ایک صفت ہے جیسے حیات اور یہ سب تسلیم کرتے ہیں کہ سب برے اخلاق اور مذموم افعال کا سبب نفس ہے۔ نفس اور روح دونوں قالب انسانی میں نہایت نازک چیزیں ہیں اور ایسے ہی موجود ہیں جیسے کائنات میں شیاطین، ملائکہ، بہشت اور دوزخ۔ نفس کے خلاف چلنا سب عادتوں سے بالاتر ہے اور سب مجاہدوں کا نقطہ کمال ہے۔ مخالفت نفس کے بغیر راہ حق دستیاب نہیں ہوتی۔ نفس کی موافقت باعث ہلاکت اور اس کی مخالفت وجہ

نجات ہے''۔ اللہ تعالیٰ نے مخالفت نفس کا حکم دیا ہے۔ نفس کے خلاف چلنے والوں کی تعریف اور موافقت کرنے والوں کی مذمت فرمائی ہے۔ چنانچہ فرمایا: واماّ من خاف مقام ربّه ونهی النفس عن الهوای، فانّ الجنة هی الماویٰ۔ (النازعات)

''ہاں جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا رہا ہوگا اور اپنے نفس کو خواہش سے روکا ہوگا۔ تو اس کا ٹھکانا جنت ہی ہے''۔

انسانی عقل عاجز ہے، وہ امور خداوندی پر بحث نہیں کرسکتی جب تک کہ فضل خداوندی نہ ہو۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے نفس انسانی کو تین نام دیئے ہیں۔ نفس امارہ، نفس لوّامہ، نفس مطمئنہ

''وما اُبرّئُ نفسی، ان النفس لامّارةٌ بالسّوءِ الا ما رحم ربیّ، ان ربی غفور رحیم''

''میں اپنے نفس (کے شر) سے بَری نہیں۔ بیشک نفس تو برائی پر ابھارنے والا ہی ہے، مگر یہ کہ میرا پروردگار ہی اپنا رحم کرے، یقیناً میرا رب بڑی بخشش کرنے والا اور بہت مہربانی فرمانے والا ہے''۔

نفس امارہ جو انسان کو برائی کی طرف اکساتا ہے۔ اسے اگر حضرت یوسف علیہ السلام کا قول تسلیم کیا جائے تو بطور کسر نفسی کے ہے، ورنہ صاف ظاہر ہے کہ ان کی پاک دامنی ہر طرح سے ثابت ہو چکی تھی اور اگر یہ عزیزۃ مصر کا قول ہے (جیسا کہ امام ابن کثیر کا خیال ہے) تو یہ حقیقت پر مبنی ہے کیونکہ اس نے اپنے گناہ کا اور یوسف علیہ السلام کو بہلانے اور پھسلانے کا اعتراف کرلیا۔ یہ تو اس نے اپنی غلطی کی توجیہ یا اسکی علت بیان کی کہ انسان کا نفس ہی ایسا ہے کہ اسے برائی پر ابھارتا ہے اور اس پر آمادہ کرتا ہے۔ یعنی نفس کی

شرارتوں سے وہی بچتا ہے جس پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو۔ جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو اللہ نے بچالیا۔ نفس کے وسوسے تو قرآن مجید سے ثابت ہیں، سورہ قٓ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"وَلقد خلقنا الانسان ونعلم ما توسوس به نفسه"

"ہم نے انسان کو پیدا کیا ہے اور اس کا نفس جو وسوسے ڈالتا ہے ہم اسے جانتے ہیں"۔

قرآن مجید نفس لوّامہ کی قسم کھاتا ہے:

"ولا اقسم بالنفس اللوّامة" (القيٰمة)

"اور قسم کھاتا ہوں اس نفس کی جو ملامت کرنے والا ہو"۔

نفس لوامہ بھلائی پر بھی ملامت کرتا ہے کہ زیادہ کیوں نہیں کی اور برائیوں پر بھی کہ اس سے باز کیوں نہیں آتا؟ دنیا میں بھی جن کے ضمیر بیدار ہوتے ہیں ان کے نفس انہیں ملامت کرتے ہیں تاہم آخرت میں تو سب کے ہی نفس ملامت کریں گے۔ اور تیسرے درجے کا نفس جس کو اپنی طرف جنت کی خوش خبری دیتے ہوئے دعوت دی ہے اور اسے مطمئن نفس کہا ہے یعنی بڑے اطمنان والا نفس اور یہی کامل ترین نفس ہے جو شیخ کی نظر سے اور مجاہدہ وریاضت سے بھی مطمئن ہو جاتا ہے اسے دنیاوی غلاظتوں اور کثافتوں کی بے چینی نہیں وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر (اَلَا بِذِکرِ اللّٰہِ تَطمَئِنّ القُلُوبُ) کر کے اطمنان حاصل کیے ہوئے ہوتا ہے۔

"یاایتها النفس المطمئنة، ارجعی الیٰ ربك راضية مرضية، فادخلی فی عبدی، وادخلی جنتی"

"اے اطمینان والی روح، تو اپنے رب کی طرف لوٹ چل اس طرح کہ تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی، پس تو میرے خاص بندوں میں داخل ہو جا اور میری جنت میں جا"۔

اپنی ذات کو پہچاننا یعنی اپنے نفس سے واقف ہونا اور پھر اپنے رب سے واصل ہونا، یہ راستہ صرف شیخ کی نظر سے طے کیا جا سکتا ہے ورنہ نہیں۔ حضور ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ فرماتے ہیں: جب اللہ تعالیٰ کو کسی بندے کی بہبود و فلاح مقصود ہوتی ہے تو وہ اس کو نفس کے عیب سے آگاہ کر دیتا ہے۔ کشف المحجوب میں نقل ہے حق تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی اور فرمایا: اے داؤد......! "اپنے نفس سے عداوت کر، میری دوستی اس کی عداوت میں ہے"۔ عرفان ذات ضروری ہے کیونکہ جو اپنی ذات کو سمجھنے سے قاصر ہو وہ دوسرے کو کیا سمجھ سکے گا۔ جب انسان نے معرفت خداوندی کی طرف گامزن ہونا ہی ہے تو پہلے اس کو اپنی معرفت حاصل ہونی چاہیے تا کہ اپنے آپ کو حادث دیکھ کر حق تعالیٰ کو قدیم دیکھ سکے اور اپنی فنا سے اس کی بقا کو سمجھ سکے۔ نص قرآنی اس پر شاہد ہے کہ حق تعالیٰ نے کفار کو اپنی ذات کی جہالت میں مبتلا کیا اور فرمایا 'ومن یرغب عن ملة ابراهیم الا من سفه نفسهٗ'۔ "ابراہیم کی ملت سے وہ دستبردار ہوتا ہے جو اپنے نفس سے بے خبر ہے"۔ ایک شیخ کامل نے فرمایا: جو اپنے نفس سے بے خبر ہو وہ ہر چیز سے بے خبر ہے۔ طالبان درگاہ حق کیلئے لازم ہے کہ ہمیشہ روش نفس کے خلاف راستہ اختیار کریں تا کہ روح و عقل کو معاونت ملے۔

خونابه به دل خور که شرابی به ازین نیست
دندان به جگر زن که کبابی به ازین نیست

در کنز و ہدایہ نتوان یافت خدارا

در صفحہ دل بین کہ کتابی بہ ازین نیست

(عبدالرحمٰن جامی)

''دل کا خون پیو کہ اس سے بڑھ کر شراب نہیں۔ اپنے جگر کو کھاؤ کہ اس سے بڑھ کر کباب نہیں کنز و ہدایہ میں خدا تعالیٰ کو نہیں پا سکتا بلکہ اپنے دل کے صفحہ کو پڑھو کہ اس سے بڑھکر کوئی کتاب نہیں''۔

روح کی لطافت، نفس کی پاکیزگی وطہارت، روحانی معراج اور عرفان ذات شیخ کی نظر سے حاصل ہوتا ہے اور پھر ان سارے مقامات کی کاملیت بلا شبہ حضرت پیران پیر سید عبدالقادر گیلانی، غوث صمدانی، شہباز لامکانی رضی اللہ عنہ کے در سے حاصل ہوتی ہے۔ تمام سلاسل غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے فیض یافتہ ہیں۔ خواجۂ خواجگاں خواجہ غریب نواز معین الدین چشتی اجمیری رضی اللہ عنہ نے بارگاہِ غوثیت میں عرض کیا، حضرت مجھے عراق کی ولایت عنایت فرما دیجیے میرے لیے یہ بڑا مقام ہے۔ جناب سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ملک عراق کی ولایت تو میں شیخ شہاب الدین سہروردی رضی اللہ عنہ کو عطا کر چکا ہوں، تمہیں ہندوستان کی ولایت مرحمت فرماتا ہوں (یہ سب میرے پروردگار کا کرم ہے) لہٰذا آپ کو سلطان ہند کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ ثابت ہوا کہ جب تک سلسلۂ قادریہ کے شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی خصوصی نظر نہ ہو ولایت کا درجہ ہی نہیں دیا جاتا، حضور اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے بیٹے کو خدائے متعال نے بے شمار انعامات سے نوازا ہے۔

''عطانی رفعةً نلت المنالی''۔

بلکہ اس خاندان کے ہر فرد کو ہی بارگاہ صمدیت میں اک خاص مقام حاصل ہے۔

''حیات الامیر''معروف بہ محمد غوث بالا پیر گیلانی مؤلف سید افضال حسین گیلانی نے ایک واقعہ کچھ اس طرح رقم کیا ہے:

''حضرت محمد غوث بالا پیر ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ نے ایک محفل میں فرمایا:'' کہ حضرت خواجہ فریدالدین مسعود گنج شکر﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ نے انتہائی کٹھن اور مشکل مجاہدات میں انتہا وقت صرف کیا اگر فقیر اس دور میں ہوتا تو ان کو اس قدر مشکلات کا سامنا نہ کرنے دیتا ''ہو'' کی ایک ہی ضرب سے ''مقام قرب'' تک پہنچا دیتا''، (بابا فرید صاحب ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ والا کنواں آج بھی اچ میں موجود ہے) یہ فرمان سن کر حاضرین دم بخود ہو کر غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کے پوتے کی شان جلالت ملاحظہ کر رہے تھے۔ جسکا فرمان ہے:

انا الحسنی والمخدع مقامی

و اقدامی علی عنق الرجال

ے

ہجوم کیوں ہے زیادہ شراب خانے میں

فقط یہ بات کہ پیر مغاں ہے مرد خلیق!

پیر سید مہر علی شاہ گیلانی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ نے ایک محفل میں سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہ محبوب سبحانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرّہ کی شان بے پایاں کا ذکر فرماتے ہوئے بیان فرمایا کہ بعض سجادہ نشین حضرات کو جناب غوث پاک رضی اللہ عنہ کا ارشاد قدمی ھٰذہ علیٰ رقبۃ کل ولی اللہ (میرا یہ قدم اولیاء اللہ کی گردن پر ہے) اپنے سلسلہ کے اکابرین مشائخ مثل خواجہ بزرگ معین الحق والدین رضی اللہ عنہ اور مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ وغیرہم کے متعلق گراں گزرتا ہے اس لیے وہ حضرات محبوب سبحانی کے اس قول مبارک کے متعلق

مختلف تاویلیں پیش کرتے ہیں۔اس سے ان کا منشاء اپنے مشائخ سلسلہ کی تعظیم اور کمال محبت ہے، لیکن ہم ایسا نہیں کر سکتے۔انصاف کرنا چاہیے، یہ امر پایۂ ثبوت کو پہنچا ہوا ہے کہ جب یہ کلمہ حالیہ حضور رضی اللہ عنہ سے صادر ہوا تھا اس وقت سعید میں حضرت خواجہ اجمیری رضی اللہ عنہ ایک پہاڑ پر یادالٰہی میں مشغول تھے۔آپ ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ نے جب غیب سے یہ کلمہ اپنے گوش ہوش سے سنا تو بہ ادب تمام آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر فرمایا: علی راسی وعینی ”میرے سر آنکھوں پر“۔بعض حضرات سیّدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ اور حضور غریب نواز اجمیری ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ کی ملاقات بلکہ ہم عصر ہونے سے بھی انکار کرتے ہیں حالانکہ سلسلہ صابریہ چشتیہ کے مشہور بزرگ حضرت شیخ محمد اکرم صابری ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ نے اپنی مشہور کتاب ”اقتباس الانوار“ میں حضور غریب نواز اجمیری ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ کی حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے ملاقات اور استفادہ کو محققانہ انداز میں ثابت فرمایا ہے۔

آپ رضی اللہ عنہ کے فیوض و برکات کا سلسلہ وصال کے بعد بھی بدستور جاری ہے۔اور بفضلہٖ تعالیٰ ہمیشہ جاری رہے گا۔حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو مقام جذب وولایت کا فاتح اول قرار دیتے ہوئے جناب سیدۃ النساء رضی اللہ عنہا، حسنین شریفین رضی اللہ عنہما وبقیہ ائمہ اہل بیت کرام رضی اللہ عنہم کو اسی نسبت کے اقطاب، بیان فرما کر سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کی اس مقام میں ایک خصوصی شان تحریر کی ہے نیز اپنی کتاب ”ھمعات“ میں فرمایا:

”و در اولیائے امت واصحاب طرق اقوٰے،کسیکه بعد تمام راه جذب بآکد وجوه ،به اصل این نسبت (اویسیه)میل کرده است ودرآن جابوجۂ اتم قدم زده است ،حضرت شیخ محی الدین

عبدالقادر جیلانی اند ،ولہٰذاگفتہ اندکہ ایشان در قبرخودمثل احیا تصرف می کنند "۔

"اور امت کے اولیائے عظام میں سے راہ جذب کی تکمیل کے بعد جس شخص نے کامل و مکمل طور پر اس نسبت اویسیہ کی اصل کی طرف رجوع کر کے وہاں کامل استقامت سے قدم رکھا ہے وہ حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ ہیں اور اسی وجہ سے کہتے ہیں کہ آن جناب رضی اللہ عنہ اپنی قبر شریف میں زندوں کی طرح تصرف فرماتے ہیں"۔

حضرت شاہ ولی اللہ (رحمتہ اللہ علیہ) ایک اور جگہ فرماتے ہیں:

حق تعالیٰ نے آں جناب رضی اللہ عنہ کو وہ قوت عطا فرمائی ہے کہ دور و نزدیک ہر جگہ یکساں تصرف فرماتے ہیں آپ رضی اللہ عنہ اپنے ہمعصر اور بعد میں آنے والے تمام اولیائے کرام کے لیے حصول ولایت اور وصول فیض کا وسیلہ کبریٰ اور واسطہ عظمیٰ ہیں۔

شیخ عبدالحق بلخی نے اپنی کتاب "خوارق الاحباب فی معرفۃ الاقطاب" میں تحریر فرمایا ہے کہ حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ نے ایک مجلس میں ارشاد فرمایا کہ ڈیڑھ سو سال بعد بخارا میں ایک درویش بہاؤالدین نامی پیدا ہوگا، جو ہم سے ایک خاص نعمت کا مستحق ہوگا۔ چنانچہ جب حضرات خواجہ بہاؤالدین نقشبند (رحمتہ اللہ علیہ) نے میدان سلوک میں قدم رکھا تو حضرت خضر علیہ السلام کے اشارے پر حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کی روحانیت کی طرف متوجہ ہو کر "الغیاث، الغیاث، یا محبوب سبحانی" پکارتے ہوئے سو گئے اور خواب میں آں جناب رضی اللہ عنہ کے فیوض و برکات سے سرفراز ہوئے۔

"روح المعانی" میں حضرت مجدد سے نقل ہے کہ قطبیت کبریٰ کا مقام حضرت امام مہدی علیہ السلام تک جناب غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کی ذات بابرکت کے ساتھ مختص ہے۔ حضرت

شیخ محمد اکرم چشتی، صابری، قدوسی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ "اقتباس الانوار" میں آں جناب کے متعلق لکھتے ہیں کہ: جس کسی کو ظاہری باطنی فیض حاصل ہوا، سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کی وساطت سے ہی ہوا۔ خواہ اسے معلوم ہو یا نہ ہو۔ کوئی ولی آپ رضی اللہ عنہ کی مہر کے بغیر منظور اور معتبر نہیں ہو سکتا۔ حق تعالیٰ نے آپ رضی اللہ عنہ کو وہ مقام عطا فرمایا ہے کہ تمام تصرفات کی باگ ڈور آپ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں دے دی ہے، جسے چاہیں کسی منصب ولایت پر مقرر فرمادیں، جسے چاہیں ایک آن میں معزول فرمادیں"۔ (ماخذاز "مہر منیر")۔

اپنی تحریر کو مختصر کرتا ہوں کیونکہ حضرت پیر سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی سیرت، تعلیمات اور کرامت پر کئی دفتر درکار ہیں، خدا تعالیٰ بحق بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا ساری سانسیں اور لمحات سادات گیلانیہ کی خدمت میں گزارنے کی توفیق عظیم عطا فرمائے۔

قبلۂ اہل صفا، حضرت غوث الثقلین رضی

دستگیر ہمہ جا، حضرت غوث الثقلین رضی

مردہ دل گشتہ ام و نام تو محی الدین است

مردہ را زندہ نما، حضرت غوث الثقلین رضی

(خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمتہ اللہ علیہ)

سرزمین ہند کفر و گمراہی کا مرکز و منبع تھی۔ ہر زمانے میں دین مبین اسلام کی اشاعت و ترویج کے لیے اولیائے عظام بالخصوص سادات گرامی آتے رہے اور نور اسلام سے اس کفرستان کو ہدایت و روشنی سے مستفید کرتے رہے۔ سید علی ہجویری داتا گنج بخش ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ اور خواجہ غریب نواز سید معین الدین چشتی اجمیری ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ اس خوبصورت کڑی کے نگینے تھے۔ برصغیر پاک و ہند میں تقریباً تمام سلاسل تبلیغ اسلام میں مشغول رہے۔ سلسلہ

قادریہ پیش پیش اور نمایاں رہا۔ حضرت شیخ ابو محمد عبد القادر جیلانی ،غوث صمدانی شہباز لا مکانی رضی اللہ عنہ جو کہ دین اسلام کو زندہ کرنے والے تھے۔ دین اسلام کو زندہ و تابندہ کرنے میں آپ کے بعد آپ کی اولاد امجاد بھی بڑا نمایاں کردار انجام دیتی رہی ہے۔ پاک و ہند میں تقریباً سب سے پہلے سلسلہ قادریہ کے قطب الاقطاب بندگی سید محمد غوث گیلانی حلبی اوچی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ اشاعت اسلام کیلئے وارد ہوئے تھے۔ آپ عالم شباب میں ہی عرب و عجم اور ترکستان و خراسان کی سیر و سیاحت کرتے ہوئے ہندوستان میں وارد ہوئے اور لاہور کے محلّہ کوفت گراں میں مقیم رہے۔ اسلام کی اشاعت و ترویج کیلئے یہاں مسجد تعمیر کرائی ،پھر ناگور تشریف لے گئے اور وہاں مختصر قیام کے بعد حلب واپس تشریف لے گئے۔ دوبارہ اُچ شریف وارد ہوئے اور مستقل سکونت اختیار کی۔ آپ کا وصال عہد سکندر لودھی میں ہوا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شاید آپ خاندان سادات کے عہد میں یا خاندان لودھی کے اوائل میں تشریف لائے ہوں۔ مزار پر انوار اچ شریف میں ہے۔

سیدنا محمد غوث حلبی اچوی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ کے چار بیٹے تھے۔ ان میں ایک لاولد باقی تینوں کی اولاد تھی۔ بڑے صاحبزادے نسید عبد القادر ثانی گیلانی اچوی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ کے دو بیٹے تھے۔ ایک کا اسم گرامی سید زین العابدین اور دوسرے سید عبد الرزاق ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ تھے۔ سید زین العابدین کے بڑے مشہور و معروف صاحبزادے سید محمد غوث بالا پیر ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ (م: جمعرات ۵ شوال ۹۵۹ھ) کے نام سے مشہور ہیں۔ آپ کا مزار ستگھرہ ضلع اوکاڑہ کے نواح میں ہے آپ بڑے صاحب کرامات ولی اللہ تھے۔ دریائے راوی ،گنجی بار کا علاقہ آپ ہی کے فیض سے مستفیض ہے۔ سید عبد الرزاق گیلانی کے بیٹے سید حامد جہاں بخش ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ کے دو صاحبزادے تھے۔ ایک کا نام سید عبد القادر ثالث

(رحمتہ اللہ علیہ) اور دوسرے سید ابوالحسن جمال الدین موسیٰ پاک شہید ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ ملتانی تھے۔آپ کا نام سید محمد موسیٰ گیلانی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ اور کنیت ابوالحسن تھی۔آپ کی پیدائش مردم خیز خطہ اچ شریف میں ۹۵۲ھ میں ہوئی۔آپ کا سلسلہ نسب بارہ واسطوں سے سیدنا غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے جاملتا ہے۔اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

سید ابوالحسن جمال الدین محمد موسیٰ پاک شہید ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ بن سید حامد جہاں گنج بخش ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ بن سید عبدالرزاق گیلانی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ بن سید عبدالقادر ثانی گیلانی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ بن سید محمد غوث حلبی اچوی گیلانی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ بن سید شمس الدین محمد گیلانی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ بن سید محمد شاہ میر ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ بن شیخ سید علی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ بن شیخ سید مسعود ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ بن شیخ سید احمد ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ بن سید ابونصر صفی الدین عبدالسلام ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ بن سید سیف الدین عبدالوہاب ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ بن سیدنا غوث الاعظم شیخ سید عبدالقادر گیلانی غوث صمدانی۔رضوان اللہ علیہم

ابتدائی تعلیم اپنے والد گرامی سید حامد گنج بخش ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ سے حاصل کی جو علوم ظاہری و باطنی سے لبریز تھے۔آپ نے اپنے شاگرد رشید کو علم نافع سے سرفراز فرمایا۔آپ نے شرعی تدریس اور سلوک کے مدارج بھی انہی سے حاصل کیے۔حفظ قرآن، علم التفسیر و الحدیث، فقہ، صرف ونحو، تجوید اور کافیہ وغیرہ بچپن ہی میں نہایت قلیل عرصہ میں مہارت تامہ حاصل کرلی تھی کیونکہ حضرت سید محمد موسیٰ پاک شہید ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ کو قدرت نے بہت ہی اعلیٰ جبلی خصوصیات سے سرفراز فرمایا تھا۔ابھی علم ظاہری کی منزلیں طے کر ہی رہے تھے کہ آپ کو حقیقت اور روحانیت کی طرف ایک خاص رغبت ہوگئی تھی۔کثرت سے تلاوت قرآن ذکر و فکر اور شب بیداری کی لذتوں سے لطف اندوز ہونا شروع کردیا تھا۔ساتھ ہی کسی کامل

و مکمل ہستی کے ہاتھ میں ہاتھ دینے کیلئے مضطرب وبیقرار ہونے لگے۔آپ فرماتے ہیں کہ:"
آ خر کار خلاق عالم نے میری عقدہ کشائی کی کہ مجھے والد گرامی نے ایک دن بحالت ذوق
فرمایا کہ آ ؤ جو فیض مجھے دست بدست حضرت جد اعلیٰ سید عبد القادر جیلانی غوث صمدانی سے
ملا ہے وہ حاصل کرنے کے لیے ہاتھ دراز کرو۔میں نے خوشی سے اپنا ہاتھ والد گرامی کے
دست تصرف میں دے دیا۔بوقت دستگیری فرمایا کہ جو کچھ کروگے وہ نقد بہ نقد حاصل
ہوگا۔شریعت وطریقت کو ملحوظ رکھنا۔

حضرت سید محمد موسیٰ پاک شہید خود اپنے والد گرامی اور شیخ طریقت کا انداز تربیت
کچھ یوں بیان فرماتے ہیں: صبح کی نماز کے بعد والد گرامی مجھے اپنے سامنے بٹھا کر وظائف
پڑھواتے اور ذکر جہر بطور قاعدہ قادری کرواتے تھے۔میں ابھی نو سال کا تھا کہ آپ نے مجھے
بعض اسماء الٰہیہ اور ادعیہ مسنونہ کی تلقین بھی کی تھی اور میں نے کبھی بھی اس وظیفہ کو ترک
نہیں کیا۔تلاوت کلام پاک وذکر طیبہ شوق سے کرتا، ذکر کی کثرت اور شوق کا یہ عالم تھا کہ
کھانے کی بھی فرصت نہ ملتی، والدہ محترمہ نے والد گرامی کو بتایا کہ ذکر خدا تعالیٰ میں کھانے
تک کی پروہ نہیں کرتے اور کھانا ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔میں ہر وقت قبلہ والد گرامی کی خدمت
میں حاضر رہتا تھا۔ایک بار والد صاحب نے میری یہ کیفیت اور ریاضت دیکھ کر فرمایا: "بابا
زود شود کہ از دوستان حق شوی"۔بابا! جلد وہ وقت آئے گا کہ تمہارا شمار اولیائے
حق میں ہوگا"۔

راہ طریقت اور سلوک کی منازل طے کرتے ہوئے بہت سے صوفیاء متزلزل
اور لڑکھڑا جاتے ہیں۔شیخ کامل کی نظر اور توجہ کے بغیر یہ راستہ بڑا کٹھن اور مشکل ہے۔

بہ می سجادہ رنگیں کن گرت پیر مغان گوید
کہ سالک بی خبر نبود ز راہ و رسم منزلہا

حضرت سید محمد موسیٰ پاک شہید ملتانی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ اپنے اسلاف کے نقش قدم پر چلتے ہوئے راہ طریقت میں پہلے اپنے جد امجد حضرت شیخ سید عبدالرزاق گیلانی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ سے اکتساب فیض کیا بعدازاں سلوک و طریقت کی تمام منازل اپنے شیخ و مربی و والد گرامی کی براہ راست نگرانی میں طے کیں۔ سلوک و معرفت میں مقامات بلند اور مدارج ارجمند حاصل کر کے جمال الدین ابوالحسن کا خطاب پایا تھا۔ عبادت و ریاضت اور ارشاد و ہدایت میں یگانہ روزگار تھے۔

حضرت سید ابوالحسن جمال الدین محمد موسیٰ پاک شہید گیلانی ملتانی کا شجرہ نسب ہی آپ کا شجرہ طریقت بھی ہے۔

حضرت سید محمد موسیٰ پاک ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ کو سردار اولیاء، قطب الاقطاب حضور سیدنا غوث الاعظم قدس سرہٗ سے خاص محبت اور روحانی تعلق کی دولت حاصل تھی۔ آپ ہمیشہ تصور غوثیت مآب میں مگن رہتے تھے۔ خود ارشاد فرماتے تھے:

''مجھے پیر دستگیر روشن ضمیر سید عبدالقادر گیلانی کے شرف زیارت کا بھی فخر حاصل ہے''۔ اور حضرت غوث الاعظم ﷺ نے فرمایا: ''اب مرید کیا کرو''۔ آپ بڑے صاحب کشف و کرامات تھے اور شاہی درباروں میں بھی بہ بانگ دہل بات کرتے بلکہ اکبری دربار میں باقاعدہ اذان دلواتے اور خود جماعت کرواتے اور نماز پڑھتے تھے۔ کسی کو جرأت نہ ہوتی کہ مداخلت کر سکے۔ حضرت سید محمد موسیٰ ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ شریعت کے معاملے میں اس قدر سخت تھے اور اتنے پابند تھے کہ وہ اس معاملے میں پادشاہ کی پروانہ کرتے تھے۔ اکبر بادشاہ

کادین اسلام سے منحرف ہونااور دین الٰہی کے نام پر خرافات اور دربارشاہی کے دیگر معاملات جو دین اسلام کی کھلم کھلا دشمنی پر مبنی تھے، کو دیکھ کر بھلا سید موسیٰ پاک شہید ﴿رحمتہ اللہ علیہ ﴾ جیسا اسلامی غیرت وحمیت کا علمبردار شخص کیوں کر خاموش رہ سکتا تھا؟ چنانچہ آپ نے دربارشاہی کی دین سے بغاوت پر احتجاج بھی کیا۔ دربار میں جب اذان ونماز پر قدغن لگائی گئی تو اس مشکل وقت میں حضرت محمد موسیٰ پاک شہید گیلانی ﴿رحمتہ اللہ علیہ ﴾ کی ہی ذات گرامی تھی جس نے اکبری جاہ وجلال اور شخصی آمرانہ احکامات کو پس پشت ڈالتے ہوئے جب نماز کا وقت آیا تو اکبر بادشاہ کی موجودگی میں بلند آواز سے اذان دے کر دربار میں ہی باجماعت نماز ادا کی۔ آپ کی اس جرأت مندانہ اور بے باک کردار کے سامنے بادشاہ وقت سمیت کسی کو بھی دم مارنے کی جرأت نہ ہو سکی۔

حضرت شیخ محمد موسیٰ پاک ﴿رحمتہ اللہ علیہ ﴾ گیلانی ایک مدت تک لشکرشاہی میں اسلام کا بول بالا کرتے رہے اور کئی شہر نشینوں کو اس بادیہ پیما کی بدولت روحانی تازگی اور استقامت نصیب ہوئی۔ آپ کچھ عرصہ دکن، فتح پور سیکری اور آگرہ میں رہنے کے بعد دہلی آ گئے۔ جہاں ۶ شوال المکرم ۹۸۵ ہجری قمری کو امام المحدثین حضرت شیخ عبدالحق دہلوی نے آپ کے ہاتھ پر بامر پدری بیعت کی۔ دہلی سے آپ مستقل طور پر ملتان تشریف لے آئے۔ ملتان میں آپ کا حلقہ مریدین کافی وسیع ہوا اور بلخ، بخارا، توران، ایران، افغانستان اور ہندوستان تک پہنچ گیا۔ غرض یہ کہ حضرت سید محمد موسیٰ پاک شہید ﴿رحمتہ اللہ علیہ ﴾ کی سعی جمیلہ سے پورے براعظم ایشیاء اور بالخصوص برصغیر پاک وہند میں سلسلہ عالیہ قادریہ کو قابل رشک حد تک فروغ حاصل ہوا۔ جب آپ ﴿رحمتہ اللہ علیہ ﴾ روحانی اشغال میں مصروف تھے۔ عین اسی وقت لنگاہوں نے آپ کے مریدوں کی بستی پر حملہ کر دیا، آپ نے

فرمایا: مجھے اطلاع صحیح ملی ہے یعنی میری رحلت کا وقت آ گیا ہے۔ جونہی آپ کی سواری کو ڈاکوؤں نے دیکھا تو بھاگ گئے۔ سلطان نامی مردود لنگاہ نے چھپ کر تیر مارا جو آپ کے پہلو میں پیوست ہو گیا۔ اسی تیر سے جان بر نہ ہو سکے۔ علوم دینیہ کے ماہر، کلام ربانی کے واقف اسرار، طریقت و حقیقت کے دانائے رموز، حضرت سید محمد موسیٰ پاک شہید ۲۳ شعبان المعظم ۱۰۱۰ ہجری قمری کی رات کو اپنے رفیق اعلیٰ سے جا ملے: ''انا للہ وانا الیہ راجعون''۔ آپ کا مزار اقدس ملتان شریف میں ہے۔ جہاں آپ استراحت فرما رہے ہیں اس کی ایک روحانی کشش ہے جو حضرت پیر سید خواجہ مہر علی شاہ گیلانی گولڑوی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ سے ثابت ہے۔ فرماتے ہیں: حضرت سید محمد موسیٰ پاک شہید کے مزار پاک میں بڑی کشش ہے۔ پہلی بار جب میں ملتان گیا تو پاک دروازہ سے گزرتے وقت اچانک میرا رخ کسی غیبی طاقت نے ایک خانقاہ شریف کی طرف پھیر دیا۔ سامنے ایک بڑی اونچی ڈیوڑھی تھی اور آگے دالان تھا۔ جہاں ایک مولوی صاحب غیر مقلدوں کی تردید میں تقریر کر رہے تھے مگر دلائل ایسے بودے اور بے سرو پا تھے کہ حیرت ہوتی تھی کہ سامعین سب کے سب غیر مقلد کیوں نہیں ہو جاتے۔ مگر اس اندرونی کشش نے ہمیں وہاں زیادہ دیر رکنے نہ دیا۔ کچھ آگے بڑھے تو حضرت سید جمال الدین محمد موسیٰ پاک شہید کا مزار پاک نظر پڑا۔ جو معلوم ہوا کہ گیلانی النسب ہیں اور یہ اپنے ہی گھرانے اور خاندان کی کشش تھی جو کھینچے لیے جا رہی تھی۔ حضرت ممدوح ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ نے مزار پاک میں سے فرمایا کہ قرابت کا یہ طریق نہیں ہے کہ نزدیک رہتے ہوئے بھی ملاقات نہ کی جائے...... سبحان اللہ!!!

اسکے بعد ہمیشہ پاک پتن جاتے ہوئے، حضرت کے مزار پہ حاضری ضرور دیا کرتے تھے۔

میں جناب پیر سید سیّد علی ثانی گیلانی حفظہ اللہ تعالیٰ وسلمہ کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ مجھے اپنے سلسلہ عالیہ کے قطب اور اپنے اجداد میں سے مہتاب تاب دار حضور سید جمال الدین محمد موسیٰ پاک شہید گیلانی ملتانی ﴿رحمتہ اللہ علیہ﴾ کی خوبصورت اور روحانیات سے لبریز ،سلسلہ قادریہ کے وظائف واوراد پر مشتمل کتاب پر تبصرہ کرنے کے لیے چنا' اس قلمی نسخہ کا مطالعہ کرتے ہوئے انسانی کیفیات پاکیزہ ولطیف ہوجاتی ہیں یہ میرا علمی مشاہدہ ہے، یہ اعزاز جناب صاحبزادہ پیر سید سید علی ثانی گیلانی کو حاصل ہے، میں انہیں مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ خاندان گیلانیہ کا فخر ہیں۔اللہ تعالیٰ سلامت رکھے اور علمی ودینی کاموں میں مزید ترقی دے۔حال ہی میں ایک کتاب "انیس المظاھر فی سیرت السید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ" پر حواشی وتعلیقات لکھ کر" ادارہ صوت ہادی" سے شائع کروائی ہے۔جس کی خانقاہوں اور بالخصوص قادریہ درگاہوں پر بڑی پذیرائی ہوئی ہے۔انہی الفاظ پر اپنی بات ختم کرتا ہوں اللہ کریم سید سید علی ثانی گیلانی دامت برکاتہم کے روحانی مدارج بلند فرمائے اور اپنے جد اعلیٰ حضور غوث اعظم محبوب سبحانی عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے فیض سرمدی سے ولایت کا بلند مرتبہ نصیب فرمائے' آمین ثم آمین۔

دستگیرا کرمہر تو مہر علیؒ تے، تیرے باجھ ہے کون اللہ راسیاں دا

نیاز آگیں:

پروفیسر محمد شاہ کھگہ،

ننکانہ صاحب

ھو القادر

مُقدّمہ

اللہ ﷻ کا سپاس گزار ہوں، تمام تحیات وطیبات اور ہر طرح کی تحمید وتمجید صرف اسی کو سزاوار ہے۔ جو کل یوم ھو فی شان کے تحت نت نئے انوار اپنے محبوبین پر منعکس فرماتا ہے، اور کنت کنزاً مخفیاً کے اسرار نہاں اپنے محبین پر کھولتا ہے۔ اور کبھی سنریھم آیاتنا فی الآفاق وفی انفسھم کے مژدہ جانفزا سے سالکین حق کوئی راہوں پر گامزن کرتا ہے۔ ہزار ہا درود وسلام اس نبی ہادی ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر، جن کے طفیل کائنات کی حقیقتوں او ماہیئتوں کے بھیدوں کو کھولا گیا، جو اس راہ عشق کے اوّلین مسافر (والنجم اذا ھوی) تھے، ثابت قدمی (ما صاحبکم وما غوی) سے اس راہ کو عبور کیا، صابر ورابط (وما ینطق عن الھوی) رہے، اللہ خالق اور اسکی مخلوق کے درمیان (ان ھو الا وحی یوحی) مخصوص رابطہ فرمایا، اور ان کو ایسے علوم ومعارف (علمہ شدید القوی) سے نوازا جوان کو ایک قوت والی ہستی نے عطا فرمائے تھے۔ تاکہ ان علوم

معارف کے سبب اس رابطے کی بنیاد ''ابد'' آخرت کی کامیابی پر رکھی جاسکے۔

ذکر......اور ذکر اللہ کائنات کی ایسی اٹل حقیقت ہے کہ جس کا بیان ہوگا تو ادھورا رہے گا۔اس کی کیفیت تو صرف ذاکر ہی محسوس کرسکتا ہے۔کسی مجازی معشوق کے عشق میں جب ذاکر کی کیفیت یوں ہوجائے کہ اسکا ذکر آتے ہی دل بھر آئے اور آنکھیں پرنم ہوجائیں

قفا نبك من ذكرى حبيب و منزل

بسقط اللوى بين الدخول فحومل

تو پھر محبوب حقیقی کے ذکر میں لذت، یگانگت اور وارفتگی کا عالم کیا ہوگا۔محبّ و محبوب میں کچھ ایسی بھی رمزیں ہوا کرتی ہیں جو کسی تیسرے کے سمجھنے کی نہیں۔

میان عاشق و معشوق رمزیست

کراما کاتبین را ہم خبر نیست

اللہ جل جلالہ نے قرآن (جس کو ذکر بھی کہا گیا ہے) اسمیں حکم فرمایا یا ایھا الذین امنوا اذکروا اللہ ذکرا کثیراً [احزاب:۴۱] اے اہل ایمان اللہ کا ذکر کثرت سے کیا کرو۔ ذکراً کثیراً کی تاکید کسی بھی اہل علم سے مخفی نہیں، اور نہ ہی کثرت کے معنی سے ہی کوئی شخص ناواقف ہے۔ایک جگہ اس کیفیت کو یوں واضح کیا گیا: فاذکروا اللہ کذکرآبائکم أو أشدَّ ذکراً [بقرۃ:۲۰۰] ''پس اللہ کا کرو جس طرح تم اپنے آباء واجداد کو یاد کرتے ہو یا اس سے بھی زیادہ''۔اور پھر ذاکرین اور ذاکرات کو انعام کا وعدہ دیتے ہوئے فرمایا: والذاکرین اللہ کثیرا و الذاکرات اعد اللہ لھم مغفرۃ واجراً عظیماً [احزاب:۳۰] اللہ کا ذکر کثرت سے کرنے والوں اور کرنے والیوں کیلئے اللہ نے مغفرت اور اجرِ عظیم تیار کررکھا ہے۔

اور دیکھیے کہ ذکر سے رُوگردانی کرنے والوں کیلئے کتنی سخت وعید فرمائی: ومن

یعش عن ذکر الرحمن نقیض له شیطنا فھو له قرین [زخرف:۳۶] کہ ”جو جان بوجھ کر رحمٰن کے ذکر سے منہ پھیرے، ہم اس پر ایک شیطان کو چمٹا دیتے ہیں جو اسکا (ہر وقت کا) ساتھی بن کر رہ جاتا ہے“۔ قرین ایسے ساتھی کو کہتے ہیں جو کبھی جدا نہ ہو، آپ نے ایسے کئی بدنصیبوں کی زندگیوں کا مطالعہ اور مشاہدہ کیا ہوگا جو چلتے پھرتے شیطان کی ساتھی بن چکے ہیں اور انکی زندگی میں کہیں خیر کی کوئی روشنی نہیں۔ الامان!! یہ ذکر سے دوری کی دنیاوی سزا ہے اور جو آخرت میں دی جائے گی وہ بھی ملاحظہ کریں: ومن اعرض عن ذکری فان له معیشة ضنکا و نحشره یوم القیمة اعمی O قال رب لم حشرتنی اعمی وقد کنت بصیرا O قال کذلك اتتك ایتنا فنسیتها ج و کذلك الیوم تنسیٰ O

[طٰہٰ: ۱۲۴، ۱۲۵، ۱۲۶]

”جس نے میرے ذکر سے اعراض (گریز) کیا اس پر اسکی زندگی (روزی) تنگ کر دی جائے گی، اور ہم اسے قیامت میں اندھا اٹھائیں گے، وہ پوچھے گا کہ میرے رب تو نے مجھے اندھا اٹھایا جبکہ میں تو بینا تھا......؟ فرمایا: کہ یہ اس لئے ہے کہ تیرے پاس ہماری آیات آئیں پس تو نے ان کو بھلا دیا، اسی لئے آج تم بھلا دیے گئے ہو“۔

فضل ذکر وحمد میں ایک حدیث قدسی بھی ملاحظہ کیجئے: کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں میں ایک بندہ جب یہ کہتا ہے یا رب لك الحمد کما ینبغی لجلال وجھك ولعظیم سلطانك (تو فرشتے یہ سن کر عاجز ہو جاتے ہیں نہیں سمجھ پاتے کہ کیا اجر لکھیں) آسمان کی طرف پرواز کر جاتے ہیں، اور بارگاہ الٰہی میں عرض کرتے ہیں اے ہمارے رب!! تیرے بندے نے ایک بات کہی جسے ہم نہیں سمجھ پائے کہ کیا لکھیں، اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے (حالانکہ وہ خوب جانتا ہے کہ اس کے بندے نے کیا کہا) میرا بندہ کیا کہتا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں

کہ وہ کہتا ہے: یارب لك الحمد كما ينبغي لجلال وجهك وعظيم سلطانك،
اللہ ﷻ فرماتا ہے اسی طرح لکھ لو جب وہ مجھ سے ملاقات کرے گا اس کا اجر میں ہی دوں گا۔
(سنن نسائی، باب فضل الحامدین)

لیجئے جناب......!! اس سے دو باتیں ثابت ہوئیں کہ بعض اذکار ایسے ہیں جو قرآن نہیں مگر ایسا ذکر ہیں کہ فرشتے اسکا اجر لکھنے سے قاصر ہیں۔ دوسری بات کہ کچھ بندے بھی ایسے ہیں جو ایسے ایسے ذکر جانتے ہیں جو فرشتے بھی نہیں جانتے اور نہ ہی انکا رب انکے اس ذکر کا راز فاش کرتا ہے۔ کل کو بروز ملاقات اس کا اجر عطا فرمائے گا، جس کو کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا۔

ذکر پہ اتنی گفتگو صرف اسی وجہ سے تھی کہ زیر نظر کتاب ''ذکر اللہ'' کے مندرجات پہ ہی مشتمل ہے۔ اور ایسے ذکر پر جو اللہ ﷻ نے اپنے خاص بندوں کو اپنی خاص رحمت سے القاء فرمائے ہیں۔

☆☆☆

آیئے کتاب اور صاحب کتاب کا تعارف حاصل کرتے ہیں۔ کتاب کا نام 'هداية المريدين و ارشاد السالكين'، جس کو مریدین کی سہولت کیلئے ''تيسير الشاغين'' بھی کہا گیا ہے۔ یہ دودمانِ گیلانیہ قادریہ کے ایک درخشاں اور تاباں ستارے مخدوم سید ابوالحسن جمال الدین موسیٰ پاک شہید گیلانی اچوی ملتانی ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ کی تحریر کردہ ہے۔ یہ تمام اوراد و اذکار پر مشتمل ہے، جو حضرت غوث الاسلام والمسلمین، پیران پیر السید الشیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے منسوب ہیں۔ جو مبتدی مریدین سے لے کر منتہی سالکین تک، سب کیلئے ایک نصاب کی حیثیت رکھتے ہیں۔ گویا آسان لفظوں میں یہ کتاب سلسلہ قادریہ

کے مریدین ومتوسلین کیلئے ایک مکمل نصاب ہے۔

☆☆☆

حضرت مخدوم سید محمد غوث اچوی حلبی ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ جو حلب سے ترک سکونت کر کے (۸۸۷ھ) میں اوچ شریف میں قیام پزیر ہوئے، آپؒ، حضور سید نا غوث الثقلین الحسنی والحسینی الجیلانی کے فرزند اوّل سید سیف الدین عبدالوہاب ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ کی اولاد میں سے ہیں۔ مخدوم اوّل اُچ، سید محمد غوث ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ کے قدوم میمنت لزوم سے نہ صرف اُچ کی کھوئی ہوئی آبرو بحال ہوئی بلکہ کئی تشنہ دامن سالکین راہ حق کی پیاس بھی بجھی۔ آنجناب کی ذات اور آپ کی اولاد امجاد سے پورے برصغیر میں سلسلہ رشد و ہدایت چل نکلا۔ ویسے تو آنجناب کے چاروں صاحبزادے ہی نورٌ علی نور کی مثل صادق تھے، مگر چند خانقاہوں کے فیض نے تو بحرِ بیکراں کی طرح سارے پاک و ہند کو سیراب کیا۔

حضرت مخدوم کے بڑے صاحبزادے حضرت سید عبدالقادر ثانی ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ کی اولاد سے بالخصوص دو ہستیوں نے شہرت دوام حاصل کی، ایک آپکے پوتے سیدنا محمد غوث بالا پیر ستگھروی ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ اور دوسرے آپکے پڑپوتے سید موسیٰ پاک شہید ملتانی ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾۔ دوسرے صاحبزادے سید عبداللہ ربانی ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ کی اولاد میں سے سید صوفی علی لاہوری ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ اور سید شیخ اسماعیل محدث ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾، سید عبدالقادر شاہ گدا ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾، مرکز علم عرفان تھے۔ تیسرے اور سب سے چھوٹے صاحبزادے سید مبارک حقانی ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ سے سلسلہ نوشاہیہ کو شہرت دوام ملی۔ مخدوم اوّل بڑے صاحب اسلوب شاعر بھی تھے۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ (جو حضرت موسیٰ پاک شہید کے مرید بھی تھے) فرماتے ہیں کہ مولنا عبدالرحمٰن جامی ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ جیسے نابغہ روزگار بھی

آپ سے اپنے اشعار کی اصلاح کرواتے تھے۔تہران یونی ورسٹی میں آپ کے دیوان ''دیوان قادری'' پر پی۔ ایچ۔ ڈی۔ کا مقالہ لکھا جا رہا ہے۔ اور پروفیسر ڈاکٹر جمیل قلندر صاحب اسلام آباد سے اسکا ترجمہ اور تشریح رقم فرما رہے ہیں۔ ذوق طبع کیلئے دو اشعار ملاحظہ کریں:

زِجام عشق سر مستم ،دل و دیں رفتہ از دستم
شدم مست از دولت عشقت میسر ایں قدر مارا
مگر چوں قادری نالد جرس در وادئ فرقت
کہ ساز و سوز او بخشد ہوائے ہمسفر مارا

☆☆☆

اب سنیئے اس مخطوطہ اور اسکے ترجمہ کی کہانی۔ سب سے پہلے برادم طاہر حسین قادری زید مجدہٗ نے اس کی فوٹو کاپی ارسال کی اور بڑی مسرت سے بتایا کہ جلد ہی سید بشیر الحسن گیلانی آف کالا باغ اس کا ترجمہ بھی شائع کروا رہے ہیں۔ مجھے اکثر اوقات اس کا انتظار رہتا تھا۔کم وبیش دو ماہ بعد اچانک ایک دن پیر سید بشیر الحسن صاحب کا فون آ گیا۔ میں ایک لحہ کیلئے ساکت ہو کے رہ گیا، موصوف نے چند محبت بھرے الفاظ میرے سپرد کرنے کے بعد فرمایا کہ دراصل میں اس کتاب کی اشاعت کی ذمہ داری آپ کے سپرد کرنا چاہتا ہوں۔ میں نے بصد شوق اس خدمت کی یقین دہانی کروائی۔فون پہ رابطہ رہا۔ اسی دوران آنجناب نے مسودہ (معہ کمپوزنگ) بھی ارسال کر دیا۔ پھر ایک دن جناب کا فون آیا کہ میں براستہ ملتان ساہیوال پہنچ رہا ہوں، میری خوشی کی انتہا نہ تھی جو کہ اپنوں کو ایک مدت کے بعد ملنے پہ ہوا کرتی ہے اور پھر میری ان سے ملاقات بھی پہلی تھی۔ جناب نے ایک رات قیام ہمارے فرمایا اور

چند قیمتی معلومات کے ساتھ مخطوطہ اور ترجمہ کے جملہ حقوق بھی میرے سپرد فرمادیے۔ آنجناب مخدوم اوّل سید محمد غوث اچوی کے دوسرے صاحبزادے سید عبداللہ ربانی کی اولاد سے ہیں[۱]۔ اس بات کو چھ ماہ بیت گئے (ان کی کرم فرمائیوں اور میری نالائقیوں کی داستان لمبی ہو جائے گی) بلاتمہید اس مخطوطہ کی کمیابی کی داستان سنیئے۔ ورق گردانی کرتے ہوئے چند چیزیں میرے علم میں آئی ہیں، جو قارئین کے پیش خدمت کرنا چاہتا ہوں۔ اس نسخہ کا سائز ۱۶/۳۶×۲۳ ہے۔ زبان فارسی، اَوراد و وظائف تمام تر عربی زبان میں ہیں۔ کل صفحات ۱۶۵ ہیں۔ سیاہ روشنائی سے بقلم جلی لکھا گیا ہے۔ صفحہ کے ارد گرد سیاہ (Black)، سرخ (Red) اور پیلا (Yellow) حاشیہ اسکی زیب و زینت کو مزید اُجاگر کرتا ہے۔ اس حاشیہ کے باہر مزید دو انچ کا فاصلہ دے کر نیلا (Blue) حاشیہ لگایا گیا ہے، جسکے اندر متن میں رہ جانے والے الفاظ اور اغلاط کی نشاندہی کی گئی ہے۔ صفحہ ۵۳ اور ۵۴ کے مندرجات میں ہم آہنگی نہیں، ایسا معلوم پڑتا ہے جیسے کوئی متن رہ گیا ہو[۲]۔ وہی رہ جانے والا متن اس صفحہ کے حاشیہ میں دیا گیا ہے۔ مخطوط کے آخر میں یہ عبارت نقل ہے۔ ''این کتاب در حق ملک سید غلام حسین علی شاہ بن سید عنائت علی شاہ بن سید شاہ محمد غوث گیلانی

---

[۱] سید بشیر الحسن گیلانی بن سید نذیر حسین بن سید فضل حسین بن سید غلام حسین بن سید عنایت حسین بن سید محمد غوث بن سید صوفی علی بن سید عرب شاہ بن سید حاجی میر بن حضرت اسماعیل محدثؒ بن حاجی پیر قاسم علی بن سید صوفی علی لاہوری بن سید بدر الدین بن سید اسماعیل بن سید عبداللہ ربانی بن سید محمد غوث اچوی حلبی مخدوم اوّل اچ مبارکہ۔

[۲] جو ہم نے ایک اور نسخہ کی مدد سے مکمل کیا۔

ایں کتاب بہ یک دعویٰ میکند معظم است بہ شریعت"۔ کاتب کا نام درج نہیں ہے۔ یہ عبارت بعد میں لکھی معلوم پڑتی ہے۔ سید غلام حسین، موصوف سید بشیر الحسن کے پرداد ہیں۔ ایک اہم اور آخری بات وہ یہ کہ ورق گردانی پر اولین صفحات پر ایک مہر نظر پڑی، جس پر "عبداللہ جیلانی گل گلزاد میرن شاہ ۱۱۸۰" رقم ہے۔ غور کرنے پر حیرت گم ہوگئی کہ یہ مہر سید میرن شاہ بن سید عبداللہ بن سید اسماعیل محدث ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ کی ثبت کردہ ہے۔ یہاں ایک عین ممکن قیاس نے آن جگہ لی کہ کتاب کا خطی نسخہ دراصل سید اسماعیل محدث ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ کے کتب خانہ کا ہوسکتا ہے۔ تاریخ کا کون طالب علم آپ کے نام نامی سے واقف نہیں صاحب "شفا الصدور"، مدینہ طیبہ میں حدیث شریف کا درس دینے کا شرف حاصل ہے۔ اور حضرت سید سید علی کردی ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ حضور غوث اعظم کی درگاہ کے خلیفہ مجاز سے اجازت حدیث حاصل ہے۔ بے شمار خلق خدا کی علمی خدمات کے بعد (۱۱۰۷ھ) کو لاہور میں وصال فرمایا، تکیہ املی والا نزد خالد بن ولید ہال پنجاب یونی ورسٹی لاہور میں آرام فرما ہیں۔ دراصل یہ نسخہ حضرت محدث سے انکے بیٹے سید عبداللہ (م ۱۱۴۱ھ) کو وراثتاً منتقل ہوا پھر اسکے بعد سفر طے کرتا ہوا یادگار اسلاف سید بشیر الحسن گیلانی کے پاس پہنچا۔ جو سید عبداللہ ﴿رحمۃ اللہ علیہ﴾ کے بھائی حاجی میر کی اولاد سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی حفظ وامان میں رکھے اور اور اس کار عظیم کے صدقے اجر عظیم سے نوازے۔ آمین!

تیسیر الشاغلین اور ھدایۃ المریدین میں فرق

تیسیر الشاغلین اور ھدایۃ المریدین ......ایک ہی کتاب کے دو مختلف نام ہیں۔ نام کے فرق کی جو وجہ ہے، اسکی وضاحت مخطوط کے اوّل میں اس طرح ملتی

ہے: "عنه مربوطست تیسیراً للشاغلین به بحذف اسناد تسطیر یافته ومسمی بهدایة المریدین و ارشاد السالکین"۔

اس سے ہم بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ناموں میں اختلاف کیوں ہے۔ اس کے باوجود جو تیسیر الشاغلین کا مطبوعہ (۱۴۱۸ھ/ ۱۹۹۷ء) نسخہ میرے زیر مطالعہ ہے، اسناد تو اس میں بھی حذف ہیں، شاید اس کے اصل مخطوط میں ہوں۔ اگرچہ یہ ایک ہی کتاب ہے مگر ہم اسے مخطوطہ میں دیے گئے نام سے ہی پکاریں اور شائع کریں گے تا کہ اس مخطوط کی حیثیت برقرار رہے۔

دوسری اہم بات کہ مضامین اگرچہ ایک جیسے ہی ہیں مگر زبان وبیان اور الفاظ میں فرق اکثر جگہ پر واقع ہوا ہے مثلاً تیسیر میں ایک عبارت یوں ہے: وممن رغبت جوارح ارکانه لخدمتك فاجاب ...... تو ...... ہدایة میں یوں ہے: فاصاب واجعلنا ممن دعوت جوارح ارکانه لخدمته فاجاب ...... بلکہ مخطوط میں تو غلط عبارت دعیت لکھا گیا ہے۔

ایک دوسری جگہ ملاحظہ کریں:

اوّل الذکر میں یا لا اله الاانت جل ربی فقد رحم ربی فهو معین لمن صبر ...... اور مؤخر الذکر میں: یا لا اله الا انت جل ربی فقد عززنی فقد هو معین لما صبر ہے۔

ایک جگہ مزید: "وقد حطت الاجمال احمالها علی ساحة جناب قدسك معطرة بنسائم نسیمات قربك وانسك مستجیرة بك"۔ (تیسیر الشاغلین)

"وقد حطت الاجمال اجمالها علی جناب قدسك معطرة بنسائم

نسیمات قربك وانسك مستجیرة بك"۔(ہدایت المریدین)

یہاں ہم یہ فیصلہ کرنے میں بھی ناکام رہے ہیں کہ ان میں سے کتابت کے لحاظ سے کون سا نسخہ صحیح اور اغلاط سے پاک ہے۔ دونوں میں ہی کئی جگہ غلط عبارات پائی جاتی ہیں۔ایک مزید اور اس ضمن میں آخری بات کہ"ہدایۃ المریدین" کے نسخہ میں کئی جگہ اوراد وظائف زیادہ ہیں، جو تیسیر الشاغلین میں نہیں جیسے مسبعات عشر سے پہلے سورہ بقرا اور آل عمران سے متعلق جو اوراد ہیں یہ تیسیر کے نسخہ میں نہیں......بہر حال یہ اختلاف ہم ساتھ ساتھ حاشیہ میں تفصیل سے ذکر کریں گے۔اور ساتھ ہی فیصلہ کن بات بھی یہی ہے کہ"تیسیر الشاغین" کے نسخہ کی نسبت یہ مخطوط، مکمل اور صحیح ہے۔

☆☆☆

سید صاحب کی زبانی معلوم ہوا کہ اس کا ترجمہ پروفیسر ڈاکٹر خالق داد (جو راقم الحروف کے استاذ مکرم بھی ہیں) نے اپنے زمانہ طالب علمی میں جناب ڈاکٹر ظہور احمد اظہر صاحب کی فرمائش پر کیا تھا۔اس ترجمہ پر کئی بار اس طرح بھی زور آزمائی ہوئی کہ جس نے دیکھا اس کو اپنا بنا لینا چاہا...... حیرت ہے کہ یہ بڑے بڑے شیروں کے نوالے سے بچ نکلا۔ سید صاحب کی مخلصانہ اور فقیرانہ طبیعت نے یہ نہیں پسند کیا کہ اس کے ساتھ کوئی یوں علمی ادبی دہشت گردی کرے۔ مجھے دے کر فرمانے لگے کہ اب مطمئن ہوں کہ شاگرد اپنے استاذ کے ساتھ بد دیانتی نہیں کرے گا۔

ہاں اس زمرے میں ایک اور صاحب کا ذکر نہ کروں تو یہ بھی زیادتی ہے، پروفیسر محمد الیاس اعظمی صاحب آف قصور انہوں نے نہایت محنت سے اسکی کمپوزنگ سے لے کر پروف ریڈنگ تک خدمات انجام دیں اور ساتھ ہی کم وبیش (۱۰۰) صفحہ حضرت موسیٰ پاک شہید کی

سوانح حیات پر تحریر فرمایا، اس کا ملخص کتاب میں شامل ہے جب کہ مکمل سوانح کسی دوسرے وقت میں شائع کی جائے گی۔ ہاں مگر انہوں نے کتاب کے متن پر اتنی توجہ نہیں دی، جتنی کہ انہوں نے سوانح پہ فرمائی۔

☆☆☆

اس ساری کہانی کے بعد سوال یہ اٹھتا ہے کہ جب سب کچھ مکمل تھا تو پھر میں نے اس میں کیا خدمت سر انجام دی..... ؟ تو اس سوال کا جواب سابقہ ایڈیشن "تیسیر الشاغلین" تصحیح و ترجمہ ڈاکٹر مہر عبد الحق اور ساتھ اس موجودہ کتاب کا مسودہ جو اشاعت کے مراحل سے گزرنے ہی والا تھا (میرے سبب التوا کا باعث ہوا) ان ہر دو کو دیکھ کر فیصلہ آسانی سے کیا جا سکتا ہے۔

تمام اہل علم و ادب کے سامنے بصد عجز عرض گزار ہوں کہ میرا اس میں کوئی کمال نہیں، یہ تو صرف میرے پیران سلسلہ اور خصوصاً حضور غوث اعظم کی توجہ کا کرشمہ ہے۔ مجھے اپنی علمی کم مائیگی اور قلمی بے وقعتی کا پوری طرح احساس ہے۔

میں ایک بار پھر ممنون ہوں اپنے استاذ پروفیسر ڈاکٹر خالق داد ملک اور ساتھ ہی پروفیسر محمد الیاس اعظمی صاحب کا جنہوں نے میرا کام آسان کر دیا۔

آخر میں جناب سید بشیر الحسن کو سپاس نامہ پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اس کار عظیم کی انجام دہی کیلئے اپنی ضعف عمری کے باوجود بے شمار زحمتیں گوارا کیں اور ساتھ اسکی تمام تر مالی خدمت بھی اپنے سر لی ہے۔ اللہ ﷻ انکی اس سعی جمیلہ کو قبول فرمائے۔ آمین!!

☆☆☆

میرے ساتھ اس کام میں جنہوں نے تعاون کیا انکی فہرست خاصی طویل ہے ان کا

ذکر بھی ضروری سمجھتا ہوں۔ میرے محسن قبلہ پیر طاہر حسین آف منگانی شریف اس کام کے اصلی محرک اور روح رواں ہیں ان کے ساتھ ہی سید رفاقت علی شاہ اور ڈاکٹر جمیل قلندر صاحب ، جو کئی جگہ نہایت ادق عبارات کے متعلق راہنمائی کا سبب بنے ، نہایت مشکور ہوں۔ ساتھ ہی عزیزم پروفیسر محمد شاہ کھگہ اور مولنا غلام رسول ربانی نے انتہائی توجہ ، باریک بینی اور عرق ریزی سے پروف ریڈنگ فرمائی ہے۔ اللہ جزائے خیر سے نوازے۔ جناب اسلم ایاز صاحب نے پرنٹنگ کے مراحل بڑی کامیابی سے طے کروائے ہیں اور ساتھ ہی دو ننھے طالب علم محمد ریاض قادری اور محمد عباس قادری نے مشینی خطاطی میں دلچسپی لی ہے ، خدا سب کو سلامت رکھے۔ یہاں حضرت شیخ محدث دہلویؒ کے دعائیہ کلمات دہراتا ہوں۔

باد یارب تا قیامت دولت جیلانیاں

کم مباد از قدرت حق صولت جیلانیاں

آج جب یہ کلمات لکھ رہا ہوں تو ۱۰ محرم الحرام کا سورج ڈوب رہا ہے اور ساتھ ہی ساتھ میرا دل بھی ڈوبا جا رہا ہے دور افق پار نواسہ رسول امام اھل الابتلاء فی الکرب والبلاء کا سر اقدس نیزے پر بلند ہو کر حریت اسلام کا پیغام دے رہا ہے اور اہل بیت رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ظلم کے خلاف سراپا احتجاج ہے۔ خاک وخون میں غلطیدہ بدن یہ شہادت دے رہا ہے کہ خود کو غلطاں کر لیا ہے مگر ظلم وجبر کے سامنے سر نہیں جھکایا اور لا الہ الا اللہ کی بنیاد رکھ دی ہے۔

بہر حق در خاک وخوں غلطیدہ است — پس بنائے لا الہ گردیدہ است

زندہ حق از قوت شبیری است — باطل آخر داغ حسرت میری است

در نوائے زندگی سوز از حسین — اہل حق حریت آموز از حسین

رمز قرآن از حسین آموختیم　　زِ آتش او شعلہ ہا اندو ختیم

ساتھ ہی اذان مغرب کا وقت ہو چلا ہے، اذان یہ پیغام دے رہی ہے کہ حسین علیہ السلام کا خدا زندہ ہے، اور زندہ رہنے کی طاقت بخشتا ہے۔ خدا کی آواز پر لبیک کہنا حسین علیہ السلام کی سنت ہے۔ میرا قلم اب جواب دیتا جارہا ہے، کرب وبلا کی کیفیت طاری ہے، خود کو سنبھالا نہیں تو پیمانہ چھلک جائے گا۔ ساتھ ہی میرا عشق مجھے یہ سبق سکھا رہا ہے کہ صرف یہ ہی کیا زندگی کی ساری پونجی ہی نواسہ رسول ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی نذر کر ڈالوں۔

تو......میں یہ کتاب سید الشہداء امام عالی مقام حسین کے نام انتساب کرتا ہوں۔ کیونکہ......

؎

تار ما از زخمہ اش لرزاں ہنوز　　تازہ از تکبیر او ایماں ہنوز

خون او تفسیر ایں اسرار کرد　　ملت خوابیدہ را بیدار کرد

تا قیامت قطع استبداد کرد　　موج خوں او چمن ایجاد کرد

سیّد سید علی ثانی جیلانی

۱۰ محرم الحرام ۱۴۳۳ھ/ 6 دسمبر 2011ء

پی۔سی۔ایس۔آفیسرز کالونی، شہ گوشہ۔ساہیوال

ھوالقادر

مخدوم العالم میر میراں شیخ الکل
سید موسیٰ پاک شہیدؒ

اللہ رب العزت نے تخلیق انسانی کے ساتھ ہی اس کی رشد و ہدایت کے لئے اور اسے (انسان کو) اس کے مقاصد تخلیق سے آگاہ کرنے کے لیے نبوت و رسالت کی صورت میں ایک سلسلہ نور کا آغاز کیا۔ اس سلسلہ نور کا نقطہ آغاز انسان اول حضرت سیدنا آدم علیہ السلام تھے جب کہ نقطۂ کمال حضور پُر نور سیدنا محمد مصطفیٰ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی ذات ستودہ صفات ہے۔

حضرت انبیاء کرام ایک طرف انسان کی انفرادی اصلاح کر کے اسے انسان مرتضیٰ

کے مقام سے آشنا کرتے رہے، تو دوسری طرف وہ حاکم مطلق کے پسندیدہ نظام حیات کو اس کائنات ارضی پر جاری کرنے کا فریضہ بھی سرانجام دیتے رہے ہیں۔ مگر جب یہ سلسلہ نور نبوت محمدیہ کی صورت میں اپنے منتہائے کمال کو پہنچتا ہے تو پھر تہذیب انسانی بھی اپنی آخری منزل پر جا کر رک جاتی ہے۔ یوں انسان کامل واکمل حضرت سیدنا محمد مصطفیٰ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی صورت میں جو تہذیب واخلاق اور اقدار حیات کی روشنی میں نوع انسانی کو اس مقدس وجود کے آفتاب حیات سے نصیب ہوئی ہے سوا چودہ سو سال سے زائد عرصہ گزر جانے کے باوجود انسانی تہذیب کا پہیہ اس سے آگے نہیں بڑھ سکا۔ آج اگر انسانیت کے پاس زندگی گزرانے کے کوئی اصول ہیں یا اس کے سامنے کوئی لائق تقلید نمونہ ہے تو وہ صرف اور صرف اسوہ محمدی ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ ہی ہے۔

گذشتہ چودہ صدیوں میں انسان نے کئی انقلاباتِ زمانہ دیکھے، زندگی کے ہر میدان میں مزاج وطبیعت میں اختلاف کے مظاہر بھی اس نے دیکھے ہیں۔ اگر بڑے بڑے جابر اور ظالم مزاج رکھنے والے فرعون صفت لوگ مسند اقتدار پر فائز رہے ہیں، تو ان کے مقابلہ میں اسوہ محمدی ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے عملی پیکر صاحبان صدق وصفاء اور جرأت و استقامت کے کوہ گراں اور خلق محمدی ﷺ کے مظہر مردانِ حق سے بھی یہ خطہ ارضی کبھی خالی نہیں رہا۔ انہی مردان حق اور رجال دین کی پرخلوص محنتوں کا ثمر ہے کہ آج دین حق کی کھیتی سر سبز وشاداب اور کفر کی ہر قسم کی یلغار میں بھی لہلہاتی نظر آ رہی ہے۔ اور اس کی اس شادابی سے خوف زدہ ہو کر عالم کفر لرزہ براندام ہے۔ چنانچہ وہ اسی خوف میں مبتلا اس چراغ حق کو ہمیشہ کے لیے بجھا دینا چاہتا ہے مگر اس احکم الحاکمین کا یہ اعلان ہے:

پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

شیخ الکل حضرت سید موسیٰ پاک شہیدؒ

(۹۵۲ھ......۱۰۱۰ھ)

مدینۃ الاولیاء ملتان میں سادات حسنیہ گیلانیہ قادریہ کے موسسِ اعلیٰ حضرت سید موسیٰ پاک شہیدؒ تھے جیسا کہ منشی عبدالرحمٰن لکھتے ہیں:

"مدینۃ الاولیاء ملتان میں ساداتِ حسنیہ قادریہ کی بنیاد ۹۸۵ھ میں شیخ الکل مخدوم حافظ سید ابوالحسن جمال الدین موسیٰ الگیلانی المعروف موسیٰ پاک شہیدؒ نے رکھی جن کا شجرہ نسب اور سلسلہ طریقت حضرت غوث الاعظم شیخ سید عبدالقادر جیلانی کے توسط سے نواسہ رسول ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ حضرت سیدنا امام حسن مجتبیٰ بن علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے جاملتا ہے۔"

آئندہ سطور میں آپ کے مفصل حالات نذر قرطاس کئے جاتے ہیں:

نام:

آپ کا نام نامی حضرت سید محمد موسیٰ الگیلانی

کنیت:

ابوالحسن

القابات:

اہل معرفت ونظر اور اہلِ عقیدت ومحبت علماء ومشائخ نے اپنی عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے آپ کو مختلف مقامات پر درج ذیل القابات سے یاد کیا ہے۔

'سلطان المحققین، عمدہ الواصلین، قطب العالم، جمال الاسلام وغیرہ"

خطاب:

مفتی غلام سرور لاہوری لکھتے ہیں:

"علوم ظاہری و باطنی کی تعلیم و تربیت اپنے والد گرامی کے زیر سایہ پائی تھی۔ پدر بزرگوار سے سلوک و معرفت میں مقاماتِ بلند اور مدارج ارجمند حاصل کر کے جمال الدین ابوالحسن کا خطاب پایا تھا۔"

ولادت مبارکہ:

آپ کے تمام تذکرہ نگار آپ کے سن ولادت پر متفق ہیں کہ آپ کی ولادت باسعادت ۹۵۲ھ میں مردم خیز خطہ پاک اُچ شریف میں ہوئی۔

سلسلہ نسب

شیخ الکل محی الدین ثانی حضرت سید حافظ ابوالحسن جمال الدین محمد موسیٰ پاک شہید کا سلسلہ نسب چند واسطوں سے غوث الاغیاث، میر میراں حضور میراں محی الدین سید عبدالقادر الجیلانی قدس سرہ النورانی سے جا ملتا ہے۔

۱۔ سیدنا غوث الاعظم شیخ سید عبدالقادر الجیلانی رضی اللہ عنہ

۲۔ سیدنا سیف الدین عبدالوہابؒ

۳۔ سیدنا شیخ ابونصر صفی الدین عبدالسلامؒ

۴۔ سیدنا شیخ سید احمدؒ

۵۔ سیدنا شیخ سید مسعودؒ

۶۔ سیدنا شیخ سید علیؒ

۷۔ سیدنا شیخ سید شاہ میرؒ

۸۔سیدنا شیخ سید شمس الدین محمدؒ

۹۔ سیدنا شیخ سید محمد غوث الگیلانیؒ

۱۰۔ سیدنا مخدوم شیخ سید عبدالقادر ثانیؒ

۱۱۔سیدنا مخدوم شیخ سید عبدالرزاق الگیلانیؒ

۱۲۔سیدنا مخدوم شیخ سید حامد جہاں گنج بخشؒ

۱۳۔سیدنا مخدوم المخادیم شیخ الکل سید ابوالحسن حافظ جمال الدین محمد موسیٰ پاک شہید

رحمة الله عليه رحمة واسعةً

تعلیم وتربیت

حضرت شیخ الکل ابوالحسن جمال الدین قدس سرہ العزیز نے علوم ظاہر کی تعلیم اپنے والد ماجد شیخ سید حامد گنج بخشؒ سے حاصل کی جو علوم ظاہری و باطنی کے مجمع البحرین تھے۔ استاد کامل نے اپنے اس تلمیذ رشید کے اندر علم نافع کی وہ چنگاری روشن کر دی تھی کہ جس نے مستقبل کی تمام علمی منزلوں کو آسان کر دیا۔

تحصیل علم میں انہماک کا عالم:

حضرت شیخ الکل کو بچپن ہی سے تحصیل علم کا شوق جنوں کی حد تک ودیعت کیا گیا تھا۔ تحصیل علم میں آپ کے انہماک کا یہ عالم تھا کہ آپ کو کھانے کی خبر نہ رہتی تھی۔ آپ فرماتے ہیں کہ:

''کھانا کھانے میں تساہل کرتا تھا۔ میری والدہ بعض اوقات میرے والد ماجد سے شاکی ہوتی تھیں کہ ذکر خدا میں کھانے تک کی پرواہ نہیں کرتے اور کھانا ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔''

خوش نویسی کا ذوق

زمانہ طالب علمی اور اس کے بعد بھی آپ کو خوش نویسی کی طرف کمال رغبت حاصل تھی۔تیسیر الشاغلین کے مقدمہ نگار کے بقول:

''خوشنویسی کے لیے کثرت سے مشق کرتے تھے۔''

بیعت ارادت

ابھی علم ظاہری کی منزلیں طے کر ہی رہے تھے کہ آپ کو روحانیت کی طرف ایک خاص رغبت حاصل ہو گئی تھی۔ بلکہ اس سے بھی پہلے جب کہ ابھی آپ طفولیت کی بہاریں ہی دیکھ رہے تھے کہ کثرت سے تلاوت قرآن، ذکر و فکر اور شب بیداری کی لذتوں سے لطف اندوں ہو چکے تھے۔چنانچہ آپ خود فرماتے ہیں:

''جب معلوم ہوا کہ وابتغو الیہ الوسیلة فرمانِ الٰہی ہے یہ شوق دامن گیر ہوا کہ چونکہ وسیلہ پکڑنا شرط سالک ہے اس لیے یہ دولت بھی حاصل ہو عرصہ تک اس خیال میں مضطرب رہا آخر کار خلاق عالم نے میری عقدہ کشائی کی کہ مجھے والد شریف نے ایک دن بحالتِ ذوق فرمایا کہ بابا آؤ جو فیض مجھے دست بدست حضرت جد اعلیٰ حضرت غوثِ صمدانی قدس سرہ سے پہنچا ہے وہ لینے کے لیے ہاتھ دراز کرو۔''

ذوق عبادت وریاضت

یہ حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے جن مقدس اور مقربین بارگاہ سے عظمت حق اور دین کی سربلندی اور انسانیت کی رشد و ہدایت کا اہم ترین کام لینا ہوتا ہے ابتدائے حیات سے ہی اُن کی تربیت کچھ اس انداز سے فرماتا ہے کہ وہ زہد و ریاضت، تقویٰ وطہارت اور بلند

کردار کی جان گسل بھٹی سے گزر کر جب کندن بن جاتے ہیں تو پھر انہیں مسند اصلاح و
ہدایت پر فائز کر دیتا ہے۔ حضرت سیدنا موسیٰ پاک شہید جن سے اللہ تعالیٰ نے اپنی سنت مستمرہ
کے مطابق اعلائے کلمۃ الحق اور بادہ ضلالت میں سرگرداں انسانیت کی اصلاح کا نبوی کام
لینا تھا۔ آپ ابھی بچپن میں ہی تھے آپ کو حضور حق سے یاد الٰہی، ذوق عبادت اور شوق
ریاضت اس حد تک ودیعت کیا گیا تھا کہ آپ کو اپنے وجود جسم و جان تک کی کوئی خبر نہ رہتی
تھی، خود آپ کا اپنا قول ہے کہ:

''تلاوت کلام پاک و ذکر طیبہ شوق سے کرتا تھا، ذکر کی حالت تھی کہ کھانا کھانے
میں بھی تساہل کرتا میری والدہ ماجدہ میرے والد ماجد سے شاکی ہوتیں کہ ذکر خدا
میں کھانے تک کی پرواہ نہیں کرتے اور کھانا ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔''

خلافت وسجادگی

جب طالب صادق اور سالک راہ حق نے منازل سلوک طے کر لیں تو مرشد و مربی
نے کمال عنایت کے ساتھ ایک روز بحالتِ ذوق فرمایا:

فخذ ما اتینك وكن من الشاكرين

''جو کچھ تمہیں عطا کیا اسے پکڑو اور شکر گزاروں میں سے ہو جاؤ۔''

بعد ازاں خاص خرقہ مبارک وسجادہ اور تسبیح عطا فرمایا اور ایک انگوٹھی بھی جو اس وقت
آپ پہنے ہوئے تھے مرحمت فرمائی۔

والد گرامی کی وصیت:

شیخ کامل حضرت سید حامد گنج بخش و جہاں بخش نے اپنے خلف صادق اور مرید مخلص
کو خرقہ خلافت پہناتے ہوئے درج ذیل وصیتیں ارشاد فرمائیں جو خود حضرت موسی پاک نے

اپنی زبان سے یوں بیاں کی ہیں۔

۱۔ جو کچھ کرو گے وہ نقد بہ نقد حاصل ہوگا

۲۔ شریعت وایمان کو ملحوظِ خاطر رکھ کر حقیقت کے درجہ پر پہنچنا اول پرسش شریعت ہے اگر شریعت نے کسی کی شکایت کی تو پھر مشکل ہے۔

۳۔ اپنے فرائض و معمولات کو ادا کیا کرو اور اس نعمت کا جس پر چاہو اظہار کرو یعنی جس کو چاہو نواز دو۔"

ہزار خوف ہو لیکن زباں ہو دل کی رفیق
یہی رہا ہے ازل سے قلندروں کا طریق

شجرہ سلسلہ قادریہ

شیخ الکل حضرت سید ابوالحسن جمال الدین موسیٰ پاک شہیدؒ کا سلسلہ طریقت میر میراں پیرانِ پیر، محی الدین حضور سیدنا غوث الاعظم شیخ سید عبدالقادر جیلانی سرہ النورانی سے متصل ہے۔ (جو حضرت کا شجرہ نسب ہے وہی شجرہ طریقت بھی ہے)

فیضانِ رسالتِ مآب ﷺ

صاحب خزینۃ الاصفیاء تحریر کرتے ہیں کہ حضرت موسیٰ پاک شہیدؒ حالتِ بیداری میں حضور اقدس ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے جمال جہاں آرا سے بھی مشرف ہوئے تھے۔"

بارگاہِ غوثیت مآب سے بیعت کرنے کی اجازت

حضرت شیخ الکل کو سردار اولیاء قطب الاقطاب حضور سیدنا غوث الاعظم قدس سرہ سے خاص محبت اور روحانی تعلق کی دولت حاصل تھی۔ آپ ہمیشہ تصور غوثیت مآب میں مگن

رہتے تھے۔ بقول مفتی غلام سرور لاہوری:

''حضور غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے اویسی تھے۔''

خود ارشاد فرماتے ہیں:

''مجھے پیر دستگیر حضرت غوثِ صمدانیؒ کے شرف زیارت کا بھی فخر حاصل ہے فرمایا اب مرید کیا کرو اور دست و اذن خلق کی اجازت فرمائی الحمد اللہ کہ مسرور شدم و ماموِر شدم۔''

عہد اکبری میں مذہبی انتشار پسندی

اکبر نے اپنے دور حکومت میں فتح پور سیکری میں ایوان شاہی کے قریب ۱۵۷۸ء/ ۹۸۳ھ میں ایک عبادت خانہ کو تعمیر کیا۔ جہاں ہر جمعہ کی نماز کے بعد شیخ کی خانقاہ سے آ کر یہاں دربار خاص منعقد ہوتا تھا، جس میں مشائخ وقت، علماء وفضلاء اور چند مقرب درگاہ شریک ہوتے تھے اور خدا شناسی اور حق پرستی کی حکائتیں اور روائتیں بیان ہوتی تھیں۔ اکبر نے عبادت خانے کی مجالس کا اہتمام خاص مذہبی ذوق سے کیا تھا لیکن بالآخر انہی نے اسے بدمذہبی کا راستہ دکھایا۔

دین الٰہی (دین اکبری)

زیرِ نظر تحریر کا اصل موضوع دین الٰہی یا دین اکبری پر تحقیق و تنقید نہیں ہے اس لئے اس کے تاریخی پس منظر اور پیش منظر سے صرف نظر کرتے ہوئے اس نو ساختہ سیاسی مذہب کے چند اہم نکات عام قارئین کی معلومات کے لئے درج کئے جاتے ہیں تا کہ انہیں اندازہ ہو سکے کہ حضرت سید موسیٰ پاک شہید رحمۃ اللہ علیہ نے کن حالات میں اور کس شان سے دفاع دین کا فریضہ سرانجام دیا تھا۔ دین الٰہی کے چند اہم اور قابل ذکر نکات ملاحظہ ہوں۔

یہاں پہلے یہ بات ذہن میں رکھنا ضروری ہے کہ ہمارے پاس دین الٰہی سے متعلق معلومات کا سب سے بڑا اور قدیم ذریعہ ملا عبدالقادر بدایونی کی کتاب منتخب التواریخ ہی ہے جہاں سے بعد کے مورخین، مصنفین اور نقاد نے دین الٰہی کے بارے میں اخذ و اقتباس کیا ہے۔ ہم ذیل میں علمائے ہند کا شاندار ماضی کے حوالے سے چند اہم امور ذکر کر رہے ہیں۔

۱۔ دن میں چار مرتبہ آفتاب پرستی کرنا۔

۲۔ مظاہر فطرت آگ، ہوا، پانی، درخت حتیٰ کہ گائے اور گائے کے گوبر تک کی پرستش کرتا تھا۔

۳۔ سود اور جوا حلال کر دیا گیا تھا۔

۴۔ غسل جنابت کو منسوخ کر دیا گیا۔

۵۔ بارہ سال کی عمر سے پہلے بچوں کے ختنے کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی۔

۶۔ خنزیر اور کتوں کا احترام کیا جانے لگا۔

۷۔ گائے، بھینس اونٹ کے گوشت کی ممانعت کر دی گئی جب کہ اس کے مقابلہ میں شیر اور بھیڑیئے کے گوشت کو حلال قرار دے دیا گیا۔

۸۔ اگر کوئی ہندو عورت اسلام قبول کر لے تو اسے دوبارہ جبراً ہندو مذہب والوں کے سپرد کر دیا جاتا تھا۔

۹۔ دربار میں نماز پنجگانہ موقوف کر دی گئی۔

۱۰۔ سجدہ تعظیمی کو لازم قرار دے دیا گیا۔

۱۱۔ عورت اگر خاوند سے عمر میں بارہ برس بڑی ہو تو شوہر کو اس کے ساتھ جماع کرنا منع کر دیا گیا۔

١٢۔ بادشاہ کو خدا کا اوتار قرار دے دیا گیا۔

١٣۔ شراب نوشی کی عام اجازت دے دی گئی۔

١٤۔ قرابت قریبہ لڑکیوں سے شادی کرنا منع کر دیا گیا کہ اس سے اولاد ضعیف پیدا ہوتی ہے اور رغبت بھی کم ہوتی ہے۔

١٥۔ اسم پاک محمد اور احمد سے اعلانیہ نفرت کا اظہار کیا جانے لگا۔

دین الٰہی یا اکبر کے مذہبی خیالات کا یہ خلاصہ ہے جو ہم نے نذر قارئین کیا ہے۔ ان حالات میں بھلا ایسا شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے نگاہ بصیرت سے بھی نواز رکھا ہو کب خاموش رہ سکتا تھا؟ ایسا کرنا تو غیرت دینی کے ہی خلاف تھا۔ سو حضرت سید موسیٰ پاک شہید نے ان حالات میں نعرہ حق بلند کیا۔

صاحب سلسلہ کوثر شیخ محمد اکرام آپ (سید موسیٰ پاک) کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

''شیخ موسیٰ گیلانی ایک عرصے تک لشکر شاہی اور دار السلطنت میں اسلام کا بول بالا کرتے رہے اور کئی شہر نشینوں کو اس بادیہ پیما کی بدولت روحانی تازگی اور استقامت نصیب ہوئی۔''

حضرت شیخ محقق کو نذر سپاس پیش کرتے ہوئے حضرت موسیٰ پاک کا ذکر ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

''آپ پر اکبری دربار کے اثرات غالب نہ آسکے۔ آپ نے بیعت کی تو وہ بھی ایک ایسے بزرگ سے جو اس زمانے میں بھی اکبر کے دیوان خانے میں اذان دے کر باجماعت نماز شروع کر دیتے تھے۔''

نامور مورخ محمد اعجاز الحق قدوسی لکھتے ہیں:

''شیخ موسیٰ شریعت کے معاملے میں اس قدر سخت تھے اور اتنے پابند تھے کہ وہ اس معاملے میں بادشاہ کی بھی پروانہ کرتے تھے۔''

سلسلہ عالیہ قادریہ کی اشاعت:

حضرت شیخ الکل سید موسیٰ پاک شہید گیلانی علیہ الرحمۃ کو اگرچہ بہت سے سلاسل تصوف میں اجازت حاصل تھی مگر آپ ملحق الاصاغر والاکابر شیخ المشائخ پیران پیر دستگیر میراں محی الدین قطب ربانی الشیخ سید عبدالقادر جیلانی الحسنی والحسینی قدس سرہ النورانی سے کمال درجہ عقیدت رکھتے تھے۔اس لیے آپ طالبین کو سلسلہ عالیہ قادریہ میں ہی بیعت کرتے اور اصول قادریہ پر ہی مریدین کی روحانی تربیت فرماتے تھے۔ڈاکٹر مہر عبدالحق اس سلسلہ میں رقمطراز ہیں۔

''حضرت موسیٰ پاک شہید نے ملتان میں قال اللہ وقال رسول اللہ سے مسند ارشاد قادریہ کے متوسلین کے دلوں کو گرما دیا اور یہ حلقہ ارادت بلخ و بخارا، ایران، توران، افغانستان اور ہندوستان تک پھیلتا چلا گیا کیوں کہ اس وقت آپ حضرت غوث الاعظم کے نائب کی حیثیت سے برصغیر میں روحانی پیشوا اور قادریہ سلسلہ کے سجادہ نشین تھے۔آپ کی صحبت میں جو پہنچ جاتا آپ ہی کا ہو کر رہ جاتا۔آپ زبردست مہذب الاخلاق اور معمار کردار شخصیت تھے۔''

غرض یہ کہ حضرت سید موسیٰ پاک شہیدؒ کی سعی جمیلہ سے پورے براعظم ایشیاء اور بالخصوص برصغیر پاک و ہند میں سلسلہ عالیہ قادریہ کو قابل رشک حد تک فروغ حاصل ہوا۔

شہادت:

مولانا نور احمد فریدی اپنی کتاب ''تاریخ ملتان جلد دوم'' میں آپ کی شہادت کا واقعہ علامہ مفتی محمد بقا فاروقی الملتانی کی روایت کے مطابق یوں بیان کرتے ہیں:

''حضرت مخدوم اپنی اراضیات میں گئے ہوئے تھے۔ ایک گاؤں میں قیام تھا۔ چند روز کے بعد جب واپسی کا ارادہ ہوا تو حضور نے لشکر ملازمین اور ارادت مندوں کو پہلے روانہ کر دیا۔ اس وقت کو غنیمت جان کر لنگاہوں کے ایک گروہ نے آپ کے مریدوں کی اس بستی پر حملہ کر دیا آپ اوراد و اذکار میں مصروف تھے اطلاع ملی تو فرمایا۔

اشارہ صحیح ہوا، رحلت کا وقت آ پہنچا''

اسی وقت ہاتھی پر سوار ہو کر چند رفیقوں کے ہمراہ ڈاکوؤں کے تعاقب میں روانہ ہوئے۔ مگر جونہی ان بدکاروں نے آپ کی سواری دیکھی بھاگ اٹھے۔ مگر ایک سلطان نامی مردود لنگاہ نے جس کی قسمت میں آپ کا قاتل ہونا مقدر ہو چکا تھا۔ اس نے چھپ کر ایسا تیر مارا جو حضرت کے پہلو میں پیوست ہو کر رہ گیا اور اسی صدمہ سے علوم دینیہ کے ماہر، کلام ربانی کے واقف اسرار، حقیقت و طریقت کے دانائے رموز، حضرت موسیٰ پاک شہید علیہ الرحمۃ ۲۳ شعبان المعظم ۱۰۱۰ھ کی رات کو رفیق اعلیٰ سے جا ملے۔'' انا للہ و انا الیہ راجعون.

تدفین:

شہادت کے بعد جب تدفین کا مرحلہ آیا تو پہلے آپ کو والد بزرگوار کے قدموں میں سپرد خاک کیا گیا تو اس کے بعد عالم رویا میں آپ کے جانشینوں کو حضرت کے والد گرامی

نے فرمایا کہ

''تم نے اپنے زمانہ کے قطب الاقطاب کو میری پائنتی میں دفن کر دیا ہے۔ جس سے مجھے بے حد تکلیف ہو رہی ہے۔''

چنانچہ اس اشارہ کے پانے کے بعد آپ کے صاحبزادگان نے وہاں سے آپ کو نکال کر منگے ہٹی میں آپ کو دفن کیا۔

جسد مبارک کی ملتان منتقلی:

منگے ہٹی میں دوسری بار تدفین کے بعد پندرہ سال کا طویل عرصہ گزر جانے کے بعد آپ کے صاحبزادے سید حامد گنج بخش کو خیال پیدا ہوا کہ آپ کو ملتان میں دفن کیا جائے چنانچہ ایک مرتبہ پھر قبر کشائی کے بعد آپ کو ملتان جہاں اس وقت آپ کا دربار گوہر بار، فرحت آثار ہے میں منتقل کر کے دفن کیا گیا لیکن یہ آپ کی بعد از وصال بھی زندہ کرامت تھی کہ اتنا عرصہ گزر جانے کے باوجود آپ کا جسد مبارک بالکل تر وتازہ اور صحیح سلامت تھا۔

اولاد امجاد:

منعم حقیقی نے دیگر نعمتوں کے ساتھ ساتھ آپ کو صلبی اولاد کی دولت نعمت سے بھی سرفراز فرما رکھا تھا۔ تذکروں میں آپ کے صاحبزادگان کے درج ذیل اسماء گرامی ہمیں ملتے ہیں۔

۱۔ حضرت سید حامد گنج بخش ثانی رحمۃ اللہ علیہ

۲۔ حضرت سید جان محمد رحمۃ اللہ علیہ

۳۔ حضرت سید عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ

۴۔ حضرت سید یحییٰ گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

خلفائے عظام:

حضرت شیخ الکل سید موسیٰ پاک شہید رحمۃ اللہ علیہ جو اپنے وقت کے سلسلہ قادریہ کے سب سے بڑے شیخ اور صاحب سجادہ تھے، آپ نے بھی اس فیض قادریہ کو آگے پہنچانے کے لیے ایسے رجال تیار کیے جو سیرت و کردار میں اپنی مثال آپ تھے۔ آپ نے ان کو شرف خلافت سے نواز کر دنیائے انسانی کی اصلاح کا فریضہ ان کے سپرد کیا۔ مختلف تذکروں اور آپ کے احوال پر مشتمل کتب میں آپ کے درج ذیل خلفاء کے اسماء گرامی ملتے ہیں۔

۱۔ حضرت مخدوم سید حامد گنج بخش ثانی (فرزند اکبر اور جانشین اول)

۲۔ حضرشاہ داؤد بندگی کرمانی (بانی مسند ارشاد شیر گڑھ ضلع اوکاڑہ)

۳۔ حضرت سید شیر شاہ مشہدی (بانی مسند ارشاد شیر شاہ ملتان)

۴۔ حضرت بابا میاں شیر کرم علی قادری (بانی مسند ارشاد سیال شریف ضلع سرگودھا۔ جد خامس حضرت خواجہ شمس الدین سیالویؒ)

جیسا کہ مولانا قاری غلام احمد سیالوی نے اپنی کتاب ''انوار قمریہ'' میں اس کا تذکرہ کیا ہے۔

۵۔ شیخ محقق، امام المحدثین حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ۔

❁❁❁

(اقتباس ''سوانح حیات حضرت مخدوم کل'' از **پروفیسر محمد الیاس اعظمی صاحب**، جس کو ادارہ ھذا نے صفحات کی کمی کے باعث تلخیص کے بعد پیش کیا ھے۔)

❁❁❁

مخطوط ہذا کا دوسرا صفحہ

مخطوط کے دو صفحات جن کی عبارت میں مطابقت نہیں

مخطوط کا آخری صفحہ

مخطوط کی مہر (حضرت سید اسماعیل محدث لاہوری کے صاحبزادے اور پوتے کی ثبت کردہ مہر جس پر 1180 مرقوم ہے)

مزار (حضرت کی مزار کا اندرونی منظر)

هداية المريدين

و

إرشاد السالكين

مصنفة

حضرت مخدوم سید جمال الدین محمد موسیٰ

پاک شہیدگیلانی،

اچوی ثم ملتانی قدس اللہ سرہٗ العزیز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ہیں، جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے اور پرہیزگاروں کیلئے اچھا انجام ہے۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ جو نبیوں کے سردار اور متقیوں کے پیشوا ہیں، پر درود وسلام ہو۔ اہل بیت اطہار، اصحاب، متبعین سنت اور ملت پر سلامتی ہو۔

شیخ العالم باعمل، ولی اللہ و عارف، سید السادات و منبع البرکات، پاکیزہ صفات راضی برضائے الٰہی، ہمارے شیخ و آقا و مولانا حضرت ابوالفتح [1] جمال الدین شیخ موسیٰ بن سید حامد بن سید عبدالرزاق بن سید عبدالقادر بن سید محمد بن شمس الدین بن سید شاہ میر بن سید علی بن سید مسعود بن سید احمد بن سید صفی الدین بن سید عبدالوہاب بن قطب ربانی، غوث صمدانی، غوث الثقلین، شیخ الاسلام و غوث المسلمین ابومحمد محی الدّین السید عبدالقادر حسنی حسینی جیلانی (اللہ تعالیٰ ان کی ارواح مبارکہ کو پاکیزہ فرمائے اور دین و دنیا میں ان کی برکات اور فیضان کو ہمارا مقدر

---

[1] آپ کی مشہور کنیت ابوالحسن ہے۔

بنائے) نے فرمایا کہ یہ رسالۂ مبارکہ سلسلہ قادریہ سے وابستہ بزرگان کرام کے طریقہ پر منقول بعض وظائف واوراد کے بارے میں ہے، جو عبادات وتقربات، ادعیہ واذکار اور اشغال باطنی پر مشتمل ہیں، یہ تمام اعمال واشغال مستند کتابوں اور ان نفوس قدسیہ سے روایت کئے گئے ہیں، جن کا سلسلہ روایت حضرت غوث الثقلین قطب الخافقین، شیخ شیوخ العالم محی الدین سید عبد القادر حسنی حسینی جیلانی رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے۔ سلسلۂ عالیہ کے متوسلین اور وظیفہ خوانوں کی سہولت کے لئے اسنادِ روایات کو حذف کر کے لکھ دیا گیا ہے اور اس رسالے کا نام "ھدایت المریدین و ارشاد السالکین" ہے۔

یہ رسالہ تین ابواب پر مشتمل ہے اور ہر باب میں چند فصلیں ہیں۔

باب اوّل

پنجگانہ فرض نمازوں، اذکار اور دعاؤں کے بارے میں، اور چھ فصلوں پر مشتمل ہے۔

پھلی فصل:

نماز فجر کی سنتوں، صبح کے وظائف واوراد اور دعاؤں کے بارمیں۔

دوسری فصل:

نماز فجر کی دعاؤں اور ذکر کے بارے میں۔

تیسری فصل:

نماز ظہر کے اذکار اور دعاؤں کے بارے میں۔

چوتھی فصل:

نماز عصر کے اذکار اور دعاؤں کے بارے میں۔

پانچویں فصل:

نمازمغرب کے اذکاراور دعاؤں کے بارے میں۔

چھٹی فصل:

نمازعشاء کے اذکار، دعاؤں اور سونے کے وقت کے وظائف واوراد کے بارے میں۔

☆☆☆

دوسرا باب

غیر موکدہ سنتوں کے بارے میں، اس باب بھی میں چھ فصلیں ہیں۔

پھلی فصل:

نماز اشراق اوراس کی دعائیں۔

دوسری فصل:

نماز چاشت اوراس کی دعائیں۔

تیسری فصل:

وقت زوال ختم ہونے کی نماز اوراس کی دعائیں

چوتھی فصل:

نماز اوّابین کے بارے میں۔

پانچویں فصل:

نماز شب اور ذکر، نماز تہجد، اذکاراور دعاؤں کے بارے میں۔

چھٹی فصل:

نمازِ تسبیح اوراس کی دعاؤں کے بارے میں۔

تیسرا باب

آدابِ تلاوت قرآب مجید، بآواز بلند ذکر کرنا، خفیہ اشغال اور پوشیدہ ذکر، ذکرِ مراقبہ سلسلہ قادریہ کی روش کے مطابق، حضور اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے آداب کوملحوظ رکھتے ہوئے مرید اپنے شیخ کے ادب و احترام کو سامنے رکھتے ہوئے۔اور ہمارے شیخ کے آداب کے مطابق، ہمارے شیخ وسردار اور قبلہ وکعبہ السید الشیخ محی الدین سید عبدالقادر الحسنی والحسینی جیلانی رضی اللہ عنہ کے ذکرواذکار کے بارے میں، یہ اذکار متفرقہ چھ فصلوں پر مشتمل ہیں۔

پھلی فصل :

تلاوت قرآن مجید کے آداب کے بارے میں۔

دوسری فصل:

ذکر بالجہر اور باطنی مشاغل اوراسکی روش کے بارے میں۔

تیسری فصل:

مراقبہ کے بارے میں۔

چوتھی فصل:

حضور اکرم ﷺ کے چند صوری ومعنوی آداب اور محبت کے بارے میں۔

پانچویں فصل:

شیخ طریقت کے ساتھ ادب واحترام کے بارے میں۔

چھٹی فصل:

متفرق ذکرواذکار کے بارے میں۔

☆☆☆

باب اوّل

﴿پنجگانہ فرض نمازوں، اذکار اور دعاؤں کے بارے میں﴾

پہلی فصل:

صبح کے اوراد و اذکار، اور نماز فجر کی سنتوں اور جو کچھ اس سے متعلق ہے

جاننا چاہیے کہ علماء کا اس بات میں اختلاف ہے کہ سوال و دعا افضل ہے یا سکوت و خاموشی؟ بعض نے دعا کو سکوت پر فضیلت دی ہے اور کچھ لوگوں نے سکوت و رضا کو دعا پر ترجیح دی ہے۔ ان کا خیال ہے کہ سکوت میں خالص تسلیم و رضا ہے اور دعا میں اللہ تعالیٰ کی تقدیر و قضا پر ایک قسم کی شکایت اور عدم رضا کا پہلو پایا جاتا ہے، بندہ دعا کر کے گویا اپنے ارادے کو حق سبحانہ تعالیٰ کے اختیار و مشیت پر ترجیح دیتا ہے اور اس کی تدبیر و تقدیر پر اکتفا نہیں کرتا اس لئے وہ اسے بارگاہ ایزدی کے آداب کو ترک کرنا سمجھتے ہیں۔

لیکن محققین نے دعا و سکوت میں سے ہر ایک کی فضیلت کو مشروط قرار دیا ہے وہ فرماتے

ہیں کہ اوقات مختلف ہیں، بعض حالتوں میں سکوت سے دعا بدرجہا بہتر ہوتی ہے۔ جب بندہ دعا کرنے میں حضورِ قلب، انہماک، شرح صدر اور رغبت وانس دیکھے اور اس کا دل دعا کی جانب اشارہ کرے تو سکوت سے دعا کئی درجے افضل واولیٰ ہے۔ اسی طرح بعض مخصوص اوقات میں طلب ودعا سے سکوت وسکون فائق ہوتا ہے، اس بات کی شناسائی بھی وقت سے ہی ظاہر ہوتی ہے۔ اگر بندہ اپنے دل میں انقباض اور رغبت محسوس کرے یا استغراق ووجدان اور معرفت وحال کی کیفیت طاری ہو اور دعا ان کیفیات کے مخالف ونا موافق ہو تو ایسے وقت میں دعا کی بجائے سکوت وسکون بہتر ہے۔

چونکہ دعا کا مقصود، تضرع وتذلل، عاجزی وانکساری، استعانت واستقامت اور اظہار احتیاج وعبودیت ہے تو سالک کو چاہیے کہ جن اوقات میں جو حالت موافق ومعاون ہو اس کے مطابق عمل کرے، خواہ دعا بہ زبان قال ہو زبان سے اپنی حاجت طلب کرے یا بہ زبان حال ہو کہ بندے کی حالت خود عرض کناں ہو یا بہ زبان تعرض ہو کہ حق تعالیٰ کے ذکر اور مدح وثنا میں منہمک ہو۔

اے درویش ہمہ تن گوش ہو کر بن! ما سوی اللہ کو دل سے غائب کرنے اور قلب کو صرف اسی کی یاد میں محو رکھنے کی کوشش کر، بلکہ خیال کر کہ تیرا ایک سانس بھی ذکرِ حق کے بغیر باہر نہ آئے، اگر اپنی حالت پر دھیان نہ دے گا تو حسرت وافسوس کے سوا تجھ پر کچھ منکشف نہ ہوگا، آتے جاتے، اٹھتے بیٹھتے، غرضیکہ ہر حالت وفعل اور ہر ہر وضع وطور میں تیرے قلب وزبان کو ذکرِ الٰہی میں رطب اللسان رہنا چاہیے تاکہ حق تعالیٰ کی بے پایاں رحمتیں ہر گھڑی تجھ پر برستی رہیں، بالخصوص آدھی رات، آخر شب اور وقتِ سحر کا خیال رکھ کیونکہ یہ وقت حصولِ مقصود ومطلوب کے لئے بہت افضل ہے پس تجھے چاہیے کہ نالہ وآہِ سحرگاہی اور دعوات واستغفار کی

کثرت کرے، اور دعائیں، اذکار جو بزرگان قادریہ سے منقول ہیں، اپنا معمول بنا......اور وقت سحر کہے:

دعائے صبح

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ نَحْيَ وَ بِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ النُّشُوْرُ.

''اے اللہ! صبح کی ابتداء تیرے ہی نام سے کی اور شام بھی تیرے ہی نام سے کی، تیرے نام کے سہارے جیتے ہیں اور ہماری موت بھی تیرے نام پر ہوگی اور تیری طرف ہی اٹھائے جائیں گے۔''

اور یہ بھی کہے:

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّاوَّ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ ﷺ نَبِیًّا.

''میں راضی ہوا اللہ تعالیٰ کے رب ہونے پر اسلام کے دین ہونے پر، اور محمد ﷺ کے نبی ہونے پر''۔

اور سورہ انعام کی تین آیتیں اپنا وظیفہ بنالے جو کہ یہ ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ط ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّھِمْ یَعْدِلُوْنَ ۝ ھُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰٓی اَجَلًا ط وَاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنْدَہٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ۝ وَھُوَ اللّٰہُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ فِی الْاَرْضِ ط یَعْلَمُ سِرَّکُمْ وَ جَھْرَکُمْ وَ یَعْلَمُ مَا تَکْسِبُوْنَ ۝ [1]

---

[1] (الانعام: ٦، ١-٣)

’’تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا اور تاریکیوں اور روشنی کو بنایا، پھر بھی کافر لوگ (معبودانِ باطلہ کو) اپنے رب کے برابر ٹھہراتے ہیں O (اللہ) وہی ہے جس نے تمہیں مٹی کے گارے سے پیدا فرمایا (یعنی کرۂ ارضی پر حیاتِ انسانی کی کیمیائی ابتداء اس سے کی)۔ پھر اس نے (تمہاری موت کی) میعاد مقرر فرما دی، اور (انعقادِ قیامت کا) معینہ وقت اسی کے پاس (مقرر) ہے پھر (بھی) تم شک کرتے ہو O اور آسمانوں میں اور زمین میں وہ اللہ ہی (معبودِ برحق) ہے، جو تمہاری پوشیدہ اور تمہاری ظاہر (سب باتوں) کو جانتا ہے اور جو کچھ تم کما رہے ہو وہ (اسے بھی) جانتا ہے O‘‘

پھر کہے:

فَالِقُ الاَصْبَاحِ وَجَعَلَ اللَّيْلَ سَكَناً وَالشَّمْسَ وَالقَمَرَ حُسْبَاناً ذلِكَ تَقْدِيرُ العَزِيزِ العَلِيمِ.

پھر پڑھے:

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيٰ وَ بِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ اَصْبَحْنَا وَ اَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْعَظْمَةُ لِلّٰهِ وَالْكِبْرِيَاءُ لِلّٰهِ وَ الْجَبُرُوْتُ لِلّٰهِ وَالسُّلْطَانُ لِلّٰهِ وَ اللَّيْلُ وَ النَّهَارُ وَمَا سَكَنَ فِيْهِمَا كُلُّهٗ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ اَصْبَحْنَا عَلٰى فِطْرَةِ الاسلامِ وَ كَلِمَةِ الْاِخْلَاص و عَلٰى دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم وَمِلَّةِ اَبِيْنَا اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا مُسْلِمًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ.

’’اے اللہ ابتدائے صبح تیرے ہی نام سے کی اور شام بھی تیرے نام سے کی، تیرے نام کے سہارے جیتے ہیں اور ہماری موت بھی تیرے نام پر ہوگی اور تیری طرف ہی اٹھائے جائیں گے، ہم سب بیدار ہوئے اور تمام بادشاہی وعظمت، قوت وکبریائی اور اقتدار و

سلطنت اللہ تعالیٰ کے لئے ہوگی رات دن اور جو کچھ ان میں بستا ہے سب اسی قاہر و جابر وحدہ لاشریک کی ملکیت ہے، ہم نے فطرت اسلام، پاکیزہ کلمے، دین مصطفیٰ اور ملّت ابراہیم پر صبح کی جو اللہ کی طرف رجوع کرنے والے اور سلامتی کے راستے پر قائم تھے اور مشرکین میں سے نہیں تھے۔"

اس کے بعد کہے:

شہادت صبح

عَلٰی هٰذِهِ الشَّهَادَةِ نَحْیٰی وَ عَلَیْهَا نَمُوْتُ وَ عَلَیْهَا نُبْعَثُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ.

"ہم اسی گواہی پر زندہ ہیں اور اسی پر ہمیں موت آئے گی اور اسی پر اٹھائے جائیں گے۔ ان شاءاللہ۔

اور یہ بھی کہے:

اَللّٰهُمَّ هٰذَا یَوْمٌ جَدِیْدٌ فَافْتَحْهُ عَلَیَّ بِطَاعَتِکَ وَاخْتِمْهُ لِیْ بِمَغْفِرَتِکَ وَ رِضْوَانِکَ وَ ارْزُقْنِیْ فِیْهِ حَسَنَةً وَّ تَقَبَّلْهَا مِنِّیْ وَ ذَکِّهَا وَ فِیَّ ضَعِّفْهَا لِیْ وَمَا عَمِلْتُ فِیْهِ مِنْ سَیِّئَةٍ فَاغْفِرْهَا لِیْ اِنَّکَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ.

"اے اللہ، یہ ایک نیا دن ہے اس کی ابتداء مجھے اپنی اطاعت کی توفیق دے کر فرما۔ اپنی مغفرت اور خوشنودی کے ساتھ اس کا مجھ پر خاتمہ فرما۔ اس میں مجھے نیکی کرنے کی توفیق عطا فرما اور اسے میری طرف سے قبول فرما، اسے پاکیزہ بنا اور میرے لئے دو چند فرما دے اور اس دن مجھ سے جو گناہ سرزد ہو جائیں انہیں معاف فرما تو بخشش کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔"

پھر تین سو گیارہ مرتبہ کلمہ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ پڑھے اور ہر اٹھارہویں

مرتبہ کے بعد دو یا تین بار سُبْحَانَ رَبِّیَ الاَعلی الْوَهَّاب پڑھے، اس کے بعد تین سو گیارہ مرتبہ اَللہ اَللہ کہے اور ایک ہزار ایک مرتبہ یَا اَللہُ یَا اَللہُ کہے اور سو بار نبی کریم ﷺ پر اس طرح درود شریف پڑھے جو سلسلہ قادریہ میں مختار ہے۔

تو پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ

حصار آیت الکرسی

اور ہر صبح و شام حصار کرے جو غوث المسلمین سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے اور مداومت عمل کا مظاہر کرے، اس کا طریقہ اس طرح ہے:

آیۃ الکرسی تا عظیم ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے دائیں ہاتھ پر دم کرے۔ اور پھر ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے بائیں ہاتھ پر بھی دم کرے۔ اسی طرح تیسری مرتبہ پڑھ کر اپنے سامنے کی جانب دم کرے، چوتھی مرتبہ پڑھ کر اپنی پیٹھ کی جانب دم کرے، پانچویں مرتبہ پڑھ کر آسمان کی جانب اور اپنے سر پر دم کرے، چھٹی مرتبہ پڑھ کر اپنے تمام اعضاء پر دم کرے اور ساتویں مرتبہ پڑھ کر اس کے ساتھ ہی کہے:

حَصَّنْتُ نَفْسِیْ وَ رُوْحِیْ وَ جَسَدِیْ وَ دِیْنِیْ وَاَوْلَادِیْ وَ اَھْلِیْ وَ مَالِیْ وَ مَا اُحِبُّ وَمَا اَسْئَلُکَ فِیْ خَزَائِنِ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَقَافِلُھَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللہِ مَفَاتِیْحُھَا لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَ رَدَّ اللہُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِغَیْظِھِمْ لَمْ یَنَالُوْا خَیْرًا وَ کَفَی اللہُ الْمُؤْمِنِیْنَ الْقِتَالَ وَ کَانَ اللہُ قَوِیًّا عَزِیْزًا۔

''میں نے محفوظ کرلیا اپنے نفس روح، جسم، دین، اہل وعیال، مال اور اپنی محبوب چیزوں کو اور جو کچھ میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے خزانوں میں داخل کرتا ہوں جن کے تالے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ (اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں) اور جن کی چابیاں: لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم (نہ تو نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ برائی سے بچنے کی قوت ہے مگر اللہ کی توفیق و مہربانی سے جو بلند اور عظمتوں والا ہے) ہیں ۔اور اللہ تجھے ان کی طرف سے کافی ہوگا اور وہی سننے والا اور جاننے والا ہے اور اللہ تعالیٰ نے منکرین کو ان کے غصے کے ساتھ ناکام بنا دیا، وہ کچھ بھلائی نہ پا سکے اور اللہ تعالیٰ مومنین کو جنگ وقتال میں کافی ہوگا اور اللہ تعالیٰ قوی اور غالب ہے۔''

یہ پڑھ کر اپنے دائیں بائیں اور آگے پیچھے دم کرے پھر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام اعضا اور جسم پر پھیرے۔[1]

اس کے بعد یَا بَاقِیُ وَ اَنْتَ الْکَافِی ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ پڑھے۔

.......❀❀❀.......

---

[1] اس امر میں ایک وظیفہ اور بھی میرے پیرانِ سلسلہ میں مروج ہے۔
شش اطراف کی جانب مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر دم کرے۔

(۱) آیت الکرسی پڑھ کر اپنے سینہ پہ پھونک مارے۔(۲) سورۃ التوبہ، آیت ۵۱ پڑھ کر مغرب کی طرف (۳) سورۃ یونس آیت ۱۰۷ ......مشرق کی طرف (۴) سورۃ ہود آیت ۶، ....شمال کی طرف (۵) سورۃ عنکبوت آیت ۶۰ ......جنوب کی طرف (۶) سورۃ فاطر آیت ۲ ....آسمان کی طرف (۷) سورۃ زمر آیت ۳۸ ......زمین کی طرف (۸) سورۃ توبہ آیت ۱۲۸، ۱۲۹ ......پڑھ کر اپنے سینے پہ پھونکے۔ ظاہری و باطنی فوائد محتاج بیان نہیں ......بلکہ سالک خود محسوس کرے گا۔

دوسری فصل:

نماز فجر کے اوراد و وظائف کے بیان میں

اے طالب حق! ہر فرض نماز کے لئے نیا وضو کر اور تمام اعضاء وضو کو اچھی طرح دھو، وضو کرتے وقت حضور قلب ہو، تا کہ اس حضور قلب کی نورانی برکتیں ان اوقات میں تجھ پر نازل ہوں، کیونکہ نماز میں حضور اور خضوع و خشوع کا انحصار وضو میں حضور قلب حاصل ہونے پر ہے، جس قدر وضو میں سہو و غفلت ہوگی اسی قدر نماز میں وسوسہ ہوگا، اور جہاں تک ہوسکے پانی بہانے کا خاص خیال رکھے اور اپنے اوپر شیطانی وسوسوں کا دروازہ نہ کھولے کیونکہ حدیث شریف میں ہے کہ

للوضوء شيطان يقال له الولهان فاتقوا وساوس الشيطان.

''وضو کے لئے ایک شیطان ہے جس کا نام ولہان ہے پس تم شیطان کے وسوسوں سے بچو۔''

نماز مسنونہ کی قسمیں

واضح رہے کہ نماز مسنون کی دو قسمیں ہیں (۱) مؤقتہ (جن کے لیے وقت مقرر ہو) (۲) غیر مؤقتہ (جن کے لیے وقت مقرر نہ ہو) غیر مؤقتہ کسی تعداد میں منحصر نہیں۔

☆ اور مؤقتہ کی پھر دو قسمیں ہیں۔

[۱] راتبہ (مؤکدہ) [۲] غیر راتبہ (غیر مؤکدہ)

سنت موکدہ وہ ہیں جو فرض پر مرتب ہوں یعنی وہ نماز جو فرائض کے ساتھ بطور وظیفہ

پڑھی جاتی ہیں اور غیر مؤکدہ جو فرض پر مرتب نہ ہوں یعنی جو فرائض کے ساتھ بطور وظیفہ زائد نہ پڑھی جائیں مؤکدہ فرض کے تعداد میں پانچ ہیں، دو رکعت موکدہ صبح، چھ رکعت ظہر (چار فرض سے پہلے اور دو رکعت فرض کے بعد) ایک قول کے مطابق عصر کے چار فرض سے پہلے بھی چار رکعت موکدہ ہیں لیکن امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ چار رکعت مؤکدہ غیر مؤقتہ ہیں، اور مغرب کی نماز میں دو رکعت مؤکدہ ہیں، عشاء کے فرض کے بعد دو رکعت مؤکدہ عشاء ہیں۔

جان لے کہ جب کوئی شخص فجر کی دو سنت اپنے گھر میں ادا کرے تو پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورہ ''الکافرون'' اور دوسری رکعت میں ''سورۂ اخلاص'' پڑھے، فرض ادا کرنے کے بعد ستر مرتبہ یہ وظیفہ پڑھے اور حیات قلبی کی دعا مانگے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوم وَ اَسْئَلُہُ التَّوْبَۃَ

''میں اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ خود زندہ ہے اور دوسروں کو قائم رکھنے والا ہے اور اس سے توبہ کا سوال کرتا ہوں۔''

اور ایک مرتبہ یہ پڑھے:

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْأَلُکَ أَنْ تُحْیِ قَلْبِی بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ اَبَدًا یَا اللّٰہُ

''اے وہ ذات جو خود زندہ ہے دوسروں کو قائم رکھنے والی ہے، اے اللہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے دل کو اپنی معرفت کے نور سے ہمیشہ کیلئے زندہ فرما۔''

اور اگر گنجائش وقت ہو تو ایک مرتبہ سورۂ ق پڑھ لے ورنہ وقت کے مطابق مذکورہ

اوراد و ظائف میں سے جو کچھ پڑھ سکے، پڑھ لے۔

نماز میں خشوع و خضوع

اور ہر نماز مسجد میں با جماعت ادا کرے تا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی سنت مبارکہ کے فیوض و برکات سے بہرہ ور ہو سکے اور ہر نماز بالخصوص فرض نماز کو نہایت خضوع و خشوع سے ادا کرے کیونکہ کامل عقل والا وہی ہے جس کی تمام ہمت اور کوشش نماز کے اہتمام اور اس کی تکمیل میں صرف ہو۔ تمام آداب میں سے ایک یہ بھی ہے کہ قرآن مجید کی تلاوت نہایت اچھے طریقے سے کرے اور قرآن مجید کا جو لفظ زبان پر آئے اس کے معانی میں غور و فکر کرے، تا کہ زبان جو دل کی ترجمان ہوتی ہے تیرے دل کے کلام کو بیان کرنے والی ہو۔ اگر زبان دل کی ترجمانی کرنے والی نہ ہو تو بندہ حق سبحانہ تعالیٰ سے نہ تو سرگوشی کے طریقہ پر کلام کرنے والا ہوگا اور نہ ہی سمجھنے کے طریقہ پر سننے والا ہوگا۔ اس کے علاوہ نماز کی ہر وہ ہیئت جس میں خضوع و خشوع حاصل ہو اختیار کر سکتا ہے۔ سوائے فرائض میں اور بالخصوص نماز با جماعت میں (کہ اس میں نماز کو لمبا کرنا مشکل ہوتا ہے) اس ہیئت سے کسی دوسری ہیئت کی طرف ذہن کو منتقل نہ کرے تا کہ خشوع و خضوع سے روح کو ذوق حاصل ہو۔ اور نماز کے آداب سے یہ بھی ہے کہ ان تمام دنیوی امور سے دل کو خالی کر دے جو دل کی پریشانی، من کی بے چینی اور طرح طرح کے اوہام پیدا کرنے کا باعث بنیں۔ تا کہ نماز میں حضور قلب حاصل ہو اور یہ احساس ہو کہ کیا کر رہا ہوں اور کیا چاہ رہا ہوں۔ غفلت میں مدہوش نہ ہو اور جو چیز دل کو مکدر کرے، اسے اعتدال کی ہیئت سے بدل کر اطمینان حاصل کرے اور نماز ادا کرنے سے قبل زائل کر دے۔ واضح رہے وضو قبل از وقت کر لیا جائے اور نماز کیلئے مستعد ہو، فرض سے پہلے سنتوں کے ادا کرنے میں حکمت یہ ہے اگر مخلوق کے ساتھ میل جول کے باعث دل میں

کدورت کے اثرات نے راہ پالی ہے تو وہ سنت کی برکت سے زائل ہو جائیں اور دل پوری طرح فریضہ کیلئے صالح ہو جائے۔

اسکی برکت سے زائل ہو جائیں اور دل پوری طرح فریضہ کے لیے صالح ہو جائے، اسمیں مناجات کی لیاقت اور کلام الٰہی کیلئے وسعت پیدا ہو جائے اور یہ معلوم کرلے کہ وہ کس کے حضور میں حاضر ہونے والا ہے جیسا کہ خارج میں ہر چیز کا ایک خاصہ ہے جو اسی سے مخصوص ہے، ایسے ہی نماز کی صورت میں بھی ایک خاصیت ہے جو اسی کے ساتھ مخصوص ہے اور دیگر اذکار و اعمال میں نہیں پائی جاتی بلکہ ان کیفیات میں سے ہر کیفیت میں خدا کے اسرار و حکم پوشیدہ ہیں جن کا علم خدا کے سوا کسی کو نہیں اور اہل وجدان ذوق کے طریقہ سے ان میں لذت حاصل کرتے ہیں (اور اللہ ہی سیدھے راستے کی توفیق اور ہدایت دینے والا ہے۔

اے درویش یہ بات ذہن نشین کرلے کہ لغت میں صلوٰۃ کا لفظ دُعا کے معنی میں اور شریعت میں تمام قسم کے اذکار اور چند جسمانی و قلبی اور فعلی ہیئتوں کے لیے وضع کیا گیا ہے ،دُعا کی اکمل اور احسن صورت یہ ہے کہ بندہ اپنے وجود کے تمام اعصاء و اجزاء کے ساتھ قولی، فعلی اور عملی طور پر نہایت عجز و انکساری اور استغراق کے ساتھ اپنے آقا کو یوں پکار کہ اس کا سراپا زبان ہو جائے اور اس کے وجود کا ایک ذرہ بھی دعا کرنے میں پیچھے نہ رہے۔

اور یہ منقول ہے کہ صلوٰۃ لفظ صِلۃ سے مُشتق ہے یعنی حقیقت میں نمازی وہ ہے جو نماز کی حالت میں مشاہدہ معبود حقیقی کے نور کے غلبہ سے اور وجود کے نقوش کی تلاش میں مخلوق سے جدا ہو کر واصل باللہ ہو جائے جیسے کہ سرور کائنات علیہ افضل الصلوات ،شب معراج بارگاہ ربوبیت میں واصل ہوئے اور اپنی امت کے خواص کے لے اللہ جل جلالہ کی بارگاہ میں پہنچنے کا طریقہ اس طرح بیان فرمایا کہ الصلوٰۃُ معراج المومن (نماز مومن کیلئے معراج ہے)

اور اسی طرح حضرت غوث اعظمؒ نے فرمایا:

اَلصَّلٰوۃُ صِلَۃٌ لِلّٰہ بَعْدَ الْاِنْفِصَالِ عَنْ غَیْرِہٖ (ماسوی اللہ سے کٹ کر اللہ تعالیٰ سے تعلق جوڑنے کا نام نماز ہے۔)

جب فجر کی فرض نماز سے فارغ ہو کر سلام کہے تو جلسہ تشہد سے اپنے پاؤں مڑنے سے پہلے دس بار کہے:

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَ ھُوَ حَیٌّ لَا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیٍٔ قَدِیْرٌ.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ واحد ہے اسکا کوئی شریک نہیں، اسی کیلئے بادشاہی ہے اور اسی کیلئے حمد ہے۔ وہی جلاتا ہے وہی مارتا ہے وہ زندہ ہے اس کو موت نہیں آتی، اسی کے ہاتھ میں خیر ہے اور وہ ہر چیز پہ قادر ہے۔

اور سورہ اخلاص دس مرتبہ بیٹھ کر پڑھے اور ۳۳ مرتبہ سبحان اللّٰہ ۳۳ مرتبہ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ.

اور ۳۳ بار وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ، اور ایک بار لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَ لَہُ الْحَمْدُ وَ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیٍٔ قَدِیْر پڑھے۔

اور سات بار کلمہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہِ کا تکرار کرے، اس کے بعد تنہائی میں چلا جائے اور قبلہ رو ہو کر مذکورہ ذیل وظائف میں مشغول ہو جائے اور ایک مرتبہ اس دعا کا ورد کرے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ بِاسْمِکَ الْمَکْنُوْنَ الْمَخْزُوْنِ السَّلَامِ الْمُنَزِّلِ الْقُدُّوْسِ الطَّاھِرِ ھُوَ الْاَ طْھَرُ الْمُطَھِّرِ یَا دَھْرُ یَا دَیْھُوْ رُ یَادِیْھَارُ یَا اَزَلُ یَا اَبَدُ یَا مَنْ لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْ لَدْ وَ لَمْ یَکُنْ لَہٗ کُفُوًا اَحَدُ یَا ھُوَ یَا مَنْ ھُوَ یَا مَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا

هُوَ یَا مَنْ لَا یَعْلَمُ مَا هُوَ اِلَّا هُوَ یَا مَنْ لَا یُعْلَمُ اَیْنَ هُوَ یَا کَانَ یَا کِیْنَانُ یَا رُوْحُ یَا کَائِنٌ قَبْلَ کُلِّ کَوْنٍ یَا ئِنٌ بَعْدَ کُلِّ کَوْ نِ (☆هَیًّا اَشْرَاهَیًّا اُذْوَنٰی اَضْبَاؤُث ْ ☆) یَا مُجْلِیْ عَظَائِمَ الْاُمُوْرِ سُبْحَانَکَ عَلٰی حِلْمِکَ بَعْدَ عِلْمِکَ سُبْحَانَکَ عَلٰی عَفْوِکَ بَعْدَ قُدْرَتِکَ فَاِنْ تَولوا فَقُلْ حَسبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْئٌ وهو السمیع العلیم O الهم صل علی محمد وعلی آل محمدٍ کَمَا صَلَّیْتَ وَ سَلَّمْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلٰی آلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ .

ترجمہ:۔ اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں تیرے پوشیدہ نام کیساتھ جو محفوظ ہے سلامتی والا ہے، پاکیزہ ہے، طاہر ہے، سب سے زیادہ پاک ہے، پاکیزگی دینے والا ہے، اے موجد زمانہ، اے ہمیشہ رہنے والے، ازلی وابدی، جو نہ تو کسی کا بیٹا ہے اور نہ اس کا کوئی بیٹا ہے اور اس کا کوئی ہمسر نہیں، اے وہ ذات، اے وہ ہستی جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں اے وہ ذات جسے اس کے سوا اور کوئی نہیں جان سکتا، اے وہ ذات جس کے بارے کوئی علم نہیں رکھتا ہے، کہ وہ کہاں ہے، اے وہ ذات جو موجود ہے اے روح اے وہ ذات جو ہر وجود سے قبل موجود تھی اور ہر وجود کے بعد باقی رہے گی، اے عظیم کاموں کو جلا بخشنے والے میں اللہ تعالیٰ کی ہر عیب سے پاکی بیان کرتا ہوں، تیری ذات پاک ہے تیرے علم کے بعد تیرے علم پر، تیری

☆ یہ سریانی زبان کے الفاظ ہیں بمعنی یاحی یا قیوم باذنک صباحاً مساء.
ایک جگہ یوں بھی درج ہیں: آهیاً شراهیاً آذنای اصباؤوث .

[الفیوضات الربانیة فی المآثر والاوراد القادریة]

ذات پاک ہے تیری قدرت کے بعد تیرے عفو پر اگر وہ منہ پھیر لیں تو کہہ دیجئے کہ مجھے اللہ ہی کافی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں نے اسی پر بھروسہ کیا وہ عرش عظیم کا رب ہے اس کی مثل کوئی شے نہیں اور وہ سمیع و علیم ہے اے اللہ محمد ﷺ اور آپ کی اولاد پر ہر چیز کی تعداد کے برابر درود و سلام بھیج جس طرح کہ تو نے حضرت ابراہیم علیہ اسلام پر اور آپ کی آل پر درود و سلام بھیجا بیشک تو لائق ستائش اور بزرگ و برتر ہے۔ خدائے متعال کے ننانوے صفاتی نام پڑھ۔

اسماء الحسنیٰ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ هُوَ ، اَلرَّحْمٰنُ، اَلرَّحِیْمُ ، اَلْمَلِکُ ، اَلْقُدُّوْسُ ، اَلسَّلَامُ ، اَلْمُؤْمِنُ ، اَلْمُهَیْمِنُ ، اَلْعَزِیْزُ ، اَلْجَبَّارُ ، اَلْمُتَکَبِّرُ ، اَلْخَالِقُ ، اَلْبَارِئُ ، اَلْمُصَوِّرُ ، اَلْغَفَّارُ ، اَلْقَهَّارُ ، اَلْوَهَّابُ ، اَلرَّزَّاقُ ، اَلْفَتَّاحُ ، اَلْعَلِیْمُ ، اَلْقَابِضُ ، اَلْبَاسِطُ ، اَلْخَافِضُ ، اَلرَّافِعُ ، اَلْمُعِزُّ ، اَلْمُذِلُّ ، اَلسَّمِیْعُ ، اَلْبَصِیْرُ ، اَلْحَکِیْمُ ، اَلْعَدْلُ ، اَللَّطِیْفُ، اَلْخَبِیْرُ ، اَلْحَلِیْمُ ، اَلْعَظِیْمُ ، اَلْغَفُوْرُ ، اَلشَّکُوْرُ ، اَلْعَلِیُّ ، اَلْکَبِیْرُ ، اَلْحَفِیْظُ ، اَلْمُقِیْتُ ، اَلْحَسِیْبُ ، اَلْجَلِیْلُ ، اَلْکَرِیْمُ ، اَلرَّقِیْبُ ، اَلْمُجِیْبُ ، اَلْوَاسِعُ ، اَلْحَکِیْمُ ، اَلْوَدُوْدُ ، اَلْمَجِیْدُ ، اَلْبَاعِثُ ، اَلشَّهِیْدُ ، اَلْحَقُّ ، اَلْوَکِیْلُ ، اَلْقَوِیُّ ، اَلْمَتِیْنُ، اَلْوَالِیُ ، اَلْحَمِیْدُ ، اَلْمُحْصِیُ ، اَلْمُبْدِئُ، اَلْمُعِیْدُ، اَلْمُحْیِیُ ، اَلْمُمِیْتُ ، اَلْحَیُّ ، اَلْقَیُّوْمُ ، اَلْوَاجِدُ ، اَلْمَاجِدُ ، اَلاَحَدُ ، اَلصَّمَدُ ، اَلْقَادِرُ ، اَلْمُقْتَدِرُ ، اَلْمُقَدِّمُ ، اَلْمُؤَخِّرُ، اَلاَوَّلُ ، اَلآخِرُ ، اَلظَّاهِرُ ، اَلْبَاطِنُ ، اَلْعَالِیُ ، اَلْمُتَعَالِیُ، اَلْبَرُّ ، اَلتَّوَّابُ ، اَلْمُنْعِمُ ، اَلْمُنْتَقِمُ ، اَلْعَفُوُّ ، اَلرَّؤُوْفُ ،

اَلْمَالِکُ الْمُلْکِ ذُو الْجَلَالِ وَالاِکْرَامِ، اَلرَّبُّ ، اَلْمُقْسِطُ ، اَلْجَامِعُ ، اَلْغَنِیُّ، اَلْمُغْنِیُ، اَلْمَانِعُ ، اَلضَّآرُّ ، اَلنَافِعُ ، اَلْھَادِیُ ، اَلْبَدِیْعُ، اَلْبَاقِیُ، اَلْوَارِثُ، اَلرَّشِیْدُ، اَلصَّبُوْرُ الَّذِیُ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیءٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم غُفْرَانکَ رَبَّنَا وَاَلَیْکَ الْمَصِیر نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْر. مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ السَّیِّدُ الصَّادِقُ الْمُصَدِّقُ الْاَمِیْنُ وَرَسُوْلِ رَبُّ الْعَالَمِیْن.

(اللہ رحمٰن ورحیم کے نام مبارک سے ابتداء، وہ اللہ جس کے سواء کوئی معبود نہیں وہ جو بہت رحم کرنیوالا ہے نہایت مہربان، سلطان باختیار، بڑا پاک، تمام نقصانات سے محفوظ، اپنے عذاب سے امین دینے والا، نگہبان غالب وقوی، بڑے دباؤ والا، عظمت و بزرگی ولا، ہر چیز کا پیدا کرنے والا ، ہر چیز کا موجد، طرح طرح کی صورتیں بنانے والا ، بہت بخشنے والا ، غلبہ رکھنے والا، بہت عطاء کرنے والا ، روزی پہنچانے والا، مشکل کشا، بہت علم رکھنے والا، بندوں کی روزی محدود کرنیوالا، روزی فراخ کرنے والا ، نافرمانوں کونیست کرنیوالا، فرمانبرداروں کو بلند کرنیوالا، عزت دینے والا، ذلیل کرنے والا، بہت سننے والا، ظاہر و باطن کو دیکھنے والا، حقائق اشیاء کا عالم، منصف، باریک بین، آگاہ بردبار، بڑا بزرگ، بہت بخشنے والا، قدردان، بہت اونچا، تمام چیزوں سے بزرگ، نگہبان، مخلوق کو روزی پہنچانے والا، کافی، بزرگ قدر، بزرگ سخی، حفاظت کرنے والا، دُعا قبول کرنے والا، وسیع معلومات والا مخلوق کا حاکم، نیک بندوں کو دوست رکھنے والا، مردوں کو زندہ کرنے والا، حاضر، ثابت کارساز، توانا، استوار، تمام امور کا متولی، لائق ستائش، ہر چیز کو احاطہ علم میں کرنیوالا، ابتداء کرنے والا، دوبارہ پیدا کرنے والا، زندہ کرنیوالا، مارنے والا، زندہ، کارخانہ عالم کو سنبھالنے والا، تنہا، بزرگی والا، یکتا، بے نیاز، قدرت والا، صاحب قدرت، اپنے دوستوں کو بارگاہ عزت کی

طرف بڑھانے والا، دشمنوں کو لطف و کرم سے پیچھے ہٹانے والا، سب سے پہلا، سب سے پچھلا آشکارا بلحاظ قدرت، پوشیدہ بلحاظ اپنی ذات کے بلند مرتبہ، مخلوقات کی صفات سے پاک، اپنے لطف سے نیکی کرنیوالا، توبہ قبول کرنے والا نعمتیں عطاء کرنے والا، بدلہ لینے والا، گناہوں کو مٹانے والا، بہت شفقت کرنے والا، ملک کا مالک، بزرگی وعزت والا، پروردگار عالم، عادل و منصف، تمام مخلوقات کو جمع کرنیوالا، بے پرواہ لوگوں کو بے پرواہ کرنیوالا، تکلیف سے روکنے والا، قدر و شر کا خالق، نفع و خیر کا خالق، ہدایت دینے والا، موجد، باقی رہنے والا، موجودات کے فنا ہونے کے بعد باقی رہنے والا، صاحب رشید، بڑا صبر کرنے والا ہے، جس کی مثل کوئی نہیں، اور وہ سمیع علیم ہے، اے پروردگار تیری بخشش کے خواستگار ہیں اور تیری طرف ہی لوٹ کر جانا ہے، تو ہی سب سے بڑھ کر ناصر و مددگار ہے سیدنا محمد ﷺ صادق امین اور کائنات کے رب کے رسولؐ ہیں)

اس کے بعد یہ دُعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ کُلِّھَا وَ بِحَقِّ شَرَفِھَا وَ کَرَامَتِھَا وَ حَقَائِقِھَا وَ دَقَائِقِھَا وَتَفْسِیْرِ ھَا وَ تَعْظِیْمِھَا وَ تَکْرِیْمِھَا اَنْ تُعْطِیَ لَنَاخَیْرَ الدُّنْیَا وَ خَیْرَ الْاٰخِرَۃِ وَاَنْ تَصْرِفَ عَنَّا شَرَّ الدُّنْیَا وَشَرَّ الْاٰخِرَۃِ وَ اَنْ لَا تُسَلِّطَ عَلَیْنَا مَنْ لَّا یَرْحَمُنَا فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ اَحَدً مِنْ خَلْقِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

اے میرے اللہ میں ان تمام اسماء مبارکہ کے شرف وفضیلت حقیقت و ماہیت ان کی عظمت و عزت کے وسیلہ سے دست سوال دراز کرتا ہوں، ہمیں دنیا و آخرت کی بھلائی عطا فرما دنیا و آخرت کے شرّ کو ہم سے دور فرما ہم پر کسی ایسے شخص کو مسلط نہ فرما جو ہم پر دنیا و آخرت میں رحم نہ کرے اے اللہ تو بہت رحیم و کریم ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْأَلُکَ اَنْ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا دَیْنًا اِلَّا قَضَیْتَہٗ وَلَا قَسَارًا اِلَّا اَصْلَحْتَہٗ وَلَا شَرًّا اِلَّا صَرَفْتَہٗ وَ لَا غَمًّا اِلَّا کَشَفْتَہٗ وَلَا قَبِیْحًا اِلَّا سَتَرْتَہٗ وَلَا سَقَمًا اِلَّا شَفَیْتَہٗ وَلَا فَقْرًا اِلَّا اَغْنَیْتَہٗ وَلَا عُسْرًا اِلَّا یَسَّرْتَہٗ وَلَا نَذْرًا اِلَّا وَفَیْتَہٗ وَلَا خَطِیْئَۃً اِلَّا کَفَّرْتَھَا وَلَا حَسَنَۃً اِلَّا اصْطَفَیْتَھَا وَلَا سَیِّئَۃً اِلَّا مَحَوْتَھَا وَلَا فَتْرَۃً اِلَّا سَدَدْتَّھَا وَلَا کُرْبَۃً اِلَّا کَشَفْتَھَا وَلَا نِعْمَۃً اِلَّا تَمَّمْتَھَا وَلَا فَضْلًا اِلَّا اَسْبَغْتَہٗ وَلَا قَحْطًا اِلَّا اَرْفَعْتَہٗ وَلَا بَلَاءً وَلَا وَبَاءً اِلَّا رَفَعْتَھُمَا☆ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

''اے اللہ ہم التجا کرتے ہیں کہ ہمارے سب گناہ معاف فرما دے ہمارے غموں کو دور فرما دے۔ ہمارے قرض ادا فرما دے۔ جبر و زیادتی کو درست فرما۔ برائیوں کو پھیر لے غموں کو ہلکا فرما دے۔ ہماری بری باتوں کو چھپا لے۔ بیماریوں سے شفا عطا فرما۔ فقر و تنگدستی کو غنا میں تبدیل فرما دے۔ تنگی کو آسانی میں ڈھال دے۔ ہماری نذر و نیاز کو پورا فرما۔ ہماری غلطیوں کو مٹا دے۔ ہمارے لئے نیکیوں کو ہی منتخب فرما۔ ہماری برائیوں اور غلط کاریوں کو درست فرما دے۔ مصائب و تکالیف کو دور فرما۔ اپنی نعمتوں کو ہم پر مکمل فرما۔ اپنے فضل و رحمت کو ہم پر کامل فرما۔ قحط و خشک سالی کو اٹھا لے بلاؤں اور وباؤں کو دور فرما دے۔ اے سب سے زیادہ رحیم و کریم تیری ہی رحمت کے طلبگار ہیں۔''

اس کے بعد دس مرتبہ پڑھے:

☆ دَفَعْتَھُمَا. مزید ایک نسخہ میں یہ ہے۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ.

''پس اگر وہ لوگ روگردانی کریں تو کہو مجھے اللہ ہی کافی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اسی پر توکل کیا اور وہ عرش عظیم کا رب ہے۔''

اور دس مرتبہ یہ بھی پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ.

''اے اللہ، اے پناہ دینے والے ہمیں دوزخ کی آگ سے بچا۔''

اور تین بار یہ بھی پڑھے:

بِسْمِ اللّٰه خَیْرِ الْاَسْمَاءِ وَ بِسْمِ اللّٰه رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ.

''اللہ کے نام سے ابتداء جس اسم مبارک کے باعث زمین و آسمان کی کوئی شے نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہی سمیع و علیم ہے۔''

اور تین مرتبہ پڑھے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِهٖ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا مِنْ عِنْدِکَ وَاَفِضْ عَلَیْنَا مِنْ فَضْلِکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا مِنْ رَحْمَتِکَ وَاَنْزِلْ عَلَیْنَا مِنْ بَرَکَاتِکَ وَلَا تُنْسِنَا ذِکْرَکَ وَ نَجِّنَا مِنْ عَذَابِکَ وَجَنِّبْنَا مِنْ سَخَطِکَ.

''اللہ کی ذات پاک ہے۔ وہی قابل ستائش ہے۔ اللہ کی ذات پاک اور عظیم ہے۔ نہ نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ گناہ سے بچنے کی قوت مگر اسی بلند و عظیم ذات کی توفیق سے۔''

ہمیں اپنی طرف سے ہدایت عطا فرما۔ ہم پر فضل فرما۔ اپنی رحمت کی بارش فرما۔ ہم پر اپنی برکات نازل فرما اور ہمیں اپنے ذکر سے غافل نہ فرما۔ اپنے عذاب سے نجات دے۔ اپنے غصہ سے بچالے۔"

اور تین بار یہ بھی پڑھے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ رِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَ مُنْتَهَى عِلْمِهٖ وَمَلَاءَ سَمٰوَاتِهٖ وَ مِدَادَ كَلِمَاتِهٖ.

"میں اللہ تعالیٰ کی ہر عیب سے پاکی بیان کرتا ہوں اور تعریف کرتا ہوں مخلوق کی تعداد، عرش عظیم کے وزن، اللہ تعالیٰ کے علم کی انتہا، آسمانوں کی برائی اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔"

اور دس مرتبہ یہ پڑھے:

اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَاسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْاَوَّلَ وَالْآخِرَ وَالظَّاهِرَ وَالْبَاطِنَ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

"اللہ کی ذات وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ ہی سب سے بڑا ہے اللہ کی ذات پاک ہے اور سب تعریفیں اسی کے لئے ہیں اور اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہی سب سے عظیم ہے۔ نہ تو گناہوں سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ نیکی کرنے کی طاقت مگر اللہ کی توفیق سے۔ اور میں اللہ تعالیٰ اول و آخر اور ظاہر و باطن سے مغفرت طلب کرتا ہوں۔ ساری بادشاہی اسی کی ہے سب ستائش اسی کی ہے اور اسی کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔"

اس کے بعد تین مرتبہ یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنْتَ ھَدَیْتَنِیْ وَ اَنْتَ تُطْعِمُنِیْ وَ اَنْتَ تَسْقِیْنِیْ وَ اَنْتَ تُمِیْتُنِیْ وَاَنْتَ تُحْیِیْنِیْ وَ اَنْتَ رَبِّیْ لَا رَبَّ لِیْ سِوَاکَ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَکَ وَلَااِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَاسْتَغْفِرُکَ وَ اَتُوْبُ اِلَیْکَ.

''اے میرے اللہ تو نے ہی مجھے پیدا کیا اور تو نے ہی مجھے ہدایت دی، تو ہی مجھے کھلاتا ہے اور تو ہی مجھے پلاتا ہے تو ہی مجھے موت دے گا اور تو ہی مجھے زندہ رکھتا ہے تو ہی میرا پروردگار ہے تیرے سوا کسی اور رب کا وجود نہیں، تیرے سوا کوئی اور ہستی عبادت کے لائق نہیں۔ صرف تو ہی معبود ہے میں تجھی سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری طرف ہی رجوع کرتا ہوں۔''

ایک بار یہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُکَ وَ اَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَ وَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ نِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَ اَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا اِلَّا اَنْتَ وَ تُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّنِیْ فِیْ رِضَاکَ ضَعْفِیْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَھٰی رَغْبَتِیْ وَبُلْغَتِیْ وَبَشِّرْنِیْ رَحْمَتَکَ الَّتِیْ اَرْجُوْ رَحْمَتَکَ وَخُذْ اِلَی الْخَیْرِ بِنَاصِیَتِیْ وَاجْعَلْ وَفَاءً فِیْ صُدُوْرِ الَّذِیْنَ آمَنُوْا وَ عَھْدًا عِنْدَکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا مُنْکَرَاتِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ وَالْاَھْوَاءِ وَالْاَدْوَاءِ.

''اے اللہ تو ہی میرا پروردگار ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں حسب استطاعت تیرے عہد و وعدہ پر قائم ہوں جو اعمال میں نے کیے

ہیں ان کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، مجھ پر جو تیری نعمتیں ہیں ان کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں، میرے گناہ بخش دے۔ بے شک گناہوں کا معاف فرمانے والا صرف تو ہی ہے۔ میری توبہ قبول فرما بے شک تو ہی توبہ قبول کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ اے اللہ میں کمزور و ناتواں ہوں اپنی رضا کیلئے میری کمزوری کو قوت میں تبدیل فرما اور اسلام کو میری آخری خواہش اور انتہائے مقصود بنا مجھے اپنی اس رحمت کی بشارت فرما جس کی میں امید کرتا ہوں مجھے نیکی و بھلائی کی توفیق عطا فرما اور مؤمنین کے دلوں میں اپنے پاس عہد و وفا پیدا فرما، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے اے اللہ مجھے برے کاموں، برے اخلاق، بری خواہشات اور بیماریوں سے بچا۔"

اور تین دفعہ یہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ شَیْئًا وَ اَنَا اَعْلَمُ وَ اَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا اَعْلَمُ.

"اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ میں تیرے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراؤں دانستہ طور پر اور اگر نادانستہ طور پر ایسا کروں تو تیری مغفرت چاہتا ہوں۔"

اور تین مرتبہ یہ پڑھے:

اُعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ رَبِّ اَعُوْذُبِکَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَ اَعُوْذُبِکَ رَبِّ اَنْ یَحْضُرُوْنِ.

"میں اللہ سمیع و علیم کی پناہ چاہتا ہوں مردود شیطان سے۔ اے میرے رب! میں تیری ہی پناہ چاہتا ہوں شیطانوں کے وسوسوں سے اور تیری ہی پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ وہ (شیاطین) حاضر ہوں۔"
اور عنایت سے فوت شدہ کی تلافی فرما۔ اپنی قوت و طاقت سے ہماری مدد فرما، کہ ہم تیری طرف ہی متوجہ ہوں اے سلطان با اختیار، قادر مطلق، سمیع و بصیر اے اللہ وہ چیز جس سے ہماری بصارت قاصر ہے اور وہ بھلائی جس کا تو نے اپنی مخلوق میں کسی کو دینے کا وعدہ کیا اور ہم اس کے بارے سوال نہ کر سکے یا ایسی بھلائی جو تو اپنے کسی بندے کو عطا فرمانے والا ہے، ہم اس کی خواہش رکھتے ہیں اور تیری رحمت سے اسی کا سوال کرتے ہیں۔ اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔ اے اللہ میں اپنی قوت کے کمزور ہونے، حیلہ کی کمی اور لوگوں کی نظروں میں ہلکا ہونے کی تجھ سے ہی شکایت کرتا ہوں تو ہی کمزوروں کا رب ہے۔ تو ہی میرا رب ہے اس شخص کی طرف جو مجھے کسی بعید دشمن کے سپرد کر دے جو مجھے سختی و ترش روئی سے پیش آئے اور اس دوست کے بارے میں جس کے سپرد تو نے میرا معاملہ کیا ہے۔ کیونکہ اس کے سوا کوئی دشمن نہیں ہے جس کے سپرد تو نے میرا معاملہ کیا۔ اگر تو مجھ پر ناراض نہ ہو تو مجھے اور کسی کی پرواہ نہیں لیکن تیرا عفوو درگزر بہت وسیع ہے، میں تیری ذات کے نور کی پناہ چاہتا ہوں جس کے آگے اندھیرے روشن ہو گئے اور دنیا و آخرت کا معاملہ درست ہو گیا۔ اور اس سے پناہ چاہتا ہوں کہ تیرا غضب مجھ پر اترے یا تیرا غصہ مجھ پر نازل ہو تیرے لئے ہی ہر قسم کی تعریف ہے یہاں تک کہ تو راضی ہو جائے اور سب قوت و طاقت تیری ہی توفیق سے ہے اے میرے پروردگار میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے اگر احوال بدل جائیں اور میرا سوال رک جائے تو میں تیری جانب ہی شکایت کرتا ہوں۔ اے وہ ذات جس کے لطف و کرم اور نیک جزاؤں کے ساتھ میری آرزوئیں لٹکی ہوئی ہیں اور جس پر میرا خفیہ حال پوشیدہ نہیں ہے اور جو میرا انجام کار دیکھ رہا ہے۔ اے میرے مالک میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے اور میرے تمام امور تیری طرف ہی لوٹتے ہیں میرے حالات تجھ پر مخفی نہیں۔ میرے غموں اور پریشانیوں کا

تجھے علم ہے۔ میری مصیبت بہت ہو چکی ہے۔ تکالیف بڑھ چکی ہیں۔ میری جوانی کی تروتازگی مرجھا گئی ہے میری شراب کی صفائی مکدر ہوگئی ہے۔ اور مجھ پر غموں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے ہیں میرے مطالبات بہت پیچھے رہ گئے ہیں، مجھ پر عتاب پورا چکا ہے۔ اے وہ ہستی جس کی طرف مجھے لوٹنا ہے جو میرے دل میں گزرنے والے معمولی خیال کو بھی جانتا ہے اور میری ظاہر خطاؤں کو بھی۔ وہ میرے کاموں کی حقیقت و ماہیت کو جانتا ہے۔ اے میرے مالک میری طاقت عاجز آ گئی ہے میرا حیلہ کم ہو گیا ہے۔ میری قوت کمزور ہوگئی ہے۔ میری فکر پریشان ہے۔ میرا معاملہ مشکل ہو گیا ہے میرا قصہ وسیع ہو گیا ہے میرا حال برا ہو گیا ہے، میری امید دور ہوگئی ہے حسرت بڑھ گئی ہے۔ میرا پیالہ بڑا ہو گیا ہے۔ میرا پوشیدہ راز ظاہر ہو گیا ہے، میرے آنسو جاری ہو گئے ہیں اور تو ہی میری پناہ گاہ ہے میں اپنی پراگندگی غم اور شکایت کو تیری طرف ہی اٹھاتا ہوں اور اپنی ملامت کو دور کرنے کے لئے تجھ سے ہی امید کرتا ہوں۔ اے وہ ذات جو میرے خفیہ اور ظاہر اعمال کو جانتی ہے۔ اے میرے مالک تیرا دروازہ سائل کے لئے کھلا ہے اور تیرا فضل سوال کرنے والوں کے لئے خرچ کیا جاتا ہے۔ میرا شکوہ تیری طرف ہی ختم ہوتا ہے اور میرے سب وسائل کی انتہا تو ہی ہے اے میرے اللہ رحم فرما اور میرے ساتھ ایک کمزور جسم سوال کرنے والا، پراگندہ حال اور خم ہونے والی پشت ہے اے وہ ذات جس کی طرف شکایت کی جاتی ہے۔ رازوں اور سرگوشیوں کے جاننے والے، سر و جہر کے سننے والے جو دیکھ رہا ہے اور منظر اعلیٰ پر براجمان ہے۔ اے زمین و آسمان کے مالک اسمائے حسنیٰ رکھنے والے۔ دوام و بقا والے۔ تیرے بندے پر تمام اسباب تنگ ہو گئے ہیں اور بند ہو گئے ہیں اور صحیح راستے پر چلنا اس کے لئے مشکل ہو گیا ہے غم، پریشانیوں اور مصیبتوں کا اضافہ ہو گیا ہے۔ اور عمر ختم ہونے کو ہے۔ اور ابھی تک ان سبزیوں کی خوشبو، صاف پانی کے چشموں اور

دروازوں کی سیڑھیوں تک اس کی رسائی نہیں، اس کے دن بیت چکے ہیں اور نفس ابھی تک غفلت اور گھٹیا کمائی کے میدان میں چر رہا ہے اور اس مصیبت سے چھٹکارے میں تجھ سے ہی امید کی جاتی ہے۔ اے وہ ہستی جسے پکارا جائے تو جواب دیتی ہے اے عظیم مرتبے والے۔ تمام ربوں کے رب اے پروردگار میری دعا کو نہ چھپا میرے سوال کو رد نہ فرما، مجھے میری حسرت کے ساتھ نہ چھوڑ۔ مجھے میری قوت وطاقت کے سپرد نہ فرما۔ میری عاجزی اور فاقہ پر رحم فرما میرا سینہ تنگ ہو گیا ہے۔ میری فکر پریشان ہے۔ اپنے معاملے میں حیران ہوں اور تو میرے خفیہ وظاہر کو جاننے والا ہے میرے نفع ونقصان کا مالک تو ہے میری تکلیف کو دور کرنے اور تنگی کو آسان کرنے پر قادر ہے۔ اے رب اس پر رحم فرما، جس کی مرض بڑھ گئی ہے اس کی شفا مشکل ہو گئی ہے اس کی بیماری بڑھ گئی ہے اور دوا کم ہو گئی ہے۔ حیلہ کمزور پڑ گیا ہے مصیبت وآزمائش مضبوط ہو گئی ہے اور تو ہی اس کا ملجا ہے اور اس کی امید ہے، تو ہی اس کا مددگار اور شفا دینے والا ہے۔ اے وہ ذات جس کا فضل اور عطا بندوں کی آبادی کا باعث ہے اور اس کا جود اور نعمتیں مخلوق پر وسیع ہیں۔ ہاں میں تیرا بندہ ہوں، جو کچھ تیرے پاس ہے اس کا محتاج ہوں میں فقیر ہوں تیری سخاوت اور عطیات کا منتظر ہوں۔ گناہگار ہوں تجھ سے بخشش کا طلبگار ہوں۔ خوفزدہ ہوں تجھ سے معافی اور امان چاہتا ہوں نافرمان ہوں شاید توبہ غلطیوں، برائیوں اور نافرمانیوں کے اندھیروں کو روشن کرے۔ سوال کرنے والا ہوں، مکمل فاقہ کے ہاتھ پھیلائے ہوئے ہوں تجھ سے کامل احسان وجود کا سوال کرتا ہوں۔ قید وبند میں مبتلا ہوں شاید کہ قید کھول دی جائے اور بندہ عاجز حجاب کی قید سے آزاد ہو کر بارگاہ میں حاضر ہو جائے، بندہ بھوکا اور ننگا ہے شاید تقرب کے پھل کھائے اور ایمان کی خلعت پہنے۔ پیاسا ہے، پیاسا ہے کتنا پیاسا ہے اس کے پیٹ میں آگ کے شعلے بھڑک رہے ہیں شاید کہ تکالیف کی آگ

کے شعلے اس پر ٹھنڈے ہو جائیں اور محبت کی شراب اسے پینا نصیب ہو جائے۔ اور قرب وصال کے پیالوں سے ایک گھونٹ مل جائے اور تنگدستی اور درد وغم اس سے دور ہو جائیں اور الم وحزن کے بعد آسودہ حال ہو جائے اور اپنے مرض و بیماری سے شفا پائے۔ یہاں تک کہ اس کی پہلی سی حالت ہو جائے بندہ اجنبی ہے مصیبت میں مبتلا ہے اپنے گھر اور وطن سے دور ہو گیا ہے شاید کہ یہ مصیبت اور بدبختی اس سے دور ہو جائے اور اسے قرب و وصال نصیب ہو جائے۔ اور اس کے لئے بقاء و دوام نازل ہو اور اثل و بان کے درخت اس کے لئے روشن ہو جائیں، اس کو لطف و کرم حاصل ہو جائے اور اس پر رحمت و رضوان کا نزول ہو۔ اے عظیم، احسان فرمانے والے رحیم و کریم صاحب سخا و احسان اور رحمت و مغفرت کے مالک۔ اے پروردگار اس بندہ پر رحم فرما جس پر کائنات تنگ ہو گئی ہے اور جن وانساں میں اس کا کوئی انیس نہیں، وہ از خود رفتہ ہے۔ حیران و پریشان ہے۔ اجنبی ہو گیا ہے اگرچہ وہ اپنے اہل وعیال اور وطن میں ہی کیوں نہ ہو، پریشان ہے کسی مکان میں اسے پناہ نہیں ملتی۔ مضطرب ہے زمانہ کی تبدیلی اس کی پراگندگی اور حیرانگی ختم نہیں کر سکتی وحشت و تنہائی میں مبتلا ہے اس کا دل جن و انس سے مانوس نہیں ہوتا۔ کیا تیرے سوا کسی اور رب کا بھی وجود ہے جسے پکارا جائے۔ یا تیرے سوا کائنات میں کوئی اور معبود ہے جس سے امید باندھی جائے۔ یا کوئی اور سخی ہے جس سے عطا مانگی جائے یا کوئی اور حاکم ہے جس کے آگے شکایت کی جائے یا کوئی اور ہے جس کے آگے بندہ فقیر ہاتھ پھیلائے اور اپنی حاجات پیش کرے۔ سوائے تیرے کرم اور سخا کے کوئی چارہ نہیں۔ اے وہ ذات جس کے سوا کوئی ملجا نہیں، جو پناہ دیتا ہے اور اسے کسی کی پناہ کی ضرورت نہیں اور تیرے سوا کوئی کریم نہیں جس سے امید کی جائے اور کوئی سخی نہیں جس سے عطا مانگی جائے۔ اے میرے رب قریب والوں نے مجھ سے جفا کی، طبیب نے مجھے مایوس

کر دیا دشمن اور رقیب میری مصیبت پر خوش ہوئے تکلیف اور آہ و فریاد بڑھ گئی ہے تو ہی صالحین کو دوست رکھنے والا، سب سے زیادہ قریب، رؤف، دعاؤں کا قبول کرنے والا ہے اے میرے رب کس سے شکایت کروں جب کہ تو جاننے والا اور قدرت رکھنے والا ہے۔ یا میں کس سے مدد مانگوں جبکہ تو ہی والی و ناصر ہے۔ یا میں کس سے التجا کروں درانحالیکہ تو کریم اور عیبوں کا چھپانے والا ہے، شکستہ دلوں کی اصلاح تیرے سوا کون کرے گا جبکہ تو دلوں کی اصلاح کرنے والا ہے یا کون ہے جو میرے بڑے بڑے گناہوں کو بخشنے والا ہے۔ اے دل کے بھیدوں کو جاننے والے۔ اے ضمیر کی پوشیدہ باتوں پر اطلاع رکھنے والے۔ اے وہ ذات جس کا اپنے بندوں پر قبضہ و غلبہ ہے جو اول و آخر ہے۔ اے ہر شے کے مالک تیری قدرت ہر شے پر ہے۔ میرے سب گناہ بخش دے۔ یہاں تک کہ تو مجھ سے کسی چیز کے متعلق سوال نہ کرے۔ اے وہ ہستی جس کے قبضہ قدرت میں ہر شے ہے۔ اے وہ ذات جسے کوئی چیز نہ تو نقصان پہنچا سکتی ہے اور نہ کوئی شے نفع دے سکتی ہے، نہ کوئی چیز اس پر غالب آ سکتی ہے اور نہ کوئی چیز اس سے اوجھل ہو سکتی ہے۔ اسے نہ کوئی چیز تھکاتی ہے نہ وہ کسی چیز سے مدد مانگتا ہے اسے کوئی شے کسی شے سے غافل نہیں کر سکتی کوئی شے اس کے مشابہ نہیں ہو سکتی کوئی چیز اسے عاجز نہیں کرتی اے وہ ذات پاک جس کے ہاتھ میں ہر شے کی پیشانی ہے۔ اور ہر چیز کی باگ ڈور اس کے ہاتھ میں ہے۔ میں ہر چیز سے کنارہ کش ہوتا ہوں میرے لئے ہر چیز میں برکت دے اے وہ ذات جو ہر شے سے قبل اور ہر شے کے بعد ہے اور ہر شے سے پہلے اور ہر شے کا آخر ہے۔ جو اپنی قدرت کے لحاظ سے ہر چیز میں ظاہر ہے اور ذات کے لحاظ سے ہر چیز میں پوشیدہ ہے۔ ہر چیز کا شمار کرنے والا ہے، ایجاد کرنے والا، لوٹانے والا، زندہ کرنے والا، موت دینے والا، پیدا کرنے والا، رزق دینے والا، احاطہ کرنے والا، دیکھنے والا، حاضر

نگہبان، قائم، حفاظت کرنے والا اور ہر شے کا وارث ہے۔ اے وہ ذات جس کے قبضہ میں ہر چیز کی بادشاہی ہے۔ میرے تمام گناہ معاف فرما دے۔ یہاں تک کہ تو مجھ سے کسی چیز کے متعلق سوال نہ کرے۔ بلاشبہ تو سننے والا، جاننے والا ہے اے اللہ تو ہر چیز سے امن دینے والا ہے ہر چیز تجھ سے خوفزدہ ہے۔ تیرا امن ہر چیز سے ہے اور ہر چیز کا خوف تجھ سے ہے۔ میرے سب گناہ معاف فرما دے۔ یہاں تک کہ تو مجھ سے کسی قسم کا سوال نہ کرے۔ اے وہ ذات جس کے قبضہ قدرت میں زمین و آسمان کی بادشاہی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے میرے اللہ، اے ایمان والوں کی امید، میری امید ناکام نہ فرما۔ اے فریادیوں کی فریاد سننے والے میری مدد فرما۔ اے مسلمانوں کے غوث میری فریاد رسی فرما۔ اے توبہ کرنے والوں کو محبوب رکھنے والے، سید المرسلین صادق و امین محمد مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثنا کے طفیل میری توبہ قبول فرما۔ اے ایمان والو آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر درود بھیجو اور آپ پر برکت وسلام نازل فرما اتنی تعداد میں جو تجھے معلوم ہے۔ ہمارا رب عزت والا رب پاک ہے اس سے جو کچھ وہ بیان کرتے ہیں اور تمام رسولوں پر سلام ہو۔ سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو پروردگار عالم ہے۔ اے اللہ ہمارا خاتمہ بالخیر فرما اور اپنی مخلوق میں سب سے بہتر محمد ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ اور آپ کی تمام آل پر درود بھیج۔

الٰہی کون ہے جس نے تجھ سے دعا کی اور تو نے قبول نہ فرمائی ہو کون ہے جس نے تیری پناہ طلب کی اور تو نے پناہ نہ دی کون ہے جس نے تجھ سے مدد مانگی اور تو نے مدد نہ کی۔ کون ہے جس نے تجھ سے فریاد کی اور تو نے فریاد رسی نہ کی۔ اے غوث۔ اے غوث۔ اے غوث میری مدد فرما۔ اے مدد طلب کرنے والوں کے مددگار میری مدد فرما۔ اے جہانوں کے اللہ میری مدد فرما۔ اے سب مدد کرنے والوں سے افضل میری مدد فرما۔ اے توبہ کرنے والوں

کے محبوب میری مدد فرما۔ اے عیب داروں کے عیب چھپانے والے میری مدد فرما۔ اے بے قراروں کے ناصر میری مدد فرما۔ اے دکھ دردوں کے دور کرنے والے میری مدد فرما اے سائلوں کو عطا کرنے والے میری مدد فرما۔ اے گناہگاروں کے شفیع میری مدد فرما۔ اے مشتاق بہت احسان کرنے والے میری مدد فرما۔ اے غلبہ رکھنے والے۔ اے پاک، حاکم مطلق، حجت والے میری مدد فرما۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد و آلہ اجمعین۔"

قناعت کیلئے آپ رضی اللہ عنہ سے منسوب ایک اور وظیفہ

یہ وظیفہ بھی آپ رضی اللہ عنہ کے ملفوظات میں سے ہے۔ حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص قناعت کا ارادہ رکھتا ہو دولت اور دولت تمندوں سے منقطع ہو کر اپنی تمام تر توجہات بارگاہ صمدیت کی طرف لگانا چاہے دنیا و آخرت کی مرادوں کو پورا کرنا چاہے لعین کے وسوسوں سے محفوظ ہو کر حضور قلب کا ورد کرے اور شرط یہ ہے کہ اول آخر سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے اور یقین رکھے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے اسماء کی عظمت و حرمت کے طفیل ہر دعا کو پورا کرے گا اور اپنے دروازے سے محروم نہیں لوٹائے گا۔ تمہیں چاہیے کہ ہر وقت دعوات و اذکار اور اوراد و تصرفات میں مشغول رہو کیونکہ ان اعمال کی مثال ایک ایسے تیر انداز کی سی ہے جو تیر پھینکتا رہتا ہے لیکن اسے معلوم نہیں ہوتا کہ کون سا تیر نشانے پر جا لگے۔ یہ ایک مختصر سا بیان ہے، درحقیقت ان اسماء کی خاصیت و تاثیر اور عجائب و اسرار بے شمار ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

یَا حَیُّ اَنۡتَ الَّذِیۡ یُمِیۡتُ الۡاَحۡیَاءَ لَا مَوۡتَ بَعۡدَہٗ یَا مُنۡعِمُ اَنۡتَ الَّذِیۡ تَعۡجِزُ الۡخَلَائِقُ مِنۡ شُکۡرِ نِعۡمَتِہٖ یَا غَفَّارُ اَنۡتَ الَّذِیۡ یَغۡفِرُ ذُنُوۡبَ عِبَادِہٖ بِفَضۡلِہٖ یَا مَالِکُ اَنۡتَ الَّذِیۡ تُؤۡتِیۡ الۡمُلۡکَ لِمَنۡ یَشَاءُ بِلُطۡفِہٖ یَا قَادِرُ اَنۡتَ الَّذِیۡ اِذَا

اَرَدْتَ شيئًا اَنْ يَقُوْلَ لَهُ كُنْ فَيَكُوْنُ مَوْجُوْدًا بِسُرْعَةٍ يَا قَاهِرُ اَنْتَ الَّذِیْ تُفْنِیْ
مَا تَشَاؤُهُ وَ تُبْقِیْ مَا تَشَاؤُهُ بِمَشِيَّةٍ يَا حَافِظُ اَنْتَ الَّذِیْ تَحْفَظُ لِمَنْ اَرَدْتَّ مِنْ
آفَةٍ وَ بَلِيَّةٍ بِرَحْمَتِهٖ يَا قُدُّوْسُ اَنْتَ الَّذِیْ تَقَدَّسَتِ الْمَلَائِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ
وَالْاَنْبِيَاءُ الْمُرْسَلُوْنَ بِقُدْسِهٖ يَا وَكِيْلُ اَنْتَ الَّذِیْ تُرْفَعُ اُمُوْرُ الْمُتَوَكِّلِيْنَ
عَلَيْكَ بِقُدْرَتِهٖ وَ قُوَّتِهٖ يَا مُؤْمِنُ اَنْتَ الَّذِیْ تُعْطِی الْاِيْمَانَ وَالْاَمَانَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ
بِكَرَمِهٖ وَ مَنِّهٖ يَا حَكِيْمُ اَنْتَ الَّذِیْ تَحَيَّرَتِ الْعُقَلَاءُ وَالْحُكَمَاءُ مِنْ حِكْمَتِهٖ
يَاخَالِقُ اَنْتَ الَّذِیْ يَخْلُقُ اَصْنَافَ الْخَلَائِقِ بِقُدْرَتِهٖ يَا كَرِيْمُ اَنْتَ الَّذِیْ يُكْرِمُ
الْاِنْسَانَ عَلٰى سَائِرِ الْحَيَوَانِ بِعِنَائِتِهٖ يَا وَهَّابُ اَنْتَ الَّذِیْ يَهَبُ لِمَنْ يَشَاءُ
الْاِنَاثَ وَ يَهَبُ لِمَنْ يَشَاءُ الذُّكُوْرَ بِعِزَّتِهٖ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ اَنْتَ الَّذِیْ لَمْ يَزَلْ
مُلْكُهٗ وَلَا يَزَالُ عِزُّهٗ وَعُلُوُّهٗ يَا غَنِیُّ اَنْتَ الَّذِیْ تُؤْتِی الْمُلْكَ لِمَنْ تَشَاءُ مِنْ
عِبَادِهٖ وَلَمْ تَرْفَعْ عَنْهُمُ الْاِحْتِيَاجَ بِحِكْمَتِهٖ يَا اَحَدُ اَنْتَ الَّذِیْ تَشَبَّثُ ضَمَائِرُ
عِبَادِهٖ عَلٰى وَحْدَانِيَّتِهٖ يَا رَؤُفُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا تَرُدُّ الْمُحْتَاجِيْنَ وَ الْمَسَاكِيْنَ
مَحْرُوْمِيْنَ مِنْ بَابِهٖ يَا رَشِيْدُ اَنْتَ الَّذِیْ تَرْزُقُ لِاَهْلِ مَعْرِفَةِ قُرْبَهٗ وَوِصَالَهٗ يَا
قَدِيْمُ اَنْتَ الَّذِیْ لَمْ تَبْلُغِ الْاَوْهَامُ مِنْ اَوَّلِهٖ اِلٰى آخِرِهٖ يَا هَادِیُّ اَنْتَ الَّذِیْ يَهْدِیْ
اِلٰى مَعْرِفَتِهٖ لِمَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهٖ يَا رَحِيْمُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا يَرْحَمُ اَحَدٌ عَلٰى وَلَدِهٖ
كَمَا تَرْحَمُ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا غَفُوْرُ اَنْتَ الَّذِیْ تُظْهِرُ الْحَسَنَاتِ وَ تَسْتَتِرُ السَّيِّئَاتِ
وَ تَعْفُوْعَنْهَا بِرَافَتِهٖ يَا كَبِيْرُ اَنْتَ الَّذِیْ تَعَالٰى وَ تَكَبَّرَ بِعَظْمَتِهٖ وَجَلَالِهٖ يَا عَلِیُّ
اَنْتَ الَّذِیْ اَعْلٰى شَأْنُهٗ وَاَعْظَمَ سُلْطَانُهٗ وَبُرْهَانُهٗ يَا مُصَوِّرُ اَنْتَ الَّذِیْ تُصَوِّرُ
بِكَمَالِ صُنْعِهٖ وَ بَلَاغَتِهٖ يَا جَلِيْلُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا يَزَالُ مُلْكُهٗ وَ بَقَاءُهٗ يَا عَلِيْمُ اَنْتَ

الَّذِیْ تَرْزُقُ الْعِلْمَ لِمَنْ یَشَاءُ بِکَرَمِهٖ یَا قَرِیْبُ اَنْتَ الَّذِیْ اَقْرَبُ مِنْ کُلِّ قَرِیْبٍ بِعِلْمِهٖ وَقُدْرَتِهٖ یَا وَاحِدُ اَنْتَ الَّذِیْ عَذَّبَ لِمَنْ اَشْرَکَ وَ اَنْکَرَ وَحْدَانِیَّتَهٗ بِعَدْلِهٖ یَا عَظِیْمُ اَنْتَ الَّذِیْ لَمْ تَبْلُغْ خَطَرَاتُ الْمُوَحِّدِیْنَ بِکُنْهِ عَظْمَتِهٖ یَا وَلِیُّ اَنْتَ الَّذِیْ تَرْزُقُ لِوَلِیِّهٖ مَقَامَ الْوِلَایَةِ بَیْنَ عِبَادِهٖ بِمَشِیَّةٍ یَا نُوْرُ اَنْتَ الَّذِیْ تَنَوَّرَ اَهْلُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ بِنُوْرِهٖ یَا عَزِیْزُ اَنْتَ الَّذِیْ تُذِلُّ الْکَافِرِیْنَ بِعَدْلِهٖ وَیُعِزُّ الْمُؤْمِنِیْنَ بِفَضْلِهٖ یَا مَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَاجِدٌ مِنَ الْبَرَایَا مِنْ مَنِّهٖ وَ اِجَابَتِهٖ یَا حَلِیْمُ اَنْتَ الَّذِیْ یَغْفِرُ مِنَ الْعِبَادِ ذُنُوْبَهَا بِفَضْلِهٖ بِحِلْمِهٖ یَا شَکُوْرُ اَنْتَ الَّذِیْ تُکْثِرُ النِّعْمَةَ عَلٰی مَنْ یَشَاءُ بِجُوْدِهٖ یَا تَوَّابُ اَنْتَ الَّذِیْ تَقْبَلُ التَّوْبَةَ مِنْ عِبَادِهٖ وَ یَعْفُوْ عَنْ سَیِّآتِهٖ بِرَحْمَتِهٖ یَا حَقُّ اَنْتَ الَّذِیْ یُثْبِتُ الْحَقَّ وَ یُبْطِلُ الْبَاطِلَ بَیْنَ الْخَلَائِقِ بِحَقِّهٖ یَا مُعِیْدُ اَنْتَ الَّذِیْ تَحْشُرُ الْخَلْقَ یَوْمَ الْحَشْرِ لِلْعَدْلِ وَالْفَضْلِ بِقَضَائِهٖ یَا سُبْحَانُ اَنْتَ الَّذِیْ طَاهِرٌ وَیَرٰی عَمَّا یَقُوْلُ الظَّالِمُ وَالنَّفْسُ مِنْ جَهَالَةٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَ عَظْمَتِهَا وَ شَرَفِهَا وَ کَمَالِهَا وَجَلَالِهَا وَسُلْطَانِهَا وَبُرْهَانِهَا وَذِکْرِهَا وَ اُنْسِهَا وَ بِحَقِّ اَسْرَارِ حُرُوْفِهَا وَ تَعْدَادِهَا وَ صَغِیْرِهَا وَ کَبِیْرِهَا وَ دَرَجَاتِهَا وَ دَعَوَاتِهَا وَ ثَوَابِهَا وَ خَوَاصِهَا وَ تَاثِیْرِهَا وَ تَفْسِیْرِهَا وَ بِحَقِّ مَعَانِیْ ظَاهِرِهَا وَبَاطِنِهَا وَرُسُوْمِهَا وَکسورها وَسُطُوْرِهَا وَلُوْحِهَا وَ اِصْغَارِهَا وَاقْدَامِهَا وَبِعَظْمَةِ جَمِیْعِ اَسْمَائِهَا اَنْ تُصَلِّیْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَ اَنْ تَرْزُقَنَا دِیْنًا ثَابِتًا وَ یَقِیْنًا وَاثِقًا وَاِخْلَاصًا کَامِلًا وَ شَوْقًا وَاِشْتِیَاقًا غَالِبًا وَارْزُقْنَا مَا رَزَقْتَ بِجَمِیْعِ اَوْلِیَائِکَ وَاَصْفِیَائِکَ وَاحْفَظْنَا مِنْ شَرِّ الشَّیْطَانِ وَ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ وَمِنْ جَمِیْعِ الْعُقُوْبَاتِ الدُّنْیَوِیَّةِ وَمِنْ شَرِّ جَمِیْعِ

اَلْعَقُوبَاتِ الْاُخْرَوِیَّةِ الْعُقُوبِیَّةِ بِفَضْلِکَ وَ کَرَمِکَ یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

''اللہ کے نام سے شروع، جونہایت مہربان، رحم فرمانے والا ہے اے وہ ذات جو بذات خود زندہ ہے تو ہی زندوں کو موت دینے والا ہے جس کے بعد کوئی موت نہیں۔ اے انعام کرنے والے تو ہی ہے جس کی نعمتوں کا شکر بجالانے سے مخلوق قاصر ہے۔ اے مغفرت فرمانے والے تو ہی ہے جو اپنے فضل وکرم سے اپنے بندوں کے گناہ بخشتا ہے۔ اے مالک تو ہی ہے جو اپنی مہربانی سے جسے چاہتا ہے سلطنت عنایت فرماتا ہے۔ اے قدرت والے تو ہی ہے کہ جب کسی چیز کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے کہتا ہے کہ ہو جا' پس وہ جلدی سے وجود میں آجاتی ہے۔ اے زبردست غلبہ والے، تو ہی ہے جو اپنی مرضی سے جس چیز کو چاہتا ہے فنا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے باقی رکھتا ہے اپنی مشیت سے۔ اے حفاظت کرنے والے تو جسے چاہتا ہے اپنی رحمت کے ذریعے آفات وبلیات سے محفوظ رکھتا ہے۔ اے قدوس تو ہی ہے جس کی پاکیزگی کی وجہ سے ملائکہ مقربین اور انبیاء مرسلین پاک ہو گئے، اے کارساز حقیقی صرف تیری ہی ذات ہے جس کی طرف توکل کرنے والوں کے تمام امور بلند ہوتے ہیں۔ اے امان دینے والے تو ہی ہے جو سب مسلمانوں کو اپنے کرم اور فضل سے امان دیتا ہے۔ اے حکمت والے تو ہی ہے جس کی حکمت و دانائی پر دانشور اور حکماء حیران وسرگرداں ہیں اے خالق تو ہی ہے جو اپنی قدرت سے ہر قسم کی مخلوق پیدا کرتا ہے۔ اے کریم تو ہی جو اپنی عنایت سے انسان کو تمام حیوانات پر شرف عطا فرماتا ہے۔ اے وہاب تو ہی ہے جسے چاہتا ہے لڑکی عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے لڑکا عطا فرماتا ہے۔ تمام بادشاہتوں کا مالک تو ہی ہے جس کا ملک ہمیشہ سے

ہے اور ہمیشہ اس کا غلبہ اور اقتدار رہے گا۔ اے غنی تو اپنے بندوں میں سے جسے ملک عطا فرماتا ہے اور وہ ہمیشہ تیری حکمت کے محتاج رہتے ہیں اے یکتا تو ہی ہے جس کی وحدانیت کے ساتھ بندوں کے دل معلق ہیں۔

اے رؤف تو ہی ہے جو محتاجوں اور مسکینوں کو اپنے در سے محروم نہیں لوٹاتا۔ اے ہدایت دینے والے تو ہی اہل معرفت کو اپنا قرب اور وصال نصیب فرماتا ہے۔ اے قدیم تیری ابتداء وہ انتہا کو پانے میں وہم وگماں قاصر ہیں۔ اے ہادی تو ہی اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے معرفت کی ہدایت عطا فرماتا ہے۔ اے رحیم تو اپنی مخلوق پر اس قدر رحم فرماتا ہے کہ کوئی والد اپنے بچے پر بھی نہیں کر پاتا۔ اے غفور تو ہی نیکیوں کو ظاہر فرماتا ہے برائیوں کو پوشیدہ فرما اپنے فضل وکرم سے۔ معاف فرماتا ہے اے کبیر تو ہی اپنی عظمت اور جلال کے ساتھ بلند و بالا ہے اے بلند و برتر تیری شان بلند ہے۔ تیرا تسلط اور حکمرانی عظیم ہے اے مصور، تو ہی نہایت عمدہ کاریگر سے صورت گری کرتا ہے۔ اے بزرگ و برتر تیرا ملک ہمیشہ باقی رہے گا۔ اے علیم تو ہی اپنے کرم سے جسے چاہتا ہے علم عطا فرماتا ہے۔ اے قریب تو اپنے علم اور قدرت سے ہر چیز سے زیادہ قریب ہے۔ اے واحد و یکتا، تو ہی ہے جو عدل و انصاف کے ساتھ سزا دیتا ہے اس شخص کو جو تیرے ساتھ شریک ٹھہرائے اور تیری وحدانیت کا انکار کرے۔ اے عظیم تیری عظمت کی حقیقت کو پانے میں موحدین کے وہم وگماں بھی قاصر۔ اے ولی تو ہی ہے جو اپنے اولیاء کو مقام ولایت عطا فرماتا ہے اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اے روشن کرنے والے، تیری ہی ذات پاک ہے جس کے نور سے اہل زمین و آسمان منور ہو گئے اے عزیز تو ہی ہے جو اپنے عدل سے کافروں کو ذلت دیتا ہے اور اپنے فضل سے مومنوں کو عزت دیتا ہے۔ اے بہت احسان کرنے والے تو ہی اپنی مخلوق پر احسان کرنے والا اور دعا قبول کرنے

والا ہے اے بردبار تو ہی اپنے فضل اور حلم سے بندوں کے گناہ بخشتا ہے۔ اے قدردان تو جسے چاہتا ہے اپنی عطا سے نعمتوں سے مالا مال کر دیتا ہے۔ اے بہت توبہ قبول کرنے والے تو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور اپنی رحمت سے ان کے گناہ معاف کرتا ہے اے حق تو ہی ہے جو اپنی مخلوق میں حق کو ثابت کرتا ہے اور باطل کو جھٹلاتا ہے۔ اے معید تو ہی ہے جو قیامت کے دن اپنی قضا کے ساتھ مخلوق کو عدل و انصاف اور فضل کے لئے جمع کرے گا۔ اے سبحان تو پاک ہے اور جو کچھ ظالم اور نفس اپنی جہالت کی وجہ سے کہتے ہیں تو اسے جانتا ہے اے اللہ میں تیری بارگاہ میں تیرے مقدس اسماء کا سوال لے کر حاضر ہوا ہوں ان اسماء کی عظمت و شرف اور کمال وجہ کا واسطہ، ان کی برتری اور محبت کے وسیلہ سے' ان کے ذِکر و اُنس' اور ان کے حروف کے اسرار اور ان کی تعداد کے وسیلے سے ان کے چھوٹے بڑے ہونے ان کے درجات اور دعوات کا واسطہ اور ان کے ثواب، خاصیات، تاثیر و تفسیر کا واسطہ اور ان کے ظاہری و باطنی معانی، ان کی علامات، کسور اور تختیوں کا واسطہ اور ان کے چھوٹے ہونے مقدم ہونے اور ان تمام اسماء کی عظمت کا واسطہ محمد مصطفیٰ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر درود و سلام بھیج اور آپ کی اولاد پر اور ہمیں پختہ دین یقین کامل اخلاص کامل اور شوق و محبت غالب عطا فرما اور ہمیں وہ سب کچھ عطا فرما جو تو نے اپنے تمام اولیاء اور اصفیا کو عطا فرمایا اور ہمیں شیطان اور نفس امارہ کے شر سے بچا اور اپنے کرم اور فضل سے تمام دنیوی اور اخروی سزاؤں سے بچا اے سب سے زیادہ کریم اور سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔ اور درود و سلام ہو افضل البشر محمد ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر اور آپ کی تمام اولاد پر۔ اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے ہم تیری رحمت کے طلبگار ہیں۔"

تیسرا وظیفہ:

(اور یہ اکتالیس اسماء پر مشتمل جو آنحضرت سے منقول ہے، پڑھے:)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰی کُلِّھَا وَ تَفْسِیْرِھَا وَ تَاوِیْلِھَا وَ بِحَقِّ حِکْمَتِکَ وَ قُدْرَتِکَ وَ حُرْمَۃِ الْمُقَدَّسِیْنَ مِنْ رُؤسَاءِ حَضْرَتِکَ وَ بِحَقِّ الْعُقُوْلَاتِ الطَّاھِرَاتِ وَالنُّفُوْسِ الزَّاکِیَاتِ وَالْعَرْشِ الْمَجِیْدِ وَالْکُرْسِیِّ الْحَمِیْدِ وَالْاَفْلَاکِ الدَّائِرَاتِ وَالْکَوَاکِبِ النَّیِّرَاتِ وَالْمَوَالِیْدِ الطَّاھِرَاتِ وَبِحَقِّ حَبِیْبِکَ وَ قَرِیْبِکَ وَ لَبِیْبِکَ وَمَظْھَرِ اُلُوْھِیَّتِکَ مُظْھِرِ رُبُوْبِیَّتِکَ مِثَالِ حَضْرَتِکَ تِمْثَالِ قُدْرَتِکَ رُوْحِ الْقُدُسِ مُعْطِی الْحَیَاۃِ وَالْفَضِیْلَۃِ بِأَمْرِکَ مُکْثِرِ الْعَالَمِ مُفِیْضِ نَوَاطِقِ النُّفُوْسِ صَاحِبِ الظَّفْرِ وَالتَّعَالِیْ (مُرَوِّشِ نُوْرِکَ السَّالِکَ☆) اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنْ جُمْلَۃِ اَنْوَارِکَ وَمَظَاھِرِ اَسْرَارِکَ وَمِنَ الْمُشْتَاقِیْنَ اِلَیْکَ وَتُکَلِّمَنِیْ وَ تُقَرِّبَنِیْ لَدَیْکَ وَ تَصْرِفَ عَنْ آفَاتِ النَّفْسِ وَالْبَدْنِ وَتَعْصِمَنِیْ مِنَ الْحَوَادِثِ وَالْفِتَنِ وَتَجْعَلَ لِیْ مِنْ کُلِّ ھَمٍّ فَرَجًا وَمِنْ کُلِّ ضِیْقٍ مَخْرَجًا وَ تَنْصُرَنِیْ عَلٰی جَمِیْعِ اَعْدَائِیْ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَتَنْصُرَ اَھْلَ النُّوْرِ وَالْاِشْرَاقِ وَ تُبَارِکَھُمْ وَاِیَّانَا وَ تُقَدِّسَھُمْ وَ اِیَّانَا اِلٰی اَبَدِ الْآبِدِیْنَ وَدَھْرِ الدَّاھِرِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَ آلِہٖ اَجْمَعِیْنَ.

☆ یہ لفظ یوں تو دونوں نسخوں میں ہی "سروش" ہے، جس کے معانی فرشتہ، الہام یا غیب کی آواز کے ہیں۔ یہ لفظ فارسی زبان کا ہے، اسکا ورود یہاں ناممکن تو نہیں البتہ محال ضرور ہے۔ ہم نے یہاں اپنی بساط کے مطابق اسکا معنی کیا ہے۔ جو قریب تر ہے۔ البتہ قارئین اپنے ذوق کے مطابق سمجھیں۔

آمِینَ آمِینَ آمِینَ یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْم یَا کَرِیْمُ یَا کَرِیْمُ.

اے اللہ میں تیری بارگاہ میں ان تمام اسماء مبارکہ کے توسل سے سوال کرتا ہوں اوران کی جملہ تفسیرات وتاویلات کا وسیلہ پیش کرتا ہوں تیری حکمت وقدرت اور تیری بارگاہ میں تسبیح بیان کرنے والوں کی حرمت عقولات طاہرہ نفوس طیبہ، عرش مجید، کرسی حمید گردش کرنے والے افلاک روشن ستاروں اورنئی ارواح کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں۔

اے اللہ تجھے واسطہ دیتا ہوں تیرے حبیب لبیب، مقرب، تیری الوہیت کے مظہر کامل تیری ربوبیت کا اظہار کرنے والے۔ تیرے وجود کی مثال تیری قدرت کے کامل نمونہ کا جو روح القدس ہیں۔ تیرے حکم سے حیات وفضیلت عطا کرنے والے، جہاں کو کثرت عطا کرنے والے۔ نفوس ناطقہ کے فیض رساں۔ اور عظمت وکامیابی کے مالک، تیرے نور سے سالک کو بھر پور کرنے والے ہیں، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے اپنے جملہ انوار، تیرے رازوں کے مظہر اور تیرے دیدار کے مشتاق بندوں سے بنا، مجھے کلام کا شرف بخش، اپنی قربت عنایت فرما، نفس وبدن کی تمام آفات کو دور فرما، مجھے حادثات اور فتنوں سے محفوظ رکھ مجھے ہر غم سے چھٹکارا اور ہر تنگی سے خلاصی عطا فرما اور جن وانس میں سے میرے دشمنوں پر میری مدد فرما۔"" اہلِ نور کی مدد فرما انہیں اور ہمیں برکت دے۔ اور ابدالآباد تک انہیں اور ہمیں بھی پاکیزگی عطا فرما۔

اور درود ہو خیر البشر محمد ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر اور آپ کی تمام آل پر آمین ثم آمین اے قائم بالذات، اے دوسروں کو قائم رکھنے والے، اے رحم فرمانے والے، اے کریم، اے کریم اے کریم۔"

......❀❀❀......

تیسری فصل:

نماز ظہر اور اس کے اذکار اور دعاؤں کے بیان میں

نماز کی تیار ی کا طریقہ

اے درویش جب، تو ہر نماز کیلئے اٹھے، نماز تجھے قلبی خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھنی چاہیے۔ ہر وضو میں مسواک کو استعمال کر اور اکثر اوقات اپنی ڈاڑھی میں کنگھا کر اور کنگھا کرتے وقت سورت الم نشرح پڑھا کر۔ وضو کرنے کے بعد دو رکعت تحیۃ الوضو کی نیت سے ادا کر اور پہلی رکعت میں سورت فاتحہ کے بعد الکافرون اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورت اخلاص پڑھ، اور اس کے بعد نماز ظہر کی سنتوں میں چاروں قل ترتیب کے ساتھ پڑھ۔ فرض نماز مسجد میں جماعت کے ساتھ ادا کر، اور اگر مسجد نہ جاسکے تو جماعت کو ترک نہ کر اور جب نماز سے فارغ ہو جائے تو ان کلمات کو الفاظ کی صحیح ادائیگی اور معانی کا اچھی طرح خیال رکھتے ہوئے حضورِ دل کے ساتھ زبان پر جاری کر۔ جیسا کہ غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ایک ملفوظ میں فرمایا: العمل غیر مواطات القلب لیس بعمل" یعنی ایسا عمل جو دل کے ناموافق ہے حق تعالیٰ کے ہاں اس کی کچھ قدر نہیں اور ایسا عمل اپنے عامل کو کوئی فائدہ نہیں دیتا۔ وہ کلمات درج ذیل ہیں۔

"اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ وَاِلَیْکَ یَعُوْدُ السَّلَامُ فَحَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَاَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ.

ترجمہ: اے اللہ تو سلامتی والا ہے۔ تو سلامتی دینے والا ہے اور سلامتی تیری

طرف ہی لوٹ جاتی ہے۔اے ہمارے رب ہمیں سلامتی کے ساتھ زندہ رکھ اور سلامتی والے گھر (جنت) میں داخل کرا۔اے ہمارے رب تو برکت والا ہے۔ بلند و عظیم ہے۔جلال و عظمت کا مالک ہے۔

نیز یہ بھی پڑھے:

"لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَا یَمُوْتُ اَبَدًا ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِہِ الْخَیْرِ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ.

ہر نماز کی فرض رکعات کے بعد ان کلمات کو زبان پر جاری کرے اور اس کے بعد اٹھے اور دو رکعت سنت ادا کرے۔اسکے بعد سورت فاتحہ، آیۃ الکرسی اور آیت "شھد اللہ انہ "اور آیت "قل اللھم مالک الملک تا بغیر حساب" کا ورد کرے۔اور تینتیس بار سبحان اللہ ،تینتیس بار الحمد للہ، تینتیس بار اللہ اکبر اور ایک بار یہ کلمات پڑھے

"لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَا یَمُوْتُ اَبَدًا ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ".

اور ان کلمات کو کثرت سے زبان پر جاری رکھے:

سبحان اللّٰہ وبحمدہ سبحان اللّٰہ العظیم.

صلوۃ الخضر

اس کے بعد دس رکعت صلوۃ الخضر پڑھے۔ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ الم ترکیف سے لے کر قرآن مجید کی آخری سورت (الناس) تک، سورتوں کو ترتیب سے

پڑھے اور ایک روایت میں ہے کہ سورت فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پڑھے۔ اور ایک سو مرتبہ محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے اور انسٹھ (۵۹) مرتبہ یہ کلمات بھی کہے:

یَا مُغِیْثُ یَا لَطِیْفُ یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ وَمِنْ عَذَابِکَ اَسْتَجِیْرُ یَا غِیَاثُ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ.

ترجمہ: اے فریاد رسی کرنے والے، لطف و کرم فرمانے والے۔ آسمان و زمین کے پیدا فرمانے والے، عظمت و جلال کے مالک، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تیری رحمت کا سوال کرتا ہوں۔ تیرے عذاب سے پناہ چاہتا ہوں۔ اے فریادیوں کے فریاد رسی فرمانے والے میری مدد فرما۔

اور سورۃ نوح، سورہ دخان، سورہ عم پڑھے اور اگر ہو سکے تو مسبعات عشرہ کو اپنا وظیفہ بنائے اور کہے: "سُبْحَانَ مَنْ یَذْھَبُ بِالْفَجْرِ وَیَاتِیْ بِالظُّھْرِ" اور اسی طرح ہر نماز کے بعد، مسبعات عشر مکمل پڑھے۔ اور جب اس کی دعاؤں اور مسبعات عشرہ پڑھنے سے زبان پر ورد سے فارغ ہو جائے (جو نماز فجر کے ضمن میں لکھی جا چکی ہیں) تو نماز عصر تک تمام وقت تلاوت قرآن یا ذکر یا مراقبہ سے معمور رکھے۔

……❀❀❀……

چوتھی فصل:

نماز عصر' اذکار اور دعاؤں کے بارے میں

اے درویش تمام نمازوں میں یہ قدرت رکھ کہ ہر نماز اوّل وقت میں ادا کرے تا کہ اوّل وقت کی فضیلت سے محروم نہ ہو اور ہر نماز کی تیاری پہلے سے کر اور نئے وضو کے بعد، نماز تحیۃ الوضو پڑھ، چار رکعت سنت عصر ادا کر، عصر کی سنتوں میں سستی و کاہلی نہ کر اور جب فرض نماز مسجد میں با جماعت ادا کرے تو تمام اذکار و اور دعائیں جو گذشتہ نماز کے ضمن میں لکھی گئی تھیں ، کا ورد اور مسبعات عشرہ کے وِرد کے بعد کلمہ "لا اله الا الله محمد رسول الله" اور اس کے بعد نماز صبح کی دعائیں پڑھے اور تین سو گیارہ مرتبہ "اللہ اللہ" کہے اور ایک ہزار ایک مرتبہ حرف ندا کے ساتھ یا اَللّٰہُ کہے اور سو مرتبہ نبی کریم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر وہ درود بھیج جو سلسلہ قادریہ کا معمول ہے: "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ"

اور اگر توفیق ہو تو نماز ظہر کا وظیفہ بھی پڑھے اور ایک ہزار یا سو مرتبہ کلمہ استغفار کو زبان پر جاری کرے اور ترپن (۵۳) مرتبہ پڑھے:

یَا حَفِیْظُ یَا مُقِیْتُ یَا مُغْنِیُ یَا بَدِیْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ وَمِنْ عَذَابِکَ اَسْتَجِیْرُ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِی.

ترجمہ: اے نگہبان مخلوق کو روزی پہنچانے والے، بے نیاز کر دینے والے، آسمان وزمین کے موجد، عظمت و بزرگی والے تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تیری رحمت کا طلبگار ہوں اور تیرے عذاب سے پناہ چاہتا ہوں اے فریادیوں کی فریاد رسی کرنے والے میری مدد فرما۔

اور سورۃ عم، سورۃ رحمٰن اور سورۃ واقعہ ایک ایک بار پڑھے اور سو مرتبہ "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ" کا ورد زبان پر جاری کرے اور حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ حرز پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ رَبِّیْ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ مَاشَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَالَمْ یَشَاء لَمْ یَکُنْ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَاَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَابَۃٍ اَنْتَ آخِذُ بِنَا صِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ.

ترجمہ: اے اللہ تو ہی میرا پروردگار ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو ہی میرا رب ہے، تجھ پر ہی میں نے توکل کیا اور تو عرش عظیم کا مالک ہے جو کچھ تو نے ارادہ فرمایا وہ وجود میں آ گیا اور جو نہ چاہا، اس کا وجود نہ تھا ہماری کچھ قوت طاقت نہیں مگر اسی بزرگ و برتر اللہ کی توفیق سے اور میں جانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے اللہ میں اپنے نفس سے اور ہر اس جانور کے شر سے جس کی پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے تیری پناہ مانگتا ہوں، بے شک میرا رب صراط مستقیم پر ہے۔

حرزِ مذکورہ کو صبح و شام اپنا وظیفہ بنانا چاہیے اور اگر مسبعات عشرہ کا وظیفہ پڑھنا رہ جائے تو اسکے بجائے مذکورہ حرز کو پڑھ لے اور غروب آفتاب تک اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ "یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم" کے وظیفہ میں حضور قلب کے ساتھ اور معانی و مطالب کا لحاظ رکھتے ہوئے مشغول رہے۔

پانچویں فصل:

نمازِ مغرب اور اس کی دعاؤں کا بیان

غروب آفتاب کی دعا

جب آفتاب غروب ہو جائے تو کہے:

اَللّٰهُمَّ بِکَ اَمْسَيْنَا وَبِکَ نَحْيَا وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَيْکَ الْمَصِيْرُ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا.

ترجمہ: اے اللہ ہم نے تیرے ساتھ شام کی، تیرے کرم سے زندہ ہیں اور تو ہی ہمیں موت دے گا اور تیری طرف ہی جانا ہے، میں اللہ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے نبی ہونے پر راضی ہوں۔

اور جب نماز مغرب کی اذان نہ ہوئی ہو تو کہے:

اَللّٰهُمَّ هٰذَا اِقْبَالُ لَيْلِکَ وَاِدْبَارُ نَهَارِکَ وَاَصْوَاتُ دُعَاتِکَ وَحُضُوْرُ صَلَاتِکَ اِغْفِرْلِيْ.

ترجمہ: اے اللہ تیری رات کے آنے کا وقت ہے، تیرے دن کے ختم ہونے اور تیری طرف پکارنے والوں کی آوازوں کا وقت اور نماز کے لئے حاضر ہونے کا وقت ہے میرے گناہ بخش دے۔

اور فرض نماز کو مسجد میں باجماعت ادا کرے اس دعا کے پڑھنے کے بعد " اَللّٰهُمَّ اَنْتَ

السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ " اور آیۃ الکرسی پڑھنے کے بعد، دو رکعت سنت مغرب وقفہ کیے بغیر پڑھے۔ اس کے بعد نماز اوابین پڑھے جس کا ذکر اپنی جگہ علیحدہ لکھا جائے گا۔ اور اس کے بعد ایک سو سات مرتبہ کہے:

یَا سَلَامُ یَا مُؤْمِنُ یَا مُهَیْمِنُ یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ وَمِنْ عَذَابِکَ اَسْتَجِیْرُ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ ".

ترجمہ: اے سلامتی والے، اپنے عذاب سے امن دینے والے، نگہبان، زمین و آسمان کے موجد، بزرگی و عزت والے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تیری رحمت کی امداد چاہتا ہوں اور تیرے عذاب سے پناہ چاہتا ہوں، اے فریاد کرنے والوں کی فریاد رسی کرنے والے میری مدد فرما۔

اور سورۃ فتح، سورۃ واقعہ اور سورۃ ملک کا ورد کرے اور عشاء تک کے اس مبارک وقت کو وظائف، ذکر اور مراقبہ سے معمور رکھے۔

......❁❁❁......

والا ہے اے بردبار تو ہی اپنے فضل اور حلم سے بندوں کے گناہ بخشتا ہے۔اے قدر دان تو جسے چاہتا ہے اپنی عطا سے نعمتوں سے مالا مال کر دیتا ہے۔اے بہت توبہ قبول کرنے والے تو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور اپنی رحمت سے ان کے گناہ معاف کرتا ہے اے حق تو ہی ہے جو اپنی مخلوق میں حق کو ثابت کرتا ہے اور باطل کو جھٹلاتا ہے۔اے معید تو ہی ہے جو قیامت کے دن اپنی قضا کے ساتھ مخلوق کو عدل و انصاف اور فضل کے لئے جمع کرے گا۔اے سبحان تو پاک ہے اور جو کچھ ظالم اور نفس اپنی جہالت کی وجہ سے کہتے ہیں تو اسے جانتا ہے اے اللہ میں تیری بارگاہ میں تیرے مقدس اسماء کا سوال لے کر حاضر ہوا ہوں ان اسماء کی عظمت و شرف اور کمال وجہ کا واسطہ، ان کی برتری اور محبت کے وسیلہ سے' ان کے ذِکر واُنس' اور ان کے حروف کے اسرار اور ان کی تعداد کے وسیلے سے ان کے چھوٹے بڑے ہونے ان کے درجات اور دعوات کا واسطہ اور ان کے ثواب، خاصیات، تاثیر و تفسیر کا واسطہ اور ان کے ظاہری و باطنی معانی، ان کی علامات، کسور اور تختیوں کا واسطہ اور ان کے چھوٹے ہونے مقدم ہونے اور ان تمام اسماء کی عظمت کا واسطہ محمد مصطفیٰ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر درود وسلام بھیج اور آپ کی اولاد پر اور ہمیں پختہ دین یقین کامل اخلاص کامل اور شوق و محبت غالب عطا فرما اور ہمیں وہ سب کچھ عطا فرما جو تو نے اپنے تمام اولیاء اور اصفیا کو عطا فرمایا اور ہمیں شیطان اور نفس امارہ کے شر سے بچا اور اپنے کرم اور فضل سے تمام دنیوی اور اخروی سزاؤں سے بچا اے سب سے زیادہ کریم اور سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔ اور درود وسلام ہو افضل البشر محمد ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر اور آپ کی تمام اولاد پر۔ اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے ہم تیری رحمت کے طلبگار ہیں۔"

والے، آسمانوں اور زمین کے موجد، عزت و بزرگی والے تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں تیری رحمت کا سوال کرتا ہوں، تیرے عذاب سے پناہ چاہتا ہوں، اے فریاد کرنے والوں کی فریادرسی کرنے والے میری مدد فرما۔

اور اگر آخر شب میں اٹھنے کا یقین ہو تو نماز وتر رات کے آخری حصہ میں پڑھے اور اگر رات کے آخری حصہ میں اٹھنے کا یقین نہ ہو تو عشاء کے ساتھ ہی وتر ادا کرے اور وتر پڑھ لینے کے بعد فضول باتوں کی طرف متوجہ نہ ہو اور لسانی یا باطنی اوراد میں مشغول رہے اور نماز وتر کے بعد ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ یا سو (۱۰۰) مرتبہ کلمہ تمجید کو زبان پر جاری رکھے۔

سونے سے پہلے کے وظائف

اور جب بستر استراحت پر جانا چاہے تو سورۃ یسین پڑھے اور ایک ہزار ایک مرتبہ "لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ" کا ورد کرے اور ہر اٹھارہویں عدد پر "مُـحَـمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ" کا اضافہ کرے اور ایک ہزار ایک مرتبہ یہ درود شریف پڑھے:

اَلـلّٰهُـمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ.

اس کے بعد جب سونے میں مشغول ہو تو سانس کے ساتھ مسنون طریقہ سے ذکر کریا" اَللّٰهُ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ " کا ذکر کرے اور ہر اسم کے معانی ملاحظہ کرے۔

......❀❀❀......

باب دوم

﴿سننِ غیر موقّتہ کے بیان میں اور یہ باب سات فصلوں پر مشتمل ہے﴾

پہلی فصل:

نماز اشراق کے بیان میں

نمازِ اشراق کے وظیفہ کے بارے میں اختلاف ہے۔ اکثر روایات میں زیادہ سے زیادہ دس رکعت اور کم سے کم چار رکعت ثابت ہیں۔ جب سورج ایک یا دو نیزہ کے برابر آجائے تو دو رکعت نہایت اخلاص اور حضور قلب سے ادا کرے اور اللہ تعالیٰ کے شکر ادا کرنے کی نیت کرے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرے کہ اس نے اسے رات میں روزی دی۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی خالدون تک پڑھے اور دوسری رکعت میں آمن الرسول سے سورت کے آخر تک پڑھے۔ اور نماز کی قرات بھی کرے اس کے بعد حضور نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجے اور یہ دعا مانگے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَصْبَحْتُ، لَا اَسْتَطِیْعُ دَفْعَ مَا اَکْرَہُ وَلَا اَمْلِکُ نَفْعَ مَا اَرْجُوْا اَصْبَحْتُ مُرْتَھِنًا بِعَمَلٍ وَاَصْبَحَ الْاَمْرُ بِیَدِ غَیْرِیْ فَلَا فَقِیْرَ اَفْقَرُ مِنِّی اَللّٰھُمَّ لَا تُشْمِتْ بِیْ عَدُوِّ وَلَا تَیْئَسْ بِیْ صَدِیْقِیْ وَلَا تَجْعَلْ مُصِیْبَتِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ دُنْیَا وَلَا فِي الْاٰخِرَۃِ وَلَا تَجْعَلِ الدِّیْنَ اَکْبَرَ ھَمِّیْ وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِیْ وَلَا تُسَلِّطْ عَلٰی مَنْ لَا یَرْحَمُنَا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنَ الذُّنُوْبِ الَّتِیْ تُزِیْلُ بِھَا النِّعَمَ وَمِنَ الذُّنُوْبِ الَّتِیْ تُوْجِبُ بِھَا النِّقْمَۃَ.

''اے اللہ میں نے صبح کی اور میرا یہ حال ہو گیا ہے کہ میں مکروہ چیز کو اپنے سے دور نہیں کر سکتا اور جس چیز کی امید ہو اس کا نفع میرے قبضے میں نہیں، میں عمل کا گروی ہو گیا ہوں اور معاملہ غیر کے ہاتھ میں ہے۔ مجھ سے بڑھ کر کوئی تنگ دست نہیں۔''

''اے اللہ میرے دشمن کو میری مصیبت پر خوش نہ کر اور دوست مجھ سے نا امید نہ ہوں، میرے لئے دین و دنیا اور آخرت میں مصیبت نہ بنا، اور دین کو میری ہمت سے بڑا اور میرے علم کی پہنچ سے دور نہ بنا، مجھ پر کسی ایسے شخص کو مسلط نہ فرما جو دنیا و آخرت میں ہم پر رحم نہ کرے۔ اے اللہ میں ان گناہوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ جن کی وجہ سے تو اپنی نعمتیں دور فرما دیتا ہے اور ان گناہوں سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں جن کی وجہ سے تو عذاب اور ذلت لازم کر دیتا ہے۔''

نماز استعاذہ پڑھنے کا طریقہ

اس کے بعد دو رکعت نماز استعاذہ پڑھے اور اس رات اور دن کے شر سے پناہ مانگنے کی نیت کرے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ فلق اور دوسری میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الناس پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد سرورِ عالم ﷺ پر درود بھیجے اور یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُ بِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ وَ کَلِمَتِکَ التَّامَّۃِ مِنْ شَرِّ السَّامَۃِ وَ الْھَامَّۃِ وَاَعُوْذُ بِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ وَ کَلِمَتِکَ التَّامَّۃِ مِنْ شَرِّ مَا یَجْرِیْ بِہِ النَّھَارُ وَمَا یَجِیْءُ بِہِ اللَّیْلُ اِنَّ رَبِّیَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ.

''اے اللہ میں تیرے عظیم نام اور مکمل کلمات کی پناہ چاہتا ہوں ہر چلنے والے اور رینگنے والے کے شر سے اور تیرے بزرگ نام اور مکمل کلمات کی پناہ چاہتا ہوں ان مصائب و آلام سے جو دن اور رات اپنے ساتھ لائیں بلاشبہ میرا رب تو وہ ہے جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ اس پر میں نے توکل کیا اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔''

اور اگر رات ہو تو اس طرح کہے:

مَنْ شَرِّ مَا یَجْرِیْ بِہِ اللَّیْلُ وَمَا یَجِیْءُ بِہِ النَّھَارُ اِلٰھِیْ اِنَّکَ سَلَّطْتَ عَلَیْنَا عَدُوًّا بَصِیْرًا یَرَانَا ھُوَ. وَقَبِیْلُہٗ مِنْ حَیْثُ لَا نَرَاھُمْ اَللّٰھُمَّ فَأَیِّسْہُ مِنْ رَحْمَتِکَ وَقَنِّطْہُ مِنَّا کَمَا قَنَّطْتَّہٗ مِنْ عَفْوِکَ وَابْعِدْ بَیْنَنَا وَبَیْنَہٗ کَمَا بَعَدْتَ بَیْنَہٗ وَبَیْنَ جَنَّتِکَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَبِالْاِجَابَۃِ جَدِیْرٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ.

''اس کے شر سے جو رات اپنے ساتھ لائی اور اس کے شر سے جو دن اپنے ساتھ لاتا ہے اے اللہ تو نے ہم پر ایک ایسے دیکھنے والے دشمن کو مسلط کر دیا ہے کہ وہ خود اور اس کے چیلے تو ہمیں دیکھ سکتے ہیں لیکن ہم اسے نہیں دیکھ پاتے۔ پس اسے اپنی رحمت سے مایوس کر دے اور ہم سے ناامید کر دے جس طرح تو نے اسے اپنے عفو و درگزر سے ناامید کر دیا ہے اور ہم میں اور اس میں اتنی دوری کر دے جتنی تو نے اس کے درمیان اور اپنی جنت کے درمیان دوری کر دی ہے، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے اور دعاؤں کے سننے کا زیادہ اہل ہے، نہ تو گناہوں

سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ ہی نیک اعمال کرنے کی قوت مگر اسی بزرگ و برتر اللہ کی توفیق سے۔"

نماز استخارہ اور اس کا طریقہ

اور دو رکعت نماز استخارہ ادا کرے اور ہر قسم کے احوال و اقوال اور افعال میں خیر و برکت کی نیت کرے، پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ الکافرون اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد حضور نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجے اور دعا پڑھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْأَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ فَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنِّی لَا اَمْلِکُ لِنَفْسِیْ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا وَلَا مَوْتًا وَلَا حَیَاتًا وَلَا نُشُوْرًا وَلَا اَسْتَطِیْعُ اَنْ آخُذَ اِلَّا مَا اَعْطَیْتَنِیْ وَلَا اَتَّقِیَ اِلَّا مَا وَقَیْتَنِیْ. اَللّٰھُمَّ فَوَفِّقْنِیْ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی مِنَ الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ فِی الْعَافِیَۃِ اَللّٰھُمَّ خُزْلِیْ فَأَخُذْ لِیْ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی اِخْتِیَارِیْ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ الْخَیْرَاتَ فِیْ کُلِّ قَوْلٍ وَفِعْلٍ اُرِیْدُہٗ فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ وَاللَّیْلَۃِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اِنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ (یہاں پر اپنی حاجت اور کام کا نام لے) خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَتِیْ وَعَاجِلَتِیْ فَقَدِّرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ (یہاں پر اپنی حاجت اور کام کا نام لے) شَرٌّ لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَ عَاقِبَۃَ اَمْرِیْ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَقَدِّرْلِیَ الْخَیْرَ اَیًّا مَّا کَانَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

''اے اللہ میں تیرے علم کے ساتھ استخارہ کرتا ہوں اور تیری قدرت کے ساتھ تجھ سے قدرت چاہتا ہوں اور تجھ سے تیرے فضل عظیم کا سوال کرتا ہوں بے شک تو قدرت والا ہے اور میں کچھ قدرت نہیں رکھتا، تو جانتا ہے، اور مجھے کچھ علم نہیں۔ تو غیبوں کا جاننے والا ہے۔ اے اللہ میں اپنے لئے کسی نفع ونقصان کا مالک نہیں نہ ہی موت وحیات اور دوبارہ جی اٹھنے کی قدرت رکھتا ہوں۔ اور میں کوئی چیز حاصل نہیں کرسکتا مگر جو کچھ تو مجھے عطا فرمائے نہ میں کسی چیز سے بچ سکتا ہوں مگر جس سے تو مجھے بچائے۔ اے اللہ مجھے بھلائی کے اس قول اور عمل کی توفیق دے جو تجھے پسند ہو اور جس سے تو راضی ہو۔ اے اللہ مجھے اپنی حفاظت ونگرانی میں لے لے اور مجھے اپنے اختیار اور قوت کے سپرد نہ کر اے اللہ اس دن اور رات جو کام اور قول میں کرنا چاہتا ہوں اس میں بھلائی اور برکت دے۔ اے اللہ اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام (اپنے کام کا نام لے) میرے لئے دین ودنیا اور میرے معاش وعاقبت میں بہتر ہے، تو میرے لئے مقدر کرے اور اسے میرے لئے آسان بنادے اور اس میں میرے لئے برکت دے اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے لئے میرے دین ودنیا اور انجام کار میں برا ہے تو اسے مجھ سے پھیر لے اور مجھے اس سے دور فرما، اور ہر کام میں مجھے بھلائی عطا فرما بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔''

اور یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ فِعْلِیْ وَقَوْلِیْ وَعَمَلِیْ وَشَغْلِیْ وَصُحْبَتِیْ مَعَ الْخَلْقِ فِیْ ھٰذَا الْیَوْمَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ دُنْیَایَ وَمَعَاشِیْ وَمَعَادِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْھَالِیْ وَیَسِّرْھَا لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْھَا وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاقْدِرْلِیَ الْخَیْرَحَیْثُ مَا

كُنْتَ تَرضَى بِهِ.

''اے اللہ اگر آج کے دن مخلوق کے ساتھ میرا قول و فعل، عمل، شغل، اٹھنا بیٹھنا، میرے دین و دنیا، معاش، آخرت اور عاقبت کے لئے بہتر ہے۔ تو مجھے اس پر قدرت دے اور میرے یہ کام آسان فرمادے اور ان تمام امور میں مجھے برکت دے، اور اگر تیرے علم میں یہ امور میرے لئے دین اور دنیا کے لئے شر کا باعث ہیں تو ان امور کو مجھ سے پھیر لے اور مجھے ان سے دور فرمادے اور جہاں بھی تیری رضا ہے وہاں ہمارے لئے خیر مقدر کر دے۔''

نماز استحباب اور اس کا طریقہ

اور دو رکعت نمازِ استحباب ادا کرے۔

اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل کرنے کے لئے پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ القدر اور دوسری رکعت میں سورہ کوثر پڑھے نماز سے فارغ ہونے کے بعد حضور نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجے اور یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَاءِ اِلَيَّ وَخَشِيَّتَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَاءِ عِنْدِيْ اَللّٰهُمَّ اِنْ قَرَرْتَ عُيُوْنَ اَهْلِ الدُّنْيَا بِدُنْيَاهُمْ فَاَقْرِرْ عَيْنِيْ بِكَ وَبِعِبَادَتِكَ وَاقْطَعْ عَنْ لَذَائِذِ الدُّنْيَا بِاُنْسِكَ وَالشَّوْقِ اِلٰى لِقَائِكَ وَاجْعَلْ طَاعَتَكَ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ مِنِّيْ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ اَحَبَّكَ وَحُبَّ مَنْ تُحِبُّهٗ وَحَبَّ عَمَلٍ يُقَرِّبُنِيْ اِلٰى حُبِّكَ وَاجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيْنَا مِنْ نَفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ لِلْعَطْشَانِ وَاسْقِنِيْ مِنْ كَاْسِ مُحَمَّدٍ ﷺ شُرْبَةً لَا ظَمأً بَعْدَهَا يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ.

''اے اللہ اپنی محبت میرے لئے تمام اشیاء کی محبت سے زیادہ بنادے اور اپنی خشیت کو

میرے لئے تمام اشیاء کے خوف سے زیادہ کر دے۔ اے اللہ اگر تو دنیا کی آنکھوں کو ان کی دنیا کی وجہ سے ٹھنڈا کرے تو میری آنکھیں اپنی محبت اور عبادت سے ٹھنڈی کر۔ اور مجھے لذائذ دنیا سے اپنی محبت و انس اور شوق دیدار کے ذریعے جدا کر دے اور میرا ہر عمل اپنی اطاعت کے لئے بنا۔ اے اللہ مجھے اپنی محبت عطا فرما اور ان کی محبت جنہوں نے تجھ سے محبت کی اور ان کی محبت جن سے تو نے محبت کی اور مجھے ہر اس کام کی محبت جن سے تو نے محبت کی اور مجھے ہر اس کام کی محبت دے جو تجھے تیری محبت کے قریب کر دے اور اپنی محبت ہمارے لئے میری جان و اھل سے زیادہ محبوب بنا اور شدید پیاسے کو ٹھنڈے پانی سے جتنی محبت ہوتی ہے اس سے زیادہ اپنی محبت عطا فرما۔ اور مجھے محمد ﷺ کے پیالے سے ایک گھونٹ پلا دے جس کے بعد کبھی پیاس نہ ہو۔ اے جلال و بزرگی والے۔'

اور دو رکعت نماز شکر النہار

دن کا شکر ادا کرنے کے لئے پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ الاخلاص پانچ بار پڑھے۔ نماز سے فراغت کے بعد سرورِ دو عالم ﷺ پر درود بھیجے۔ اور تین مرتبہ یہ دعا پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی حُسْنِ الصَّبَاحِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی حُسْنِ الْمَسَاءِ.

اور اس دعا کا بھی ورد کرے:

اَللّٰھُمَّ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ فَاطِرَ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطَانِ وَشِرْکِهٖ.

''اے اللہ! حاضر و غیب و جاننے والے آسمان و زمین کے پیدا کرنے والے میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے شر اور اس کے شرک سے۔''

مشکلات سے نجات کے لئے دعا

کفایت مہمات کے لئے اس دعا کا ورد کرے:

اَشْهَدُ اَنْ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ وَاَنَّ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ كَلِمَةٌ اَلْقٰى اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِنْهُ وَاَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ وَاَنَّ النَّارَ حَقٌّ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ خَيْرَ عُمْرِىْ آخِرَهُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ خَوَاتِيْمَ اَمْرِىْ رِضًا بِكَ وَرِضْوَانَكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ خَيْرَ اَيَّامِىْ يَوْمَ اَلْقَاكَ اَعِنَّا عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ سُبْحَانَ رَبِّىَ الْعَلِىِّ الاَعْلٰى الْوَهَّابُ.

''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ یکتا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور محمد ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ اس کے بندے اور رسول ہیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم کلمۃ اللہ ہیں۔ جو اللہ نے حضرت مریم کی طرف پھینکا اور وہ اللہ کی روح ہیں جنت حق ہے اور دوزخ حق ہے۔ اے اللہ میری عمر کا خاتمہ اچھا کر میرے کاموں کا انجام اپنی خوشنودی اور رضا بنا، اے اللہ میرے وہ دن بہتر بنا جب میں تجھ سے ملاقات کروں۔ اپنے ذکر شکر اور حسن عبادت پر ہی ہماری مدد فرما۔'' اللہ تعالیٰ بزرگ و برتر اور عطا کرنے والے کی ذات پاک ہے۔

اور یہ دعا بھی پڑھے:

اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْنَا قَبْلَ الْمَوْتِ وَارْحَمْنَا عِنْدَ الْمَوْتِ وَلاَ تُعَذِّبْنَا بَعْدَ الْمَوْتِ اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَكَرَاتَ الْمَوْتِ.

''اے اللہ موت سے قبل ہماری توبہ قبول فرما۔ موت کے وقت ہم پر رحم فرما۔ اور موت کے بعد ہمیں عذاب نہ دے۔ اے اللہ سکرات موت کو ہمارے لئے آسان فرما۔''

اوران کلمات کا بھی ورد کرے:

حَسْبِیَ اللّٰہُ الْھَادِی لِدِیْنِی حَسْبِیَ اللّٰہُ الْمُعِیْنُ لِدُنْیَایَ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْکَافِیُ لِمَا رَحِمَنِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْقَوِیُّ لِمَنْ بَغٰی عَلَیَّ حَسْبِیَ اللّٰہُ الرَّحِیْمُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِیَ اللّٰہُ الرَّؤُفُ عِنْدَ الْمَسْأَلَۃِ فِی الْقَبْرِ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْکَرِیْمُ عِنْدَ الْحِسَابِ حَسْبِیَ اللّٰہُ اللَّطِیْفُ عِنْدَ الْمِیْزَانِ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْقَدِیْرُ عِنْدَ الصِّرَاطِ۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَافِظُ السَّاتِرُ عِنْدَ الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ حَسْبِیَ اللّٰہُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ عِنْدَ وَرُوْدٍ فِی الْجَنَّۃِ حَسْبِیَ اللّٰہُ الَّذِی لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ حَسْبِیَ اللّٰہُ رَبٌّ مِنَ الْمَرْبُوْبِیْنَ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْخَالِقُ مِنَ الْمَخْلُوْقِیْنَ حَسْبِیَ اللّٰہُ الرَّؤُفُ مِنَ الْمَرْزُوْقِیْنَ حَسْبِیَ اللّٰہُ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْعَزِیْزُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

''دین کی ہدایت کے لئے مجھے اللہ ہی کافی ہے۔ دنیا میں مجھے اللہ ہی مددگار کافی ہے۔ رحم کرنے کے لئے مجھے اللہ ہی کافی ہے۔ مجھے اللہ ہی کافی ہے جو حکمت والا ہے اور مجھ پر زیادتی کرنے والے پر طاقت رکھتا ہے۔ موت کے وقت مجھے اللہ رحیم ہی کافی ہے۔ قبر میں سوال کے وقت مجھے اللہ رؤف ہی کافی ہے۔ حساب و کتاب کے وقت مجھے اللہ کریم ہی کافی ہے۔ میزان کے وقت مجھے اللہ لطیف ہی کافی ہے۔ پل صراط کے وقت مجھے اللہ قدیر ہی کافی ہے۔''

''روزِ حشر مجھے اللہ نگہبان و خطاؤں کو چھپانے والا ہی کافی ہے۔ جنت میں داخل ہوتے وقت مجھے اللہ تمام نقصانات سے محفوظ اور اپنے عذاب سے امن دینے والا ہی کافی ہے۔ مجھے وہی اللہ کافی ہے۔ جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں نے اسی پر توکل کیا اور وہ عرش عظیم کا رب

ہے۔ مجھے اللہ پروردِگار ہی کافی ہے تمام مربین کو چھوڑ کر۔ تمام مخلوق سے مجھے اللہ ہی کافی ہے جو خالق ہے۔ تمام رزق دینے والوں سے مجھے اللہ ہی کافی ہے جو رؤف ہے مجھے اللہ ہی کافی ہے مجھے اللہ ہی کافی ہے۔ جو غالب ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اسی پر توکل کیا اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔"

دوسری فصل:

نمازِ چاشت اور اس کی دعائیں

نماز چاشت کی بارہ رکعتیں ثابت ہیں اور ایک قول کے مطابق نماز چاشت کی کم سے کم تعداد چار رکعت ہے۔ اور ارباب عزیمت آٹھ رکعت یا چار رکعت نماز چاشت کو نمازِ اشراق کے ساتھ متصل شمار کرتے ہیں ۔ اور نماز چاشت کی پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ والشمس اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ واللیل، تیسری رکعت میں سورہ والضحیٰ اور چوتھی رکعت میں سورہ الم نشرح پڑھنا ثابت ہے۔ اور اگر آٹھ رکعت ادا کرنا ہو تو باقی میں فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار یا تین بار پڑھے۔ اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد ستر بار کہے:

سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهِ.

اس کے بعد سجدہ میں چلا جائے اور سات مرتبہ یَا وَهَّابُ کہے۔ اس کے بعد قرآن مجید کے ایک پارے کی تلاوت آہستہ آواز میں کرے یا فمی بشوق کی ترتیب سے تلاوت کرے جو حضرت پیر دستگیر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے اور قرآن کی تلاوت کے آداب میں اس کا بیان ہوگا۔

باطنی دشمن سے نجات حاصل کرنے کا طریقہ

ان باطنی دشمنوں کو بھگانے کے لئے جن کے بارے میں منقول ہے کہ تیرا سب سے بڑا

دشمن وہ نفس ہے جو تیرے پہلوؤں میں ہے۔ اور ظاہری دشمنوں کے مقابلہ کرنے کے لئے ان حزروں کا ورد کرے۔ اکتالیس (۴۱) اسم جو حضرت غوث الاعظم سے منقول ہیں۔ اور بارہ اسرار اور حزب البحر کا ورد کرے۔ سوچ کو درست رکھنے اور ذہن کو محفوظ رکھنے کے لئے دعائے عکانہ کو مداومت سے پڑھے۔ اور باطن کی فتح کے لئے حرز کبیر کا ورد کرے۔ اور اکثر اوقات درود شریف پڑھتا رہے۔ جس طرح کہ غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب تو کسی مشکل میں پڑ جائے اور غموں میں مبتلا ہو جائے تو حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر کثرت سے درود شریف پڑھ اللہ تعالیٰ تجھے مصائب سے خلاصی دے گا۔ اور بالخصوص یہ درود شریف جو حضرت پیر دستگیر سے منقول ہے پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّی الطَّاھِرِ الزَّکِیِّ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ صَلٰوۃً تُحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ وَتَفُکُّ بِہِ الْکُرَبَ صَلٰوۃً فِیْھَا رِضًی وَلِحَقِّہٖ اَدَاءٌ.

خصوصی دعائے غوثیہ

اس کے بعد یہ دعا پڑھے ان میں سے بعض چیزیں حضرت غوث الاعظم کے خاص وظائف میں سے ہیں: [☆]

﴿اَللّٰھُمَّ اَرْضَ عَنْ اَمَنَاءِ دِیْنِکَ وَخُلَفَاءِ اَوْلِیَائِکَ عَنِ الرَّفِیْعِ الْعِمَادِ وَالطَّوِیْلِ النَّجَادِ الْمُؤَیَّدِ بِالتَّحْقِیْقِ الْمَکْنٰی بِالْعَتِیْقِ الْخَلِیْفَۃِ الشَّفِیْقِ الْمُسْتَخْرَجَ مِنْ اَطْھَرِ اَصْلِ عَرِیْقِ الَّذِی اِسْمُہٗ مَعَ اسْمِہٖ مَقْرُوْنٌ وَجِسْمُہٗ مَعَ جِسْمِہٖ مَدْفُوْنٌ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ اَبِی بَکْرِ الصِّدِّیْقِ رضی اللہ عنہ وَعَنِ الْقَصِیْرِ الْاَمَلِ الْکَثِیْرِ الْعَمَلِ الَّذِی لَا یَتَدَاخَلُ اَفْعَالَہٗ مَلَلٌ ذٰلِکَ الْمُؤَیَّدُ بِالصَّوَابِ الْمُلْھَمِ

فَصْلَ الْخِطَابِ الَّذِی وَافَقَ حُکْمُهُ نَصَّ الْکِتَابِ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عُمَرُ ابْنِ الْخَطَّابِ ﷺ وَعَمَّنْ شَیَّدَ الْاِیْمَانَ وَرَتَّلَ الْقُرْآنَ وَشَتَّتَ الْفُرْسَانَ وَضَعْضَعَ الطُّغْیَانَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانٍ ﷺ اَفْضَلُ الشُّهَدَاءِ وَاَکْرَامُ الْکُرَمَاءِ ذِی النُّوْرَیْنِ وَعَنِ الْبَطَلِ الْبُهْلُوْلِ زَوْجِ الْبَتُوْلِ وَسَیْفِ اللّٰهِ الْمَسْلُوْلِ مَظْهَرِ الْعَجَائِبِ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ ابْنِ اَبِی طَالِبٍ ﷺ وَعَنِ السِّبْطَیْنِ الشَّهِیْدَیْنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ رضی اللّٰه عنهما وَعَنِ الْعَمَّیْنِ الشَّرِیْفَیْنِ حَمْزَةَ وَالْعَبَّاسِ رضی اللّٰه عنهما وَعَنِ الْاَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرِیْنَ وَالتَّابِعِیْنَ لَهُم بِاِحْسَانٍ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ رِضْوَانِ اللّٰهِ تَعَالٰی عَنْهُم اَجْمَعِیْنَ وَعَنِ الْأَئِمَّةِ الْمَهْدِیِّیْنَ وَالْعُلَمَاءِ الْمُجْتَهِدِیْنَ وَعَنْ سِرَاجِ الْاُمَّةِ اَبِی حَنِیْفَةَ الْکُوْفِی وَعَنِ الْاِمَامِ الشَّافِعِی وَعَنِ الْاِمَامِ الْمَالِکِ ابْنِ اَنَسٍ وَعَنِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ وَعَنْ جَمِیْعِ الْمَشَائِخِ وَالْأَوْلِیَاءِ وَعَنِ الشَّیْخِ الْمُرْشِدِ اَبِی سَعِیْدٍ مُبَارَکِ ابْنِ عَلی الْمَخْزُوْمِی ﷺ وَعَنِ الْقُطْبِ الرَّبَّانِی وَالْغَوْثِ الصَّمْدَانِیِّ وَالْحَبِیْبِ الرَّحْمَانِیِّ وَبَحْرِ الْمَعَانِیِّ شَیْخِ السَّموَاتِ وَالْاَرْضِیْنَ سَیِّدْ عَبْدِ الْقَادِرِ الْحَسَنِیِّ الْحُسَیْنِیِّ الْجِیْلَانِیِّ [۱] وَعَنْ شیخ الارباب و قُطب الاقطاب سید عبدُالوهاب الحسنی الجیلانی و عَنْ شَیْخِ الْاَبْرَارِ شَیْخِ مُحَمَّدِ الصَّفِیِّ الْحَسَنِیِّ الْجِیْلَانِیِّ. وَعَنِ الشَّیْخِ الْغَوَّاصِ الْخَوَّاصِ شَیْخِ اَبِی الْعَبَّاسِ اَحْمَدَ الْحَسَنِیِّ الْجِیْلَانِیِ وَعَنِ الشَّیْخِ الْوَدُوْدِ الْمَوْدُوْدِ اَبِی عَلِیِّ الْمَسْعُوْدِ الْحَسَنِیِّ الْجِیْلَانِیِّ وَعَنِ الشَّیْخِ الْمُعِیْنِ الْمُرْشِدِ الْمُبِیْنِ اَبِی الْحَسَنِیِّ عَلِیِّ نُوْرِ الدِّیْنِ الْحَسَنِیِّ الْجِیْلَانِیِ وَعَنْ شَیْخِ السُّخْبَاءِ اَبِی مُحَمَّدٍ شَاهمِیْرِ الْحَسَنِیِّ

الْحُسَيْنِيّ الْجِيلَانِي وَعَنْ شَيْخ النُّقَبَاءِ شَيْخ شَمْسِ الدِّيْن مُحَمَّدِ الْحَسَنِيّ الْجِيلَانِي وَعَنْ شَيْخ الْقُرْبَاءِ شَيْخ مُحَمَّدِ الْحَسَنِيّ الْجِيلَانِي [٢] وَعَنْ شَيْخ التَّقِيّ النَّقِيّ الْوَفِيّ. الصَّالِح الْمَالِح الْمُرْشِدْ ابى الْفَتْح سَيِّد عَبْد لْقَادِرِ الثَّانِي الْحَسَنِيّ الْجِيلَانِي [٣] وَعَنِ الشَّيْخِ الْمجتهد العالم ابى على شيخ عبدالرزاق الحسنى الجيلانى و عن شيخ الشيخ الْعَامِلِ الْعَارِفِ الْمُرْشِدِ الرَّشَادِ غَوْثِ الزَّمَانِ شَيْخ حَامِدِ الْحَسَنِيّ الْجِيلَانى قَدَّسَ اللّٰهُ اَرْوَحَهُمْ وَاَرْوَاحَ جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءَ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِك وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ وُجُوْهَ مَشَائِخِنَا وَسَادَاتِنَا بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ اَللّٰهُمَّ أَدِمْ قُرَّةَ اَعْيُنِهِمْ بِجَمَالِ ذَاتِكَ الْقَدِيْمِ اَللّٰهُمَّ اَعْلِ دَرَجَاتِهِمْ فِى اَعْلَى عِلِيِّيْنَ اَللّٰهُمَّ اَوجِدْهُم حقِيقَةَ حَقِّ اليَقين .اللّٰهم اِجْعَلْهم فِى نَظْمِ النَّبِيِّين اللهم اَلْحِقْهُمْ فِىْ ذُرِيَتِهِمْ وَالطَّاهِرِيْنَ خَيْرَ مَا خَلَقْتَ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ عَرِّفْهُمْ فِى مُحِبِّيْهِم الْفَائِزِيْنَ اَجْمَلَ مَاعَرَّفْتَ اَحَدًا مِنْ اَحَبابِكَ الصَّادِقِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَرْضِ اَرواحَهُم العَزِيزَةَ عَنَّا اللّٰهم بَلِّغْهُم تَحِيَّةَ وَسَلَامَنَا اللّٰهم اَعْطِ اَوْلَادَهُمْ وَاِخْوَانَهُمْ وَاَصْحَابَهُمْ خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَاعْصِمْهُمْ مِنْ شَرِّ الدُّنْيَا وَشَرِّ الْآخِرَةِ اَللّٰهُمَّ زِدْهُمْ شَرَفًا وَّكَرَمًا وَّاِكْرَامًا حَتَّى تُبَلِّغَهُمْ عَلَى دَرَجَاتِ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالْاَفَاضِلِ الْمُقَرَّبِيْنَ اَللّٰهُمَّ اصْرِفْ عَنْهُمْ وَعَنَّا وَعَنِ الْمُسْلِمِيْنَ عَوَائِقَ الزَّمَانِ وَطَوَارِقَ الْحَدْثَانِ وَحَيْفَ الْوُلَاةِ وَسَيْفَ الْمُعْدَاتِ وَالْعُيُوْنَ الْحَاسِدَاتِ وَالظُّنُوْنَ الْفَاسِدَاتِ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ عَلَيْنَا مُتَابِعَتَهُمْ وَ اَوْصِلْ

اِلَینا فُتُوحَاتِھِمْ وَ أَدِمْ اِلَینَا بَرَکَاتِھِمْ وَ اَلْحِقْنَا بِھِمْ وَاحْشُرْنَا فِیْ زُمْرَتِھِمْ وَاھْدِنَا ھَدَاھُمْ وَاَسْلِکْنَا طَرِیْقَتَھُمْ اَنْتَ اِلٰھُنَا وَ مَوْلَانا نَسْأَلُ مِنْکَ اَنْ تُصْلِحَ شَأْنَنَا وَشَأْنَ اِخْوَانِنَا وَاَصْحَابِنَا وَ اَحْبَابِنَا وَ اَوْلَادِنَا وَ شَأْنَ وُلَاۃِ اُمُوْرِنَا.﴾

اے اللہ تو راضی ہو اپنے دین کے امینوں سے اپنی رحمتیں نازل کر ان پر جو تیرے برگزیدہ بندے تھے۔ جو اونچے گھرانے کے اور بڑے پرتلوں والے تھے۔ حق جن کا مؤید تھا۔ جن کی کنیت عتیق تھی، جو خلیفہ مہربان تھے۔ جن کی اصل بہت پاک تھی جن کا نام سرورِ کائنات ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے نام گرامی کے ساتھ مقرون اور جن کا جسم حضور ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے جسم اطہر کے پہلو میں مدفون ہے۔ یعنی امیر المؤمنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر اور ان پر جو کم خواہشات والے اور کثیر العمل تھے جو راہ حق میں کسی طرح تھک نہ سکتے تھے، حق جن کی تائید پر تھا۔ جنہیں فیصلہ و تصفیہ کرنا الہام ہو چکا تھا وہ جن کا حکم کئی دفعہ وحی اور آیات قرآنی

[☆] جو عبارتیں ان ﴿ ﴾ قوسین کے اندر ہیں یہ جناب غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے روایت ہیں، باقی حضرت موسیٰ شہید قدس اللہ سرہ سے منقول ہیں۔

[۱] سلسلہ قادریہ رزاقیہ اور عزیزیہ کے مریدین یہاں سے نیچے اپنے سلسلہ طریقت کے مشائخ کے اسماء گرامی پڑھیں۔

[۲] سلسلہ نوشاہیہ کے مریدین اس سے نیچے حضرت سید شیخ مبارک حقانی رحمۃ اللہ علیہ سے شروع کر کے اپنے شیخ تک پڑھیں۔

[۳] ہمارے سلسلہ عالیہ شیخویہ اور قطبیہ کے مریدین یہاں خط کشیدہ عبارت سے نیچے وعن امام الصالحین و ھادی السالکین سید میر محمد غوث الجیلانی و عن نصیر الملۃ والدین و ھادی المضلین سید عبدالقادر الثالث ...... سے آگے اپنے شیخ تک پڑھیں۔

کے موافق اترا یعنی امام عادل امیر المؤمنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ پر اور ان پر جنہوں نے لشکر پھیلا کر کفار کی سرکشی مٹادی اور کلام ربانی کو اس کی تلاوت سے مزین کیا۔ جو افضل الشہداء اور اکرام السعداء ہیں جن کا لقب ذوالنورین تھا یعنی امیر المؤمنین عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ پر اور ان پر جو شیر خدا، زوج بتول اور اللہ تعالی کی سونتی ہوئی تلوار تھے یعنی مظہر العجائب امام عادل امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضور سرورِ کائنات علیہ الثناء والتحیات کے نواسے سبطین الشہیدین امام حسن و حسین اور آپ کے عم بزرگ حضرت حمزہ اور حضرت عباس اور تمام مہاجرین وانصار پر اور ان پر جو قیامت تک ان کی پیروی کرتے رہیں۔ اے اللہ راضی ہو تمام ہدایت یافتہ ائمہ عظام، علماء مجتہدین، چراغ ملت امام ابوحنیفہ، امام شافعی، امام احمد بن حنبل اور تمام مشائخ طریقت اور اولیائے کرام سے اور اپنی رضا و خوشنودی سے نواز حضرت ابوسعید مبارک بن علی مخزومی، قطب ربانی غوث صمدانی، حبیب رحمانی بحر معانی، شیخ ارض وسما، عبدالقادر حسنی حسینی جیلانی کو اور تو راضی ہو شیخ ابرار شیخ محمد الصفی الحسنی الجیلانی سے۔ ''شیخ غواص ابو العباس احمد حسنی جیلانی، شیخ ابو علی مسعود حسنی جیلانی، مددگار اور مرشد برحق ابو علی نورالدین حسنی جیلانی، ابو محمد الحسنی الجیلانی، شیخ قربا شیخ محمد حسنی جیلانی، شیخ تقی نقی وفی، صالح مرشد ابوالفتح سید عبدالقادر الثانی حسنی جیلانی شیخ مجتہد، عالم باعمل ابو علی شیخ عبدالرزاق حسنی جیلانی، شیخ عامل، عارف، ہادی و مرشد غوث زماں شیخ حامد حسنی جیلانی سے اے اللہ ان تمام بزرگوں کی ارواح کو مقدس بنا، اور تمام مومن مردوں اور عورتوں تمام مسلمان مردوں اور عورتوں زندوں اور مردوں کی ارواح کو پاکیزہ فرما۔ تیری رحمت کے طلبگار ہیں۔ اے اللہ محمد ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ اور آپ کی تمام اولاد پر درود وسلام بھیج اور اپنی برکتیں نازل فرما، اے اللہ ہمارے مشائخ اور سادات کے چہروں کو اپنے نور سے روشن کردے۔ اے اللہ ہمارے اپنے

قدیم اور ذاتی جمال کے ساتھ ان کی آنکھوں کو ہمیشہ ٹھنڈا رکھ۔ اے اللہ اعلی علیین میں ان کے درجات کو بلند فرما۔ اے اللہ انہیں حق الیقین کی حقیت عطا فرما۔ اے اللہ انہیں انبیاء کے گروہ میں شامل کر اے اللہ ان کی اولاد کو پاکیزہ بنا اور انہیں اپنی مخلوق میں سے نیک بندوں کے ساتھ ملا دے۔ اے اللہ انہیں عشاق بامراد میں متعارف کرادے۔ جس طرح تو نے اپنے سچے اور مخلص اولیاء کو عرفان عطا کیا۔ اے اللہ ان کی ارواح کو ہم سے راضی رکھ۔ ہمارے تحفے اور سلام ان تک پہنچا۔ ان کی اولاد بھائی اور ساتھیوں کو دنیا و آخرت کی بھلائی عطا فرما اور انہیں دنیا و آخرت کے شر سے محفوظ رکھ۔ اے اللہ ان کے شرف و کرم میں اضافہ فرما یہاں تک کہ تو انہیں صدیقین کے درجہ تک پہنچائے اور صاحب فضیلت مقربین کے مرتبہ تک پہنچائے۔ اے اللہ ان سے ہم نے اور تمام مسلمانوں سے زمانے کے مصائب، حادثات، سلاطین کے ظلم، سونتی ہوئی تلواریں، حسد کرنے والی آنکھیں اور جھوٹے گمان دور فرما دے۔ اے اللہ ان کی پیروی ہمارے لئے آسان فرما۔ ان کی برکتیں ہم تک پہنچا ہم کو ان کے ساتھ ملا دے۔ قیامت کے روز ان کے زمرے میں شامل کر ہمیں انہی کے راستے پر چلا تو ہمارا معبود اور آقا ہے ہم تجھی سے سوال کرتے ہیں کہ تو ہمارے اور ہمارے بھائیوں، ساتھیوں دوستوں ہماری اولاد اور ہمارے حکام کے معاملات درست فرما۔"

اور بالخصوص حضرت پیر دستگیر کے نام مبارک کا ان الفاظ میں ایک سو گیارہ مرتبہ ورد کرے۔

اِلٰهِی بِحُرْمَةِ الشَّیْخ مُحیِ الدِّیْنِ اَبُو مُحَمَّدٍ سَیِّد عَبْدِ الْقَادِرِ ابْنِ اَبِی صَالِح مُوْسٰی الْحَسَنِیّ الْحُسَیْنِیّ الْجِیْلَانِیّ رضی اللہ عنہ۔

اور ایک (۱) مرتبہ سورۃ جمعہ، سو (۱۰۰) مرتبہ سورۃ اخلاص، سو

(۱۰۰) بار سورۃ فاتحہ، سو (۱۰۰) مرتبہ سبحان اللہ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اور سو (۱۰۰) مرتبہ یہ درود شریف پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ.

اور وہ دعائیں اور اذکار جو دعا کی فصل میں لکھے جائیں گے اگر توفیق ہو تو ان کو بھی اپنا وظیفہ بنائے۔ اس کے بعد قیلولہ اور آرام کرنے کی نیت کرے کیونکہ قیلولہ رات کے قیام میں ممد و معاون ثابت ہوتا ہے اور مطلوب کے لیے مفید ہے اور حقیقت یہ ہے کہ اگر نفس کو آرام سے بالکل محروم کر دیا جا ہے تو دماغ پر خشکی چھا جاتی ہے اور مزاج حد اعتدال سے منحرف ہو جاتا ہے اور تمام حواس اور قویٰ کام کرنے سے رک جاتے ہیں اور لوگوں نے آرام کرنے اور سونے کا جو وقت مقرر کیا ہے وہ دن اور رات میں سات گھنٹے ہے، گرمی و سردی میں موسم کی تبدیلی سے وقت میں بھی کمی بیشی کرے یعنی اگر دن بہت لمبا ہے تو سونے کے وقت میں ایک دو گھنٹہ اضافہ کرے۔ سلوک کا طریقہ یہی ہے، نفس کے جملہ حقوق کا خیال رکھے، کھانے پینے، پہننے، سونے اور دیگر لذتوں سے اسے محروم نہ رکھے تا کہ ایسا نہ ہو کہ منزل تک پہنچنے سے پہلے ہی نفس فنا ہو جائے۔

❀❀❀

تیسری فصل:

وقت زوال کی نماز کے بارے میں

طالب حق کو چاہئے کہ آفتاب کے زائل ہونے سے قبل نیند سے بیدار ہو جائے اور نہایت ہی حضور قلب سے مسواک کے ساتھ وضو کرے دل کو فاسد خیالات اور باطل اندیشوں سے خالی کر دے حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب سورج نصف النہار سے زائل ہوتا ہے تو آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور طالبان حق کی دعا و نیاز واجب الوجود تک پہنچ جاتی ہے کیونکہ یہ وقت دعاؤں کے قبول ہونے کا ہے۔ تحیۃ الوضو کی دو رکعت ادا کرنے کے بعد۔

ایک سلام کے ساتھ چار رکعت نماز فئی زوال کی نیت کرے، سورۃ بقرہ یا دو سو آیات پڑھے یا چار سو (۴۰۰) آیات پڑھے اور اگر زیادہ وقت نہ ہو تو ایک بار آیۃ الکرسی اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھے اور ایک روایت کے مطابق صرف ایک بار آیۃ الکرسی پڑھے۔ اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد سولہ (۱۶) مرتبہ سَلَامٌ قَوْلًا من رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پڑھے۔ اس کے بعد ظہر کے فرض، صلوٰۃ الخضر اور وہ دعائیں اور اذکار جو نماز ظہر کے ضمن میں لکھی جا چکی ہیں، میں مشغول ہو جائے۔

......❀❀❀......

چوتھی فصل

نماز مغرب کے بعد، اذکار، دعائیں اور نماز اوّابین کے بارے میں

مغرب اور عشاء کے درمیان کا وقت عبادت گزاروں کے لئے بہت محمود ہے، جہاں تک ہو سکے اس وقت کو ذکر، مراقبہ، نماز، تلاوت قرآن یا دوسرے اوراد سے زندہ رکھنا چاہئے۔ جب نماز مغرب کی سنتوں سے اور ان دعاؤں سے فارغ ہو جن کا ذکر نماز مغرب کی فصل میں گزر چکا ہے۔

نماز اوّابین

تو چھ (۶) رکعت نماز اوابین پڑھے۔ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص سات (۷) مرتبہ اور معوذتین (فلق اور الناس) ایک مرتبہ نماز کے بعد کلمہ تمجید سو بار پڑھے اور کچھ اور رکعتیں بھی پڑھ لے یا بیس رکعت نماز اوابین پڑھ لے۔ اس کے بعد سینتالیس (۴۷) مرتبہ

يَا سَلَامُ يَا مُهَيْمِنُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ وَبِرَحْمَتِكَ اَسْتَجِيْرُ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِيْ. کا ورد کرے۔

اور سورہ واقعہ، سورہ فتح اور سورہ ملک بھی پڑھے۔

پانچویں فصل:

قیام شب، نماز تہجد، ذکر اور دعاؤں کے بیان میں

سرور عالم، شفیع المذنبین والمذنبات علیہ افضل الصلوات واکمل التحیات فرماتے ہیں کہ دنیا ملعون ہے اور جو کچھ اس میں ہے سب ملعون ہے سوائے اللہ تبارک وتعالیٰ کے ذکر کے اس لئے اے درویش تجھے چاہئے کہ ہر وقت اس کوشش میں رہے کہ غیر اللہ سے دوری اختیار کر کے دل کو اللہ تعالیٰ کی یاد سے آویزاں رکھے۔ بالخصوص نیم شب اور آخر شب میں جب بیدار ہو تو اللہ تعالیٰ کا ذکر کر کیونکہ یہ وقت بہت محمود ہے اور مطلوب ومقصود کے لئے مفید ہے:

خلق کہ توفیق طلب یافتند
کامۂ جان در دل شب یافتند

"جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی توفیق حاصل ہو جائے، وہ نصف شب کو روح وجان کا مقصود حاصل کر لیں۔"

اے درویش......!! تجھے چاہئے کہ نصف شب میں استغفار ودعا اور آہ وفغان کی کثرت کرے کیونکہ اس کا اثر بہت عجب ہے، جو کوئی اس کیفیت کو پالے۔ اور جب نماز تہجد کے لئے اٹھے تو جس طرح کہ پہلے لکھا گیا ہے قیام کرے۔ مستحب یہ ہے کہ رات کا نصف یا ایک تہائی

یا دو تہائی نماز میں مشغول رہے تا کہ تیری اقتداء اس آیت مبارکہ اور سنت نبوی ﷺ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ﷺ سے ہو۔

یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ o قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا o نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِیْلًا o

''اے کملی کی جھرمٹ والے (حبیب!) ﷺ آپ رات کو (نماز میں) قیام فرمایا کریں مگر تھوڑی دیر (کے لیے) آدھی رات یا اِس سے تھوڑا کم کر دیں''۔

اولیٰ اور بہتر یہ ہے کہ رات کے پہلے حصہ میں ایک تہائی سوئے اور آدھی رات اُٹھے اور آخر شب میں دو سدس (چھ میں سے دو حصہ) نہ سوئے یا اول شب سے نصف حصہ سوئے اور تیسرے حصہ میں اٹھے اور آخر شب میں ۱/۶ حصہ نہ سوئے یا چھٹا حصہ شب اول سے اور چھٹا آخر سے سوئے اور درمیانی شب سے دو تہائی اٹھے۔

روایت ہے کہ حضرت داؤد، علی نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام نے اللہ رب العزت سے عرض کیا: اے اللہ میں تیری عبادت کرنا چاہتا ہوں، میں رات کے کس حصہ میں قیام کروں اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی کی کہ اے داؤد......! نہ تو اول شب میں بیدار ہو اور نہ آخر میں کیونکہ جس نے رات کے آخری حصہ میں قیام کیا وہ پہلے حصہ میں سو گیا اور جس نے پہلے حصہ میں قیام کیا وہ آخری حصہ میں سو گیا لیکن تو درمیانی حصہ میں قیام کرتا کہ میں اور تو دونوں خلوت میں ہوں، اور اپنی حاجات مجھے پیش کر۔'' پس قیام دو نیندوں کے درمیان ہو گا، اور بعض تشنگان دیدار حق اور مشتاقان انتہائی شوق اور طلب کی وجہ سے تمام رات قیام کی حالت میں رہتے ہیں۔ شیخ عارف ابو محمد بن ابوالفتح ہرویؒ سے روایت ہے کہ میں نے شیخ محی الدین عبد القادر ؓ کی چالیس سال خدمت کی، آپ کی عادت مبارکہ تھی کہ عشاء کے وضو سے صبح کی نماز پڑھتے اور جب حدث لاحق ہوتا تو اسی وقت نیا وضو کرتے اور دو رکعت نماز تحیۃ

الوضوادا فرماتے جب آپ عشاء کی نماز پڑھ لیتے تو تنہائی میں چلے جاتے اور اس خلوت میں کوئی بشر آپ کے پاس نہ آتا خلیفہ وقت بارہا آپ کی ملاقات کے لئے آتا لیکن دروازے پر بیٹھ کر واپس چلا جاتا اور ملاقات پر قادر نہ ہوسکتا۔ آپ ﷺ کی عادت مبارکہ تھی کہ رات کے پہلے حصے میں نماز پڑھتے جب ایک تہائی حصہ گزر جاتا تو ان اسماء کے ورد میں مشغول ہو جاتے: اَلْمُحِیطُ الْعَالِمُ الرَّبُّ الشَّهِیدُ الْحَسِیبُ الْفَعَّالُ الْخَلَّاقُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ راوی کہتا ہے کہ میں نے شیخ کو دیکھا، وہ ہوا میں بلند پرواز کرتے، یہاں تک کہ آنکھوں سے اوجھل ہو جاتے، اور بعض اوقات آپ پر ہلکی سی نیند طاری ہو جاتی۔ اس کے بعد قیام کرتے اور حالت قیام میں قرآن مجید کی تلاوت فرماتے یہاں تک کہ دو تہائی رات گزر جاتی، کچھ دیر سجدوں میں پڑے رہتے، روئے مبارک کو زمین پر ملتے۔ اس کے بعد قبلہ رو ہوکر مراقبہ ومشاہدہ میں بیٹھ جاتے یہاں تک کہ صبح صادق ہو جاتی، اور آپ کا چہرہ مبارک اس قدر تاباں ہوتا کہ قریب ہوتا تھا کہ آپ کے انوار دیکھنے والوں کی آنکھوں کو خیرہ کر دے۔

اور یہ حالت اسی شخص کے لئے سلامتی والی ہوتی ہے اور نقصان نہیں پہنچاتی کہ جس کا نفس شب بیداری میں ذوق ولذت محسوس کرے اور اطاعت کر کے طاقتور ہو جائے ورنہ تکلیف وتکلف کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا اور نفس بجائے لذت حاصل کرنے کے ناکارہ ہو جائے گا۔ اس قسم کی عبادت صادق ومصدوق ﷺ کے فرمان کے مطابق منع ہے۔ آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ نے فرمایا: دین کے اوامر پر غالب آنے کی کوشش نہ کرو کیونکہ وہ پختہ ہے جو اس پر غالب آنے کی کوشش کرے گا تو دین اس پر غالب آجائے گا اور آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ نے فرمایا تم میں سے ہر ایک رات میں جتنی دیر آسانی سے ممکن ہو نماز پڑھے اگر نیند غالب آجائے تو سو جائے۔ الغرض مستحب قیام شب رات کے ۱/۶ حصہ سے کم نہیں ہے۔

قیام شب کے گیارہ اسباب میں سے ایک یہ بھی ہے کہ طالب حق آفتاب غروب ہونے کے قریب نیا وضو کر کے قبلہ رو ہو کر نماز کی انتظار میں بیٹھ جاہے۔ اور تسبیح واستغفار میں مشغول رہے اور بالخصوص مغرب اور عشاء کے درمیانی وقت کو مختلف اذکار یا تلاوت اور دعاؤں سے معمور رکھے تاکہ لوگوں سے ملاقات کرنے اور ان کی کلام واحوال سننے سے باطن میں جو کدورت نے راہ پائی ہو وہ رفع ہو جائے۔

مغرب اور عشاء کی درمیانی نماز کی فضیلت

حدیث شریف میں ہے کہ مغرب اور عشاء کے درمیان نماز پڑھو کیونکہ یہ نماز دن کی تمام تھکاوٹوں اور کدورتوں کو دور کر دیتی ہے اور ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ نے آیت مبارکہ تتجافی جنوبھم عن المضاجع کی تفسیر میں فرمایا کہ اس سے مراد عشاء اور مغرب کے درمیان کی نماز ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد گفتگو نہ کرے بالخصوص فضول کلام کو ترک کر دے تاکہ عشاء اور مغرب کے وظائف سے جو نورانی طراوت حاصل ہوئی ہے وہ زائل نہ ہو جائے۔ عشاء کی نماز کے بعد وضو کو نیا کرے کیونکہ اس وقت وضو کرنے سے قیام شب میں آسانی ہو جاتی ہے قیام شب میں آسانی پیدا کرنے کا ایک اور ذریعہ معدہ کا کھانے سے خالی ہونا ہے تاکہ پرخوری (زیادہ کھانا) قیام سے مانع نہ ہو جائے اور جب سوئے تو طہارت سے سوئے اور وضو کا پانی تیار کر کے رکھے تاکہ نفس کو نیند سے بیدار ہونے میں آسانی ہو اور نماز چاشت کے بعد قیلولہ کرے تاکہ نفس کی سستی اور کاہلی دور ہو جائے اور رات کو اٹھنے میں آسانی ہو۔ اور جب نیند سے بیدار ہو اور اس کے دل کی تختی ہر قسم کے ذکر و فکر سے خالی ہو تو حق سبحانہ وتعالیٰ کے ذکر و فکر لامتناہی کو اپنے دل میں نقش کر لے کیونکہ جب بندہ نیند سے بیدار ہوتا ہے تو اس کا دل جملہ نقوش سے خالی وصافی ہوتا ہے اور فطرۃ اولی کی

طرف لوٹ آتا ہے چنانچہ جب اس حال میں بندہ اپنے دل پر ذکر حق کا نقش کرلے تو وہ فطرت برقرار رہتی ہے۔ اور نماز تہجد نہایت حضور قلب سے ادا کرے۔ ممکن ہے کہ بعض کوتاہ نظر کے جن کی نگاہ بصیرت ان آداب کے کمال اور حسن کا مطالعہ نہیں کرسکتی وہ ان اوقات کی حفاظت نہ کرپائیں اور ارباب منازل اور صاحب مرتبہ لوگ ان چیزوں کی ضرورت محسوس نہیں کرتے حالانکہ انہیں علم نہیں کہ جو شخص اللہ کی محبت میں سچا ہوتا ہے اس کی علامت یہ ہے کہ اپنے تمام اوقات کو اللہ کی اطاعت میں زیادہ سے زیادہ استعمال کرتا ہے اور کبھی بیزار نہیں ہوتا اور یہ حقیقت ہے کہ محبّ صادق جب ملاقات کی سعادت حاصل کرتا ہے یا محبوب سے مناجات کا موقع حاصل کرتا ہے یا اس کی خدمت بجالانے اور زمین بوسی کرنے کا موقع پاتا ہے تو وہ یوں محسوس کرتا ہے کہ اس کی تمام خواہشات پوری ہوگئیں اور اس نے اپنے مقصود و مطلوب میں کامیابی حاصل کرلی اور اس بات کو صرف عاشق ہی سمجھ سکتا ہے۔

حضور ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی شب بیداری کا عالم

اے درویش......! تجھے معلوم نہیں کہ سرور عالم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ اپنے اوقات کس طرح صرف فرماتے تھے؟ بالخصوص آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ رات کو اس قدر قیام فرماتے کہ آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے پاؤں مبارک سوج جاتے، ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یارسول اللہ آپ اتنی تکلیف کیوں اٹھاتے ہیں؟ جب کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے تمام گناہ بخش دیئے ہیں تو آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ نے جواب دیا کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں؟ امہات المؤمنین رضی اللہ عنہن ہی سے روایت ہے کہ جب نبی کریم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ قیام شب فرماتے تو یہ کلمات کہتے:

لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْـتَ سُبْحَـانَكَ اللّٰهُـمَّ وَ بِـحَمْدِكَ اَسْتَغْفِـرُكَ لِذَنْبِیْ

وَاَسْأَلُکَ رَحْمَتَکَ اَللّٰھُمَّ زِدْنِیْ عِلْمًا وَ لَا تُزِغْ قَلْبِیْ بَعْدَ اِذْھَدَیْتَنِیْ وَھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَةً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ.

''تیرے سوا کوئی معبود نہیں تیری ذات تمام عیبوں سے پاک ہے۔ اے اللہ، تمام تعریف تیرے لئے ہے میں اپنے گناہوں کی بخشش کے لئے تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری رحمت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ میرے علم میں اضافہ فرما۔ میرے دل کو ٹیڑھا نہ کر اس کے بعد کہ تو نے مجھے ہدایت دی اور مجھے اپنے پاس سے رحمت عطا فرما۔ بے شک تو بہت عطا کرنے والا ہے۔''

رات کو اٹھنے کے وقت پڑھی جانے والی دعائیں

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ قیام شب کے لئے اٹھے اور ان کلمات سے نماز کی ابتداء کی:

اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَ اِسْرَافِیْلَ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَ الشَّھَادَةِ اَنْتَ تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِکَ فِیْمَا کَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ اِھْدِنِیْ لِمَا اخْتَلَفْتُ فِیْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِکَ اِنَّکَ تَھْدِیْ مَنْ تَشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ

''اے جبرائیل، میکائیل اور اسرافیل کے رب آسمان و زمین کے پیدا کرنے والے، غیب و حاضر کے جاننے والے تو اپنے بندوں کے درمیان ان امور میں فیصلہ فرماتا ہے جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں، حق بات میں جب میں اختلاف کروں تو مجھے ہدایت فرما۔ بے شک تو جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتا ہے۔''

منقول ہے کہ شفیع المذنبین ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ نے فرمایا جو شخص رات کو بیدار ہو کر ان

کلمات کو پڑھے اور بعد میں کہے رَبِّ اغْفِرْلِی تو وہ جو دعا مانگے گا قبول ہوگی:

لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَ هُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ وَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.

تہجد کے وقت اٹھنے کے بعد کے نبوی وظائف

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ جب سرور عالم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ نماز شب کے لئے اٹھتے تو دس (۱۰) مرتبہ تکبیر کہتے دس (۱۰) بار الحمد، دس (۱۰) بار سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، دس (۱۰) مرتبہ استغفار اور دس (۱۰) مرتبہ تہلیل (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ) کہتے۔ اس کے بعد دس (۱۰) مرتبہ یہ کلمات کہتے: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ ضِیْقِ الدُّنْیَا وَمِنْ ضِیْقِ یَوْمِ الْقِیَامَةِ اور دس مرتبہ یہ کلمات پڑھتے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَاهْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَعَافِنِیْ اس کے بعد تکبیر تحریمہ کہتے۔ سرور عالم ﷺ کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ جب آپ نماز شب کے لئے بیدار ہوتے تو اپنے دونوں ہاتھ چہرے پر ملتے اور سورۂ آل عمران کی آخری آیات تلاوت فرماتے اور آسمان کی طرف نظر اٹھا کر ان کلمات کو زبان پر جاری کرتے:

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ الَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰهَ.

سورۃ کے آخر تک پڑھتے سرکار دو جہاں ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ تکبیر تحریمہ کے بعد ان کلمات کو پڑھتے:

سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَا اِلٰهَ

غَیُرُکَ اللہُ اَکُبَرُ کَبِیُرًا اَعُوُذُ بِاللہِ اَعُوُذُ بِاللہِ السَّمِیُعِ الُعَلِیُمِ مِنَ الشَّیُطَانِ الرَّجِیُمِ مِنُ ھَمُزِہٖ وَنَفُخِہٖ وَنَفُسِہٖ۔

اور تین مرتبہ یہ دعا مانگتے

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ اَللّٰھُمَّ بَاعِدُ بَیُنِیُ وَبَیُنَ خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدُتَّ بَیُنَ الُمَشُرِقِ وَ الُمَغُرِبِ اَللّٰھُمَّ نَقِّنِیُ مِنَ الُخَطَایَا کَمَا تُنَقَّی الثَّوُبُ الُاَبُیَضُ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰھُمَّ اغُسِلُ خَطَایَایَ بِالُمَاءِ الثَّلُجِ وَالُبَرُدِ وَجَّھُتُ وَجُھِیَ لِلَّذِیُ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالُاَرُضَ حَنِیُفًا مُسُلِمًا وَمَا اَنَا مِنَ الُمُشُرِکِیُنَ اِنَّ صَلَاتِیُ وَنُسُکِیُ وَمَحُیَایَ وَمَمَاتِیُ لِلّٰہِ رَبِّ الُعَالَمِیُنَ لَا شَرِیُکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرُتُ وَاَنَا اَوَّلُ الُمُسُلِمِیُنَ اَللّٰھُمَّ اَنُتَ الُمَلِکُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنُتَ رَبِّیُ وَاَنَا عَبُدُکَ ظَلَمُتُ نَفُسِیُ وَاعُتَرَفُتُ بِذَنُبِیُ فَاغُفِرُلِیُ ذُنُوُبِیُ جَمِیُعًا اِنَّہٗ لَا یَغُفِرُ الذُّنُوُبَ اِلَّا اَنُتَ وَاھُدِنِیُ لَاحُسَنُ الُخَلَا وَلَا یَھُدِیُ لَاحُسَنِھَا اِلَّا اَنُتَ وَاصُرِفُ عَنِّیُ سَیِّئَھَا لَا یَصُرِفُ سَیِّئَھَا اِلَّا اَنُتَ لَبَّیُکَ وَسَعُدَیُکَ وَالُخَیُرُ کُلُّہٗ فِیُ یَدَیُکَ وَاِلَیُکَ تَبَارَکُتَ وَ تَعَالَیُتَ اَسُتَغُفِرُکَ وَاَتُوُبُ اِلَیُکَ وَالشَّرُّ لَیُسَ اِلَیُکَ وَالُمَھُدِیُّ مَنُ ھَدَیُتَہٗ اِلَیُکَ وَاِلَیُکَ لَا مَنُجَامِنُکَ وَلَا مَلُجَأَ اِلَّا اِلَیُکَ تَبَارَکُتَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیُ اَعُوُذُبِکَ اَنُ تَصُدَعَنِیُ وَجُھِیُ یَوُمَ الُقِیَامَۃِ اَللّٰھُمَّ اَحُیِنِیُ مُسُلِمًا۔

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اے میرے اللہ! میری خطاؤں اور میرے درمیان اتنا فیصلہ کردے جتنا کہ مشرق ومغرب کے درمیان ہے۔ اے اللہ! مجھے گناہوں سے اس طرح پاک کردے جس طرح کہ سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کردیا جاتا ہے۔ اے اللہ میری خطاؤں کو ٹھنڈے پانی سے دھودے۔ میں نے اپنا رخ اس ذات کی طرف کیا جس نے

آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔ میں باطل سے منہ موڑ کر اسلام قبول کرنے والا ہوں اور میں مشرکین میں سے نہیں۔ بے شک میری نماز، میری قربانی میرا جینا، میرا مرنا اس اللہ کے لئے ہے جو پروردگار دو جہاں ہے اور اس کا کوئی ہمسر نہیں مجھے اسی بات کا حکم دیا گیا ہے اور میں پہلا اسلام کی راہ پر چلنے والا ہوں۔ اے اللہ تو ہی بادشاہ کل ہے تیرے سوا میرا کوئی پروردگار نہیں۔ میں تیرا ہی بندہ ہوں میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا اور اپنے گناہوں کا اعتراف کر لیا تو میرے سب گناہ معاف فرما دے بے شک تیرے سوا اور کوئی گناہ نہیں بخشتا۔ میں حاضر ہوں۔ میں حاضر ہوں۔ سب بھلائی تیرے ہاتھوں میں ہے اور تیری طرف سے ہے۔ تیری ذات بابرکت ہے، عظمت و بلندی والی ہے۔ میں تجھ سے گناہوں کی مغفرت چاہتا ہوں اور تیری طرف ہی توبہ کرتا ہوں اور شر تیری طرف سے نہیں۔ اور ہدایت یافتہ وہی ہے جس کو تو نے اپنی طرف ہدایت دی۔ تیری ذات کے سوا نہ تو کہیں راہ نجات ہے اور نہ ہی کوئی پناہ گاہ ہے تیری ذات بابرکت ہے۔ اے اللہ میں اس بات سے تیری پناہ چاہتا ہوں کہ روز قیامت میرا چہرہ بگڑ جائے۔ اے اللہ مجھے مسلمان ہونے کی حالت میں زندہ رکھ۔''

نماز تہجد میں حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی قرأت احوال و اوقات کے لحاظ سے مختلف ہوتی تھی بعض اوقات آپ سورۃ بقرۃ، آل عمران، النساء اور مائدۃ کی تلاوت فرماتے اور ایک روایت کے مطابق سورۃ انعام پڑھتے اور بعض اوقات اس ایک آیت سے صبح کرتے: اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَ اِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اور اسی طرح قرأت قرآن اور قیام کے مطابق آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی نماز میں تمام ارکان، رکوع و سجود اور قومہ و جلسہ میں تعدیل و تخفیف بھی مختلف ہوتے تھے۔ حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کا معمول یہ تھا کہ آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پہلی دو

رکعت میں خفیف قرأت کرتے اور بعد والی رکعات میں لمبی قرأت کرتے اور جب کسی مرض یا عذر کی وجہ سے نماز تہجد فوت ہو جاتی تو بارہ رکعت نماز تہجد عشاء کے ساتھ ہی پڑھ لیتے۔ سلسلہ قادریہ کے درویشوں کا معمول یہ ہے کہ نماز وتر کے بعد بارہ رکعت ادا کی جائیں اگر مذکورہ بالا طریقہ سے قرآن کی تلاوت نہ کر سکے تو ہر رکعت میں گیارہ مرتبہ یا سات دفعہ یا پانچ بار یا تین بار سورۃ اخلاص کی قرأت کرے اور نماز سے فارغ ہو کر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْأَلُکَ رَحْمَةً مِنْ عِنْدِکَ تَھْدِی بِھَا قَلْبِی وَ تَجْمَعُ بِھَا اَمْرِی وَ تَلُمُّ بِھَا شَعْثِی وَ تُصْلِحُ بِھَا غَائِبِی وَ تَرْفَعُ بِھَا مَشَاھِدِی وَ تُزَکِّی بِھَا عَمَلِی وَ تُلْھِمُنِی بِھَا رُشْدِی وَ تَعْصِمُنِی بِھَا مِنْ کُلِّ سُؤَالٍ اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِی اِیْمَانًا وَ یَقِیْنًا وَ لَیْسَ بَعْدَہٗ کُفْرٌ وَرَحْمَةً اَنَالُ بِھَا شَرَفَ کَرَامَتِکَ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْأَلُکَ الْفَوْزَ فِی الْقَضَاءِ وَ نُزُلَ الشُّھَدَاءِ وَ عَیْنَ السُّعَدَاءِ وَالظَّفَرَ عَلَی الْاَعْدَاءِ اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَتْرُکُ بِکَ حَاجَتِی وَ اِنْ قَصُرَ رَائِی وَ ضَعُفَ عَمَلِی اِفْتَقَرْتُ اِلٰی رَحْمَتِکَ وَ اَسْأَلُکَ یَا قَاضِیَ الْاُمُوْرِ وَ یَا شَافِیَ الصُّدُوْرِ کَمَا تُجِیْرُنَا مِنَ الھجوران تُجِیْرَنَا مِنْ عَذَابِ السَّعِیْرِ وَ مِنْ فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ اَللّٰھُمَّ مَا قَصُرَ عَنْہُ رَائِی وَلَمْ تَبْلُغْہُ مَسْأَلَتِی وَ عَدَتْ بِہٖ اَحَدًا مِنْ خَلْقِکَ اَوْجَزَاءُ اَنْتَ مُعْطِیْہِ اَحَدًا مِنْ عِبَادِکَ فَاِنِّی اَرْغَبُ اِلَیْکَ وَ اَسْأَلُکَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ یَا ذَاالْجَلَالِ الْجَبْلِ الشَّدِّ وَالْاَمْرِ الرَّشِیْدِ اَسْأَلُکَ الْاَمْنَ یَوْمَ الْوَعِیْدِ وَ الْجَنَّةَ یَوْمَ الْخُلُوْدِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ الشُّھُوْدِ وَ الرُّکَّعِ السُّجُوْدِ وَ الْمُوْفِیْنَ بِالْعُھُوْدِ اِنَّکَ رَحِیْمٌ وَدُوْدٌ اَللّٰھُمَّ تَفْعَلُ مَا تُرِیْدُ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا ھَادِیْنَ الْمُھْدِیِّیْنَ غَیْرَ الضَّالِّیْنَ وَالْمُضِلِّیْنَ مُسْلِمًا لِاَوْلِیَائِکَ وَ عَدُوًّا لِاَعْدَائِکَ وَ نُحِبُّ بِحُبِّکَ وَ نُعَادِی

بِعَدَاوَتِکَ مِنْ خَلْقِکَ اَللّٰهُمَّ مِنَّا الدُّعَاءُ وَ عَلَیْکَ الْاِجَابَةُ وَ مِنَّا الْجُهْدُ وَعَلَیْکَ التُّکْلَانُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِیْ نُوْرًا فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا فِیْ قَبْرِیْ نُوْرًا مِنْ بَیْنَ یَدَیَّ وَ نُوْرًا مِنْ خَلْفِیْ وَ نُوْرًا عَنْ یَمِیْنِیْ وَ نُوْرًا عَنْ شِمَالِیْ وَ نُوْرًا مِنْ فَوْقِیْ وَ نُوْرًا مِنْ تَحْتِیْ وَ نُوْراً فِیْ سَمْعِیْ وَ نُوْرًا فِیْ بَصَرِیْ وَ نُوْرٌ فِیْ شَعْرِیْ وَ نُوْرًا فِیْ بُشْرِیْ وَ نُوْرًا فِیْ لَحْمِیْ وَنُوْرًا فِیْ دَمِیْ وَ نُوْرًا فِیْ عِظَامِیْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَ اَعْطِنِیْ نُوْرًا وَاجْعَلْ لِیْ نُوْرًا فِیْ نُوْرٍ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا یَنْبَغِی التَّسْبِیْحُ اِلَّا لَهٗ سُبْحَانَ ذِی الْفَضْلِ وَ النِّعَمِ سُبْحَانَ ذِی الْمَجْدِ وَ الْکَرَم سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ.

''اے اللہ میں تجھ سے تیری اس رحمت کا سوال کرتا ہوں جس سے تو میرے دل کو ہدایت دے، میرے معاملے کو درست فرمادے۔ میرے کاموں کی پراگندگی کی اصلاح فرما دے، میرے غائب کی درستی فرمادے۔ میرے نظر آنے والے امور کو بلند فرمادے، میرے عمل کو پاکیزہ فرمادے، مجھے ہدایت عطا فرمادے اور اس رحمت کے ذریعے مجھے ہر سوال سے محفوظ رکھ، اے اللہ مجھے ایمان ویقین عطا فرما جس کے بعد کفر نہ ہو اور مجھے ایسی رحمت عطا فرما جس کے ذریعے دنیا وآخرت میں تیری عظمت کے شرف کو حاصل کرلوں، اے اللہ میں تجھ سے قضا وقدر میں کامیابی، شہیدوں کی ضیافت ودعوت، سعادتمندوں کے چشموں اور دشمن پر کامیابی کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ میں اپنی حاجت کو تیرے ساتھ چھوڑتا ہوں اگرچہ میری بصارت کم اور عمل کمزور ہے میں تیری رحمت کا محتاج ہوں، اور تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اے کاموں کے پورا کرنے والے، دلوں کو شفا دینے والے کہ تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے پناہ دے اور قبر کے فتنہ سے بچالے، اے اللہ وہ چیز جس کو میں دیکھ نہ سکا یا تجھ سے اس کا سوال نہ

کر سکا اور تو نے اپنی مخلوق سے کسی کو عطا کرنے کا وعدہ کیا یا کوئی عطا و جزاء جو تو اپنے کسی بندے کو دینے والا ہے تو میں اس کی خواہش رکھتا ہوں اور اے عزت و عظمت کے مالک، ہدایت والے کاموں کو جاننے والے، میں تجھ سے ان چیزوں کا سوال کرتا ہوں، اور قیامت کے روز تجھ سے امن کا سوال کرتا ہوں اور جنت کا سوال کرتا ہوں اور یہ کہ مجھے مقربین بارگاہ اور رکوع و سجود کرنے والوں، وعدوں کو پورا کرنے والوں سے بنا۔ بے شک تو رحم فرمانے والا، نیک لوگوں کو دوست رکھنے والا ہے۔ اے اللہ جو تو چاہتا ہے، کرتا ہے، اے اللہ ہمیں راہ ہدایت پر چلنے والے لوگوں سے بنا، ہمیں گمراہ اور گمراہ کن لوگوں سے نہ بنا۔ ہمیں ان لوگوں سے بنا جو تیرے اولیاء کی اطاعت کرتے ہیں اور تیرے دشمنوں سے دشمنی رکھتے ہیں اور جن سے تو محبت کرتا ہے ہم بھی ان سے محبت کریں اور جن سے تو عداوت رکھتا ہے ہم بھی ان سے عداوت رکھیں، اے اللہ ہم تو صرف دعا کرتے ہیں، قبول کرنے والا تو ہی ہے، ہماری طرف سے صرف کوشش ہے اور توکل تجھ پر ہی ہے، اے اللہ میرے دل کو منور کر، میری قبر کو روشن کر۔ میرے آگے، پیچھے دائیں بائیں، اوپر، نیچے سب جگہ کو منور کر دے اور میری سماعت و بصارت میں نور عطا فرما۔ میرے بالوں اور میری جلد میں نورانیت پیدا فرما۔ میرے گوشت اور خون میں نور پیدا فرما اور میری ہڈیوں میں نورانیت پیدا فرما۔ اے اللہ میرے لئے نورانیت کو عظیم کر دے اور مجھے نور عطا فرما میرے لئے ہر طرف نور ہی نور کر دے۔ پاک ہے وہ ذات جس کے سوا کسی کی تسبیح بیان کرنا مناسب نہیں پاک ہے فضل اور نعمتیں عطا کرنے والی ہستی پاک ہے بزرگی و عظمت والا، پاک ہے ہیبت و عزت والا۔''

اس کے بعد ستر (۷۰) مرتبہ استغفار پڑھے اور پھر یہ مناجات پڑھے:

يَـا مَـنْ يَعْلَمُ ضَمِيْرَ الضَّامِنِيْنَ يَا مُعْطِىَ السَّائِلِيْنَ يَا مُجِيْرَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ يَا

اَمَانَ الْخَائِفِيْنَ يَا رَجَاءَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَا تُخَيِّبْ رَجَائِيْ اِلٰهِيْ رَجَائُکَ يُحْيِيْنِيْ وَخَوْفُکَ يُمِيْتُنِيْ وَ اَنَا بَيْنَ مَوْتٍ وَحَيَاةٍ اَخَافُ عَذَابَکَ لِاَنِّيْ عَصَيْتُکَ وَ اَرْجُوْ رَحْمَتَکَ لِاَنَّکَ کَرِيْمٌ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا يُحْصٰى مَکَارِمُکَ.

''اے وہ ذات مقدس جو ضامن کے ضمیر کو جانتا ہے اے سائلوں کو عطا کرنے والے، اے پناہ تلاش کرنے والے کو پناہ دینے والے۔ خوفزدہ لوگوں کو امان دینے والے، اے مومنین کی امید، میری امید کو ناکام نہ فرما۔ اے میرے مالک تیری امید مجھے زندہ رکھتی ہے اور تیرا خوف مجھے مار دیتا ہے، میں موت و حیات کی کشمکش میں ہوں میں تیرے عذاب سے ڈرتا ہوں کیونکہ میں نے تیری نافرمانی کی، تیری رحمت کا امیدوار ہوں کیونکہ تو کریم ہے سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں تیرے مکارم کو شمار نہیں کیا جاسکتا۔''

ندارم ہیچ توشہ اندریں راہ
بجز لا تقنطوا من رحمۃ اللہ

''اسی راہ (سفر) میں میرے پاس فرمان خداوندی کہ (اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو جاؤ) کے سوا کوئی زادراہ نہیں۔''

اِلٰهِيْ تُبْتُ وَرَجَعْتُ عَمَّا قُلْتُ وَ تُبْتُ عَنْ جَمِيْعِ الْمَعَاصِيْ اِلٰهِيْ مُلُوْکُ الدُّنْيَا يَعْتِقُوْنَ الْعَبِيْدَ فَاَنْتَ مَلِکُ الْمُلْکِ فَاَعْتِقْنِيْ مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ اِلٰى اَيِّ بَابٍ نَتَوَجَّهُ بِغَيْرِ بَابِکَ وَاَيِّ جَنَابٍ بِغَيْرِ جَنَابِکَ.

''اے میرے مالک جو کچھ میں نے کہا اس سے توبہ و رجوع کیا اور تمام گناہوں سے توبہ کی۔ اے اللہ دنیا کے بادشاہ غلاموں کو آزاد کرتے ہیں تو تمام بادشاہتوں کا مالک ہے مجھے آگ کے عذاب سے آزاد فرما اے پروردگار تیرے در کو چھوڑ کر ہم کس طرف رخ کریں اور

تیری جناب کے سوا کس کی بارگاہ میں حاضر ہوں۔''

اے میرے مالک، اے بادشاہ، جب میرے پاؤں بستر مرگ پر دراز ہوں اور دنیاوی امور سرانجام دینے سے میرے ہاتھ عاجز ہو جائیں تو کلمہ طیبہ کو میری زبان اور تمام مسلمانوں کی زبان پر جاری فرمانا، اور اس وقت جبکہ لباسِ حسرت میرے بدن سے جدا کر لیا جائے اور بے آستین لباس مجھے پہنا دیا جائے تو مجھ پر اپنی رحمت کی بارش نازل فرمانا اے اللہ جب میرے ہاتھ میرے سینے پر رکھ دیئے جائیں اور عزیز و اقارب ناامید ہو جائیں تو اس وقت مجھ پر رحم فرمانا، اے اللہ جب لوگ مجھے لحد میں اتاریں تو اس وقت مجھ پر رحم فرمانا۔

کرم کن اے کریم طاقت عدل کراست

گرچہ سزا لائقیم از تو امید عطا است

''اے اللہ! عدل کی طاقت کون رکھتا ہے؟ بس تو اپنے کرم سے بخش دے۔ اگرچہ ہم تو لائق سزا ہیں لیکن تیری عطا کی امید ہے''۔

اے اللہ تو ہم سب کی حاجتوں کو جانتا ہے اور پورا بھی کر سکتا ہے، اپنے کرم خاص سے پورا فرما دے دونوں جہاں میں ہمیں عزت عطا فرما، اپنے غضب سے اپنی ہی پناہ میں رکھ، ہمیں ہمارے اپنے حال پر نہ چھوڑ، حکام کے شر سے ہمیں محفوظ رکھ۔ اپنے حبیب پاک، نبی مختار ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے طفیل، وہ افعال و اعمال جن پر تو راضی نہیں، ان کو اور ان کی محبت کو ہمارے دلوں سے محو کر دے، ہمیں عفو و عافیت بخش۔ تمام مسلمانوں کا خاتمہ بالخیر فرما۔ ہمارے دوستوں کو شریعت مطہرہ پر قائم رکھ۔

یَا رَجَاءَ الْمُؤْمِنِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ یَا عَوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ عِنِّیْ یَا حَسِیْبَ التَّائِبِیْنَ تُبْ عَلَیَّ بِحَقِّ جَاہِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ صلی اللہ علیہ وسلم اِلٰھِیْ کَمَا

حَفِظْتَ جَبْهَتِیْ عَنْ سُجُوْدِ غَیْرِکَ فَاحْفَظْ لِسَانِیْ عَنْ سُؤَالِ غَیْرِکَ یَا مَنْ یَعْلَمُ السِّرَّ وَ الْاَخْفٰی یَا قَیُّوْمَ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ اِنَّا عَاجِزُوْنَ قَاصِرُوْنَ بُرَءٰٓؤُا اِلَیْکَ مِنْ زَیْغٍ وَ زَلَلٍ مُطِیْعُوْنَ لِمَا اَمَرْتَ بِهٖ مِنْ فِعْلٍ وَقَوْلٍ.

اے مومنوں کیلئے باعث امید، اے فریادیوں کیلئے فریادرس، میری فریادرسی کیجئے، اے مومنوں کے مددگار میری مدد کیجئے، اے توبہ کرنے والوں کی کفایت کرنے والے نبی کریم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے طفیل میری توبہ قبول فرمایئے، اے اللہ! جس طرح غیر کے آگے سجدہ کرنے سے تو نے میرے چہرہ کی حفاظت کی ہے اسی طرح غیر کے آگے سوال کرنے سے میری زبان کی حفاظت فرما۔ اے رازوں اور پوشیدہ باتوں کے جاننے والے، اے زمین و آسمان کو قائم رکھنے والے ہم عاجز و قاصر ہیں، کجی اور لغزش میں تیری طرف رجوع کرنے والے ہیں۔ اور جس قول و فعل کا تو نے حکم دیا ہے اسکی اطاعت کرنے والے ہیں''۔

اے عیب پوش و عیب دان، ہمیں نبی آخر الزمان ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے طفیل توفیق عطا فرما، ہم تمام امور شریعت مطہرہ کے حکم کے مطابق سرانجام دیں۔

اس کے بعد آنحضور ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر درود بھیجے اور یہ دعا پڑھے:

یَا مَنْ تَفَرَّدَ بِنُصْرَةِ الضُّعَفَاءِ وَالْمَظْلُوْمِیْنَ وَالْخَلْقُ کُلُّهُمْ عَجَزُوْا ذٰلِکَ اَللّٰهُمَّ سَدِّدْ لِسَانَ اَعْدَائِیْ وَ لَا تُشْمِتْ بِیْ عَدُوِّیْ وَ لَا حَاسِدِیْ وَ اَظْفِرْ عَنْ جَمِیْعِ اَعْدَائِیْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اور ستتر (۷۷) مرتبہ یہ کلمات پڑھے:

یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ وَ مِنْ عَذَابِکَ

اَسۡتَجِیۡرُ وَ یَا غِیَاثَ الۡمُسۡتَغِیۡثِیۡنَ اَغِثۡنِیۡ

اے وہ ذات جو تنہا کمزوروں اور مظلوموں کی مدد کرتی ہے جبکہ تمام مخلوق اس بات سے عاجز ہے۔ اے اللہ! میرے دشمنوں کی زبان بند کر دے اور میرے دشمنوں اور حاسدوں کو میری مصیبت پر خوش نہ کر اور مجھے میرے دشمنوں پر کامیابی عطا فرما۔ اے ارحم الراحمین تیری رحمت کا طلبگار ہوں۔

اور چار سو سترہ (۴۱۷) بار لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللہ کا وظیفہ کرے اور ہر انیسویں عدد پر کلمہ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللہِ بھی اس کے ساتھ متصل کرے۔ اور بلند آواز سے اس کا ورد کرے۔ اس کے بعد پانچ سو سینتیس (۵۳۷) بار یَـا اللہ کا ذکر کرے۔ اور مناسب یہ ہے کہ ان تمام اذکار کو سلسلہ عالیہ قادریہ کے طریقہ پر کرے جس کا ذکر، وظیفہ ذکر جہر کی فصل میں کیا جائے گا۔ اس کے بعد دو سو انیس (۲۱۹) بار حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر ان الفاظ میں درود شریف بھیجے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَعۡدِنِ الۡجُوۡدِ وَالۡکَرَمِ وَ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَ بَارِکۡ وَسَلِّمۡ [۱]

.......❀❀❀.......

---

[۱] سلسلہ عالیہ قادریہ کی تمام کتب میں درود غوثیہ یہیں تک نقل ہے۔ جبکہ پیران سلسلہ عالیہ قادریہ شیخو شریف ایک متصل روایت کے مطابق تین مزید کلمات کے اضافہ کے ساتھ پڑھتے ہیں یعنی اس طرح......اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ مَعۡدِنِ الۡجُوۡدِ وَالۡکَرَمِ مَنۡبَعِ الۡعِلۡمِ وَالۡحِلۡمِ وَالۡحِکَمِ وَ بَارِکۡ وَسَلِّمۡ۔

چھٹی فصل:

نماز تسبیح اور اس کی دعاوں کے بیان میں

نماز تسبیح کی فضیلت

معلوم ہونا چاہیے کہ نماز تسبیح کی اہمیت وفضیلت حدیث نبوی ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ سے ثابت ہے۔ ایک حدیث شریف میں آتا ہے کہ حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ نے اپنے چچا حضرت عباس سے فرمایا اے چچا اگر ہو سکے تو آپ ہر روز نماز تسبیح پڑھا کریں یا ہر جمعہ کے دن اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو مہینہ میں ایک بار، یا سال میں ایک مرتبہ، اگر یہ بھی میسر نہ ہو تو پوری عمر میں ایک بار ضرور پڑھیں۔ کیونکہ یہ تمام صغیرہ وکبیرہ گناہوں اور خطاؤں کو محو (ختم) کرنے والی ہے۔ حدیث نبوی ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ سے نماز کی چار رکعات ثابت ہیں۔

نماز تسبیح کا طریقہ

ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد قرآن کریم کی کوئی ایک صورت پڑھیں اس کے بعد پندرہ دفعہ کلمہ تمجید: سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اکبر ولا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم. پڑھے ۔اور ہر رکوع، قومہ، سجدہ، جلسہ استراحت اور جلسہ تشہد میں دس بار کلمہ تمجید پڑھے۔

نماز تسبیح کی قرأت

بعض ائمہ حدیث، سورۃ فاتحہ کے بعد لمبی سورۃ پڑھنے کو افضل خیال کرتے ہیں۔ اور

افضل واولی یہ ہے کہ چار مسبحات یعنی سورۃ الحدید، الصّف، جمعہ اور تغابن میں سے ایک کی تلاوت کرے۔اور ایک روایت کے مطابق چھوٹی سورتوں مثلاً سورۃ زلزال، العادیات، القارعۃ، الھاکم التکاثر، اور اخلاص کی قرأت کرے۔اور دوسری روایت کے مطابق سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ الھاکم التکاثر، العصر، الکافرون، اور سورۃ اخلاص کی قرأت کرے۔ان میں سے ہر سورت کو ہر رکعت میں قرأت کرے۔

نماز تسبیح ادا کرنے کے دو طریقے منقول ہیں۔ایک یہ ہے کہ جب ثنا سبحانک اللھم اور سورۃ فاتحہ ساتھ کوئی سورۃ پڑھنے سے فارغ ہو تو کھڑے ہونے کی حالت میں ہی پندرہ بار کلمہ تمجید سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا واللہ اکبر پڑھے اور ایک روایت کے مطابق اسکے ساتھ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم بھی پڑھے، اسکے بعد رکوع میں چلا جائے اور دس مرتبہ تسبیح پڑھے اور اسی طرح قومہ، دونوں سجدوں، جلسہ استراحت اور جلسہ تشہد میں بھی دس دفعہ تسبیح پڑھے۔

دوسری رایت اس طرح ہے کہ تکبیر تحریمہ اور ثنا کے بعد پندرہ مرتبہ کلمہ تمجید پڑھے۔اسکے بعد تعوذ وتسمیہ، فاتحہ اور کسی دوسری صورت کی قرأت کرے اور دس مرتبہ کلمہ تمجید پڑھے۔اسی طرح رکوع، قومہ، دونوں سجدوں، جلسہ استراحت اور جلسہ تشہد میں دس بار کلمہ تمجید پڑھے [۱]۔اسی طرح ہر رکعت میں پچھتر (۷۵) مرتبہ کلمہ تسبیح کی تعداد ہوگی اور چاروں رکعتوں میں اسکی تعداد تین سو (۳۰۰) دفعہ ہوگی اور تشہد کے بعد اور سلام سے پہلے یہ دعا پڑھے:

---

[۱] دوسری روایت کے مطابق کلمہ تمجید دو سجدوں کے بعد نہ ہے، ورنہ تعداد ۸۵ بار ہو جائے گی......

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْأَلُکَ تَوفِیقَ اَھلِ الھُدیٰ وَاَعمَالَ اَھلِ الیَقِینِ وَمُنَاصِحَۃَ اَھلِ التَّوبَۃِ وَ عَزْمَ اَھْلِ الصَّبرِ وَ جِدَّ اَھلِ الخَشْیَۃِ وَطَلْبَ اَھلِ الرَّغْبَۃِ وَتَعَبُّدَ اَھْلَ الْوَرْعِ وَ عِرفَانَ اَھلِ العِلْمِ حتی اَخافَکَ اللھم اِنی اَسْأَلُکَ مَخَافَۃً تَحْجزُنِی عَن مَعَاصِیْکَ حتی اَعْمَلَ بِطَاعَتِکَ عَمْلاً اَسْتَحِقُّ بِہٖ رِضَاکَ وَ حتی اُنَا صِحَکَ بِالتَّوبَۃِ خَوفاً عَنْکَ وَحتی اُخْلِصَ لَکَ النَّصِیحَۃَ حَیَاءً مِنْکَ حتی اَتوَکَّلَ عَلَیکَ فِی الاُمُورِ حُسْنِ ظَنٍّ بِکَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّورِ.

”اے اللہ! میں تجھ سے اہل ہدیٰ کی توفیق، اہل یقین کے اعمال، اہل توبہ کے خلوص، اہل صبر کے عزم، اہل خوف وخشیت کی سنجیدگی، اہل رغبت کی طلب، اہل تقویٰ کی عبادت اور علم کے عرفان کا سوال کرتا ہوں تاکہ میں تیرے عذاب سے ڈرتا رہوں، اے اللہ! میں تجھ سے ایسے خوف کا سوال کرتا ہوں جو مجھے تیری نافرمانی سے روک دے، حتی کہ تیری اطاعت کرکے میں ایسا عمل کروں جو مجھے تیری رضا وخوشنودی کا مستحق بنادے اور میں تیرے عذاب سے ڈر کر سچی توبہ کروں اور شرمندہ ہوکر سچے خلوص اور خواہی کو اپنالوں۔ اور تیرے ساتھ حسن ظن کی وجہ سے تمام امور میں تجھ پر ہی توکل کروں، تیری ذات تمام عیبوں سے پاک ہے، اے نور کے پیدا کرنے والے“۔

......❀❀❀......

[بقیہ صفحہ] یہاں کاتب کی غلطی سے درج ہوگیا، پہلا طریقہ امام ابوداود، ابن ماجہ اور صاحب مشکوۃ رحمہم اللہ نے درج کیا۔ جبکہ دوسرا طریقہ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے۔ مشائخ حنفیہ کا زیادہ تر معمول اسی پر ہے۔

باب سوم

﴿ تلاوت قرآن مجید کے آداب، ذکر بالجہر کے مختلف طریقے، باطنی اشغال، ذکر خفی، مراقبہ (جو سلسلہ عالیہ قادریہ کے طریقہ کے مطابق ہے) بارگاہ نبوی ﷺ کے آداب، آداب مریدین، قبلہ و کعبہ حضرت شیخ محی الدّین سیّد عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے آداب، مختلف اذکار اور دعاؤں کے بیان میں ہے۔ اور یہ باب چھ فصلوں، تین مطالب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ﴾

پہلی فصل:

تلاوت قرآن مجید کے آداب کے بیان میں

تلاوت قرآن مجید کی فضیلت

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ ایک حدیث روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ "جو قرآن مجید کی تلاوت میں مشغول رہا اور مجھ سے سوال نہ کیا تو میں اسے سوال کرنے والوں سے بہتر عطا کرتا ہوں"، اور یہ بھی حدیث شریف سے ثابت ہے کہ تمام اذکار سے افضل واکمل ذکر تلاوت قرآن مجید ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "قرآن مجید کی تلاوت کرنا گویا اپنے رب سے اور اس کے اہل سے کلام کرنا ہے اور اللہ تعالیٰ کے اہل اس کے خاص بندے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کیلئے تلاوت قرآن مجید سے بہتر کوئی ذریعہ نہیں، اس کے ہر حرف کے بدلے نیکی ہے اور وہ نیکی دس گنا بڑھ جاتی ہے۔"

تلاوت قرآن مجید کے آداب

سب سے پہلی بات جو قاری قرآن کیلئے لازم ہے، وہ اخلاص نیت ہے۔ قرآن مجید کی تلاوت صرف اور صرف اللہ کی رضا کیلئے کرے اور اللہ کی بارگاہ کے سوا کسی اور کیلئے اسے وسیلہ نہ بنائے۔

تلاوت قرآن مجید کرتے وقت اپنے ذہن کو مستحضر (حاضر) رکھنا چاہیے گویا کہ بندہ

اپنے پروردگار سے سرگوشی کر رہا ہے اور اسے دیکھ رہا ہے، تلاوت کے آداب درج ذیل ہیں:
وضو نئے سرے سے کرنا، مسواک استعمال کرنا، جگہ تلاوت قرآن کیلئے صاف ستھری ہونا، قبلہ رو ہو کر بیٹھنا، خشوع وخضوع اور اطمینان و وقار اور حضور قلب ہونا، معانی پر غور کرنا، حزن قلب اور گریہ وزاری کا حاصل ہونا۔ قرآن مجید کے الفاظ کو ترتیل سے اور خوبصورت بلند آواز سے نہایت ہی خوف وخشیت سے پڑھنا۔ دوران تلاوت سستی، کاہلی اور ملال سے اجتناب کرنا۔

غوث اعظم محبوب حق شیخ محی الدین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

اِحْتَرِمُوْا كَلَامَ اللهِ عزوجل وَ تَـادّبـوا معهٗ لأنه هو الوصلة بينكم وبين الله عزوجل لا تجعلوهٗ مخلوقا.

"یعنی کلام اللہ کا احترام وادب کرو کیونکہ یہ تمہارے اور اللہ کے درمیان واسطہ و وسیلہ ہے۔ اسے مخلوق نہ بناؤ۔"

کلام الٰہی کی تلاوت یا سماع اس طرح کرنا چاہیے کہ جب بندہ کی اپنی زبان پر یا کسی اور کی زبان پر کوئی کلمہ یا آیت جاری ہو تو یوں محسوس کرے گویا کہ وہ متکلم حقیقی سے سن رہا ہے الفاظ کے معانی کی گہرائی میں چلا جائے اور سننے کی لذت میں اس قدر منہمک ہو جائے گویا کہ متکلم حقیقی ہی سے سن رہا ہے۔ اور اپنی زبان یا دوسرے کی زبان کو صرف ایک واسطہ ہی تصور کرے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ اپنا کلام اس کے کانوں تک پہنچا رہا ہے، اور اپنے آپ کو اِنِی انا اللہ بسمع موسیٰ صلی اللہ علیہ و علی نبینا و آلہ وعلیہ الصلوۃ والسلام کے قدیم طریقہ خطاب کے ذریعہ تک پہنچائے۔ چنانچہ غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے اس فرمان کا بھی یہی مطلب ومعنی ہے کہ لوگ اللہ تعالیٰ کے کلام کو اپنے دلوں سے سنتے ہیں اور ان

کے اعمال خارجیہ کے ساتھ کان اس کی تصدیق کرتے ہیں۔

قرآن مجید کی تلاوت کا آغاز تعوذ وتسمیہ سے کرے اور جب کسی آیت رحمت پر پہنچے تو مسرت کا اظہار اور اپنی حاجت طلب کرے اور جب کسی آیت عذاب پر پہنچے تو اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگے اور استغفار کرے۔ آیات تسبیح وتحمید پر تسبیح پڑھے اور دعا وتضرع والی آیات پر دعا کرے اور مطلوب ومقصود طلب کرے اور اللہ تعالیٰ کے اسماء صفات میں سے کسی اسم کی تلاوت کرے تو اپنی حاجتیں اور مرادیں مانگے، جہاں اللہ تعالیٰ کے ماسویٰ کی نفی کی گئی ہو وہاں پر نفی کرے اور محل اثبات پر وجود حقیقی کا اثبات کرے۔ جب آیت سجدہ تلاوت کرے تو سجدہ تلاوت ادا کرے اور اٹھ کر دو رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پڑھے، سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں چلا جائے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے اور جب آیت ''رُسُلِ اللّٰہِ'' پر پہنچے تو سو بار ''رسل اللہ'' کا تکرار کرے اور اٹھ کر دو رکعت نماز نفل پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں جا کر اپنی دینی حاجت طلب کرے اور دل میں اس حاجت کا تصور کر کے اللہ تعالیٰ کے کسی اسم یا قرآن کی کسی آیت کا تکرار کرے۔ اور باطنی اعداء کو دور کرنے کیلئے کہ جن کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ اَعْدَیٰ عَدُوِّکَ نَفْسُکَ الَّتِی بَیْنَ جَنْبَیْکَ (تیرا سب سے بڑا دشمن وہ نفس ہے جو تیرے پہلوؤں میں ہے۔) اور ظاہری دشمنوں کو دور کرنے کیلئے درج ذیل آیات میں کسی ایک آیت کا تکرار کرے:

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ؕ حَتّٰى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ○ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ اَلَا لَهُ

اَلْحُکْمُ قف وَھُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِیْنَ○ [۱]

''اور وہی اپنے بندوں پر غالب ہے اور وہ تم پر (فرشتوں کو بطور) نگہبان بھیجتا ہے، یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کو موت آتی ہے (تو) ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) اس کی روح قبض کر لیتے ہیں اور وہ خطا (یا کوتاہی) نہیں کرتے○ پھر وہ (سب) اللہ کے حضور لوٹائے جائیں گے جو ان کا مالک حقیقی ہے، جان لو! حکم (فرمانا) اسی کا (کام) ہے، اور وہ سب سے جلد حساب کرنے والا ہے○''

ھُوَ اللّٰہُ الْوَاحِدُ الْقَھَّارُ ○ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ج یُکَوِّرُ الَّیْلَ عَلَی النَّھَارِ وَیُکَوِّرُ النَّھَارَ عَلَی الَّیْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ط کُلٌّ یَّجْرِیْ اِلٰی اَجَلٍ مُّسَمًّی ط اَلَا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفَّارُ○ [۲]

''وہی اللہ ہے، جو یکتا ہے سب پر غالب ہے○ اُس نے آسمانوں اور زمین کو صحیح تدبیر کے ساتھ پیدا فرمایا۔ وہ رات کو دن پر لپیٹتا ہے اور دن کو رات پر لپیٹتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو (ایک نظام میں) مسخر کر رکھا ہے ہر ایک (ستارہ اور سیارہ) مقررہ وقت کی حد تک (اپنے مدار میں) چلتا ہے، خبردار! وہی (پورے نظام پر) غالب، بڑا بخشنے والا ہے○''

اور یہ آیت بھی پڑھے:

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ.

اس کے بعد اَللّٰہُ اَعْلَمُ کہے اور تلاوت میں مشغول ہو جائے۔

---

[۱] (الانعام، ۶: ۶۱-۶۲) [۲] (الزمر، ۳۹: ۴-۵)

اور جب اس آیت پر پہنچے۔ وَاِذَا سَأَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ تو دعا و تضرع کرے اور سورت والضحیٰ کے بعد قرآن کے آخر تک جتنی سورتیں ہیں ان سب کے ختم کرنے کے آخر میں تکبیر کہنا سنت ہے۔ اور تکبیر اس طرح سے ہے۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اور ایک روایت کے مطابق صرف اَللّٰہُ اَکْبَرُ پر اکتفا کرلے۔

تلاوت قرآن کا وقت

تلاوت کرنے کا بہترین وقت رات کا آخری حصہ اور صبح کی نماز کے بعد ہے اور مغرب وعشاء کے درمیان کا وقت بھی محبوب ہے۔ موسم گرما میں قرآن مجید کا ختم فجر کی سنتوں میں کرے اور موسم سرما میں مغرب کی سنتوں میں ختم کرے تاکہ قاری قرآن کیلئے ملائکہ کی طرف سے دعائے مغفرت اور استغفار لمبے دن اور لمبی رات میں واقع ہو۔ اور اگر فجر کی سنتوں میں قرآن مجید ختم کرے تو سوموار کا دن ہو اور اگر مغرب کی سنتوں میں ختم کرے تو جمعرات محبوب ہے، اور روزہ کی حالت میں قرآن مجید کا ختم کرے اور ختم کرنے کے وقت رشتہ داروں اور دوستوں کو جمع کرے کیونکہ حدیث شریف میں آیا ہے قرآن مجید کے ختم کا وقت رحمت کے نزول کا وقت ہے۔ ختم کے بعد دعا و تضرع کرے۔

ختم قرآن میں سنتِ نبوی

حضور نبی اکرم ﷺ کا معمول تھا کہ جب آپ قرآن مجید ختم کرتے تو سورۃ فاتحہ سے ابتدا کرتے۔ اس کے بعد سورۃ بقرہ مفلحون تک پڑھتے اور ایک روایت کے مطابق آیت الکرسی، خالدون تک اور آمن الرسول آخر سورت تک بھی پڑھتے۔

دعائے ختم قرآن

ختم قرآن کی دعا یہ ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِی خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّہِمْ یَعْدِلُوْنَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ کَذَّبَ الْمُشْرِکُوْنَ بِاللّٰہِ مِنَ الْعَرَبِ وَالْمَجُوْسِ وَالْیَہُوْدِ وَالنَّصَارٰی وَالصَّائِبِیْنَ مَنْ دَعَا لِلّٰہِ وَلَدًا اَوْ صَاحِبَتَہٗ اَوْ شَبِیْھًا اَوْ مَثِیْلًا اَوْ سمناً اوعَدْلًا .فَاَنْتَ رَبُّنَا اَعْظَمُ مِنْ اَنْ یَتَّخِذَ شَرِیْکًا فِیْمَا خَلَقْتَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِی لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ یَکُنْ لَہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَہٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَ کَبِّرْہُ تَکْبِیْرًا○ اَللّٰہُ اَکْبَرُ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِی اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتَابَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَہٗ عِوَجًا، قَیِّمًا لِیُنْذِرَ بَاْسًا شَدِیْدًا مِنْ لَدُنْہُ وَیُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ الصَّالِحَاتِ اَنَّ لَھُمْ اَجْرًا حَسَنًا مَّاکِثِیْنَ فِیْہِ اَبَدًا وَیُنْذِرَ الَّذِیْنَ قَالُوْا اتَّخَذَ اللّٰہُ وَلَدًا مَا لَھُمْ بِہٖ مِنْ عِلْمٍ وَلَا لِاٰبَائِہِمْ کَبُرَتْ کَلِمَۃً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاھِہِمْ اَنْ یَقُوْلُوْنَ اِلَّا کَذِبًا○ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوَاتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَلَہُ الْحَمْدُ فِی الْاٰخِرَۃِ وَھُوَ الْحَکِیْمُ الْخَبِیْرُ یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَمَا یَخْرُجُ مِنْھَا وَمَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا یَعْرُجُ فِیْھَا وَھُوَ الرَّحِیْمُ الْغَفُوْرُ ○اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ فَاطِرِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلَائِکَۃِ رُسُلًا اُوْلِی اَجْنِحَۃٍ مَثْنٰی وَ ثُلَاثَ وَرُبَاعَ یَزِیْدُ فِی الْخَلْقِ مَا یَشَاءُ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیئٍ قَدِیْرٌ مَا یَفْتَحِ اللّٰہُ لِلنَّاسِ مِنَ الرَّحْمَۃِ فَلَا مُمْسِکَ لَھَا وَمَا یُمْسِکْ فَلَا مُرْسِلَ لَہٗ مِنْ بَعْدِہٖ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ○اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ سَلَامٌ عَلٰی

عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی اللّٰہُ خَیْرٌ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ بَلِ اللّٰہُ خَیْرٌ وَّ اَبْقٰی ۝ وَ اَحْکَمُ وَ اَکْرَمُ وَ اَعْظَمُ مِمَّا یُشْرِکُوْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ بَلْ اَکْثَرُھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ صَدَقَ اللّٰہُ وَبَلَّغَتْ رُسُلُہٗ وَ اَنَا عَلٰی ذٰلِکُمْ مِنَ الشَّاھِدِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْمَلَائِکَۃِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَارْحَمْ عِبَادَکَ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَھْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ وَاخْتِمْ لَنَا بِخَیْرٍ وَبَارِکْ لَنَا فِی الْقُرْآنِ الْعَظِیْمِ وَ انْفَعْنَا بِالْآیَاتِ وَالذِّکْرِ الْحَکِیْمِ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ آنِسْ وَحْشَتِیْ فِیْ قَبْرِیْ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِالْقُرْآنِ وَاجْعَلْہُ لِیْ اِمَامًا وَ نُوْرًا وَھُدًی وَرَحْمَۃً اَللّٰھُمَّ ذَکِّرْنِیْ مِنْہُ مَا نَسِیْتُ وَعَلِّمْنِیْ مِنْہُ مَا جَھِلْتُ وَارْزُقْنِیْ تِلَاوَتَہٗ آنَاءَ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَاجْعَلْہُ لِیْ حُجَّۃً یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلِ الْقُرْآنَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَجِلَاءَ صَدْرِیْ وَذِھَابَ ھَمِّیْ وَ غَمِّیْ۔

تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے، تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے زمین و آسمان تخلیق کیے، اور اندھیرے اور روشنی کو بنایا، اس کے بعد بھی کافر لوگ اپنے رب کے ساتھ شرک کرتے ہیں۔ کوئی معبود نہیں مگر وہی اللہ ہے اور جھوٹ کہتے ہیں، مشرک اللہ تعالیٰ کے بارے میں عربی، مجوسی، یہودی، عیسائی، اور صابئین جنہوں نے اللہ کے لیے بیٹا، بیوی، تشبیہ یا تمثیل، یا متوازن اور غیر متوازن ہونے کی اصطلاحات منسوب کیں۔

پس تو اے ہمارے رب اس سے عظیم تر ہے کہ وہ تیرے پیدا کیے میں سے تیرا شریک ٹھہرائیں۔ اور تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے نہ کوئی بیٹا بنایا اور نہ ہی کوئی بادشاہی میں اس کا شریک ہے، کمزوری میں اس کا کوئی حمایتی نہیں۔ اس کی بڑائی بیان کر بہت

خوب بڑائی۔ اللہ بہت بڑا ہے!

اور تمام تعریفیں اسی اللہ کے لیے ہیں جس نے اپنے عبدِ مکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر کتاب نازل فرمائی ۔ اور اس میں کوئی کجی (ٹیڑھا پن) نہیں رکھی ، بہت مضبوط ہے تاکہ وہ اللہ کی طرف سے سخت عذاب سے ڈرائیں، اور خوش خبری دیں ان مومنین کو جو نیک عمل کرتے ہیں، ان کے لیے بہت خوب اجر ہے ، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ۔ اور ڈرائیں ان لوگوں کو جو یہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے بیٹا بنالیا حالانکہ ان کو اور ان کے آباء کو یہ علم نہیں ہے کہ وہ کتنا بڑا بول منہ سے بول رہے ہیں، اور محض جھوٹ کہتے ہیں۔

تمام تعریفیں اس ذات کے لیے ہیں جو کچھ زمینوں اور آسمانوں میں ہے اسی کے لیے ہے۔ اور آخرت میں بھی تمام تعریفیں اسی کے لیے ہیں وہی حکیم اور خبیر ہے، اور جانتا ہے جو کچھ زمین کے اندر جاتا ہے اور جو باہر نکلتا ہے ۔ اور جو کچھ آسمان سے نازل ہوتا ہے اور جو کچھ آسمان میں اوپر چڑھتا ہے۔ وہ بہت مہربان اور بخشنے والا ہے، تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں ، زمین و آسمان کے بنانے والا اور فرشتوں کو بھیجنے والا جو دو ، دو، تین ، تین اور چار، چار، پروں والے ہیں۔ اور اپنی خلق میں جو کچھ چاہتا ہے بڑھاتا ہے ۔ بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ جو رحمت وہ لوگوں کے لیے کھولے اس کو کوئی روکنے والا نہیں اور جو کچھ وہ روک دے اس کے بعد کوئی اس کو بھیجنے والا نہیں ، وہ غالب حکمت والا ہے۔

"تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور سلامتی ہے اس کے پسندیدہ بندوں پر، اللہ اس سے بہت بہتر ہے جن کے ساتھ وہ شریک ٹھہراتے ہیں ، بلکہ اللہ بہتر ہے اور باقی رہنے والا ہے ، سب سے بڑا حاکم ہے ، سب سے بڑا عزت والا اور سب سے بڑا عظمت والا ہے ، جن چیزوں سے یہ شریک ٹھہراتے ہیں ، اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں بلکہ اکثر

لوگ نہیں جانتے۔

سچ کہا اللہ نے اور سچ پہنچایا اس کے رسولوں نے اور میں اس چیز پر تم میں گواہوں میں سے گواہ ہوں۔اے اللہ درود بھیج تمام ملائکہ اور رسولوں پر،اور رحم فرما اپنے مومنین بندوں پر،تمام زمینوں اور آسمانوں میں سے اور خاتمہ ہمارا خیر کے ساتھ فرما،اور برکت دے ہمیں قرآن عظیم میں اور نفع دے ہمیں آیات اور اس ذکرِ حکیم (قرآن مجید) سے۔اے رب ہمارے قبول فرما ہم سے بے شک تو سننے اور جاننے والا ہے۔انسیت عطا فرما میری وحشت کو میری قبر میں ،اے اللہ قرآن مجید کے ساتھ مجھ پر رحم فرما،اور اس کو بنا میرے لیے امام،نور،ہدایت اور رحمت،اے اللہ مجھ کو یاد دلا دے اس میں سے جہاں سے میں بھولوں،اور مجھے پڑھا دے اس میں سے جہاں سے میں نہ پڑھ سکوں۔دن اور رات کے اوقات میں مجھے اس کی تلاوت کرنے کی توفیق عطا فرما،اور اس کو بنا دے میرے لیے حجت (دلیل)،اے پروردگارِ عالم۔

اور اے اللہ......!! قرآن پاک کو بنا میرے لیے دل کی بہار اور میرے سینے کی جلا (روشنی) اور میرے ہم و غم سے نجات۔

سجدہ تلاوت میں یہ کلمات کہے :

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی آمَنْتُ بِالْقُرْآنِ سَجَدْتُّ لِلرَّحْمٰنِ فَاغْفِرْلِیْ یَا رَحْمٰنُ سَجَدَ وَجْهِیَ الَّذِیْ شَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ وَبِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ اکْتُبْ لِیْ عِنْدَکَ اَجْرًا وَاَوْضِعْ عَنِّیْ وِزْرًا وَاجْعَلْهَا لِیْ عِنْدَکَ ذُخْرًا وَتَقَبَّلْهَا مِنِّیْ کَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ عَبْدِکَ دَاؤُدَ (علیہ السلام) سُبْحَانَ رَبِّنَا اَنْ کَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا.

پاک ہے میرا رب اور اعلیٰ ہے،ایمان لایا میں قرآن اور سجدہ کیا رحمٰن کو،پس تو مجھے

معاف فرمادے اے رحم فرمانے والے۔

میری جبیں نے سجدہ کیا، جس نے کھول دی اس کی سماعت اور بصارت، اس کی قوت اور طاقت کے ساتھ، اے اللہ تو اپنی بارگاہ میں میرے لیے ثواب لکھ، اور مجھ سے بوجھ اُتار دے، اور اپنی بارگاہ میں اس کو میرے لیے ذخیرہ کر لے اور مجھ سے سجدہ قبول فرما، جس طرح تو نے اپنے بندے داؤد علیہ السلام کا سجدہ قبول کیا، پاک ہے ہمارا رب اور ہمارے رب کا وعدہ پورا ہونے والا ہے۔

......❁❁❁......

دوسری فصل:

ذکر جہراور اشغال باطنی کے بیان میں

آداب ذکر

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا فرمان ہے:(مدح اور حکم کے انداز میں)

وَالذَّاکِرِیْنَ اللہَ کثیرا وَالذَّاکِرَاتِ...... وَاذْکُرِ اسْمَ رَبِّکَ وَ تَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا ...... اَلا بِذِکْرِ اللہِ تَطْمَئِنُ الْقُلُوْبُ ...... فَاِذَا قَضَیْتُمُ الصَّلٰوۃَ فَاذْکُرُو اللہَ قِیَامًا وَ قُعُوْدًا وَ عَلٰی جُنُوْبِکُمْ۔

حضور نبی اکرم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا کہ ابن آدم کی جو گھڑی اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غفلت میں گزری ہوگی قیامت کے روز وہ اس پر حزن وملال کا اظہار کرے گا۔

حضور نبی اکرم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اللہ تعالیٰ کا فرمان حکایت کرتے ہوئے فرمایا: جس نے میرا ذکر کیا میں اس کا ساتھی ہوں۔ تم مجھے شوق ومحبت سے یاد کرو میں تمہیں وصل اور قربت کے ساتھ یاد کرونگا۔

آنحضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا:

لکل شئ صقالة وان صقالة القلب ذکر اللہ۔

''ہر چیز کیلئے ایک صیقل ہے اور دل کا صیقل (پالش کرنے والا، جلا دینے والا) ذکر الٰہی ہے۔''

غوث اعظم محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

موت القلوب الغفلة عن الله تعالى و عن ذكره فمن اراد منكم أن يحيى قلبه فليكثر فيه ذكر الحق ﷻ والانس به والنظر إلى سلطانه و عظمته و تصرفه فى خلقه وايضا قال ان ذكرتَ ربك بالْسِن حسن صنعه فتح انفغال قلبك وان ذكر بالسِن لطائف اسرار وفاتت ذاكر اعلے الحقيقة وان ذكرته بقلبك قربك من عبادة الرحمة وان ذكرته بسرك ادناك من مواطن القدس وان صدقتَ فى حُبِّهٖ حَمْلُکَ يَحْتاجُ لُطفهٗ اِلى مَقْعَدِ صِدْقِ مَا عَرَفَ قَدرَجلالِهٖ مَن فطَرَ لَحظَةً عَن ذِكر وَلَا لَاحَظَّ اَزلية وحدانية من الغت بعين سره بِغيرہٖ.

''یعنی اللہ اور اس کے ذکر سے غفلت کرنا دلوں کے لئے موت ہے لہٰذا اگر تم میں سے کوئی اپنے دل کو زندہ رکھنا چاہتا ہے تو اسے چاہیے کہ اپنے دل میں یادِ حق کی کثرت کرے اور اس سے انس حاصل کرے، اللہ تعالیٰ کی عظمت وقدرت میں غور وفکر کرے اور مخلوق پر اس کے قبضہ وتصرف میں تدبر کرے۔ اور یہ بھی فرمایا کہ اگر تو نے اپنے رب کا زبان سے ذکر کیا تو اچھا کیا اپنے دل کی غفلت کو دور کیا، اگر تو نے باطنی لطائف سے ذکر کیا تو انہیں ذکر کی حقیقت میں مشغول کر دیا، اور اگر تو نے اللہ تعالیٰ کو اپنے دل سے یاد کیا تو تیرا رب اپنی بندوں پر مہربان ہے، اگر تو نے اسے خفیہ ہو کر یاد کیا تو تو نے اپنے آپ کو بارگاہ اقدس کے قریب کر لیا، اگر تو نے اللہ تعالیٰ کی محبت میں سچ بولا تو اسکے لطف سے سچائی کا شہسوار ہو جائے گا' اگر جو لمحہ بھر بھی اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل ہو گیا تو اللہ تعالیٰ کے جلال کی قدر نہ پہچان سکے گا، اور ذکر کے بغیر اسکی کوئی بھی ازلی صفت توحید کا بھید ملاحظہ نہ کر سکے گا۔''

☆☆☆

اللہ کا ذکر دلوں کی شفاء

اے درویش! حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کا فرمان ہے:

ذکر اللہ تعالی شفاء القلوب

کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر دلوں کے لئے شفا ہے۔

اور غوث اعظم کا ارشاد ہے:

اذا دام علی ذکر الحق جاء ت إلیه المعرفة والعلم والتوحید

کہ جب کوئی شخص ذکر حق پر مداومت کرے تو اسے معرفت، علم اور توحید نصیب ہو جاتے ہیں۔

اس لئے تجھ پر لازم ہے کہ تو ان تمام وظائف کو جو بیان کیے گئے ہیں اس ترتیب سے پڑھے کہ تیرا کوئی وقت اور کوئی حالت ان سے خالی نہ ہو، آنے جانے، کھانے پینے، پہننے، بیٹھنے، سونے، سننے، کہنے اور تمام حرکات وسکنات میں ذکر الٰہی میں مصروف رہے۔ تاکہ کوئی لمحہ بھی غفلت وسستی اور لہو ولعب میں نہ گزرے جس طرح کہ حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ نے فرمایا:

اکثروا ذکر اللہ حتی یقولوا انه مجنون و اکثروا ذکر اللہ حتی یقولوا المنافقون انکم مراؤن۔

اللہ تعالیٰ کا اس قدر ذکر کرو کہ لوگ تمہیں مجنون کہنے لگیں اور ایسی حالت ہر قسم کے خیالات واوہام کی نفی اور جہد بلیغ کے بغیر حاصل نہیں ہوتی جس قدر دل سے وسوسوں کو دور کیا جائے اسی قدر یہ نسبت قوی ومحکم ہو جاتی ہے، لہٰذا کوشش کر کہ تیرے دل کا صحن تمام متفرق خیالات سے خالی ہو جائے اور تجھے پوری طرح دل جمعی حاصل ہو جائے۔ طالب کو چاہیے کہ

تمام اوقات ذکر کا خاص خیال رکھے بالخصوص نصف شب، آخر شب، نماز عشاء، نماز فجر اور نماز عصر کے بعد کے وقت کا خیال رکھے اور جتنے وظائف تحریر کیے گئے ہیں انہیں اپنے اپنے اوقات میں ادا کرے۔

سب سے پہلے غسل کرے اور وضو نئے سرے سے کرے اس کے بعد دو (۲) رکعت تحیۃ الوضو ادا کرے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص چالیس مرتبہ پڑھے۔

اس کے بعد آنحضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر دس بار یہ درود شریف بھیجے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَاذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَبِعَدَدِ کُلِّ مَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

اور دس بار یہ کلمات پڑھے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ

اور تینتیس (۳۳) بار کلمہ تمجید، ستر (۷۰) بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ، ایک (۱) بار اَسْتَغِیْثُ اور ایک بار یا تین بار یہ آیت پڑھے:

شَھِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ وَ اُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ○ [۱]

اس کے بعد یہ آیات پڑھے:

فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ وَاشْکُرُوْا لِیْ وَلَا تَکْفُرُوْنِ ○ [۲]

وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ج لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ○ [۳]

---

[۱] آل عمران:۱۸ ...... [۲] البقرۃ:۱۵۲ ...... [۳] البقرۃ:۱۶۳

وَاِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ط اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّھُمْ یَرْشُدُوْنَ○[۱]

اَللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ○[۲]

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ج قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِہِ الرُّسُلُ ط اَفَائِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓی اَعْقَابِکُمْ ط وَمَنْ یَّنْقَلِبْ عَلٰی عَقِبَیْہِ فَلَنْ یَّضُرَّ اللّٰہَ شَیْئًا ط وَسَیَجْزِی اللّٰہُ الشّٰکِرِیْنَ○[۳]

الٓمّٓ○ اَللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ○[۴]

ان آیات میں سے ہر ایک کو دو مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ سے وَلَا الضَّآلِّیْنَ آمین تک پڑھے۔ اس کے ذکر میں مشغول ہو جائے جو آئندہ صفحات پر تحریر کیا جائے گا اور اس ذکر کے خاتمے پر یہ دعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ بِجَلَالِ قُدْرَتِکَ وَبِجَمَالِ اُنْسِکَ وَ بِنَظْرِکَ اِلٰی اَوْلِیَائِکَ وَ بِقُرْبِکَ اِلٰی اَصْفِیَاءِ کَ وَ بِشَوْقِکَ اِلٰی مُشْتَاقِیْکَ وَمَحَبَّتِکَ اِلٰی طَالِبِیْکَ وَ بِشَوْقِکَ اَنْ تُنَوِّرَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ اَھْلِ حُضُوْرِکَ حتیٰ یسرلنا صباحتہ بحار الانوار وینتھی لنا در الاسرار اَللّٰھُمَّ شَرِّفْنَا بِمُشَاھَدَۃِ جَمَالِکَ وَوِصَالِکَ وَارْزُقْنَا

---

[۱] البقرہ:۱۸۶۔ [۲] البقرۃ:۲۵۵۔ [۳] آل عمران:۱۴۴۔ [۴] آل عمران:۱

نِعْمَةَ لِقَائِکَ وَاحْشُرْ نَافِیْ زُمْرَةِ اَوْلِيَائِکَ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ مِنْ مُحَبَّةِ الدُّنْيَا قُلُوْبَنَا وَ اَبْصِرْ عُيُوْنَنَا فِیْ عُيُوْبِنَا (۱) اَللّٰهُمَّ زَيِّنْ ظَوَاهِرَنَا لِطَاعَتِکَ وَبَوَاطِنَنَا بِخَشْيَتِکَ وَاَبْصِرْ عُيُوْنَنَا فِیْ عُيُوْبِنَا بِمَعْرِفَتِکَ اَللّٰهُمَّ صَفِّرِ الدُّنْيَا بِاَعْيُنِنَا وَعَظِّمْ جَلَالَکَ فِیْ قُلُوْبِنَا اِلٰهِیْ اَنْتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْعَبْدُ اِلٰهِیْ اَنْتَ الْمَالِکُ وَاَنَا الْمَمْلُوْکُ وَاَنْتَ الْعَزِيْزُ وَاَنَا الذَّلِيْلُ وَ اَنْتَ الْغَنِیُّ وَاَنَا الْفَقِيْرُ وَ اَنْتَ الْبَاقِیْ وَاَنَا الْفَانِیْ وَاَنْتَ الْمُحْسِنُ وَاَنَا الْمُسِیُٔ وَاَنْتَ الْکَرِيْمُ وَ اَنَا اللَّئِيْمُ وَاَنْتَ الْکَرِيْمُ وَاَنَا الْجَانِیُّ وَاَنْتَ الرَّحِيْمُ وَ اَنَا الْخَاطِیُٔ وَاَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنَا الْمَخْلُوْقُ وَاَنْتَ الْقَوِیُّ وَاَنَا الضَّعِيْفُ وَاَنْتَ الْمُعْطِیْ وَ اَنَا السَّائِلُ وَاَنْتَ الرَّزَّاقُ وَاَنَا الْمَرْزُوْقُ وَ اَنْتَ حَقٌّ مِمَّنْ شَکَوْتُ اِلَيْهِ وَاسْتَغِيْثُ بِهٖ وَسَاَلْتُهٗ وَ دَعَوْتُهٗ وَرَجَوْتُهٗ لِاَنَّکَ کَرِيْمٌ اِلٰهِیْ کَمْ مِنْ مُذْنِبٍ قَدْ غَفَرْتَ لَهٗ وَکَمْ مِنْ مُسِیْءٍ قَدْ تَجَاوَزْتَ عَنْهُ فَاغْفِرْلِیْ رَبَّنَا وَ تَجَاوَزْعَنِّیْ بِرَحْمَتِکَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

اللہ کے نام سے شروع جو مہربان اور رحیم ہے۔ اے اللہ اپنی قدرت کے جلال، اپنی محبت کے جمال، اولیاء کی طرف نظر کرنے، اصفیاء کو قریب کرنے، مشتاقین کے اشتیاق اور طالبین کی محبت اور شوق کے طفیل میرے دل کو اپنی معرفت کے نور سے منور کردے اور مجھے اہل حضور میں سے بنا، اے اللہ ہمیں اپنے جمال اور وصل کے مشاہدہ سے مشرف فرما، ہمیں اپنی ملاقات کی نعمت عطا فرما اور قیامت کے روز ہمیں اپنے اولیاء کے زمرے میں اٹھا۔ اے اللہ دنیا کی محبت سے ہمارے دلوں کو پاکیزہ کر اور ہماری آنکھوں کو ہمارے عیب دیکھنے کیلئے

(۱) ایک دوسری جگہ یہ جملہ اس طرح ہے جو زیادہ مناسب ہے۔ اَبْصِرْ عُيُوْبَنَا فِیْ عُيُوْنِنَا ...

بینا کردے، اے اللہ ہمارے ظاہر کو اپنی اطاعت کے لئے اور ہمارے باطن کو اپنی خشیت کے لئے سنوار دے اور اپنی معرفت کے ساتھ ہماری آنکھوں کو ہمارے عیب دیکھنے کی بصارت دے، اے اللہ ہماری نظروں مین دنیا کو حقیر بنادے اور ہمارے دلوں میں اپنے جلال کو عظیم بنادے، اے اللہ تو پروردگار ہے اور میں تیرا بندہ ہوں۔اے اللہ تو مالک کائنات ہے اور میں تیرا غلام ہوں، تو غالب ہے اور میں کمزور و ذلیل، تو غنی ہے اور میں محتاج، تو باقی ہے اور میں فانی، تو احسان فرمانے والا ہے اور میں غلط کار، تو کریم و سخی ہے اور میں کمینہ و گھٹیا، تو کرم کرنے والا ہے اور میں گناہگار، تو رحیم ہے اور میں خطا کار۔ تو خالق ہے اور میں مخلوق۔ تو قوی ہے اور میں ناتواں۔ تو عطا کرنے والا ہے اور میں سائل، تو رزّاق ہے اور میں روزی تلاش کرنے والا، تو حق ہے۔ میں تجھی سے شکایت کرتا ہوں اور تجھی سے استغاثہ کرتا ہوں۔ تجھی سے سوال کرتا ہوں اور تجھی سے امید رکھتا ہوں کیونکہ تو کریم ہے۔ اے اللہ کتنے ہی گناہگار ہیں جنہیں تو نے بخش دیا اور کتنے ہی غلط کار ہیں جنہیں تو نے معاف کردیا، پس اے ہمارے رب مجھے بخش دے اور مجھے معاف فرما، میں تو تیری رحمت کا ہی طلبگار ہوں۔

اس کے بعد سرورِ کائنات، خلاصہ موجودات صلی اللہ علیہ وسلم، جملہ انبیاء کرام، اہل بیت اطہار، اصحاب نامدار، غوث اعظم محی الدین عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور تمام اولیاء کرام کی ارواح مبارکہ کو، درود شریف، سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص بارہ مرتبہ پڑھ کر ایصال ثواب کرے اس کے بعد اپنی خیر و عافیت، تمام اہل اسلام کی سلامتی، بادشاہ وقت کی عافیت اور ظاہری و باطنی دشمنوں کی مقہوری کے لئے دعا کرے۔

ذکر کی شرائط اور آداب

جب تنہا یا جماعت کے ساتھ ذکر جہر کرنا چاہے تو ذکر کی تمام شرائط و آداب کا لحاظ رکھے۔

پہلی شرط...... اخلاص نیت

سب سے پہلی شرط صدق نیت ہے کیونکہ تمام اعمال کے ثواب کا دارومدار نیتوں پر موقوف ہے اگر نیت خالص ہوگی تو اعمال کا ثواب افضل و اکمل ہوگا۔ اگر کوئی شخص دونوں جہانوں میں حق سبحانہ وتعالیٰ کے سوا کسی اور سے بھی امید مراد و حاجت رکھے تو وہ دین میں نئی راہ نکالنے والا اور طریقت سے ہٹنے والا ہے۔ بارگاہ ربوبیت میں قرب حاصل کرنے، مناجات واذکار اور اللہ تعالیٰ سے کلام کا شرف حاصل کرنے کے لئے نیت کی طہارت واجب ولازم ہے۔ لہٰذا اگر نیت حق تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کرنے کی ہو تو یقیناً مقام عبودیت کی طرف منسوب ہوگا۔ مشکل عبادات، اذکار متنوعہ اور اشغال جن کا مقصد طلب جاہ، ریاکاری، ظہور کرامات اور کشف آیات ہو، تقرب خداوندی مقصود نہ ہو، اگر ایسے شخص سے لوگوں کے طلب کرنے پر کوئی کرامت ظاہر ہو تو وہ مکر اور استدراج ہوگا اور حماقت اور بارگاہ صمدیت سے دوری کا موجب ہوگا۔ کثرت شغل، کم خوری اور دوام ذکر باطن کی صفائی دلوں کو روشن کرنے اور نفوس میں تاثیر پیدا کرنے میں خاص دخل رکھتے ہیں۔ لہٰذا طالب کرامت کو جب اشغال واذکار اور ریاضت کے سبب صفائے باطن اور نورانیت حاصل ہو جائے اور بعض علوم کا اکتساب کرلے اور بعض نفوس میں تصرف اور تاثیر کرنے لگے اور یہ خیال کرے کہ مقصد اعلیٰ

صرف یہی ہے تو وہ شیطان کے قریب ہے اور تکبر و غرور نے اسے دھوکا دے رکھا ہے۔ اسے چاہئے کہ دوسروں کو حقارت و نفرت کی نگاہ سے نہ دیکھے کیونکہ ممکن ہے کہ ایسے مقام پر شریعت کی حرمت و وقار اس کے دل سے اٹھ جائے (العیاذ باللہ) اور اللہ تعالیٰ کے حدود و احکام کو چھوڑنے لگ جائے اور حلال کو چھوڑنے اور حرام کا مرتکب ہونے کی پرواہ نہ کرے اور شیخ اسلام سے مردود ہو جائے اور اگر سلوک کے راستہ میں کسی سے اتفاقی طور پر کرامت ظاہر ہو جائے اور اس کی نیت بھی مخلص ہو اور عزیمت کے راستہ پر سچا ہو تو اسے عزیمت کی پختگی اور یقین کی قوت حاصل ہو جاتی ہے۔ بہر حال ہم اپنے مقصد کی طرف لوٹتے ہیں۔

دوسری شرط...... گناہوں سے توبہ

اور ذکر کی شرائط میں سے دوسری شرط گناہوں اور شریعت کے خلاف کاموں سے استغفار اور توبہ ہے۔ توبہ (خلوص دل سے) تمام گناہوں سے کرے اور دل کو ماسوی اللہ کی جانب متوجہ نہ کرے اور صرف اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے کیونکہ تمام مقامات کی بنیاد اور تمام خیرات کی چابی اور جسم و دل کے ظاہری اور باطنی معاملات و منازلات اور تمام خیرات تک پہنچانے کا سب سے بہتر ذریعہ توبہ ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا:

العجب من يقنط و معه النجات

تعجب اس شخص پر جس نے قنوط اور مایوسی اختیار کی اور پھر اس کے ساتھ نجات بھی ہو۔ لوگوں نے پوچھا اے امیر المؤمنین! نجات کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا، توبہ اور استغفار نجات ہے۔ لہٰذا توبہ سے کوتاہی اور لاپرواہی کرنا اپنے نفس پر ظلم کرنے کے مترادف ہے۔ اور جنہوں نے توبہ نہ کی پس وہ لوگ ظالم ہیں۔

تیسری شرط ...... طہارت جسمانی

ذکر کی ایک اور شرط طہارت ہے۔ طہارت اکبر یعنی غسل کرے اور اگر غسل نہیں کر سکتا تو نیا وضو کرے اور تحیۃ الوضو کے نفل پڑھے جس طرح کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے۔ اور ذکر سے قبل اپنے کپڑوں کو اچھی طرح پاک صاف کر لے، نجاست خفیفہ ہو یا غلیظہ کپڑے پر گندگی لگی ہو یا کپڑا غصب کیا گیا ہو، ان تمام نجاستوں سے طہارت حاصل کرنا ضروری ہے جس حجرے میں ذکر کرنا ہو وہ چھوٹا سا، تاریک اور لطیف ہو اور خوشبو سے معطر ہو، قبلہ رخ ہو کر بیٹھے۔

چوتھی شرط ...... حضور قلب

شرط یہ ہے کہ دل کو حاضر اور مراقب رکھے اور اس طرح تصور کرے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوں اور رسول اللہ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ اس جگہ حاضر اور تشریف فرما ہیں، ہمیشہ وقار اور ادب و احترام کا لحاظ رکھے۔ اپنے ظاہر و باطن کو عبادت کی شکل میں رکھے، لباس کی موافقت اور احکام الٰہی کی موافقت میں اللہ تعالیٰ پر نظر رکھے تاکہ اس سبب سے اللہ تعالیٰ کے نفحات کے در پے ہوئے اور غیر متناہی فیض کے نازل ہونے کے لئے تیار ہو جائے۔

پانچویں شرط ...... دل کا رابطہ مرشد کے ساتھ رکھے

اور یہ بھی شرط ہے کہ ذکر کرتے وقت دل کا رابطہ مرشد کے ساتھ ہو۔ اس کی تفصیل شغل باطن کے بیان میں مذکور ہوگی۔

ذکر جھر (بلند آواز سے ذکر کرنا)

حضرت غوث اعظمؒ نے فرمایا: ذکر پہلے زبان کے ساتھ ہوتا ہے پھر دل کی طرف تجاوز کرتا ہے پھر محبت اور شوق زبان کی طرف تجاوز کرتے ہوئے آ جاتی ہے جس وقت بندہ خدائے غالب و بزرگ تر کے لئے جہالت کی نفی کر کے علم ثابت کرتا ہے اور بُعد کی

نفی کر کے قرب ثابت کرتا ہے اور صحت کی نفی کر کے ذکر ثابت کرتا ہے اور وحشت کی نفی کر کے انس ثابت کرتا ہے اور اندھیرے کی نفی کر کے نور ثابت کرتا ہے اور راستہ میں ''میں'' اور ہم نہیں رہتا مگر ''تو'' ہی ہو جاتا ہے۔ وہی اول ہے، وہی آخر ہے، وہی ظاہر ہے، وہی باطن ہے۔ عارف اپنے دل کی آنکھ کے ساتھ دیکھتا ہے۔ جو ہر کی وجہ سے جاننے والا ہوتا ہے پھر حق اس کو تمام طور پر لقمہ بنالیتا ہے پھر ہم اس میں ہر چیز کو غائب کر دیتے ہیں۔ خدائے غالب و بزرگ تر اس کی نیکیوں کو بے پایاں بنا دیتا ہے وہ کہتا ہے وہی اول وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن ہے۔ عارف کے نزدیک ظاہر اور باطن، اول اور آخر، صورت اور معنی میں حق ہی ہوتا ہے۔ اس کے سوا اور کوئی شئے نہیں ہوتی۔ اس وقت دنیا اور آخرت میں اس کی صحبت اس کے ساتھ ہوتی ہے۔ حضرت غوث اعظمؒ نے یہ بھی فرمایا:

اللسان غلام القلب وتبع له

زبان دل کی غلام اور تابع ہوتی ہے

سلسلہ قادریہ اور ذکر بالجہر کے طریقے

ذکر بالجہر کا طریقہ (نفی و اثبات کا ذکر)

جاننا چاہئے کہ سلسلہ قادریہ میں ذکر جہر کے بہت سے طریقے ہیں ان میں سے پہلا ذکر لا الٰہ الا اللہ اختیار کیا ہے اور اس کی صورت نفی اور اثبات سے مرکب ہے تا کہ ذکر کرنے والا اس کلمہ کو زبان پر جاری کرتے وقت دل کو حاضر رکھے، دل اور زبان کے درمیان مطابقت کو نگاہ میں رکھے اور نفی کی صورت میں تمام محدثات یعنی ماسوی اللہ کا مطالعہ نظر فنا سے کرے اور اثبات کی صورت میں قدیم کے وجود کا بقا کی آنکھ کے ساتھ مشاہدہ کرے اس کلمہ

پر مواظبت و مداومت کرنے اور تکرار کرنے سے دل میں توحید پختہ ہو جاتی ہے اور اس مقام پر ذکر کی صفت لازم ہو جاتی ہے۔ ذاکر کو مسلسل ذکر کی امداد پہنچتی ہے اور پھر اس مقام پر پہنچ جاتا ہے کہ ذکر کی صفت اس کے دل میں گھر کر جاتی ہے۔ اور دل کا جوہر اس حقیقت میں متحد ہو جاتا ہے اور اس مقام پر ذاکر ذکر میں اور ذکر مذکور میں محو اور فانی ہو جاتا ہے۔ یہ تو کلمہ توحید کا ظاہر ہے یعنی ظاہر کے لحاظ سے دل محو ہو جاتا ہے اور اس کی حقیقت اس کے باطن کے لحاظ سے فائدہ دینے والی اور بکھیرنے والی ہوتی ہے، اور اس حالت میں عبادت کے بارے میں جو کچھ لوگوں نے لکھا ہے کہ ذکر اور ذاکر اور مذکور تینوں چیزیں ایک ہو جاتی ہیں ہم تو یہی کچھ بیان کر سکتے ہیں اور اللہ تعالیٰ توفیق دینے والا اور ہدایت کی طرف رہنمائی فرمانے والا ہے۔

ایک گروہ کے ذکر کی سند ایک اثبات کے ساتھ ہے: جلسہ کو مربع کی شکل بنائے یعنی مربع شکل بنا کر اس طرح بیٹھے کہ دائیں پاؤں کی انگلی کے سر کے ساتھ کیمیاس کے بند کو مضبوطی سے پکڑنے یعنی گھٹنے کے بند کو دائیں پاؤں کی انگلی اور انگوٹھے کے ساتھ مضبوطی سے پکڑے اور دونوں ہاتھوں کو دونوں زانوؤں پر سیدھا کر کے اس طرح رکھے کہ انگلیوں سے لفظ اللہ سمجھا جائے اور اپنے مرشد کو ذکر کے وقت حاضر تصور کرے اور اس کی ولایت سے مدد اور تقویت طلب کرے، سر کو دائیں زانوں کی طرف نیچے لے جائے اس حد تک جھکائے کہ ڈاڑھی کو چھنگلیا تک پہنچائے اس جگہ سے لا الــــہ کہتا ہوا سر دائیں زانوں سے اٹھائے اور دائیں کندھے تک پہنچائے تھوڑا سا سر اور دائیں کندھے کو پیٹھ کی طرف خم کرے اور اس جگہ سے لا الہ کو صعود یعنی چڑھا کر اِلَّا اللہُ کو ھبوط یعنی نیچا کرے پھر اپنی اصلی حالت پر آ کر سر سے آغاز کرے اور نفی کی حالت میں آنکھ کو کھلا رکھے اور اثبات کی حالت میں آنکھ کو بند رکھے اور اِلَّا اللہُ کہتے وقت ماسوا اللہ کے وجود کی نفی کا تصور کرے۔

دل میں گزرنے والے برے خطرات کی بھی نفی کرے اور اِلَّا اللہ کے ساتھ حق تعالیٰ کے وجود ہستی کا اثبات کرے اور حق تعالیٰ کی ذات کو اپنا محبوب اور مطلوب تصور کرے اور اس جگہ میں راز ہے جو اپنے مرشد سے معلوم کرے۔ اس طریقہ پر جب دل میں آہستہ آہستہ ذکر پختہ ہو جاتا ہے تو نفی واثبات کے جوہر سے دل منور اور جوہر دار بن جاتا ہے۔ تو ذکر دل کی ولایت پر غالب ہوگا اور جو کچھ حق کے سوا ہے اللہ تعالیٰ اس کے دل سے نکال دے گا اور ذاکر ذکر کے نور سے معمور ہو جائے گا اور اس مقام و مرتبہ پر پہنچ کر ذاکر تمام علائق و عوائق سے منفرد ہو جاتا ہے اور اپنے آپ سے فانی ہو جاتا ہے اور حق کے ساتھ بقا حاصل کر لیتا ہے۔

ذکر یک ضربی بیک اثبات

سابقہ طریقہ کے مطابق لَا اِلٰـهَ کے کلمہ کو دو زانوؤں کے درمیان سے نکالے کلمہ کو دائیں کندھے کی پیٹھ پر پہنچا کر اِلَّا اللہ کی بائیں طرف ضرب لگائے پھر سر سے شروع کرے۔

ذکر دو ضربی بیک اثبات

دو ضربی ذکر کی سند میں اس جلسہ اور اس دور کو جو اوپر مذکور ہو چکا ہے، ثابت رکھنے کے علاوہ اس بات کا خیال کرنے کہ ایک ضرب اِلَّا اللہ کی، قاعدہ مذکورہ کے ساتھ، بائیں زانو کے سر پر کرے اور دوسری ضرب نیم ٹھہرا ہو کر مذکورہ صورت کے مطابق لگائے اس طرح دو اثبات اور دو پیالے اِلَّا اللہ کے ہو جائیں گے۔ ذکر کو ایک خاص وضع کے ساتھ سختی سے کرے تا کہ ذکر کی حرارت تمام جسم میں پہنچ جائے۔

ذکر سہ ضربی بہ سہ اثبات

سہ ضربی ذکر کی سند میں تین اثبات کی رعایت اور دور کو نگاہ رکھ کر ایک ضرب کو بائیں زانو پر اور ایک ضرب کو دائیں زانو پر اور ایک ضرب کو دونوں زانوؤں کے درمیان دل پر کلمہ

اِلّا اللہ کہتا ہوا کرے پھر نئے سرے سے پکڑے گا۔ اور ذاکر ذکر کرتے وقت ایک حرارت اور لذت محسوس کرے گا۔

ذکر سہ ضربی بہ چہار اثبات

تین ضربی ذکر کی سند چار اثبات کے ساتھ مقررہ دور کی رعایت رکھ کر ایک ضرب بائیں زانو پر، ایک ضرب دائیں زانو پر اور ایک ضرب دونوں زانوؤں کے درمیان کر کے ذکر کرے اور ایک ضرب برابر ناف کے اِلّا اللہ کہتا ہوا کرے۔

ذکر چہار ضربی بیک اثبات

جلسہ کے ایک اثبات کے ساتھ چہار ضربی ذکر کی سند میں مقررہ دور کو نگاہ رکھ کر کلمہ لَا کو دو زانوؤں کے درمیان سے نکال کر اور ہمزہ اِلٰہ کو مد کے ساتھ کھینچے اور بائیں کندھے سے گزار کر اپنے میں ضرب لگائے اور اِلّا اللہ کی ھا سے اپنی پیٹھ کی جانب ضرب لگائے۔

اس صورت میں کلمہ لَا اِلٰہَ اِلّا اللہ کا چار جگہوں پر انصرام ہوگا اور ایک نفی اور ایک اثبات میں چار مرتبہ ثابت ہو جائے گا۔

اثبات کے ذکر کا طریقہ

اثبات کے ذکر کا طریقہ یعنی کلمہ اِلّا اللہ سہ ضربی کا جلسہ مقررہ کو نگاہ میں رکھ کر کرے۔ اِلّا اللہ کی ایک ضرب دائیں طرف ایک ضرب بائیں طرف اور ایک ضرب دل پر۔

چار ضربی ذکر کا طریقہ

چار زانوؤں پر بیٹھ کر مذکورہ طریقہ کی رعایت رکھ کر کرے۔ اِلّا اللہ کی ایک ضرب دائیں طرف، ایک ضرب بائیں طرف، ایک ضرب دل پر اور ایک ضرب سامنے کی طرف لگائے۔

پانچ ضربی و پانچ رکنی ذکر

پانچ ضربی و پانچ رکنی ذکر میں جلسہ مذکورہ کی رعایت رکھی جائے۔ اِلّا اللہ کی ایک ضرب بائیں طرف، ایک ضرب دائیں طرف، ایک ضرب دل پر، ایک ضرب آگے اور ایک ضرب آسمان کی طرف کرے۔

اِلّا اللہ کے ذکر کا ایک اور طریقہ یہ ہے کہ تشہد کے جلسہ کی طرح بیٹھے، بائیں پاؤں کو بچھائے اور دائیں پاؤں کو کھڑا کر کے رکھے، ایک ضرب اِلّا اللہ کی بائیں زانو پر اور دوسری ضرب دل پر لگائے پھر اس کے بعد دو زانوؤں پر کھڑا ہو کر ایک ضرب سینہ پر کرے اور ایک ضرب دل پر کرے پھر نئے سرے سے شروع کر کے اس کی تکمیل کرے۔

اِلّا اللہ کے ذکر کا ایک اور طریقہ حالت مَشی میں ہے، پہلے قدم کے اٹھاتے وقت لَا اِلٰـهَ کہے اور دوسرا قدم رکھتے وقت اِلّا اللہ کہے یا ہر قدم پر اِلّا اللہ کہے۔

ذکر اسم ذات

یَا اَللّٰہُ کے ذکر کی سند کے بارے ہمارے شیخ و آقا محی الدین ابی محمد عبدالقادر حسنی حسینی جیلانی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے:

اسم اللہ الاعظم ھو اللہ و انما یستجاب لک اذا قلت اللہ ولیس فی قلبک غیرہ.

اسم اعظم وہی اللہ کا نام ہے جب تو اللہ کہے اور تیرے دل میں اس کے سوا اور کوئی نہ ہو تو تجھے جواب دیا جاتا ہے۔

لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰہُ اور اِلّا اللہ کے ذکر کے بعد اسم ذات یَا اَللّٰہُ کے ذکر میں مشغول ہو جائے

ذکر اسم ذات کا طریقہ

جب یَا اَللّٰہُ زبان پر کہے تو یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا اَللّٰہ یَا صَمَدُ تصور کر کے بائیں طرف یا اللّٰہ الصمد اور دائیں طرف یا اللّٰہ احد اور دل پر یا اَللّٰہُ کی ضرب کرے اور اپنی حاجت کو پورا کرنے کے لئے اسمائے صفات میں سے ایک اسم اپنے مدعا و مقصد کے مطابق اسم ذات کے ساتھ ملا کر مشغول ہووے اور امید رکھے کہ میری حاجت پوری ہوگی، گناہگار اپنے گناہوں اور تقصیرات کی مغفرت کے لئے یَا اَللّٰہُ غَفُوْرٌ غَفَّارٌ میں مشغول ہو جائے اور مریض اپنے مرض کی شفا کے لئے یَا اَللّٰہُ شَافِیُ اَنْتَ الشَّافِیُ میں مشغول ہو، اور چاہئے کہ ندا کی ضرب دل سے نکال کر لفظ اللہ کو دل پر ضرب کرے۔

حقائق کے کشف کے لحاظ سے یَا هُوَ کا ذکر مؤثر ہے ذات کی تجلی کے لئے اسم سے صرف الف اور لام کو گرا کر صرف ھاء کی تین حرکتوں کے ساتھ مشغول ہو جائے۔ دائیں طرف ھاء کو زبر کے ساتھ، بائیں طرف ھاء کو زیر کے ساتھ اور دل پر ھاء کو پیش کے ساتھ کہے اور اگر بائیں طرف پیش کے ساتھ کہے اور دل پر زیر کے ساتھ تو اس میں اسے اختیار ہے۔

شغل آیۃ الکرسی

باطن کے دروازوں کو کھولنے، مصیبتوں کو دور کرنے اور درازی عمر کے لئے لفظ اللہ کو دل پر ضرب کرے پھر کلمہ لَا اِلٰہَ کو مذکورہ طریقہ کے مطابق ذکر کرے اور تحریک دے کر کلمہ اِلَّا ھُوَ کو دل پر ضرب کرے، اس کے بعد اَلْحَیُّ کو دائیں جانب اور اَلْقَیُّوْمُ کو بائیں جانب ضرب کرے۔

کشف ارواح کے لئے شغل اسم یا احمد یا محمد ﷺ

شغل اسم یَا احمد یا محمد یا رسول اللّٰہ ﷺ ۔کشف ارواح کے لئے یا احمد یا محمد کے ذکر کے ساتھ دائیں طرف، یا محمد کے ذکر کے ساتھ بائیں جانب اور یارسول اللہ کے ذکر کے ساتھ دل پر ضرب کرے۔اور کشف ارواح کے لئے یا احمد یا محمد یا علی یا حسن یا حسین یا فاطمۃ، ان چھ اسموں کے ذکر میں شش ضرب طریقہ کے ساتھ مشغول ہووے۔

شغل شیخ

ہزار باریَا شیخ یا شیخ کہے، حرف ندا کو دل سے نکال کر دائیں جانب لے جائے اور لفظ شیخ کو بائیں جانب لے جا کر دل پر ضرب کرے۔ مذکورہ بالا اسمائے ذات رسالتماب ﷺ کا اسم گرامی اور دوسرے تمام مشائخ کے اسماء کے ذکر کے وقت حرف ندا کو دل سے نکال کر مذکورہ طریقہ کے ساتھ ختم کرے۔

ذکر خفی

ذکر دل، ذکر خفی اور پاس انفاس کے طور طریقہ اور روش کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ادعوا ربکم تضرعًا و خفیة انه لا یحب المعتدین۔

اپنے رب کو عاجزی اور پوشیدگی کی حالت میں پکارو بلاشبہ وہ حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔

بعض اہل تحقیق نے کہا ہے کہ اس آیت کا معنی یہ ہے: ادعوہ علانیا و خفیة یعنی اس کو ظاہر اور پوشیدہ میں پکارو کیونکہ تضرع، ضراعات سے ہے جس کا لغت میں معنی ہے: سخت

حاجت اور ضرورت کا اظہار کرنا اور خفیہ کا لفظ جہر اور سر کے درمیان مشترک ہے اور یہ اضداد میں سے ہے اور اللہ تعالیٰ کے فرمان معتدین سے مراد وہ لوگ ہیں جو دعا کرتے وقت مقفی و مسجع اور پر تکلف الفاظ استعمال کرتے ہیں۔

رسول اللہ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

انا عند ظن عبدی بی و أنا معه اذا ذکرنی فی نفسه ذکرته فی نفسی و إن ذکرنی فی ملأ ذکرته فی ملأخیر منه .(۱)

﴿اذا کان یوم القیامةوجمیع الخلائق بحسابهم و جاء الحفظه بما حفظوا و کتبوا قال الله سبحانه وتعالی لهم انظروا و اجعل له من شئی فیقولون ربنا ما ترکنا من شئی فیقولون یا ربنا ما ترکنا شئیا علمناه و حفظناه الا وقد احصینا ه و کتبنا فیقول الله تعالی ان لک عندی کنز الا یعلمه احد وانا اجزیک به قال وهو الذکر الخفی وقال النبی ﷺ اذکرالله ذکرا خاملا قیل وما الذکر الخامل ؟ قال الذکر الخفی وبفضل الذکر علی الذکر الذی یسمعه الحفظة تسعین درجة .﴾(۲)

یہ حدیث قدسی ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: میں اپنے بندے کے ساتھ میرے متعلق اس کے گمان کے مطابق ہوں اور میں اس کے ساتھ ہوں جب بندہ میرا ذکر اپنے دل میں کرتا ہے

---

(۱) بخاری کتاب التوحید، ترمذی باب حسن الظن باللہ، اور ابن ماجہ نے بیان کی معمولی اختلاف متن سے نقل کی ہے۔ مگر اس کے ساتھ ذیل والا متن یہاں کسی کے ساتھ نہیں ملا۔

(۲) مندرجہ بالا قوسین میں دی گئی عبارت حدیث قدسی کا حصہ ظاہر کی گئی ہے۔ اپنے مضمون کے اعتبار سے تو ممکن ہے مگر ہمیں یہ متن حدیث پاک کی کتابوں میں نظر سے نہیں گزرا۔ واللہ اعلم بالصواب

تو میں بھی اس کا ذکر اپنے دل میں کرتا ہوں اور جب وہ کسی مجمع میں مجھے یاد کرتا ہے تو میں اس سے بہتر مجمع میں اسے یاد کرتا ہوں۔

روزِ قیامت جب تمام مخلوق کا حساب ہو رہا ہوگا اور محافظ فرشتے اپنے پاس محفوظ کیا ہوا اور لکھا ہوا حساب و کتاب لے کر آئیں گے تو اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا کہ اس بندے کا حساب دوبارہ دیکھو کیونکہ میرے پاس اس کے لئے ایک چیز ہے۔ فرشتے عرض کریں گے اے ہمارے رب ہم نے کوئی چیز نہیں چھوڑی۔ ہمیں اس کے بارے جو کچھ معلوم ہوا ہم نے اسے شمار کر کے لکھ لیا اور محفوظ کر دیا۔ تو پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا بلاشبہ میرے پاس تیرے لئے ایک ایسا خزانہ ہے جس کا علم میرے سوا کسی اور کو نہیں اور میں ہی اس کی جزا دوں گا۔ فرمایا: اور وہ ذکر خفی ہے اور حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ نے فرمایا کہ تم اللہ تعالیٰ کا ذکرِ خامل کرو۔ عرض کی گئی: ذکر خامل کیا ہے؟ تو آپ ؐ نے فرمایا وہ ذکر خفی ہے۔ ذکر کی فضیلت اس ذکر پر جس کو محافظ فرشتے سنتے ہیں نوے ۹۰ درجے زیادہ ہے۔

امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

الذکر الخفی لا یعرفه الملک لأن لا اطلاع له علیه فهو سر بین الرب و بین العبد.

ذکر خفی کو فرشتہ نہیں پہچان سکتا ہے کیونکہ فرشتے کو اس پر اطلاع نہیں ہوتی اور وہ رب اور بندے کے درمیان راز ہے۔

ذکر باطن

یہ بات پوشیدہ نہیں کہ ظاہر احادیث اس پر دلالت کرتی ہیں کہ ذکر خفی، ذکر جہر سے بہتر ہے لیکن اہل تحقیق کا یہ خیال ہے کہ ذکر خفی اور پاس انفاس، زبان کے ذکر کے ماسوا ہے کیونکہ

یہ سر کا ذکر ہے اور علم مجازی اور علم ظاہری سے باہر ذکر خفی کی معرفت حاصل ہوتی ہے مگر اس کا انحصار مشاہدہ، ذوق اور وجدان پر ہے۔

اے درویش جاننے کی بات ہے کہ محبوب حق شیخ محی الدین سید عبد القادر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

"إذا قلت لَا اله إلا الله قُل اولا بقلبک ثم بلسانک و اتکل علیه دون غیره أما تستحیی أن تقول لَا اِلٰه اِلَّا الله و لک الف معبود وغیره، تب الی الله عزوجل فی جمیع ما انت فیه، من کان ذاکراً لِله عزوجل بقلبه فهو الذاکر. ومن لم یذکره بقلبه فلیس بذاکر اذکر الحق عزوجل اولاً بقلبک ثم بقالبک ثانیاً اذکره بقلبک الف مرة. وبلسانک مرة ثم ذکر اللسان بلا قلب لا کرامة لک ولا غرارة لک الذکر هو ذکر القلب والسر ثم ذکر اللسان حتی ذکرته بلسانک فانت تائب. فاذا ذکرته بقلبک فانت سالک حتی ذکرته بسرک فانت محب فاذا سمعت ذکره فانت محبوب فاذا ذکر الله بسرک فانت عارف."

(جب تو کلمہ لا الـہ الا اللہ کہے تو پہلے اپنے دل میں کہہ اور پھر اپنی زبان کے ساتھ کہہ اور اس کے غیر کو چھوڑ کر صرف اسی پر توکل کر کیا تجھے اس بات سے شرم وحیا نہیں آتی کہ تو لا الـــہ الا اللہ کہتا ہے حالانکہ اللہ کے سوا تیرے ہزاروں معبود ہیں۔ اللہ غالب و بزرگ کی طرف توبہ و رجوع کر، اور ان تمام چیزوں سے توبہ کر لے جن میں تو مبتلا ہے جو شخص دل کے ساتھ اللہ کا ذکر کرتا ہے حقیقت میں وہی ذاکر ہے اور جو دل کے ساتھ اللہ کا ذکر نہیں کرتا تو وہ ذاکر ہی نہیں پہلے تو حق تعالیٰ کا ذکر اپنے دل کے ساتھ کر اور پھر بدن کے ساتھ، اپنے دل کے

ساتھ اللہ کا ذکر ہزار دفعہ کر اور اپنی زبان کے ساتھ ایک دفعہ پھر بغیر دل کے تیری زبان کا ذکر کرنا نہ تو کرامت ہوگی اور نہ باعث غرور و تکبر، ذکر تو صرف ذکر قلب اور ذکرِ سر ہے، پھر جب تو نے اپنی زبان کے ساتھ ذکر حق کیا تو تو تائب ہوگا۔ اگر دل کے ساتھ ذکر کرے گا تو پھر تو سالک ہے، اگر سر کے ساتھ ذکر کرے گا تو پھر تو محبّ ہے، اگر تو اس کا ذکر سنے گا تو پھر تو محبوب ہے اور اگر تیرے سر کے ساتھ اللہ نے ذکر کیا تو پس تو عارف ہے۔)

ہر وقت تصور شیخ میں رہنا

جاننا چاہئے کہ اس راستے پر چلنے کی جملہ شرائط میں سے پہلی شرط یہ ہے کہ اپنے پیرو مرشد کی صورت اپنی آنکھوں کے سامنے تصور کر کے اپنے دل کو اس سے مربوط کرے، بالخصوص وقت شغل جو مشکل بھی پیش آئے گی تو شیخ کی متمثلہ صورت اس کا سد باب کر دے گی، اپنے پیرو مرشد کا تصور کر کے حال عرض کرے تو شیخ کا دل اس مشکل کو کھولنے میں مدد کرے گا اور حقیقت کھل جائے گی، ہر لحظہ اللہ تعالیٰ کے فیض کی امداد دل پر ہوتی رہے گی اور امید واثق ہے کہ جو بھی مشکل راستے میں ہوگی، پیرو مرشد کی ولایت اس کو دور کرنے میں مدد دے گی۔ اور اگر یہ واسطہ اور رابطہ مضبوط و مستحکم نہ ہو تو شیطان راستہ پالیتا ہے اور ہلاکت کی طرف لے جاتا ہے، اللہ تعالیٰ اپنے حبیب لبیب نبی کریم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے طفیل شیطان کی گمراہی اور اس کے لشکروں سے بچائے! آمین

تصورِ شیخ اور ذکر اسم ذات کا طریقہ

جب سالک اپنے پیرو مرشد سے مذکورہ اسمائے صفات کی اجازت حاصل کرے تو اسے چاہئے کہ طہارت اکبر یعنی غسل یا طہارت اصغر یعنی وضو کرنے کے بعد خالی، پاکیزہ اور اندھیری جگہ میں مربع بنا کر بیٹھ جائے اور ذکر میں مشغول ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ کے اسم کو ناف

کے نیچے سے مد کے ساتھ اور طاقت کے ساتھ نکالے۔ اللہ تعالیٰ کی بڑی بڑی صفات کے معنی کو اپنے تصور میں ملاحظہ کرے سانس کے عروج وصعود کی رعایت کرے اور اس طریقہ میں مشغول ہو جائے۔

اَللّٰہُ سَمِیْعٌ اَللّٰہُ بَصِیْرٌ اَللّٰہُ عَلِیْمٌ اَللّٰہُ قَدِیْرٌ

پھر آخری اسم سے اول اسم کی طرف عروج کرے اَللّٰہُ قَدِیْرٌ اَللّٰہُ عَلِیْمٌ اَللّٰہُ بَصِیْرٌ اَللّٰہُ سَمِیْعٌ پھر پہلے اسم سے آخری اسم کی طرف عروج کرے۔ اسی طریقہ پر ذکر میں مشغول رہے جب ذکر، ذاکر کا ملکہ ہو جائے اور دل میں پختہ ہو جائے تو پھر دوسرے طریقہ پر مشغول ہو اور وہ اس طرح ہے:

اس طریقہ میں بھی رعایت عروج وصعود نفس اور پیر و مرشد کے ساتھ دل کا رابطہ اور دوسرے آداب شرط ہیں بلکہ پیر کے رابطے اور واسطے کا خیال اور چشم تصور کو اس صورت پر مقرر کر دینا ہی اس راستہ کے کام کی اصل ہے۔ پیر و مرشد کی محبت اللہ تعالیٰ کی محبت کی مورث اور موصل ہے۔

اَللّٰہُ حَاضِرِیْ اَللّٰہُ نَاصِرِیْ اَللّٰہُ شَاھِدِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ

پھر نئے سرے سے آخری اسم سے پہلے اسم کی طرف عروج کرے اور اس طریقہ پر مداومت کرے۔

دیگر طریقے

بڑی بڑی صفات کا ملاحظہ، رابطہ و واسطہ کا خیال اور سانس کے عروج وصعود کی رعایت رکھ کر لفظ اَللّٰہ کو ناف سے مکمل قوت کے ساتھ نکال کر اس طریقہ میں مشغول ہو جائے:

سَمِیْعٌ بَصِیْرٌ عَلِیْمٌ دَائِمٌ قَائِمٌ حَاضِرٌ نَاظِرٌ شَاھِدٌ

پھر آخری اسم سے پہلے اسم کی طرف لوٹ آئے۔

مذکورہ شغل پر مداومت کرنے اور تمام شرائط کی رعایت رکھنے کے بعد اس طریقہ میں مشغول ہو جائے:

اَللّٰہُ دَائِمٌ اَللّٰہُ قَائِمٌ اَللّٰہُ مُحِیْطٌ پھر آخری اسم سے پہلے اسم کی طرف لوٹ آئے اور اوقات کی رعایت ہاتھ سے نہ چھوڑے بالخصوص سحری کے وقت کا خیال رکھے اور صبح کی نماز گزارنے کے بعد اور رات کے وقت ناغہ کئے بغیر مذکورہ بالا اذکار میں مشغول ہو جائے اور باقی پاس انفاس کے ذکر سے غفلت و سستی نہ کرے اور پاس انفاس کا ذکر نفی و اثبات سے مرکب ہے۔

❀❀❀

تیسری فصل

مراقبہ کے بیان میں

اعمال کی اقسام

معلوم ہونا چاہئے کہ اعمال کی دو قسمیں ہیں۔ ایک ظاہری جیسے نماز، روزہ، تلاوت اور ذکر جہر وغیرہ اور دوسری باطنی جیسے محاضرہ (تصور کی مدد سے کسی کو سامنے لانا)، مراقبہ اور محاسبہ وغیرہ۔ ان اعمال کی ترتیب کچھ اس طرح ہے کہ جہاں تک ممکن ہو سکے اعمال ظاہری اور باطنی کے درمیان جمع کرے، نماز کو سب سے مقدم کرے اس کے بعد تلاوت اور اس کے بعد ذکر اور مراقبہ۔ جو اس سلسلہ کے اولیاء کبار اور اکابرین کاملین کا طریقہ رہا ہے۔ اگر معذوری اور کمزوری ہو تو اعمال باطنی یعنی مراقبہ، محاضرہ اور محاسبہ وغیرہ کو چھوڑ کر اعمال ظاہری پر اکتفا کرے۔ اسی طرح ظاہری گناہوں اور برے کاموں سے پرہیز کرے اور شرم و حیاء اختیار کرے باطن میں مذمومہ خطرات سے پرہیز کرے اور اپنی تمام ظاہری حرکات و سکنات اور باطنی خطرات و نیات میں حق سبحانہ و تعالیٰ کو رقیب و نگہبان اور مطلع خیال کرے۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ فرماتے ہیں:

فاعلم أنه لا اله الّا هو. هو الاول و الآخر و الظاهر و الباطن و هو بكل شئ عليم. (سورۃ محمد: ۱۹، سورۃ الحدید: ۳)

جان لیجئے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی اول ہے وہی آخر ہے، وہی ظاہر ہے، وہی

باطن ہے اور اسے ہر شئے کا علم ہے۔

نبی کریم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ نے فرمایا:

أن تعبد اللہ کأنک تراہ و ان لم تکن تراہ فإنہ یراک.(۱)

''اللہ کی عبادت اس طرح کرو گویا تم اس کا مشاہدہ کر رہے ہو اگر تم اسے نہیں دیکھ رہے تو یقیناً وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔''

مراقبہ اول: خلوت وجلوت میں ماسواء اللہ سے انقطاع

محبوب حق شیخ محی الدین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''اپنے رب کا خلوت وجلوت میں مراقبہ کرو، اپنی آنکھوں کو اس طرح کھڑا رکھو گویا کہ تم اسے دیکھ رہے ہو اگر تم اس کو نہیں دیکھ سکتے تو یہ یقین رکھو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے اے بندے! تو کہاں ہے اور وہ لوگ جو اللہ غالب و بزرگ تر کی بارگاہ میں باطنی مراقبہ کرتے ہیں جیسے کہ وہ اپنے ظاہر میں مراقبہ کرتے ہیں اگر تو فلاح و کامیابی چاہتا ہے تو اس کے سامنے تجھ پر سکون لازم ہے۔ ظاہری سکون ہو حرکات سے اور باطنی سکون ہو خطرات سے، یقیناً ظاہر، باطن کا عنوان ہے۔ اگر تو اس کی بارگاہ تک پہنچنا چاہتا ہے تو تجھ پر سکون لازم ہے۔ تحقیق تم پر محافظ فرشتے مقرر ہیں جو تمہارے ظاہر کی حفاظت کرتے ہیں اور اللہ غالب و بزرگ تر تمہارے باطن کی حفاظت کرتا ہے۔ تمام دائرہ اس کے حق پر ہے وہ تجھے دنیا وآخرت میں نہ چھوڑے گا اور دل کے اعمال کا لحظہ، ظاہر کے اعمال سے یقیناً ہزار دفعہ بہتر ہے۔ ہر وہ چیز جو تجھے ذکر الٰہی سے منحرف کرتی ہے تیرے لئے ننگی تلوار ہے۔ اور روزہ، فرض نماز اور سنت کے ادا کرنے کے بعد اللہ غالب و بزرگ تر کی بارگاہ میں

---

(۱) (بخاری ومسلم، کتاب الایمان)

مراقبہ کرنا تجھ پر لازم ہے اور تیرا نفس اس چیز کے مطابق ہونا چاہئے جس سے تو محبت کرتا ہے۔ اگر دین اور آخرت کی بہتری چاہتا ہے تو جلوت اور خلوت میں اللہ کے علم کا مراقبہ کر۔ صرف جلوت میں مراقبہ منافقین کے لئے ہے اور خلوت و جلوت دونوں میں مراقبہ دوسروں کے لئے ہے۔ اے اللہ غالب و برتر کو پکارنے والے......! اور آنسو بہانے والے......!، اس کی قدرت پر غور و فکر کر اور اپنے دل کو پاک کر کیونکہ وہ اللہ کا مسکن ہے۔ تم اللہ بزرگ و برتر سے سنو اور ماسواء کو بھول کر اپنے دلوں کے ساتھ اسے دیکھو۔ اس کے دروازے پر توحید، اخلاص اور صدق و صفا کے ساتھ بیٹھ کر اسے پکارو تو وہ غیر کے سوا صرف تمہارے لئے کھولے گا، اپنے دل کو کسی غیر کے ساتھ مشغول نہ کر۔ اے غلام......! مخلوق کی طرف فنا کی آنکھ سے دیکھ بغیر اس کے کہ تو ان کی طرف انکساری و عاجزی سے بھرپور آنکھ سے دیکھے۔ تحقیق تمام چیزوں کا وجود اس کے حرکت دینے اور اس کے تسکین دینے سے ہے، دروازے سے قرب کو طلب کر، تجھ پر ہر چیز میں نگہبان موجود اور وہ ہر چیز پر نگران ہے۔ ہر ایک چیز سے ہر ایک چیز کی طرف زیادہ قریب ہے۔

مراقبہ دوم: مشاہدہ حق

جان لیجئے کہ دوام مراقبہ سے مراد یہ ہے کہ ہمیشہ دل کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی ذات دیکھنے والا ہونا، نیستی، فنا اور نسیان کی حالت میں ہونا اور ماسوی الحق سے سر کو کھینچ لینا۔ مراقبہ مخالفت نفس، جزم و یقین اور دوام محاسبہ کے بغیر حاصل نہیں ہوتا، محاسبہ سے مراد ہے کہ ہر وقت اپنے اعمال سے خالی و ناامید ہونا، اپنی کوتاہی و کمی کا ملاحظہ کرنا، اپنے حال سے واقف ہونا۔ (جو یا تو شکر کا سبب ہے یا عذر کا سبب ہے) اور اپنے آپ کو ریا اور عجب اور خود پسندی سے دور کرنا کیونکہ ریا اور عجب تکبر کی چھوٹی سی آستین ہے اور تو نہیں جانتا کہ دوزخ کا پہاڑ یہی ہے۔

خاطر دل جمع رکھ آج کا دوست کل تک نہ رہے گا تپ اور سوز میں کوئی پرسان حال نہ ہوگا۔ کسی لمحہ بھی اللہ کی یاد سے غافل نہ ہو جب بھی ہو سکے اللہ کی یاد سے نور حاصل کر، کیونکہ ہر وقت تجھے حضوری نصیب نہیں ہوگی۔ حضوری جب بھی تیرا ساتھ دے تو تو لائق بارگاہ ہو جا جہاں سے تو نور روشنی حاصل کرے گا۔

چاہئے کہ اس شغل کو اپنائے اور اپنے گناہوں کو ملاحظہ کرے اور حس نفس کی رعایت رکھ کر تمام شرائط کو جو اس سے قبل لکھی جا چکی ہیں تمام اوقات میں اور تمام حرکات وسکنات میں اپنے اوپر لازم رکھے۔ یَا عَالِمٌ بِیْ یَا قَرِیْبٌ مِنِّیْ یَا شَاهِدٌ عَلَیَّ

اے درویش حاضر ہو۔ اللہ تعالیٰ ہر جگہ حاضر ہے، ظاہر میں، باطن میں، تمام وقت میں اور ہر حال میں دیکھنے، والا ہے وہ اس خسارہ کی جگہ کا دیکھنے والا ہے جو دوسروں سے تعلقات جوڑنے کی وجہ سے ہے۔ اللہ کی رضا کا طریقہ اختیار کر۔ تمام دوسروں سے دل کو اٹھا لے اور خدا تعالیٰ کے ساتھ دل کو باندھ۔ دوسرے تمام لوگوں سے تعلق توڑ دے۔ صرف حق تعالیٰ کے ساتھ تعلق جوڑ، تمام چیزوں میں جو جمال اور کمال ظاہر ہے یہ سب اسی کے جمال اور کمال کے پرتو سے ہے لہٰذا جو دانا ہے وہ اسی کی دانائی کے اثر سے ہے اور جس جگہ بینائی ہے وہ اسی کی بینائی کا ثمرہ ہے۔

لہٰذا اے دوست......! تو کوشش کر۔ اپنے آپ کو آپ ہی ڈھانپ لے اور اس کام کی طرف متوجہ ہو جو تجھے حقیقت کی طرف مشغول کرے اور اپنے آپ سے تجھے چھڑا دے۔ اس شغل کو اس قدر دوام اور مواظبت کے ساتھ کر کہ یہ تیری جان کے ساتھ مل جائے۔ اور تیری ہستی سے ایک نور اٹھے اور یہ معنی عین ذکر ہے بلکہ اس کی حقیقت ہے۔

......❀❀❀......

چوتھی فصل

محبت اور چند صوری و معنوی آداب کے بیان میں

حدیث شریف میں ہے کہ ایک اعرابی مدینہ شریف میں آیا عرض کی یا رسول اللہ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ میں آپ سے بہت محبت کرتا ہوں اور میرا گھر مدینہ شریف سے دور ہے۔ اس بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں تو حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ نے فرمایا:

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

”آدمی اسی کے ساتھ ہے جس سے وہ محبت کرتا ہے۔“

یعنی اگرچہ ذات اور شخص دور ہے لیکن محبت کے لحاظ سے ہر شخص اپنے دوست کے ساتھ ہے۔ اے درویش! نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی محبت میں جلنے والے اس حدیث کی رو سے آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ آج بھی زندہ ہیں جس شخص نے بھی اس جگہ دوستی پالی اس نے انوار و تجلیات سے روشنی پالی اور جو بندہ بھی آپ کی محبت میں رہے وہ ابد تک زندہ ہے۔ اسی لئے کہا گیا ہے۔

لَا بُعْدَ مَعَ الْمَحَبَّةِ

”محبت کے ساتھ دوری نہیں ہے۔“

ادب کیا ہے؟

معلوم ہونا چاہئے کہ لفظ ادب چند منتخب اقوال سے عبارت ہے اور افعال تہذیب دو قسم

کے ہوتے ہیں۔ ایک افعال قلوب ہیں ان کو نیاّت اور اخلاق بھی کہتے ہیں۔ دوسرے افعال قوالب ہیں جن کو اعمال بھی کہتے ہیں۔ اخلاق و نیاّت، باطن کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں اور قوالب اور اقوال ظاہر نیت سے تعلق رکھتے ہیں۔ لہٰذا درست اور صحیح مرد وہ ہے جس کی نیت ظاہر و باطن اور قول و فعل میں حسن اخلاق سے آراستہ ہو۔ اس کا اخلاق اس کے قول کے مطابق ہو اور اس کی نیت اس کے عمل کے موافق ہو، اپنی شخصیت کا اظہار اسی طرح کرے جس طرح حقیقت میں ہے اور اگر بیان حالی، مقالی یا خلقی میں اپنے آپ کو اس کے ساتھ متصف نہ پائے تو اسے سوء ادب خیال کر کے اس کے تدارک کی کوشش کرے کیونکہ تمام اعمال کی اصل تہذیب اخلاق ہی ہے۔

بے ادب قابل نفرت

محبوب حق، محی الدینؒ کہتے ہیں: خبردار اے درویش......! ہر وہ شخص جس کے پاس ادب نہیں وہ خالق اور مخلوق کے ہاں قابل نفرت ہے اور ہر وقت جس میں ادب کا لحاظ نہیں وہ ہمیشہ کے لئے حقیر اور قابل نفرت ہے اور اللہ تعالیٰ حسن ادب والے کے ساتھ ہے۔ لہٰذا تجھے معلوم ہونا چاہئے کہ حفظ آداب محبت کا ثمرہ ہے اور یہی محبت کا بیج بھی ہے۔ جتنی محبت کمال پر ہوگی حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے آداب کی رعایت کا اہتمام اتنا ہی زیادہ ہوگا۔ جس شخص کے دل میں محبت زیادہ پختہ اور راسخ ہوگی وہ حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے ادب کا اہتمام زیادہ کرے گا کیونکہ ایمان والوں کے نزدیک دار معرفت واضح ہے کہ حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں اور بارگاہ ربوبیت تک رسائی کا وسیلہ ہیں۔ لہٰذا محبت الٰہی اور محبت رسالتمآب ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ لازم و ملزوم ہیں اور جس جگہ محبت الٰہی کمال پر ہوگی وہاں حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے آداب کی رعایت

لازم ہوگی لہٰذا اہل ایمان کے لئے عموماً اور اہل کشف وعرفان کے لئے خصوصاً رسالت پناہ کے آداب کی رعایت لازم اور واجب ہے۔

بخدا خدا کا یہی ہے در

آنحضور ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ اگرچہ بصورت جسمانی، ظاہر بین نظروں سے اوجھل اور پوشیدہ ہیں لیکن صفت روحانیت میں اہل بصیرت کے ہاں مکشوف اور ظاہر وعیاں ہیں کیونکہ آنحضرت ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی شریعت کی صورت، روحانیت کا قالب اور سانچہ ہے۔ اور تمام روحوں اور نفوس کو آپ کی امداد متواتر و مسلسل پہنچ رہی ہے اور اس کا مصداق اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

یَـٰٓأَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰہِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاکُمْ لِمَا یُحْیِیْکُمْ ج

(الانفال،۸:۲۴)

''اے ایمان والو! جب (بھی) رسول (ﷺ) تمہیں کسی کام کے لیے بلائیں جو تمہیں (جاودانی) زندگی عطا کرتا ہے تو اللہ اور رسول (ﷺ) کو فرمانبرداری کے ساتھ جواب دیتے ہوئے (فوراً) حاضر ہو جایا کرو۔''

اس وجہ سے حیات کو مسلسل فیض حاصل ہو رہا ہے، اس آیت سے واضح ہے کہ بارگاہ رسات، دراصل بارگاہ ربوبیت ہی ہے کیونکہ اہل ایمان کو کہا گیا کہ تم آؤ اللہ کی بارگاہ میں اور رسول ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی بارگاہ میں جب تمہیں رسول اللہ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ بلائیں، یعنی جس نے رسول اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے بلانے پر بارگاہ رسالت میں حاضری دی تو گویا اس نے بارگاہ ربوبیت میں حاضری دی اللہ تعالیٰ نے رسول مقبول کی بارگاہ کو اپنی بارگاہ قرار دے دیا۔ محبت کے رابطہ کا پختہ ہونے اور تمام آداب وشرائط کا خیال رکھنے کے بعد اس

ذات اقدس کا مراقبہ کے ذریعے ملاحظہ کرے اور ظاہر و باطن میں آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کو اپنے اوپر مطلع اور حاضر خیال کرے تاکہ حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی ذات اقدس کے تصور کا مطالعہ ہمیشہ کے لئے حفظ آداب کی طرف تمہاری رہنمائی کرتا رہے۔ اس کے بارے غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں چلے گئے۔ آپ کتاب و سنت کو ہمارے لئے چھوڑ گئے تو آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر داخل ہو۔ تیرا ہاتھ رسول اللہ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے ہاتھ میں ہو۔ آپ کو اپنا وزیر اور اپنا استاد بنا، اپنا ہاتھ آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے ہاتھ میں چھوڑ تجھے زینت ملے گی، سنگھار کیا جائے گا۔ آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پاکیزہ مریدوں کی روحوں کے درمیان حاکم ہیں، صالحین کے امیر ہیں۔ ان کے درمیان احوال اور مقامات کی تقسیم کرنے والے ہیں کیونکہ یہ سب اللہ تعالیٰ نے ان کے سپرد کیا ہے اور آپ کو کل کائنات کا امیر بنایا ہے۔

آپ رضی اللہ عنہ نے یہ بھی فرمایا: ''اے میری قوم توجہ کرو اپنے دلوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف پھیر دو اور اگر تمہیں کوئی مرض لاحق ہو تو اسی دوا کو استعمال کرو جو تمہارے لئے بیان کی گئی ہے''۔

اگر ان تمام آداب اور صدق توجہ کا خیال رکھے تو اتنی استعداد اور قابلیت پیدا ہو جائے گی کہ بندہ پر معانی کا ایک دروازہ کھل جائے گا۔ اس محبّ و محبوب ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے احکام کی مخالفت سے شرم کرنی چاہئے اور آداب صحبت کے بجا لانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ ہو۔ اس بات کی تصدیق غوث اعظم کے اس قول سے ہوتی ہے کہ:

واسطہ نبوت کو چھوڑنے والا مردود ہے

شریعت محمدیہ، ملت اسلامیہ کے وجود کے درخت کا پھل ہے۔ یہ ایک ایسا سورج ہے

جس نے اپنے نور سے کائنات کی ظلمتوں کو روشن کر دیا ہے۔ اتباع شریعت، سعادت دارین عطا کرتی ہے، لہٰذا اس بات سے خوف رکھ کہ تو شریعت کے دائرے سے نکلے اور اجماع امت سے جدائی حاصل کرے، اور دل میں کبھی خیال تک نہ آئے کہ کسی سالک کو جو کمال منزلت اور علو مرتبت حاصل ہوا ہے وہ اس کا اپنا کمال تھا، بلکہ یہ سب کچھ تو حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کا فیض ہے، اور یہی عظیم ادب ہے، اگر کسی ولی کو ولایت کی تکمیل حاصل ہے تو بھی سرکار دو جہاں ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی ولایت کے نور سے ہے۔ کوئی صاحب وصال حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی امداد سے مستغنی ہو کر مقام وصل پر ہرگز نہیں پہنچ سکتا۔ کمالیت اور علویت کا جو بھی مرتبہ ہے وہ سب مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کی روح اور نفس مقدسہ ومطہرہ کے تقسیم کئے ہوئے فیض سے ہے۔ اور حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے واسطہ کے بغیر کوئی شخص بھی امداد الٰہی سے فیض یاب نہیں ہوسکتا۔ اور ایسا شخص جس کے دل میں اس واسطہ سے استغنا اور استقلال پیدا ہو وہ مردود اور دھتکارا ہوا ہے۔

نعوذ باللہ من الحور بعد الکور

ہم ہلاکت اور کمی ونقصان سے اللہ ہی کی پناہ چاہتے ہیں۔

سنت نبوی ﷺ کی پیروی

کمال اعتقاد کے بعد دوسری چیز حضور نبی اکرم ﷺ کے طریقہ اور سنت کی متابعت ہے حضور نبی اکرم ﷺ کی متابعت میں انتہائی جدوجہد کر اور اہمال وغفلت کو کسی صورت جائز نہ رکھ۔ اس بات کا مصداق بھی حضرت غوث اعظم کا یہ فرمان ہے:

شریعت کی خدمت کا خائف طریق الی اللہ کے زیادہ قریب ہوتا ہے اور طریق الی اللہ کا مطلب عبودیت کے قانون کو لازم جاننا، شریعت اسلامیہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑنا اور تقوی

کے راستہ میں استقامت اختیار کرنا ہے۔ اے غلام!! تجھ پر لازم ہے کہ شریعت کے متعلق جدوجہد کر اور نفس کی مخالفت کر، اگر تو مرید کامل ہے تو تمام قسموں کو شریعت کے ساتھ مضبوط پکڑ۔

تمام سلاسل کے مشائخ کا ادب

دوسری بات یہ ہے کہ جو شخص بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ صوری و معنوی نسبت رکھتا ہے اسے تمام سادات، علماء اور مشائخ طریقت کو حضور نبی اکرم ﷺ کی محبت کی وجہ سے دوست رکھنا چاہئے۔

توحید و سنت کا تلازم

خلاصہ کلام یہ ہے کہ تمام حالات میں، خواہ اعتقادات ہوں یا اقوال اور افعال، حضور اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی تعظیم و توقیر کو اللہ تعالیٰ کی تعظیم کے ساتھ مقارن رکھ، آنحضرت کی اطاعت، اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے ساتھ خیال کر کیونکہ اگر تو اللہ تعالیٰ کی واحد ذات پر ایمان لائے لیکن حضور نبی اکرم ﷺ پر ایمان نہ لائے اور آپ کی رسالت کا اقرار نہ کرے تو ایسا ایمان درست اور مقبول نہیں ہے، جو کچھ صرف فرائض کو ادا کرتا ہے اور آنحضور ﷺ کی سنتوں کو ترک کر دیتا ہے تو وہ وصل کی راہ پر چلنے والا نہیں ہے بلکہ آنحضرت ﷺ کی تعظیم اور اطاعت کو، عین اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور تعظیم خیال کر اس طرح مشکوٰۃ نبوت اور قرب الٰہی کے انوار کی تجھ پر بارش ہوگی۔ ہر حال میں آنحضور ﷺ کے جلال اور جاہ و حشمت کو ملحوظ رکھ اور ظاہری شریعت کے دائرہ سے قدم باہر نہ رکھ۔ اس بحث کے متعلق بھی حضرت غوث اعظم کا یہ فرمان ہے۔

شریعت و طریقت کا باہمی تلازم

"بچا تو اپنے آپ کو اس بات سے کہ تو شریعت کے دائرے سے نکلے اور آپ ﷺ کے

اہل سے جدا ہو۔ حدود شرع کا لحاظ رکھنا تجھ پر لازم ہے''۔

شریعت اعظم والوں کے دلوں میں عجیب حکمتیں ہیں۔ ناموس اکبر کے اسرار میں خزانے اور غیب کے جواہر ہیں اس کے امر کی قبولیت کو اپنا طریقہ بنا۔ اے لوگو......! ظاہر شریعت پر عمل کرو۔ کتاب وسنت پر چلو۔ یہاں تک کہ ظاہری اعمال باطنی اعمال پر ابھاریں جب تو ظاہر پر عمل کرے گا تو باطن کی سمجھ پیدا ہوگی پہلے سمجھنے والا تیرا باطن ہوگا۔ پھر تیرا قلب نفس کو بتائے گا اور نفس زبان کو اور زبان مخلوق کو سنائے گی اور لوگوں تک ان مضامین کا پہنچانا ان کے نفع اور بھلے کے لئے ہوگا۔

اور دوسری بات یہ ہے کہ مرتبہ محبت میں تمام آداب کا لحاظ رکھا جائے، بارگاہ میں حاضری ہو تو نہایت تمکنت کا مظاہرہ ہو۔ آداب سخن کا لحاظ ہو۔ ظاہری شریعت کے حقوق کے تمام آداب کی رعایت رکھی جائے، تمام آثار و اخبار کو فراموش نہ کیا جائے ایسا نہ ہو کہ تیرا شمار نافرمانوں اور روگردانی کرنے والوں میں ہو جائے۔

اللھم صل علی محمد و علی آلہ وصحابہ اجمعین.

......❀❀❀......

پانچویں فصل

شیخ سے مرید کے آداب کے بارے میں

معلوم ہونا چاہئے کہ صحبت شیخ کے آداب مرید کیلئے لازم اور واجب ہونے چاہیے۔ کیونکہ آداب کی رعایت کرنا دلوں کے کھینچنے اور مائل کرنے کا ذریعہ اور سبب ہے اور روح کے مشاہدات کا جمال اور عقل کا کمال سوائے محاسن آداب کے کہ جو تہذیب اخلاق سے عبارت ہے، حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ جب مرید اپنے شیخ کی صحبت میں مؤدب ہوگا تو شیخ کے دل میں بھی اپنے مرید کے لئے محبت پیدا ہوگی اور منظور رحمت الٰہی ہوگا، شیخ کا دل برکات اور رحمت الٰہی کے نزول کا مقام ہے، جب اس دل میں مرید کے لئے محبت پیدا ہوگی تو علی سبیل التواتر اور علی سبیل التعاقب اس دل سے جاری ہونے والا لامتناہی فیض مرید کو بھی حاصل ہو گا۔ شیخ کا مرید کو قبول کر لینا، حق سبحانہ وتعالیٰ اور حضرت رسول مقبول ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی قبولیت پر صریح دلیل ہے اور یہ قبولیت اس بات کی صحیح علامت ہے کہ شیخ جس سلسلہ طریقت سے نسبت رکھتا ہے' مرید کو اس سلسلہ کے تمام مشائخ اور بزرگوں نے بھی قبول کرلیا ہے۔ چونکہ شیخ کی تربیت کے حقوق کا بدلہ حسن ادب کی رعایت کے بغیر نہیں ہوسکتا ہے۔ اس لئے شیخ (جو مرید کا روحانی باپ ہوتا ہے) کی تعظیم وتوقیر اور اس کے آداب کا خیال رکھنا گویا اس کے حقوق میں سے ایک حق کا ادا کرنا ہے اور اس کے حقوق سے غفلت اور سرکشی کرنا عین تقصیر اور نافرمانی ہے۔ حدیث شریعت میں ہے:

من لم یؤقر کبیرنا و لم یرحم صغیرنا فلیس منا.

جس نے ہمارے بڑوں کی عزت نہ کی اور ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کھایا وہ ہم میں سے نہیں۔

علماء حضرات جانتے ہیں کہ شیخ کے حقوق کی ادائیگی اللہ تعالیٰ کے قرب کے اسباب میں سے ہے۔ جس نے شیخ کے حقوق ادا نہ کئے وہ اللہ تعالیٰ کے حقوق ادا کرنے سے قاصر رہا اور **من ضیّع رب الأدنی لم یصل الرب الأعلی** جس نے رب ادنی کے حقوق کو ضائع کیا وہ رب اعلیٰ تک نہ پہنچا۔

حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تیرا باطن حق کے نزدیک ظاہر ہے اور جب تیرا ہاتھ اس کے خاص بندوں میں سے کسی کے ہاتھ میں آئے تو اپنے گناہوں سے توبہ کر لے اور عاجزی اختیار کر کیونکہ **اذا تواضعتَ للصالحین تو اضعت لِلّٰہ** جب تو نے نیک بندوں کے لئے عاجزی وانکساری کی تو، تو نے اللہ تعالیٰ کے لئے عاجزی کی اور **من تواضع لِلّٰہ رفعه اللہ تعالیٰ** جس نے اللہ کے لئے عاجزی کی اللہ اس کو بلند کرتا ہے۔

اوّلین ادب : شیخ ومربی پر کامل اعتقاد

شیخ کے ساتھ مرید کے آداب میں سے پہلا ادب یہ ہے کہ صرف اور صرف اپنے شیخ کی تربیت وارشاد اور تہذیب اخلاق پر اعتقاد رکھے۔ اگر کسی اور کو اپنے شیخ سے بھی کامل خیال کرے گا تو اس کی محبت والفت سست پڑ جائے گی اور شیخ کے اقوال واحوال کما حقہ مرید پر اثر انگیز نہ ہوں گے کیونکہ مرید میں شیخ کے اقوال واحوال کے سرایت کرنے کا واسطہ مرید کی محبت ہی ہے۔ شیخ سے جتنی محبت کمال پر ہوگی شیخ کی تربیت کے لئے مرید میں اسی قدر زیادہ استعداد ہوگی، اس کا مصداق حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان ہے:

یا غلام اجعلنی مراۃ قلبک و سرک و مراۃ اعمالک اجیبونی فانی داعی اللہ عزوجل ادعوکم إلی بابہ وطاعتہ و لا ادعوکم إلی نفسی .

میرے عزیز! مجھے اپنے دل اپنے راز اور اپنے اعمال کا آئینہ بنا۔ میرا کہنا مانو! بلاشبہ میں تو اللہ تعالیٰ کی طرف بلانے والا ہوں۔ میں تو تمہیں اس کے دروازے اور اس کی اطاعت کی طرف بلاتا ہوں اپنے نفس کی طرف ہرگز نہیں بلاتا۔

دوسرا ادب: بارگاہ شیخ کی حاضری

دوسری بات یہ ہے کہ شیخ کی ملازمت ہمیشہ برقرار رکھے، اپنے ذہن میں اس تصور کو جاگزیں کرلے کہ میرے دل کا دروازہ شیخ کی ملازمت اور خدمت سے ہی کھلے گا اور کمر ہمت باندھ کر دل میں یہی خیال رکھے کہ یا تو اپنے مطلوب کی خواہش کے ساتھ اپنی جان شیخ کے سپرد کردوں گا یا اپنے مقصود کو پہنچ جاؤں گا۔ اپنے شیخ کے قول اور قبول سے کسی وقت نہ پھرے کیونکہ مشائخ اپنے مریدوں کے احوال کے جانچنے کے لئے مختلف امتحانات لیتے ہیں۔ اس بارے میں حضرت غوث اعظم فرماتے ہیں:

اثبتوا علی خشونۃ کلامی وقد افلحتم یا غلام اسمع ھذا الکلام وتفحص فی صومعتک مع نفسک و ھواک یا غلام سافر الف عام تسمع منی کلمۃ یا غلام الولایۃ ھٰھنا والدرجات ھٰھنا وفی مجلسی تخلع الخلع.

میری تلخ کلامی پر تم ثابت قدم رہو اور تحقیق تم فلاح پا جاؤ گے۔ اے میرے بیٹے تو اس کلام کو سن اور اپنی خانقاہ میں اپنے نفس اور اپنی خواہش کے ساتھ جستجو کر۔ اے میرے بیٹے تو ہزار سال سفر کر تو مجھ سے ایک کلمہ سنے گا۔ اے میرے بیٹے ولایت یہاں ہے۔ درجات و مراتب یہاں ہیں۔

تیسرا ادب: شیخ کو اپنے مال میں متصرف سمجھے

تیسری چیز مرید کا اپنے شیخ کے تصرف کو تسلیم کرنا ہے شیخ کو اپنے تمام مال اور نفس میں متصرف سمجھے، شیخ کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کرلے اور جو کچھ وہ فرمائے اس سے راضی ہو۔ جیسا کہ محبوب سبحانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

کن ابدا مع الدلیل إلی أن یوصلک إلی المنزل لا تخرج عن رأیته و لا تخالفه فإنک تصل إلی مقصودک.

ہمیشہ راہنما کے ساتھ رہ تاکہ وہ تمہیں منزل تک پہنچا دے۔ اس کے جھنڈے کے سایے سے مت نکل اور اس کے حکم کی مخالفت نہ کر۔ بے شک تو اپنے مقصود و مطلوب تک پہنچ جائے گا۔

چوتھا ادب: شیخ پر اعتراض نہ کرے

چوتھا ادب ظاہری و باطنی اعتراض کو ترک کرنا ہے، شیخ کے تصرفات پر اعتراض کو جگہ نہ دے۔ جب کبھی شیخ کے اقوال اور احوال کے سمجھنے میں مشکل پیش آئے اور ان کے صحیح اور درست ہونے کے بارے کچھ معلوم نہ ہو تو اس وقت بھی اپنے فہم کے قصور اور اپنے علم کی قلت کا خیال کرے اور شیخ کے تصرف کو فاسد نہ سمجھے۔ اس بارے میں محبوب حق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''اگر تو اپنے شیخ پر تہمت لگائے تو پھر اس کی صحبت اختیار نہ کر کیونکہ اب تیرے لئے اس کی صحبت بہتر نہیں اس طرح کہ ایسے مریض کو دوا کوئی فائدہ نہیں دے سکتی جس کا اپنے طبیب کی بات پر یقین نہ ہو۔ حال یا مقال یا افعال میں شیخ پر تہمت لگانے کے بعد تیرا اس کی صحبت میں بیٹھنا ایسے ہے جیسا کہ سانپوں کی صحبت میں بیٹھنا۔ اپنے شیخ کے فقر، نقصان، نسیان، اختلاف حال، قصور عبادات اور خوشی و طرب کی طرف نہ دیکھ کیونکہ جو اس کے باطن میں ہے وہ

اس کے ظاہر میں نہیں تو اس کے فائدہ کا انتظار کر۔"

پانچواں ادب: خواہش نفس کو ترک کرنا

پانچویں بات شیخ کے اختیارات اور تصرفات میں مرید کے اختیار کا سبب ہے۔ خواہ امور دینی ہوں یا دنیوی۔ کھانے، پینے، سونے، بیدار ہونے اور لین دین کے اعمال ہوں یا عبادات کی اقسام نماز روزہ، افطار، نوافل، ذکر، تلاوت اور مراقبہ کے اعمال ہوں۔ یہ تمام امور و معاملات اور اعمال اپنے شیخ کی اجازت اور تعین کے بغیر نہ کرے اس بارے میں حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے:

"اس کی حد کو نہ پھلانگ اپنے رہنما کا غلام ہو جا۔ اس کی اتباع کر اپنے کجاوے کو اس کے سامنے چھوڑ دے۔ جلدی جلدی کبھی اپنے رہنما کے دائیں و بائیں جانب آ اور کبھی آگے اور پیچھے کی طرف اس کی رائے کا انکار نہ کر، اس کے حکم کی مخالفت نہ کر، تو منزل مقصود تک پہنچ جائے گا۔ اے بیٹے! نفس اور اس کی خواہشات کو چھوڑ دے اور ان لوگوں کے قدموں کی خاک ہو جا۔"

چھٹا ادب: شیخ کے حسن خلق پر اعتقاد

چھٹا ادب شیخ کے خطرات و خیالات کی رعایت کرنا ہے، اپنے شیخ کے حسن خلق، حلم و بردباری اور عفو و درگزر پر اعتقاد کے باعث ایسے امور اور باتوں کو معمولی اور حقیر شمار نہ کر، جو شیخ کے لئے ناپسندیدگی اور کراہت کا باعث ہوں، کیونکہ دل میں گزرنے والے خیالات خواہ وہ ناپسندیدگی کے ہوں یا خوشی و رضا کے، مریدین کے نفوس میں مکمل اثر رکھتے ہیں۔ جیسا کہ غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "تمہاری تکذیب تمہاری ولایت کے لئے زہر قاتل ہے اور تمہاری دنیا و آخرت کو تباہ کرنے کا سبب ہے۔"

ساتواں ادب: شیخ کی رائے سے اختلاف نہ کرے

ساتواں ادب کشف اور دقائق میں شیخ کے علم کی طرف رجوع کرنا ہے۔ واقعات کا کشف خواہ خواب میں ہو یا بیداری میں ہو اس بارے میں مستقل طور پر نصیحت پر یقین نہ کر، بلکہ اس کو شیخ کے علم کے سپرد کر دے۔ ہو سکتا ہے کہ اس واقعہ کا منشاء کوئی ایسا ارادہ ہو جو مرید کے دل میں پوشیدہ ہو اور اسے اس بارے میں کچھ علم نہ ہو اور اسے سچا جان لے اور اس طرح ایک خلا پیدا ہو جائے لہٰذا اپنے شیخ کی خدمت میں عرض کر، اور شیخ اپنے علم و یقین کی وسعت کے مطابق جو حکم فرمائے اس پر عمل کرنے کی کوشش کر۔ اس بارے میں محبوب سبحانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، اپنے شیخ کی رائے سے نہ نکل اور اس کے قول کی مخالفت نہ کر، جو کچھ اللہ تعالیٰ اس کی زبان اور ہاتھ پر کھولے اسے قبول کر''۔

آٹھواں ادب: شیخ کی بات کو انتہائی توجہ سے سنے

آٹھواں ادب صفائے سماعت ہے۔ مرید کے کان ہمیشہ شیخ کے کلام کی طرف متوجہ رہیں اور وہ اس انتظار میں ہو کہ شیخ کی زبان سے کیا کلمات جاری ہوتے ہیں اور اس کی زبان کو کلام حق کا واسطہ جان کر یقین کرے کہ وہ خدا تعالیٰ کے ساتھ کلام کرنے والا ہے۔ کبھی بھی اپنی ذاتی خواہش کے ساتھ منتظر اور حاضر نہ ہو تاکہ شیخ کے فوائد سے محروم اور بے نصیب نہ رہے۔ اس بارے میں غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان ہے: بے شک میں یقین سے بات کہتا ہوں اور اس میں کسی قسم کا شک وشبہ نہیں۔ مجھے حکم کیا جاتا ہے پھر میں حکم کرتا ہوں۔ میں نے کلام کیا اور میرے حق کی وجہ سے مجھے کہا گیا۔ اے عبدالقادر تو کلام کر، میں تیرے کلام کو رد نہ کروں گا۔

اور چاہیے کہ شیخ کی کلام اور اپنے حال کے درمیان وجہ مناسبت اور مطابقت تلاش کرے

اوراس طرح خیال کرے کہ اللہ تعالیٰ کے دروازے پر استعداد کی زبان کے ساتھ اپنی بہتری تلاش کرتا ہوں۔ شیخ کے ساتھ کلام کرتے وقت اپنے نفس کی خواہش کو نکال دے، اپنی دانش اور اپنے علم و معرفت کا اظہار نہ کر اور نہایت اچھے طریقہ سے اپنی حاجت عرض کر۔ جب امراء کی زبان اس کی بارگاہ میں مقام ارادت و عقیدت سے دور جا پڑتی ہے تو اس بارے میں حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

احسن ادبک بین یدی معلمک ولیکن صمتک اکثر من نطقک فان ذاک سبب لتعلمک و قربک إلی قلبه.

اپنے (شیخ) استاد کے سامنے حسن ادب سے بیٹھ اور تیری خاموشی تیرے نطق سے زیادہ ہونی چاہیے کیونکہ یہ تیری تعلیم اور استاد کے دل میں قرب حاصل کرنے کا سبب ہے۔

نواں ادب: شیخ کی بارگاہ میں گفتگو کے آداب

نواں ادب، نرم اور دھیمی آواز ہے، شیخ کی بارگاہ میں اپنی آواز بلند نہ کرے کیونکہ اکابر کے نزدیک بلند آواز ترک ادب کی ایک قسم ہے۔ روایت میں ہے کہ ایک روز حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما بارگاہ نبوی میں حاضر تھے۔ کسی معاملے پر جھگڑا ہوا اور شیخین کی آوازیں بلند ہوئیں۔ اسی وقت آیت کریمہ نازل ہوئی:

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ

''اے ایمان والو، بارگاہ رسالت میں اپنی آوازوں کو بلند نہ کرو۔''(۱)

اس آیت مبارکہ کے نزول کے بعد یہ دونوں نور چشم، بارگاہ رسالت مآب ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ میں اتنی نرم اور آہستہ آواز میں عرض کرتے کہ اہل مجلس کو ان کے کلام سننے میں سخت دشواری پیش آتی پھر ان دونوں بزرگ اصحاب رسول ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی تسلی کے لئے وحی

ربانی یوں نازل ہوئی:

ان الذین یغضون اصواتھم عند رسول اللہ و اولئک الذین امتحن اللہ قلوبھم للتقوی.(۲)

''بلاشبہ وہ لوگ جو اپنی آوازوں کو رسول اللہ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی بارگاہ میں پست کرتے ہیں۔ یہی تو وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کیلئے چن لیا ہے۔''

دسواں ادب: شیخ کے ساتھ بے تکلف نہ ہو

دسواں ادب یہ ہے کہ قول و فعل میں شیخ کے ساتھ بے تکلفی سے باز رہے کیونکہ بے تکلفی اور خندہ روئی سے احتشام اور وقار اٹھ جاتا ہے اور فیض کا راستہ مسدود ہو جاتا ہے۔ شیخ سے بات کرتے وقت یا بات سنتے وقت یا مولائی اور یا سیدی کے القاب استعمال کرے اور تعظیم و احترام کے تمام طریقوں کا خیال رکھے روایت میں آیا ہے کہ ابتدائے اسلام میں صحابہ کرام حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کو یا محمد اور یا احمد کہہ کر خطاب کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی تعلیم کے لئے اپنا یہ فرمان نازل کیا کہ

ولا تجھروا لہ بالقول کجھر بعضکم لبعض ان تحبط اعمالکم و انتم لا تشعرون.(۱) حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی بارگاہ میں بلند آواز سے بات نہ کرو جیسے کہ تم ایک دوسرے کو بلاتے ہو۔ ایسا نہ ہو کہ تمہارے اعمال ضائع ہو جائیں اور تمہیں شعور تک نہ ہو۔ چنانچہ اس آیت کریمہ کے نزول کے بعد صحابہ کرام یا رسول اللہ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ اور یا نبی اللہ کے القاب کے ساتھ عرض کرتے تھے۔

---

(۱)......(۲)سورۃ الحجرات:۲.

اسی طرح آداب تکلم اور آداب فعلی کی رعایت رکھنا بھی لازم ہے۔ سماع کی محفل اور دیگر مجلسوں میں اپنی تمام حرکات وسکنات پر نگاہ رکھے اور شیخ سجادہ کو کبھی نظر انداز نہ کرے جتنا ممکن ہو سکے شیخ کے دربار میں حرکت نہ کرے اور ہنسی و بے تکلفی کو ترک کرے۔

گیارھواں ادب: کثرت سوال سے اجتناب کرنا

گیارہویں بات یہ ہے کہ کلام کے اوقات کی معرفت حاصل کرے۔ دینی اور دنیوی مہمات میں سے جو کچھ شیخ سے عرض کرنا چاہے تو سب سے پہلے شیخ کے حال کو جاننے والا ہو کہ آیا اس وقت میں بات کرنے کی گنجائش بھی ہے یا نہیں۔ بات کرنے سے پہلے حضرت تقدس تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرکے شیخ کے ساتھ مکالمت کے آداب میں اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرے۔ تاکہ تقرب حاصل کرنے میں اس کی مثال اس صدقہ جیسی ہو جائے جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کو دیا ہے کہ

يَـٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوٓا إِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُولَ فَقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَىْ نَجْوٰكُمْ صَدَقَةً (۲) ''اے ایمان والو! جب تم رسول (ﷺ) سے کوئی راز کی بات تنہائی میں عرض کرنا چاہو تو اپنی رازدارانہ بات کہنے سے پہلے کچھ صدقہ وخیرات کرلیا کرو۔''

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس آیت کا شان نزول یہ ہے کہ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حضور نبی اکرم ﷺ کی مجلس میں بکثرت سوال کرتے تھے اور اپنی بات پر بہت زور دیتے تھے اور یہ بات حضور نبی اکرم ﷺ کی طبیعت پر گراں گزرتی تھی چنانچہ اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حضور نبی اکرم ﷺ سے مکالمت کا درس دیا۔ اس آیت کے نزول

---

(۱) سورۃ حجرات:۲،،،،،،،،،،،،(سورۃ المجادلہ:۱۲)

کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا معمول تھا کہ آپ جب سرکار دو جہاں ﷺ کی بارگاہ میں حاضری دیتے تو پہلے کچھ ہدیہ و نیاز پیش کرتے اس کے بعد حضور نبی اکرم ﷺ سے مکالمت کرتے۔

بارھواں ادب: شیخ کے اسرار کو پوشیدہ رکھنا

بارھواں ادب یہ ہے کہ شیخ کے اسرار کو پوشیدہ رکھے۔ شیخ کی کرامات اور واقعات کو ظاہر کرنے اور لوگوں کو اطلاع دینے میں جلدی نہ کرے کیونکہ ہوسکتا ہے کہ ان کے چھپانے میں شیخ کے لئے کوئی دینی یا دنیوی مصلحت ہو اور مریدوں کے علم کی اس تک رسائی نہ ہو اور اس کے ظاہر کر دینے سے فتنہ و فساد برپا ہو جائے۔

تیرھواں ادب: اپنے اسرار شیخ کی خدمت میں پیش کرے

تیرھواں ادب یہ ہے کہ اپنے اسرار کو ظاہر کرے اور شیخ سے پوشید نہ رکھے، راہِ سلوک میں جو کچھ منکشف ہو تصریحاً یا کنایۃً شیخ کی خدمت میں عرض کرتا رہے کیونکہ شیخ کو اپنے احوال سے اگر مطلع نہ کرے تو ہوسکتا ہے کہ اس کے راستے میں کوئی دیوار کھڑی ہو جائے اور باطن میں گرہ پڑ جائے اور شیخ کی امداد بند ہو جائے، جب شیخ کی خدمت میں عرض کرتا رہے گا تو وہ اپنی توجہ کے ساتھ راہ سلوک میں حائل ہونے والی تمام رکاوٹوں کو دور کر دے گا۔

چودھواں باب: مرید فنافی الشیخ ہو

شیخ کی بارگاہ میں مرید کے لئے سب سے معظم اور اہم ادب وہ ہے جو حضور غوث صمدانی قطب ربانی محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ نے اپنے نیاز مندوں کو سکھایا:

”تو میری ذات میں فنا ہو جا میں تمہیں ہمیشہ کے لئے زندہ کر دوں گا۔ ہماری سچی عقیدت کی آگ میں جل جا یہ آگ تمام حجابوں اور دروازوں کو جلا دے گی اور پھر ہمارے

اور تیرے درمیان کوئی پردہ نہ رہے گا تو اس کو دیکھ لے گا جیسے تو ہمیں دیکھتا ہے۔ اے میرے بیٹے! مجھے اپنے دل اپنے راز اور اپنے اعمال کا آئینہ بنالے۔ اے میرے بیٹے! جب تجھے موت آئے گی تو تو مجھے دیکھے گا اور پہچانے گا تو مجھے اپنے دائیں، بائیں اور آگے پیچھے ہر طرف دیکھے گا۔

حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:۔

ذِکْرِیْ جِلَاءُ الْاَبْصَارِ بَعْدَ عِمَائِهَا

وَاُحْیِیْ فُؤَادَ الصَّبِّ بَعْدَ الْقَطِیْعَةِ

''میرا ذکر آنکھوں کے اندھے ہونے کے بعد ان کی جلا اور روشنی کا باعث ہے اور میں عاشقوں کے دلوں کے مردہ ہو جانے کے بعد ان کو زندہ کر دیتا ہوں۔''

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے یہ بھی فرمایا؟

اگر میرا مرید اچھا نہیں ہے تو پس میں اچھا ہوں۔ جس نے کسی تکلیف میں مجھ سے مدد طلب کی تو میں اس کی تکلیف کو دور کر دیتا ہوں، جس نے سختی کی حالت میں میرا نام لیکر مجھے پکارا تو میں اس کی مشکل کو آسان کر دیتا ہوں اور جس نے اپنی حاجت میں اللہ کی طرف میرا وسیلہ طلب کیا تو اس کی حاجت کو پورا کر دیا جائے گا اور جب تم اللہ سے سوال کرو تو میرے وسیلہ سے سوال کرو۔

سرکار بغداد محبوب سبحانی کا تصور

اے درویش اگر محبوب سبحانی رضی اللہ عنہ کے جمال اور کمال کا مشاہدہ کرنے کی تجھے سعادت نصیب ہو تو پھر اسی صورت کو اپنا نصب العین بنالے اور اس صورت سے ملاقات کے خیال میں فنا ہو جا اگر یہ نسبت درست ہو گئی تو پھر تجھے معلوم ہو جائے گا کہ اس جمال کے انوار تیرے

جسم میں کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں۔ اگر اب تک تجھے یہ نسبت حاصل نہیں ہے تو پھر آپ رضی اللہ عنہ کے حلیہ مبارک کو اپنے تصورات میں بٹھالے پھر تو دونوں جہانوں کی سعادت سے محروم نہ ہوگا اور اس نسبت کے حاصل کرنے میں بھی تجھے مقصود و مطلوب حاصل ہو جائے گا۔

حلیہ مبارک

نحیف بدن، قد میانہ، عریض سینہ، عریض وطویل داڑھی، پیوستہ ابرو حلیہ مبارک کو نصب العین بنا کر عرض کرے: اے غوث اعظم ہمیں اپنے جمال کے مشاہدہ سے مرحوم نہ کر۔ اپنی ملاقات سے گم نہ کر اور ہمارے ساتھ اپنی محبت کم نہ کر۔ اپنی عنایت کے مواھب ہم تک بھی پہنچا۔ اپنی محبت اور لقا سے ہمیں سعادت مند بنا۔ اگر میں گناہگار ہوں بدکردار ہوں گناہوں اور تقصیرات کے سبب اس نعمت کے قابل نہیں ہوں، آپ ہمیں اس کے قابل بنادیں آپ ہی کا فرمان ہے ان لم یکن مریدی جید فأنا جیدا اگر چہ میرا مرید عمدہ نہیں پس میں تو عمدہ ہوں اور آپ نے فرمایا تھا: مجھے اپنے رب کی عزت اور جلال کی قسم میرا ہاتھ تیرے ہاتھ پر اس طرح ہے جس طرح آسمان زمین پر ہے۔ اے غوث اعظم آپ نے فرمایا تھا:

"ان السعداء والاشقیاء تعرض علی"

"بے شک نیک بخت اور بدبخت سبھی میرے پاس لائے جاتے ہیں"۔ میری شقاوت و بدبختی کو دور فرمادو اور مجھے اس قابل بناؤ کہ میں آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوسکوں۔ اے غوث اعظم آپ نے فرمایا تھا:

مَن نَادَانِی بِاِسْمِی فی شِدَّتِہٖ کَشَفتُ عَنہ وَ مَن تَوَسَّلَ بِی إلی اللہ تعالیٰ فی حَاجَتِہٖ قَضَیتُ حَاجَتَہٗ

جس نے اپنی تکلیف میں مجھے میرے نام کے ساتھ پکارا تو میں اس کی تکلیف دور کر

دوں گا اور جس شخص نے اپنی حاجت میں میرے ساتھ اللہ کی طرف وسیلہ پکڑا تو اس کی حاجت پوری کر دی جائے گی لہٰذا میں گناہگار، بدکار تیری ذات کے ساتھ وسیلہ لایا ہوں اور دنیا و آخرت میں میرا وسیلہ اور میری امید تیری عنایت اور مہربانی پر منحصر ہے۔ مجھے اپنی رحمت اور مہربانی سے مایوس نہ کر کیونکہ تیری مہربانی کے سوا میرے پاس کوئی پناہ اور ملجا نہیں۔ میں کس کے سامنے جاؤں اور کس کی طرف منہ کروں جبکہ ہمارا ملجا اور ہماری پناہ تیری ذات اقدس ہی ہے اور بس!

حَاشَاهُ اَنْ یُحْرِمَ الرَّاجِی مَكَارِمَهٗ

اَوْ یَرْجِعَ الْجَارُ مِنْهُ غَیْرَ مُحْتَرَمِ

"حضور کی شان کرم اس سے منزہ ہے کہ امیدواران کے در سے بخشش وعطا سے محروم ہو جائے یا پناہ گزین عزت واحترام حاصل کئے بغیر لوٹ آئے"۔

اَللّٰھُمَّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ طَبِیْبِ قُلُوْبِنَا وَ حَبِیْبِنَا وَ شَفِیْعِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَ عِتْرَتِهٖ وَ اَهْلِ بَیْتِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا كَثِیْرًا۔

❀❀❀

چھٹی فصل

متفرق اذکار اور دعاؤں کے بیان میں

حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی دعاؤں میں سے ایک یہ بھی ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ عَدَدَ خَلْقِہٖ وَ زِیْنَۃَ عَرْشِہٖ وَرِضَاءَ نَفْسِہٖ وَ مِدَادَ کَلِمَاتِہٖ وَ مُنْتَھٰی عِلْمِہٖ وَ جَمِیْعَ مَاشَاءَ خَلَقَ وَذَرَأَ وَبَرَأَ، عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ وَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَ یُمِیْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہُ الَّذِیْ اَرْسَلَہٗ بِالْھُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْھِرَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ.

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحِ الْاِمَامَ وَ الْاُمَّۃَ وَالرَّاعِیَ وَ الرَّعِیَّۃَ وَ اَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ فِی الْخَیْرَاتِ وَادْفَعْ شَرَّ بَعْضِھِمْ مِنْ بَعْضٍ اَللّٰھُمَّ اَصْلِحِ الرَّعِیَّۃَ وَالْعَامَّۃَ وَ النَّقَبَۃَ صَلَاحًا یُقَرِّبُھُمْ اِلٰی مَعْرِفَتِکَ وَرِضْوَانِکَ وَ اَعْصِمْھُمْ مِنْ مَعْصِیَتِکَ وَکُفْرَانِکَ وَ اَعْمِمْ بِذٰلِکَ جُمْھُوْرَ عِبَادِکَ فِیْ جَمِیْعِ بِلَادِکَ اِنَّکَ جَوَادٌ کَرِیْمٌ بَرٌّ رَؤُفٌ رَحِیْمٌ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَالِمُ بِالسَّرَائِرِ فَاَصْلِحْھَا وَاَنْتَ الْعَالِمُ بِذُنُوْبِنَا فَاغْفِرْھَا وَاَنْتَ الْعَالِمُ بِعُیُوْبِنَا فَاسْتُرْھَا وَ اَنْتَ الْعَالِمُ بِحَوَائِجِنَا فَاقْضِھَا

وَ اَنتَ الْعَالِمُ بِمُهِمَّاتِنَا فَاكْفِنَا يَا قَاضِىَ الْحَاجَاتِ وَ يَا كَافِى الْمُهِمَّاتِ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا حَيْثُ نَهَيْتَنَا وَلَا تُفْقِدْنَا مِنْ حَيْثُ اَمَرْتَنَا اَعِزَّنَا بِطَاعَةٍ وَلَا تُزِلَّنَا بِالْمَعْصِيَةِ اَشْغِلْنَا بِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ اِقْطَعْ عَنَّا كُلَّ قَاطِعٍ يَقْطَعُنَا عَنْكَ اَلْهِمْنَا ذِكْرَكَ وَشُكْرَكَ وَ حُسْنَ عِبَادَتِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَاشَاءَ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ. لَا تُخَيِّبْنَا فِى غَفْلَةٍ وَلَا تَأْخُذْنَا عَلٰى عِثْرَةٍ (۱) رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَسِيْنَا اَوْ اَخْطَأْنَا رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلْنَا مَالَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلَانَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ.

سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے جو سب جہانوں کا پروردگار ہے۔ اس کی مخلوق کی تعداد اس کے عرش کی زینت، اس کی ذات کی رضا، اس کے کلمات کی سیاہی اور اس کے علم کی انتہا کے برابر تعریف ہے۔ اس نے جو کچھ چاہا پیدا فرمایا، خلق کو زیادہ کیا اور نیست سے ہست کیا۔ وہ غائب اور حاضر کا جاننے والا ہے رحمٰن و رحیم ہے۔ بادشاہ ہے بہت زیادہ پاکیزگی والا غالب اور حکمت والا ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں سب بادشاہی اسی کے لئے ہے تمام تعریف اس کے لئے ہے۔ وہ زندہ کرتا اور موت دیتا ہے۔ سب بھلائی اسی کے ہاتھ میں ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اور میں شہادت دیتا ہوں کہ محمد ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ اس کے بندے اور ایسے رسول ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ اس دین کو تمام ادیان پر غالب کر

---

(۱) وفی مکان آخر ...... لا تأخذنا علیٰ غِرَّةٍ.

دے اگر چہ مشرکین ناپسند کریں اے اللہ! امام امت، محافظ اور رعایا سب کی اصلاح فرما دے بھلائی کے کاموں کے لئے ان کے دلوں میں الفت ڈال دے اور ان میں سے بعض کے شر کو بعض سے دور فرما دے اے اللہ، رعایا، عوام اور نگہبانوں کو ایسی بھلائی اور صلاح عطا فرما جو انہیں تیری معرفت اور خوشنودی کے قریب کر دے اور انہیں اپنی نافرمانی اور کفر و انکار سے محفوظ فرما اور اپنا یہ فضل و کرم تمام بندوں پر تمام ملکوں میں عام فرما دے۔ بے شک تو سخی کریم نیکی کو پسند فرمانے والا اور رؤف و رحیم ہے اے اللہ تو رازوں کو جاننے والا ہے ان کی اصلاح فرما تو ہمارے گناہوں کو جاننے والا ہے انہیں بخش دے تو ہمارے عیبوں کو جاننے والا ہے انہیں چھپا دے تو ہماری حاجات کو جاننے والا ہے انہیں پورا فرما۔ تجھے ہماری مہمات کا علم ہے ان میں ہماری کفایت فرما۔ اے حاجتوں کے پورا فرمانے والے اور اے مہمات کی کفایت کرنے والے۔

اے اللہ جن چیزوں سے تو نے منع کیا ہے ان سے ہماری حفاظت فرما اور جن چیزوں کے کرنے کا ہمیں حکم دیا ہے وہاں گمراہ نہ کر۔ ہمیں اطاعت کے ساتھ عزت دے اور گناہوں کے ساتھ ذلیل نہ کر۔ غیروں سے پھیر کر اپنی طرف متوجہ فرما، ہر کاٹنے والا جو ہمیں تجھ سے جدا کرے تو اسے ہم سے دور کر دے ہمیں اپنا ذکر، شکر اور حسن عبادت سکھا اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، جو کچھ اس نے ارادہ فرمایا وہ موجود ہو گیا اور جس چیز کا ارادہ نہ کیا وہ وجود میں نہ آئی نہ تو گناہوں سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ نیکی کرنے کی ہمت مگر بلندی عظمت کے مالک اللہ کی توفیق سے۔ ہمیں غفلت کی وجہ سے محروم نہ کر اور نہ ہی عشرت کے سبب ہمارا مؤاخذہ فرما۔ اے اللہ اگر ہم بھول جائیں یا غلطی کا اقدام کریں تو ہماری گرفت نہ کر۔ اے اللہ ہم پر بوجھ نہ ڈال جس طرح تو نے ہم سے پہلے والی امتوں پر ڈالا۔ اے اللہ ہم سے اتنا بوجھ نہ اٹھوا جس

کے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں ہمیں معاف فرمادے ہماری مغفرت فرما۔ ہم پر رحم فرما تو ہمارا آقا ہے کافروں کے گروہ پر ہماری نصرت فرما۔

یہ حزب بھی حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْأَلُکَ بِمَوْضِعِکَ فِی قُلُوْبِ الْعَارِفِیْنَ وَبِکَمَالِ جَمَالِ سِرِّکَ فِی سَرَائِرِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَ بِدَقَائِقِ حَقَائِقِ السَّادَاتِ الْفَائِزِیْنَ وَ بِخُشُوْعِ وَخُضُوْعِ دُمُوْعِ اَعْیُنِ الْبَاکِیْنَ وَتَرْجِیْفِ قُلُوْبِ الْخَائِفِیْنَ وَ بِتَرَنُّمِ خَوَاطِرِ الْوَاصِلِیْنَ وَبِرَنِیْنِ حَنِیْنِ اَنِیْنِ الْمُرِیْدِیْنَ وَ بِتَوْحِیْدِ تَمْجِیْدِ تَحْمِیْدِ سُنَنِ الذَّاکِرِیْنَ وَبِرَسَائِلِ وَسَائِلِ مَسَائِلِ الطَّالِبِیْنَ وَبِمُکَاشِفَاتِ الْمُهِمَّاتِ نَظْرَاتِ اَعْیُنِ عَیْنِ الْیَقِیْنِ وبِوُجُودِ وُجْدِهٖ وجودِهم بِکَ فی غوامِضِ سِرِّ المُحِبِّیْنَ اَسْأَلُکَ اَللّٰهُمَّ بِحُرْمَةِ الرَّسَائِلِ وَالْوَسَائِلِ وَالْمَسَائِلِ اَنْ تَغْرِسَ فِیْ حَدَائِقِ بُسَاتِیْنِ قُلُوْبِنَا اَشْجَارَ تَوْحِیْدِکَ وَ تَمْجِیْدِکَ لِنَقْطِفَ مِنْهَا ثِمَارَ تَسْبِیْحِکَ وَ تَقْدِیْسِکَ بِاَنَامِلِ کَفِّ اِجْتِنَاءِ لُطْفِکَ وَ اِحْسَانِکَ اَللّٰهُمَّ اَکْشِفْ عَنْ بَصَائِرِ اَبْصَارِنَا حُجُبَ الْاِحْتِجَابِ وَ اجْعَلْنَا مِمَّنْ رَمٰی سَهْمَ الْاِبْتِهَالِ فَاَصَابَ وَاجْعَلْنَا مِمَّنْ دَعَوْتَ جَوَارِحَ اَرْکَانِهٖ لِخِدْمَتِکَ فَاَجَابَ وَاجْعَلْنَا اَللّٰهُمَّ مِنْ خَوَاصِ اَهْلِ الْعِنَایَةِ وَالْاَحْبَابِ اَللّٰهُمَّ اِنَّ اَرْضَ قُلُوْبِنَا مُجْدِبَةٌ بَالِسَةٌ عَایِسَةٌ فَاسْقِهَا ۞ اَللّٰهُمَّ مِن سَحَائِبِ الطَّالِ الوِلَایَةِ یَصِحُّ مَخْضَرَةٍ بِجَمِیْعِ رِیَاحِیْنِ الریاضِ القُبُولِ والِایمانِ متفق ریاحین من کمائم ازهار طلعتها شاهد الروية والعیان من ثم لب بلبال ترجمتها کتبلیل البلیل فی افنان الاغصان شاکرة

ذاکـرـة عـلـی مـاولیتهـا مـن فـوائد النعم والاحسان ﴾(۱)اللهم مِنَّا الدُّعَاءُ وَمِـنْـکَ الْإِجَـابَـةُ وَمِـنَـا الـرَّمْـیُ بِسَهْمِ الرَّجَاءِ وَمِنْکَ الْإِجَابَةُ فَاجْعَلْنَا اَللّٰهُمَّ مِـنْـکَ یَـا مَـوْلَانَـا مِـمَّـنْ دَعَـا مَحْبُوْبَهٗ فَاَجَابَهٗ وَاَعْطَاهُ مَا تَمَنّٰی عَلَیْهِ وَمَا اَخَابَهٗ اَلـلّٰـهُـمَّ وَ نَـحْـنُ عَبِیْدُکَ الْفُقَرَاءُ الْمَسَاکِیْنُ وَاقِفِیْنَ عَلٰی عَتْبَةِ بَابِ جَنَابِکَ وَسَـاحَـةِ أَلْطَافِکَ مُنْتَظِرِیْنَ لِشُرْبَةٍ مِنْ حُمَیَّا خَنْدَرِیْس رَحِیْقِ غَایَةِ شَرَابِکَ. ﴿لِـنُـصبـحَ بِهـا نَشَـا ءً وَالِهاً اَنیناً مَن سُکرِہٖ بحظه خِمارکَ اللهم اجعلنا ممن جَـدَّتْ بِـہٖ إلیکَ خُطاهٗ اللهم من الفته متعلقة باذیال المعروف والکرم وقد حـطـت الاجـمـال اجـمـالهـا عـلـی جناب قدرک معطرة بنسائم نسیمات قـربـک و انسک ﴾(۲) مسـتـجیـرـة بک ایهـا الـملـک الدیان من جور

متن میں موجود عبارات درست نہیں، درج ذیل عبارات کے مطابق ترجمہ کیا گیا ہے۔ یہ عبارات "الـفـیـوضـات الربانیة فی مآثر والاوراد القادریة" مطبوعہ الجامع الازہر الشریف سے لی گئی ہیں۔

(۱) مـن سـحـائب امطار الولایة بالازهار لتصبح مخضرة بجمیع ریاحین القبول والایـمـان. متفتقة کمائم ازهار طلعتها بشقائق الرؤیة والعیان.مترنماً لب بلبل فرحتها کتـرنـم البـلـبـل فـی افنان الاغصان. شاکرة ذاکرة لک علی ما أولیتها من فوائد النعم والاحسان.

(۲) لـنصبح بها نشاوی مؤلهین من سکرة لحظة خمارک . واجعلنا ممن جدّت به الیک مـطـایـا الهـمـم متـملقة متعلقة بأذیال المعروف والکرم وقد حططنا احمال أثقالنا علی ساحات قدسک متعطرة من نفحات نسمات قربک وانسک .

سلطان القطيعة والهجران . اَللّٰهُمَّ فَاسْمَعْ تبتُّلنا اِلَيْکَ فقد توكّلنا فِیْ جَمِيْعِ اُمُوْرِنَا عَلَيْکَ لا مَلْجأً وَ لا مَنْجاً عنکَ (۱) اِلّا اِلَيْکَ يا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُکَ اِيْمَانًا يُصْلِحُ لِلْعَرْضِ عَلَيْکَ وَ اِيْقَانًا نَعُفُّ بِهٖ فِی الْقِيَامَةِ بَيْنَ يَدَيْکَ وَ رَحْمَةً تَطَهَّرْنَا بِهَا مِنْ دَنَسِ الْعُيُوْبِ وَعِلْمًا نَفْقَهُ بِهٖ اَوَامِرَکَ وَ نَوَاهِيْکَ وَ فَهْمًا نَعْلَمُ بِهٖ كَيْفَ نُنَاجِيْکَ وَ اجْعَلْنَا فِی الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ مِنْ اَهْلِ وَلَايَتِکَ وَامْلَأْ قُلُوْبَنَا بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ وَ كَحِّلْ عُيُوْنَ عُقُوْلِنَا بِاِثْمَدِ هِدَايَتِکَ وَ احْرِسْ اَقْدَامَ اَفْكَارِنَا مِنْ مَوَاطِئِ الشُّبُهَاتِ وَامْنَعْ طُيُوْرَ نُفُوْسِنَا مِنَ الْوُقُوْعِ فِیْ شَبَابِکِ مُوْبِقَاتِ الشَّهْوَاتِ وَ اَعِنَّا فِیْ اِقَامِ الصَّلٰوةِ وَ عَلٰى تَرْکِ الشَّهْوَاتِ وَامْحُ سُطُوْرَ سَيِّآتِنَا عَنْ جَرَائِدِ اَعْمَالِنَا بِاَيْدِی الْحَسَنَاتِ كُنْ لَنَا حَيْثُ يَنْقَطِعُ الرَّجَاءُ منا اِذْ اَعْرَضَ اَهْلُ الْوُجُوْدِ بِوُجُوْهِهِمْ عَنَّا حِيْنَ تَحْصِيْلٍ فِیْ ظُلَمِ اللُّحُوْدِ وبرها فی افعالنا إلى يوم الشهود وَ اَجْرِ عَلٰى لِسَانِ عَبْدِکَ الضَّعِيْفِ على ما اُلَفٍ من العصمة من الذلل ووَفِّقْهُ حاضرين الصالح القول والعمل واجر على لسانه مَا يَنْتَفِعُ بِهِ السَّامِعُ وَ تَذْرِفُ لَهُ الْمَدَامِعُ وَ تَأْلَفُ لَهُ الْقَلْبُ الْخَاشِعُ وَاغْفِرْ لَهُ وَلِلْحَاضِرِيْنَ وَ لِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِفَضْلِکَ مِنْ صَدِّکَ وَ بِقُرْبِکَ مِنْ طَرْدِکَ وَ بِقُبُوْلِکَ مِنْ رَدِّکَ فَاجْعَلْنَا مِنْ اَهْلِ طَاعَتِکَ وَ وُدِّکَ وَ اَهِّلْنَا لِشُكْرِکَ.

---

(۱) ایک دوسرے نسخہ میں عنک کی بجائے منک ہے جو زیادہ مناسب ہے۔

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں عارفوں کے دلوں میں تیرے مقام کے طفیل، مقربین کے سروں میں تیرے سر کے جمال اور کمال کے طفیل، مقام ولایت پر فائزین سرداروں کے حقائق اور دقائق اور زاری و بکا کرنے والی آنکھوں کے آنسوؤں اور خضوع و خشوع کے وسیلہ سے اور تیرے عذاب سے ڈرنے والوں کے دلوں کے کانپنے اور واصلین کے دلوں کی آواز اور مریدوں کے اشتیاق اور آہیں بھرنے کے طفیل اور ذکر کرنے والوں کے توحید، بزرگی اور حمد بیان کرنے کے طریقوں کے وسیلہ سے اور طالبوں کے رسائل، مسائل، اور وسائل کے طفیل اور عین الیقین والوں کی آنکھوں کے دیکھنے اور مہمات کو کھولنے کے طفیل تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ میں تجھ سے رسائل، وسائل اور مسائل کی حرمت کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں کہ ہمارے دلوں کے باغوں میں اپنی توحید اور بزرگی کے درخت لگا دے تا کہ ہم ان سے تیری تسبیح و تقدیس کے پھل چن سکیں اور ہاتھوں کی انگلیوں سے تیرے لطف اور احسان کے خوشے توڑیں۔

اے اللہ ہماری آنکھوں کے آگے حائل ہونے والے پردوں کو کھول دے اور ہمیں ان لوگوں سے بنا جنہوں نے عجز و انکساری کا تیر پھینکا اور وہ درست جا لگا۔ اور ہمیں اس شخص کی طرح بنا جس کے اعضا کو تو نے اپنی خدمت کے لئے بلایا تو وہ حاضر خدمت ہو گیا اے اللہ ہمیں ان خواص سے بنا جن پر تیری عنایت ہے اور جنہیں تو دوست رکھتا ہے اے اللہ ہمارے دلوں کی زمین بنجر ہے شکستہ اور مایوس ہے اس کی کھیتی مرجھا چکی ہے اسے سیراب کر دے۔ پس تو قلوب کو خوشبودار ولایت کے موسلا دھار بادل سے سیراب فرما تا کہ قبول و ایمان کے تمام پھول سرسبز ہو جائیں دیکھنے اور معائنہ والے کی بساط کے مطابق، اپنے خوشے کی کلی کی تھیلی سے کھل جائیں، اپنی خوشی کے بلبل کی آواز میں مترنم ہو جائیں، جیسے ٹہنیوں کے درمیان بلبل

کا ترنم، شکر کرنے والے ذکر کرنے والے ہو جائیں، اس کے مطابق جو فائدہ مند نعمتیں اور احسان انکے سپرد ہیں۔ اے اللہ ہم تو صرف دعا کرتے ہیں قبولیت کرنے والا تو ہی ہے ہم تو صرف امید کا تیر پھینک سکتے ہیں قبول کرنے والا تو ہی ہے، اے اللہ ہمیں اپنی اطاعت کرنے والوں سے بنا اے ہمارے آقا ہمیں اس شخص کی طرح بنا جس نے اپنے محبوب سے دعا کی تو اس نے قبول کر لی۔ اور اسے وہ کچھ عطا کر دیا جس کی اس نے امید کی تھی اور اسے ناکام نہ کیا۔ اے اللہ ہم تیرے محتاج و مسکین بندے تیری بارگاہ کے دروازے کی دہلیز پر کھڑے اس انتظار میں ہیں کہ تیری شراب کے شہد سے ایک گھونٹ پئیں۔ تاکہ ہو جائیں اس کے نشہ سے سوز و گداز وار خود رفتہ اپنے حصے کی شراب معرفت سے۔ اے اللہ ان سے بنا جن کے قدم صرف تیری طرف اٹھتے ہیں، اور جن کا دامن بخشش اور نیکی کو سمیٹے ہوئے ہے۔ اے اللہ ہم نے دنیا سے رشتہ توڑ کر تیری طرف رخ کیا ہے تمام امور میں تجھ پر توکل کیا ہے، اور جنکا جمال تیری بارگاہ قدرت سے اتارا گیا ہے، اور تیرے قرب اور انس کی خوشبودار ہواؤں سے معطر ہے، اے انتقام لینے والے بادشاہ! قطع تعلق اور چھوڑ دینے والے زور آور سے تیری پناہ چاہتے ہوئے، تیری بارگاہ کے سوا ہماری کوئی پناہ گاہ نہیں اور نہ ہی کوئی جائے نجات ہے۔ اے سب سے زیادہ رحیم ہم تیری رحمت کے طلبگار ہیں۔ اے اللہ ہمارے آقا محمد ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر آپ کی آل پر اور اصحاب پر کثیر صلوۃ وسلام ہو۔ اے اللہ ہم تجھ سے ایسے ایمان کا سوال کرتے ہیں جو ہمیں تیری بارگاہ میں حاضری کے قابل بنا دے اور ایسے یقین کا جس کے ساتھ روز قیامت ہم تیرے سامنے بیٹھ سکیں اور ایسی رحمت جو ہمیں عیوب کی میل کچیل سے پاک کر دے اور ایسا علم جس کے ذریعے ہم تیرے اوامر اور منہیات کو سمجھ سکیں اور ایسا فہم جس کے ذریعے ہم تجھ سے مناجات کا طریقہ معلوم کر سکیں اور دنیا و آخرت میں ہمیں اپنی ولایت

والوں سے بنا اپنی معرفت سے ہمارے دلوں کو بھر دے ہماری عقلوں کی آنکھوں کو اپنی ہدایت کے پتھر سے سرمہ لگا دے۔ ہماری فکروں کے قدموں کی نگرانی فرما کہ وہ شک وشبہ کی جگہ پر نہ پڑیں اور ہمارے نفسوں کے پرندوں کو ہلاکت خیز شہوتوں کے جالوں میں پڑنے سے روک لے اور نماز قائم کرنے اور خواہشات کو ترک کرنے میں ہماری مدد فرما اور نیکی کے ہاتھوں کے ساتھ ہمارے اعمال نامے سے ہماری برائیوں کی سطروں کو مٹا دے۔ جہاں پر ہماری امیدیں ختم ہو جائیں وہاں ہماری مدد فرما جب دنیا والے ہم سے منہ پھیر لیں اور ہمیں قبروں کے اندھیروں کے حوالے کر دیں تو تو ہمارے اعمال کو نیکی بنا یوم شہود تک۔ اپنے ضعیف بندے پر، ذلت اور پستی سے بچا کر اپنی الفت جاری فرما۔ موافق کر اسکو قول وعمل میں نیک رفقاء کے اور اسکی زبان پر ایسے کلمات جاری فرما جو سامع کے لئے نفع بخش ہوں ان کو سن کر آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں اور ڈرنے والے کا دل مانوس ہو جائے۔ اپنے بندے کی بخشش فرما حاضرین مجلس اور تمام مسلمانوں کو بخش دے۔ اے اللہ ہم تیرے اعراض کرنے سے تیرے فضل وکرم کی پناہ چاہتے ہیں اور تیرے دور کر دینے سے تیرے قرب کی اور تیرے رد کر دینے سے تیری قبولیت کی پناہ چاہتے ہیں ہمیں اپنا اطاعت اطاعت کرنے والا محبت کرنے والا بنا اور شکر کرنے والا بھی بنا۔

رات کا دوگانہ

حضرت سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب لوگوں کی آوازیں ختم ہو جائیں اور مخلوق خدائے متعال آغوش خواب میں چلی جائے تو نیم شب اٹھ کر نیا وضو کرے دو رکعت نماز پڑھے اور کہے:

دُلَّنِیْ عَلٰی عَبْدٍ مِنْ عِبَادِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ حَتّٰی یَدُلَّنِیْ عَلَیْکَ وَ یُعَرِّفَنِیْ

طَرِیْقِکَ.

''مجھے اپنے محبوب و مقرب بندوں میں سے کسی ایسے بندے کی طرف رہنمائی فرما جو مجھے تیری طرف رہنمائی کرے اور تجھ تک پہنچنے کا راستہ مجھے بتادے۔''

خصوصی وظیفہ

کسی دوست سے یہ بھی منقول ہے کہ مشکلات کے کھولنے اور مہمات کی کفایت کے لئے یہ دو شعر بہت اہم ہیں، ان دو شعروں کا گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ وظیفہ کرے اور تمام آداب و شرائط کا خیال رکھے۔ پہلی شرط یہ ہے کہ وظیفہ کے اوّل و آخر میں درود شریف پڑھے۔ دوسری یہ کہ غسل کر کے صاف ستھرے کپڑے پہنے اور خلوت و تنہائی میں وظیفہ کرے۔ تیسری شرط یہ ہے کہ خوشبو کا استعمال کرے اور صدق نیت بھی ہو اور قبولیت کا یقین بھی اور حضرت غوث اعظمؓ کی روح پرفتوح کو اپنے پاس حاضر خیال کرے اور آپ سے مدد و استعانت کرے اور خشوع و خضوع کے ساتھ وظیفہ میں مشغول ہو جائے۔ (شعر یہ ہیں)

أَیُدْرِکُنِی ھَمٌّ وَ اَنْتَ ظَھِیْرِیُ

أَ اُظْلَمُ فِیْ الدُّنْیَا وَ اَنْتَ نَصِیْرِیُ

فَعَارٌ عَلَی حَامِی الْحِمٰی وَھُوَ قَادِرٌ

إِذَا ضَاعَ فِی الْبَیْدَاءِ عِقَالُ بَعِیْرِیُ

''کیا مجھے غم لاحق ہو سکتا ہے؟ جبکہ تو میرا مددگار ہے اور کیا دنیا میں مجھ پر ظلم کیا جائے گا؟ جبکہ تو میرا نصیر ہے۔ یہ بات چراگاہ کے محافظ کے لئے باعث عار ہے۔ جبکہ وہ قادر بھی ہے کہ جنگل میں میرے اونٹ کی رسی گم ہو جائے۔''

☆☆☆

استجابت دعا کا وظیفہ

دینی و دنیوی مرادوں کے پانے، استجابت دعا اور درازی عمر کے لئے درج ذیل اذکار کو پابندی سے بجالائے۔

۱۔ فجر کی نماز کے بعد ہزار مرتبہ هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

۲۔ ظہر کی نماز کے بعد ہزار مرتبہ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

۳۔ نماز عصر کے بعد ہزار مرتبہ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ

۴۔ نماز مغرب کے بعد ہزار بار هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ

۵۔ نماز عشا کے بعد ہزار مرتبہ هُوَ اللَّطِیْفُ

ہر روز درج ذیل وظائف کو مواظبت سے پڑھے

سورۃ جمعہ سورۃ اخلاص، سورۃ فاتحہ اور کلمہ تمجید سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَ اللهُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ان سب کو ایک ایک مرتبہ پڑھے اور ہر سورت کے ساتھ اور کلمہ تمجید کے ساتھ درود شریف سو (۱۰۰) بار پڑھے۔

غالب دشمن سے پناہ کی دعا

روایت ہے کہ ایک مرتبہ بادشاہ وقت حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا، سلام عرض کیا اور کہنے لگا حضور میں عمر رسیدہ ہوں اور بچے بھی چھوٹے ہیں دشمن بہت غالب ہے آپ کی پناہ چاہئے آپ نے اپنا سر جھکایا اور مراقبہ میں چلے گئے۔ تھوڑی دیر بعد سر اٹھایا اور فرمانے لگے، آؤ ! اے سائل اور یہ دعا لکھ لو اور اسے پڑھا کرو۔ یہ دعا پروردگار نے مجھے الہام کی ہے کہ دشمن تجھ پر اور تیرے فرزندوں پر کبھی کامیابی حاصل نہ کر سکے گا اور جو شخص بھی صبح شام اس دعا کا وظیفہ کرے تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے، اس واقعہ کے بعد شیخ علی ہیتی کو

بھی جو اپنے وقت کے اجلا مشائخ میں سے تھے۔ اسی دعا کا مکاشفہ ہوا اور فوراً حضور غوث اعظم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض حال ظاہر کیا۔

خلیفہ وقت نے دعا کا وظیفہ کیا اور اپنی مراد حاصل کر لی، اس کا دشمن بغیر کسی لڑائی اور مزاحمت کے نابود ہو گیا اور اس بادشاہ کے بعد اس کے فرزند خلیفہ ہوئے، دعا یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ یَا عَلِیُّ یَا وَلِیُّ یَا وَفِیُّ یَا عَلِیُّ یَا رَحۡمٰنَ الدُّنۡیَا وَ الۡاٰخِرَۃِ وَ رَحِیۡمَھُمَا اَسۡأَلُکَ اَنۡ تُعۡطِیَ مِنۡھُمَا مَا تَشَاءُ وَ تَرۡزُقَ مَا تَشَاءُ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ جَلَّ رَبِّیۡ فَقَدِرَ عَزَّزَنِیۡ فَقَدۡ ھُوَ مُعِیۡنٌ لِمَا صَبَرَ وَ اذۡکُرُوۡا اللّٰہِ ذِکۡرَ الۡاَکۡبَر وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ مُحَمَّدٍ وَ اٰلِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ

''اے قائم بالذات، دوسروں کو قائم رکھنے والے، بلند، دوست رکھنے والے، وفا کرنے والے، بلند مرتبہ اے دنیا اور آخرت میں رحمٰن اور رحیم۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ دنیا و آخرت سے جو کچھ چاہے عطا کرے اور جو کچھ چاہے عنایت فرمائے۔ اے وہ ذات جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں میرا پروردگار بلند عظمتوں والا ہے وہ قادر ہے، اس نے مجھے عزت دی، تحقیق وہ صبر کرنے والے کا مددگار ہے، اللہ کا ذکر کرو، ذکر اکبر اور درود و سلام ہو مخلوق میں سب سے بہتر محمد ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر اور آپ کی ساری آل پر۔''

دشمن پر غلبہ پانے کی دعا

کفایت مہمات، رزق کی فراخی اور دشمنوں کو مغلوب کرنے کے لئے صبح کے وقت اس دعا کا وظیفہ کرے اور جمعرات کے دن سے پڑھنا شروع کرے: (دعا یہ ہے)

سُبۡحَانَ اللّٰہِ الۡقَادِرِ الۡقَاھِرِ الۡقَوِیِّ الۡکَافِیۡ یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ وَلَا حَوۡلَ وَ لَا قُوَّۃَ

اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَ آلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

دشمنوں کو دفع کرنے اور ان پر کامیابی پانے کے لئے ہر فرض نماز کے بعد اس دعا کو چالیس مرتبہ پڑھے اور اول و آخر درود شریف پڑھے۔

يَا مَنْ يَفْرِدُ بِنُصْرَةِ الضُّعَفَاءِ وَ الْمَظْلُوْمِيْنَ وَ الْخَلْقُ كُلُّهُمْ عَجَزُوْا عَنْ ذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ اسْدُدْ لِسَانَ اَعْدَائِيْ وَلَا تُشْمِتْ بِيْ عَدُوِّيْ وَلَا حَاسِدِيْ وَ اَظْفِرْنِيْ عَلٰى جَمِيْعِ اَعْدَائِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

''اے وہ ذات جو تنہا کمزوروں اور مظلوموں کی نصرت فرماتی ہے اور تمام مخلوق اس بات سے عاجز اور قاصر ہے اے اللہ میرے دشمنوں کی زبان بند کردے۔ میرے دشمنوں اور حاسدوں کو میری مصیبت پر خوش نہ کر اور مجھے اپنے تمام دشمنوں پر کامیابی عطا فرما اے سب سے زیادہ رحیم وکریم میں تیری رحمت کا خواستگار ہوں۔''

سونے سے قبل...... مناجات

عشا کی نماز کے بعد جب سونے کا ارادہ کرے تو ان مناجات کا ورد کرے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم: اے مالک کائنات، بادشاہ کل، اگر مجھ سے کوئی گناہ، خطاء، کفر، شرک، ریا، گناہ کبیرہ یا صغیرہ، چغل خوری، زنا، غیبت، فحش کلامی، بہتان، جھوٹ لہو ولعب، سہو، حسرت، تکبر، غرور، نفاق، حق تلف کرنے، حرام کاری کرنے، نفرت کرنے، امانت ترک کرنے، خیانت کرنے، ظلم وتعدی کرنے، کسی جانور یا آدمی کا حق تلف کرنے اور استاد، پیر، ماں اور باپ کے حقوق پورے نہ کرنے کا ارتکاب ہوا ہے اور اگر میں نے فسق و فجور یا بدعت کوتاہی اور غلطی کی ہے اور جس بارے اللہ تعالیٰ کا حکم نہیں ہے وہ کام کیا اور جس کا شریعت نے حکم نہیں دیا وہ کام انجام دیا یہ سب کچھ میں نے دانستہ طور پر کیا یا بھول کر کیا یا

میرے دل میں خیال آیا یا زبان پر جاری ہوا قولی۔ فعلی طور پر حاضر وغیب ہونے کی حالت میں ظاہر اور باطن میں اور سری و جہری طور جو کچھ میں نے دانستہ ارتکاب کیا یا نادانستہ مجھ سے کوئی گناہ سرزد ہوا تو میں ان تمام گناہوں سے باز آتا ہوں اور پشیمان وشرمندہ ہو کر تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔ مجھے سچی توبہ کی توفیق عطا فرما کہ دوبارہ ان برائیوں کا ارتکاب نہ کروں۔ میں تہہ دل سے مسلمان ہوتا ہوں اور تیری وحدانیت کے ساتھ ایمان لاتا ہوں، جس چیز سے تو نے منع فرمایا ہے اس سے بیزار ہوں اور ایمان لاتا ہوں اس چیز کے ساتھ جس پر محمد رسول اللہ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ ایمان لائے۔ میں یقین اور صدق دل سے کہتا ہوں۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَ مَلَائِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَ الْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَ شَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَائِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَ قَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ.

اے اللہ! تمام عمر مجھے اسی اقرار وتصدیق پر ثابت رکھ اپنے حبیب محمد رسول اللہ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے طفیل اے خداوند میں نے اپنے تمام دینی و دنیوی امور تیرے سپرد کر دیئے اور تجھ پر چھوڑ دیئے ہیں اور میں تجھی سے سوال کرتا ہوں:

اَللّٰهُمَّ نَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَ الْمُعَافَاةَ فِى الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ اِخْتِمْ لَنَا بِالْخَيْرِ بِحُرْمَةِ النَّبِيِّ وَ آلِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

''اے اللہ ہم تجھ سے دنیا و آخرت میں خیریت و عافیت اور صحت کاملہ کا سوال کرتے ہیں۔ حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ اور آپ کی آل کے طفیل ہمارا خاتمہ بالخیر فرما، اے

سب سے زیادہ رحم کرنے والے میں تیری رحمت کا خواستگار ہوں۔''

اس کے بعد درج ذیل مناجات پڑھے جو حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ سے منقول ہے:

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا وَ لَا تُعَذِّبْنَا مِنْ ذُنُوبِ السَّمْعِ وَالْبَصَرِ وَالْفُؤَادِ وَالْيَدَيْنِ وَ الْقَدَمَيْنِ عَمَدًا وَنِسْيَانًا لَيْلًا وَ نَهَارًا سِرًّا وَ عَلَانِيَةً وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنْ هٰذِهِ الذُّنُوبِ كُلِّهَا وَ اَقُوْلُ وَاَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنَا مَحْجُوْبِيْنَ عَنْ لِقَائِكَ فَقِنَا مِنْ شُرُوْرِ الدَّارَيْنِ بِبَرَكَةِ الْقُرْآنِ وَ نَبِيِّ آخِرِ الزَّمَانِ وَبَلِّغْ رُوْحَهٗ مِنِّیْ تَحِيَّةً وَ سَلَامًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰى اَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا يَنْبَغِی الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنَا مَحْبُوْبِيْنَ عَنْ لِقَائِكَ فَقِنَا مِنْ شُرُوْرِ الدَّارَيْنِ بِبَرَكَةِ الْقُرْآنِ وَنَبِيِّ آخِرِ الزَّمَانِ وَ بَلِّغْ رُوْحَهٗ مِنِّیْ تَحِيَّةً وَ سَلَامًا اَلْفِ اَلْفِ اَلْفِ

''اے ہمارے رب ہمارا مؤاخذہ نہ کر اور ہمیں کانوں اور آنکھوں کے دل، ہاتھوں اور پاؤں کے گناہوں کی وجہ سے عذاب میں مبتلا نہ کر اور وہ گناہ جو ہم نے دانستہ یا بھول کر، دن میں یا رات کے وقت اور چھپ کر یا ظاہری طور پر کیے ہیں ان تمام گناہوں سے تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ اے اللہ اپنی ملاقات سے ہمیں اپنے پردے میں نہ رکھ۔ ہمیں دنیا و آخرت کے شر سے بچا قرآن مجید کی برکت اور نبی آخر الزمان ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی

برکت کے طفیل اور میری طرف سے آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی بارگاہ میں تحیات وسلام پہنچا
اے اللہ محمد مصطفیٰ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر سلام وصلوٰۃ بھیج اتنی تعداد میں جتنی کوئی بھی نہ بھیجے
اور آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر صلوٰۃ وسلام بھیجے اتنی تعداد میں جتنا کہ کسی نے نہ بھیجا اور
آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر صلوٰۃ بھیج جس طرح تو پسند کرتا ہے اور جتنی تیری رضا ہے کہ تو
آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر درود بھیجے اور آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر صلوٰۃ بھیج جتنا کہ تو نے
ہمیں آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے اور آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر درود
بھیج جتنا کہ درود بھیجنا مناسب ہے۔ اے سب سے زیادہ رحیم تیری رحمت کا امیدوار ہوں
اے اللہ ہمیں اپنی ملاقات سے پردے میں نہ رکھ۔ دونوں جہاں کے شر سے ہمیں بچا قرآن
مجید کی برکت اور نبی آخر الزمان ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے طفیل اور آپ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کو
میری طرف سے ہزار ہزار درود وسلام پہنچا۔

مصیبتوں اور تکلیفوں کے دور کرنے اور برکات کے حصول کے لئے منقول ہے کہ ہر
نئے مہینہ درج ذیل ذکر واذکار کیے جائیں۔

تیس (۳۰) بار سورہ فاتحہ

چالیس (۴۰) بار آیت رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِنَ السَّمَاءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِاَوَّلِنَا وَ آخِرِنَا وَ آيَةً مِنْكَ وَارْزُقْنَا وَ اَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ. .... (المائدۃ:۱۱۴)

اکیس (۲۱) بار آیت وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهٗ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَ مَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اَنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْئٍ قَدْرًا. .... (الطلاق:۳)

دس (۱۰) بار یَا غَنِيُّ يَا مُغْنِيُ يَامُعْطِيُ يَا بَاسِطُ وَهَّابُ يَا رَزَّاقُ يَا فَتَّاحُ

دس (۱۰) مرتبہ یَا حَافِظُ یَا حَفِیظُ یَا رَقِیبُ یَا وَکِیلُ یَا اللہُ

دس (۱۰) مرتبہ فَا للہُ خَیرٌ حَافِظًا وَھُوَ اَرحَمُ الرَّاحِمِینَ (☆)

وظیفہ برائے حصولِ مراد

حصولِ مراد کے لئے مندرجہ ذیل وظیفہ کرے۔

نئے مہینے کی پہلی تاریخوں میں اتوار کی رات دس رکعت نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد دس ۱۰ مرتبہ آیۃ الکرسی اور پچاس ۵۰ بار سورۃ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد اکیاسی (۸۱) بار اَستَغفِرُ اللہَ رَبِّی مِن کُلِّ ذَنبٍ وَ اَتُوبُ اِلَیہِ کا ورد کرے، یہ نماز اتوار کی سات راتوں تک پڑھے اور مذکورہ بالا طریقہ کا لحاظ رکھے۔

(☆) اس سے اگلے تمام اوراد وظائف آخر تک ''تیسیر الشاغلین میں نہیں ہیں، بلکہ اُس میں یہاں تک چودھواں باب ختم ہوجانے کے بعد پندرھواں باب ''آداب مراقبہ'' سولھواں باب ''آداب رسالت مآب ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾''، سترہواں باب ''آداب مرید باشیخ'' اور اٹھارہواں باب ''آداب شیخ جیلانی'' ہے۔ اور اس کے بعد کتاب اختتام پذیر ہوجاتی ہے۔ جبکہ اس کتاب 'ہدایۃ المریدین' میں یہ ابواب سابقہ صفحات میں بڑی تفصیل سے گزر چکے ہیں۔ یعنی اب ہم اس متن کا مطالعہ کریں گے جو تیسیر کے نسخہ میں مندرج نہیں یہ فقط اسی کتاب کا خاصہ ہے۔ البتہ اُس میں اختتامی کلمات میں حضور غوث اعظم کے شعر درج ہیں جو کتاب ہذا میں نظر سے نہیں گزرے۔ شعر یہ ہیں:

انا المشہور بین الناس اسماً ... وسری شاع فی قاس ردانی

ببغداد نشأت و راق وقتی ... انا الجیلی محبوبی عطانی

وعبدالقادر المشہور اسمی ... ومن یرعی الزمان وقد رعانی

ومن ینکر علی فقد جفانی ... وجدی صاحب السبع المثانی

دوگانہ صلوۃ غوثیہ پڑھنے کا طریقہ

اب ہم نماز دوگانہ ادا کرنے کا طریقہ اور حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے وہ اسماء والقاب ضبط تحریر میں لاتے ہیں۔ جن کا ذکر اسلاف نے کیا اور سلسلہ قادریہ کے نیازمندوں نے ان کو اپنا وظیفہ بنایا ان اسماء والقاب کا ذکر علامہ نورالدین ابوالحسن علی بن یوسف الشافعی اللخمی نے اپنی تصوف کی مشہور و معروف کتاب بھجۃ الاسرار میں اور امام عبداللہ ابن السعد الیافعی نے اپنی کتاب "رأس المفاخر فی مناقب الشیخ عبد القادر" میں کیا ہے۔

حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ سے کوئی سوال کرو اس وقت میرا وسیلہ دے کر بارگاہ ایزدی میں سوال کیا کرو۔ جو کوئی شخص مصائب اور مشکلات میں مجھے پکارتا ہے اس کی مصیبت اور مشکل فوراً دور کر دی جاتی ہے۔ جو شخص مجھے وسیلہ بنا کر دعا کرتا ہے اللہ تعالیٰ میرے وسیلے سے اس کی مشکل حل کر دیتا ہے اور جو شخص مندرجہ ذیل طریقہ پر دو نفل پڑھے اور اس کے بعد شہنشاہ دو جہاں ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ پر درود و سلام پڑھے اور پھر گیارہ قدم بغداد شریف کی طرف چل کر میرا نام پکارے اور اپنی حاجت بیان کرے، مجھے اللہ تعالیٰ پر یقین کامل ہے کہ وہ سائل کی حاجت پوری کرے گا۔(۱)

(۱) بھجۃ الاسرار و رأس المفاخر)

نماز غوثیہ کا طریقہ

ایک اور طریقہ استعانت جو راقم الحروف (حافظ جمال الدین سید موسیٰ پاکؒ) کو اپنے آباء و اجداد سے دست بدست اور سینہ بہ سینہ تلقین ہوا اور اجازت ملی وہ اس طرح ہے کہ سب سے پہلے تمام شرائط و آداب کا لحاظ رکھے۔ سب سے پہلی شرط یہ ہے کہ اتوار کی رات جب سب لوگ محو خواب ہو جائیں تو غسل کرے اور غسل کرنے میں کسی سے مدد نہ لے دوسری شرط

مسواک کرنا، صاف ستھرے کپڑے پہننا، خوشبو استعمال کرنا اور تنہائی ہے۔ تیسری شرط یہ ہے کہ سرکار دو جہاں ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی روح مبارکہ کو اپنے اوپر حاضر و ناظر خیال کرے اور تصور میں رکھے اور حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے حلیہ مبارک کو اپنی نظروں کے سامنے رکھے اور اپنے پیرو مرشد کو کہ جنہوں نے تلقین و اجازت کی ہے۔ اپنے پر حاضر جانے اور استمداد و التجا کا انداز اختیار کرے۔ اس کے بعد دوگانہ نماز مندرجہ ذیل طریقہ سے ادا کرے۔

نماز کی نیت ان الفاظ سے کرے: نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْنِ صَلٰوۃَ الْاَسْرَارِ ھَدِیَّۃَ حَضْرَۃِ شَیْخ مُحیِ الدِّیْنِ سَیِّدْ عَبْدِ الْقَادِرِ الْحَسَنِی الْحُسَیْنِیِّ الْجِیْلَانِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔

پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص گیارہ بار پڑھے اور دوسری رکعت میں بھی سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد بیٹھ کر گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَکَ

اس کے بعد گیارہ مرتبہ حضور نبی اکرم ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کا نام نامی اسم گرامی ان الفاظ کے ساتھ لے:

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ

اس کے بعد گیارہ مرتبہ کہے: اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ شَیْخ الثَّقَلَیْنِ مُحیِ الدِّیْنِ اَبُوْ مُحَمَّدٍ شَیْخ عَبْدِ الْقَادِرِ الْحَسَنِیِّ الْحُسَیْنِیِّ قَدَّسَ اللّٰہُ تَعَالٰی سِرَّہُ الْعَزِیْز اِقْضِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ اَغِثْنِیْ ۔ اس کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر یہ دعا پڑھے: اَللّٰھُمَّ

لَکَ الْکُلُّ وَمِنْکَ الْکُلُّ وَ بِکَ الْکُلُّ وَ اِلَیْکَ الْکُلُّ وَلَکَ الْکُلُّ وَاَنْتَ الْکُلُّ وَلَکَ الْکُلُّ .

اے اللہ سب کچھ تیرے لئے ہے اور سب کچھ تیری طرف سے ہے اور سب کچھ تیرے ساتھ ہی ہے اور سب کچھ تیری طرف ہی ہے اور سب کچھ تیرے لئے ہے اور تو ہی سب کچھ ہے اور تیرے لئے ہی سب کچھ ہے۔

اس کے بعد سجدے سے سر اٹھائے اور بغداد شریف کی جانب گیارہ قدم چلے پھر کھڑا ہو کر دو قدم پیچھے ہٹے اور کہے:

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا قُطْبَ الزَّمَانِیْ

الصلٰوۃ و السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ الرَّحْمَانِیْ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُعَرِّف حَضْرَۃِ رَبَّانِیْ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَائِبَ رَسُوْلِ اللّٰہِ

الصّلٰوۃ وَالسّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَارِثَ رَسُوْلِ اللّٰہِ

الصّلٰوۃ وَالسّلَامُ عَلَیْکَ یَا سیفَ اللّٰہِ

الصّلٰوۃ وَالسّلَامُ عَلَیْک یَا قَوسَ اللّٰہِ

الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَیْخَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْمَلَائِکَۃِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَیْخَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ

الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاشَیْخِ مُحْیِ الدِّیْنِ عَبْدُ الْقَادِرِ رَضِیَ اللّٰہ عَنْکَ خَیَّرَ اللّٰہُ عَنَّا الْخَیْرَ

”درود و سلام ہو آپ پر اے قطب الزمانی۔ درود و سلام ہو آپ پر اے محبوب رحمانی

۔درود وسلام ہو آپ پر اے غوث صمدانی ۔درود وسلام ہو آپ پر اے بارگاہ ربوبیت کی معرفت دینے والے۔ درود وسلام ہو آپ پر اے رسول اللہ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے نائب۔ صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے رسول اللہ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کے وارث۔ صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے اللہ تعالیٰ کی تلوار۔ درود وسلام ہو آپ پر اے اللہ تعالیٰ کی کمان۔ درود وسلام ہو آپ پر اے جن وانس اور ملائکہ کے شیخ۔ درود وسلام ہو آپ پر اے آسمانوں اور زمینوں کے شیخ۔ درود وسلام ہو آپ پر اے شیخ محی الدین عبدالقادر۔ اللہ تعالیٰ آپ سے راضی ہو اور ہمیں بھلائی عطا فرمائے۔

اس کے بعد گیارہ مرتبہ ''اَلْغِیَاث'' اور بارہ مرتبہ ''اَغِثْنِی '' کہے اور اسی جگہ کھڑا ہو جائے اور آپ کے قدم مبارک کے پاس اپنے آپ کو حاضر تصور کر کے یوں کہے: حضور میں اس کام میں عاجز ہوں اور حیران و پریشان ہوں (اور اپنے اس کام کا نام بھی لے)۔

اس کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی تین بار اور سورۃ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھے اس کے بعد پھر کہے: میں اس کام میں عاجز ہوں اور پریشان ہوں اور اپنے اس کام کا نام بھی لے۔ اور اَلْغِیَاث اور اَغِثْنِی کا تکرار کرتا رہے اس کے بعد جس طرح کہ گیارہ قدم بغداد کی طرف گیا تھا اسی طرح نہایت ادب واحترام کے ساتھ پیچھے ہٹے اور ایک سو دس ۱۱۰ مرتبہ کہے: يَا عَبْدَ اللهِ اَغِث بِاِذْنِ اللهِ يَا شَيْخ عَبْدَ الْقَادِرُ جِيْلَانِي.

جب حاجت پوری ہو جائے تو نیک لوگوں کو مذکورہ مقدار کے مطابق کھانا کھلائے۔

دوگانہ نماز کا ایک اور طریقہ

نیا وضو کر کے دو رکعت نماز تحیۃ الوضو نہایت خضوع وخشوع سے ادا کرے اس کے بعد کلمہ طیب، کلمہ استغفار اور یَا اَللّٰہُ اور یَا مُحَمَّدُ اور یَا سَیِّد مُحِي

الدِّین ہرایک کوگیارہ مرتبہ کہے اور اَلْغِیَاثُ اَغِثْنِی گیارہ بار کہے اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھے اور اس طرح نیت کرے:

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی صَلٰوۃَ التَّطَوُّعِ ھَدِیَۃِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ مُحْیِ الدِّیْنِ سَیِّد عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیِّ مُتَوَجِّھًا اِلٰی جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ ...... اَللّٰہُ اَکْبَرُ

ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار اور سورۃ اخلاص گیارہ بار پڑھے، نماز سے فارغ ہو کر نہایت خضوع و خشوع اور حضور قلب سے درود شریف کلمہ طیب، کلمہ استغفار، کلمہ تمجید، یَا اللّٰہُ اور یَا مُحَمَّدُ اور یَا شَیْخ مُحْیِ الدِّیْن اور اَلْغِیَاثُ اَغِثْنِیْ ہر ایک گیارہ مرتبہ پڑھے۔ بعد ازاں تکبیر کہتا ہوا بغداد شریف کی طرف گیارہ قدم جائے اور حضور دل کے ساتھ کھڑا ہو کر گیارہ مرتبہ کہے:

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا غَوْثَ الصَّمْدَانِیُّ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا قُطْبَ الزَّمَانِیُّ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ الرَّحْمَانِیُّ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَحْبُوْبَ السُّبْحَانِیُّ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا لَبِیْبَ الزَّمَانِیُّ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا دَلِیْلَ الرَّحْمَانِیُّ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُعَرِّفَ حَضْرَۃِ الرَّبَّانِیُّ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَائِبَ رَسُوْلِ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَارِثَ رَسُوْلِ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا قَوْسَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیکَ یَا شَیخَ الثَّقَلَینِ بِبَرکَۃِ القُرآنِ وَالنَّبِیِّ آخِرِ الزَّمَانِ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم۔

درود وسلام ہو آپ پر اے غوث صمدانی درود وسلام ہو آپ پر اے قطب الزمانی درود و سلام ہو آپ پر اے حبیب رحمانی، درود وسلام ہو آپ پر اے محبوب سبحانی، درود وسلام ہو آپ پر اے دلیل رحمانی، درود وسلام ہو آپ پر اے بارگاہ ربوبیت کی معرفت عطا کرنے والے، درود وسلام ہو آپ پر اے نائب رسول اللہ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ درود وسلام ہو آپ پر اے وارثِ رسول اللہ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾، درود وسلام ہو آپ پر اے اللہ تعالیٰ کی کمان، قرآن مجید اور نبی آخرالزمان محمد رسول اللہ ﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ کی برکت کے طفیل۔

نماز غوثیہ پڑھنے کا تیسرا طریقہ

یہ بھی منقول ہے:

دو رکعت نماز نفل مذکورہ بالا نیت کے ساتھ پڑھے۔ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے، نماز سے فراغت کے بعد گیارہ (۱۱) قدم بغداد شریف کی طرف چلے اور وہاں کھڑے ہو کر مندرجہ ذیل گیارہ نام پڑھے:

شیخ محی الدین، سید محی الدین، ولی محی الدین، بادشاہ محی الدین، سلطان محی الدین، مخدوم محی الدین، مولانا محی الدین، خواجہ محی الدین، درویش محی الدین، فقیر محی الدین، غریب محی الدین یاعَبدَ القادِرِ جیلانی صَلَّی اللّٰہُ تعالیٰ عَلٰی خَیرِ خَلقِہٖ مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ اَجمَعِینَ

اس کے بعد کہے:

یَا شَیخَ المَشَائِخِ وَالاَولِیَاءِ قُطبَ العَالَمِ شَیخ مُحیِ الدِّینِ سَیِّدِ عَبدِ القَادِرِ جِیلَانِی رضی اللہ عنہ حضور اس معاملہ میں بندہ عاجز اور حیران و پریشان ہے آپ کے سپرد

کرتا ہوں اور اپنے آپ کو آپؒ کے دامن سے وابستہ کرتا ہوں۔ اس کے بعد اپنے مصلی پر واپس آ جائے اور سجدے میں سر رکھ کر چند بار درود شریف پڑھے، اپنی حاجت پیش کرے اور پھر حضرت غوث الاعظم کے مندرجہ ذیل اسماء مبارکہ پڑھے:

بسم الله الرحمن الرحيم

اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ شَيْخِ مُحْيِ الدِّيْنِ. خَوَاجَهْ عَبْدُ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيِّ ؓ. اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ شَيْخِ مُحْيِ الدِّيْنِ. قُطْبِ الْمَشْرِقَيْنِ وَالْمَغْرِبَيْنِ سَيِّد عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيِّ ؓ. اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ شَيْخِ مُحْيِ الدِّيْنِ قُطْبِ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِيِّ سَيِّدُ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيِّ. اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ شَيْخِ مُحْيِ الدِّيْنِ قُطْبِ الْكَوَاكِبِ سَيِّدُ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيِّ. اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ شَيْخِ مُحْيِ الدِّيْنِ قُطْبِ الْحَجَرِ وَالشَّجَرِ سَيِّدُ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيِّ. اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ شَيْخِ مُحْيِ الدِّيْنِ بَازِ اَشْهَبْ مُجِيْبِ كَلَامِ الْمَلَائِكَةِ سَيِّدُ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيِّ. اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ شَيْخِ مُحْيِ الدِّيْنِ قُطْبِ الْجُنُوْبِ وَالشِّمَالِ سَيِّدُ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيِّ. يَا ابْنَ اَبِیْ صَالِح مُوْسٰی جَنْكِیْ دَوْست. يَا غَوْثَ الصَّمَدَانِيِّ. يَا مَحْبُوْبَ السُّبْحَانِيِّ. يَا سُلْطَانَ مُحْيِ الدِّيْنِ. يَا اَبَا مُحَمَّدٍ. يَا اَبَا عَبْدِ اللهِ. يَا عَبْدَ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيِّ. يَا حَسَنِيُّ يَا حُسَيْنِيُّ. يَا جِيْلِيُّ. اَغِثْنِیْ وَامْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ يَا شَيْخ عَبْدَ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيِّ شَيْئًا لِلّٰهِ.

''اے میرے اللہ شیخ محی الدین خواجہ عبدالقادر جیلانی کے طفیل، اے میرے اللہ شیخ محی الدین، مشرق و مغرب کے قطب سید عبدالقادر جیلانی کے طفیل، اے اللہ عرش و کرسی کے قطب شیخ محی الدین سید عبدالقادر جیلانی کے طفیل، اے اللہ ستاروں کے قطب شیخ محی الدین

سید عبد القادر جیلانی کا واسطہ، اے اللہ حجر وشجر کے قطب شیخ محی الدین سید عبد القادر جیلانی کا واسطہ، اے اللہ باز اشہب اور ملائکہ کا کلام سننے والے شیخ محی الدین سید عبد القادر جیلانی کا واسطہ، اے اللہ جنوب وشمال کے قطب شیخ محی الدین سید عبد القادر جیلانی کے طفیل، اے ابو صالح جنگی دوست کے فرزند ارجمند، اے غوث صمدانی، اے محبوب سبحانی اے سلطان با اقتدار محی الدین، اے ابو محمد، اے ابو عبد اللہ، اے عبد القادر جیلانی، اے حسنی، اے حسینی، اے جیلی، میری فریادرسی کیجئے اور میری حاجت کے پورا کرنے میں مدد کیجئے، اے شیخ عبد القادر جیلانی اللہ کے واسطہ کچھ عطا کیجئے۔"

حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے یہ القاب واوصاف صاحب کتاب بہجۃ الاسرار نے نقل کئے ہیں اسی طرح آپ کے ہمعصر، متقدمین اور بعد میں آنے والے اولیاء اللہ نے بھی آپ کے القاب ذکر کئے ہیں۔ آپ سے جو پہلے اولیاء اللہ گزرے ہیں ان میں حضرت خضر علی نبینا وعلیہ السلام، شیخ ابو بکر ہرا، شیخ ابو محمد شنبکیؒ، شیخ تاج العارفین ابو الوفاء، شیخ عزاز بطایحی، شیخ عقیل منجی اور شیخ ابو عمران موسی بن ماہین وغیرھم ہیں اور آپ کے ہمعصر اولیاء میں شیخ مطر بادرانی، شیخ عبد الرحمٰن طفسونجی، شیخ ابو الحسن جوسقی شیخ ابو البرکات ہمامی، شیخ ابو الحسن علی بن ہیتی، شیخ یوسف بن ایوب ہمدانی (سلسلۂ نقشبندیہ کے مرجع) شیخ ابو الحسن الرفاعی، شیخ ابو نجیب سہروردی، شیخ بقا بن بطو، شیخ ابو بفرائی مغربی، شیخ ابو مدین، شیخ ابو سعید محمد قیلوی، شیخ شہاب الدین السہر وردی اور شیخ قضیب البان موصلی وغیرھم ہیں۔ ان تمام بزرگان دین کے احوال ومراتب اور کمالات وکرامات کا ذکر امام عبد اللہ یافعی نے اپنی کتاب "خلاصۃ المفاخر" میں تفصیل سے کیا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

